دِرَمِتِکْ (dirámitiṅ) [بُر۔اسم] ہونزا کے چار بڑے قبیلوں میں سے ایک جس کے مورثِ اعلیٰ کا نام دِرَم چُھرَم (dirám ćhurám) تھا۔

دُرمُٹ (durmúṭ) [بُر۔اسم] ایک آلہ جس کے ذریعے

لکڑی میں سوراخ بناتے ہیں۔

دِرَمِشَل (*dirámiśal*) [بُر۔اسم] ہونزا کریم آباد کا وہ محلہ جہاں دِرَمِتِک (*dirámitiṅ*) کا قبیلہ آباد ہے۔

دُرمُشَیَس (*durmúśayas*) [بُر۔مص] کسی بیماری کی وجہ سے نہایت ضعیف ہونا، قریب المرگ ہونا (۲) غمگین ہونا، افسردہ ہونا۔

دَرمَن (*darmán*) [بُر۔اسم] میدان (۲) صحن، گھر کا صحن۔

دِرَن (*dirán*) [بُر] دیکھیے دِرَڎ (*diráć*)۔

دُروٗ (*duró*) [بُر۔اسم] کام، معاملہ۔

دُروٗ اَپیٔ کرے بیرِشَلَر نیٔ (*duró api ke bériśalar ni*) [بُر۔مثل] ہونزا میں بیرِشَل (*bériśal*) اس محلے کا نام ہے جہاں لوہے کے اوزار وغیرہ بنانے والے کاریگر رہتے ہیں، بعض لوگ وہاں اپنے اوزار مثلاً چھری، کلہاڑی وغیرہ تیز کروانے کے لیے جاتے تھے جبکہ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو بھٹی کے اردگرد بیٹھ کر باتیں کرتے وقت گزارتے تھے، چنانچہ یہ مثل بنی کہ اگر کرنے کے لیے کوئی کام نہیں ہے تو بیرِشَل (*bériśal*) جا کر وقت گزارو۔

دُروٗ ایتَس (*duró étas*) [بُر۔مص مر] کام کرنا۔

دُروٗ جیئیَٹے سِیَس ہَرَن (*duró jiíyaṭe ṣíyas haráṅ*) [بُر۔کہاوت] کام ہر شخص کا الگ مگر کھانا سب کا مشترک۔

دُروٗ دُمَڈَس (*duró dumáćas*) [بُر۔محاورہ] کام کو اختتام تک پہنچانا، کام کو سمیٹنا، بند کرنا۔

دُروٗ دیورَس (*duró déwras*) [بُر۔محاورہ] کام بگاڑنا، معاملہ خراب کرنا۔

دُروٗسکوٗئن (*duróskuyn*) [بُر۔اسم] کارکن (۲) خادم، ایسا شخص جو کسی کے کام پر بغیر اجرت کے مقرر ہو (۳) زیادہ کام کرنے والا۔

دُروٗسکُیوٗ (*duróskuyo*) [بُر۔اسم] دیکھیے دُروٗسکوٗئن (*duróskuyn*) جس کی یہ جمع ہے۔

دُرّو مَرجان (*dúrro marjáan*) [عف۔اسم] موتی اور مونگا۔

دَروٗغوٗ (*darógo*) [بُر۔اسم] لاٹھی، چھڑی، عصا۔

دَروٗغوٗ کرے یُوٗٹ سینان (*darógo ke yuúṭ senáan*) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ عصا بھی نیک شگون یا بد شگون ہوتا ہے۔

دَروٗغوٗمُڈ (*darógomuć*) [بُر۔اسم] دیکھیے دَروٗغوٗ (*darógo*) جس کی یہ جمع ہے۔

دُروٓمَس (*duromás*) [بُر۔اسم] کام کاج۔

دُروٓمَس ایَتَس (*duromás étas*) [بُر۔محاورہ] کام کاج نمٹانا، کام کاج کرنا۔

دُروٓوے دُروٓ گولِترچیٓ
(*duröwe duró góoltirći*) [بُر۔کہاوت] ایک کام دوسرے کام کے لیے رہنمائی کرے گا۔

دُروٓوے گمُن چِغا، چِغا گمُن نِیَت
(*duröwe gamún ćáġa, ćáġa gamún niyát*) [بُر۔کہاوت] کام کی بنیاد قول ہے اور قول کی بنیاد ارادہ یا نیت ہے۔

دُرو ڈُم ایسپَلَس (*duróo ċum éspalas*) [بُر۔محاورہ] کام میں حائل ہونا (۲) وقت ضائع کرانا۔

دُروڈے تیَس (*duróo ċe táyas*) [بُر۔محاورہ] کام میں لگ جانا، کام میں مصروف ہونا۔

دَرُوٓ (*darú*) [بُر۔اسم] شکار۔

دَرُوٓ ایَتَس (*darú étas*) [بُر۔محاورہ] شکار کرنا (۲) (کنایۃً) کسی کو مارنا۔

دُرُود (*durúud*) [ف۔دعا] صلوات، رحمت (۲) تحسین (۳) استغفار (۴) حمد، دعا (۵) تسبیح، وہ حمد و سلام جو پیغمبر اور ان کی آل پر بھیجا جاتا ہے۔

دُرُود غَتَنَس (*durúud ġatánas*) [ف+بُر۔محاورہ] دُرود پڑھنا، صلواۃ پڑھنا۔

دُروم (*duróom*) [بُر] دیکھیے دُرووَس (*duróowas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُرووَس (*duróowas*) [بُر۔مص] کام کرنا (۲) زمین کھودنا یا ہموار کرنا۔

دَرُوے تُمَق کرے تُمَق شَک ہَن اَپیٓ
(*darúwe tumáq ke tumáq śak han apí*) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ نام ایک ہونے سے معنی بھی ایک نہیں ہوتے۔

دُرویَس (*duróoyas*) [بُر] دیکھیے دُرووَس (*duróowas*)۔

دَرْویش (*darwéeś*) [ف۔اسم] فقیر، خدا رسیدہ۔

دَرْویش تِک (*darwéeśtiṅ*) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے دَرْویش (*darwéeś*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

دَرْویشانْتِک (*darweeśáantiṅ*) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے دَرْویش (*darwéeś*) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع الجمع ہے۔

دَرْویشی/دَرْویشیٓ (*darweeśí*) [ف۔اسم] فقیری (۲) درویشوں کا طریق۔

دُروٓئک (*duroóyṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے دُروٓ

(duró) جس کی یہ جمع ہے۔

دَریَ (darí) [بُر۔اسم] کھڑکی (۲) سوراخ (۳) [۵] روئی سے بُنا ہوا قالین۔

دَریَ مُڈ (darímuc) [بُر۔اسم] دیکھیے دَریَ (darí) معنی نمبر۳ جس کی یہ جمع ہے۔

دَریَ مِکُ (darímiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَریَ (darí) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

دَریٖکُ (daréṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَریَ (darí) معنی نمبر۱،۲ جس کی یہ جمع ہے۔

دَریٖنڈ (darénc) [بُر۔اسم] دیکھیے دَریَ (darí) معنی نمبر۳ جس کی یہ جمع ہے۔

دَریا (daryáa) [ف۔اسم] پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر ندی نالوں کو ساتھ لیتی ہوئی کسی بڑی جھیل یا سمندر میں گر پڑے۔

دَریادلی/دَریادلیَ (daryáa dilí) [ف۔اسم] فیاضی، سخاوت۔

دَریا مَناس (daryáa manáas) [ف+بُر۔محاورہ] فراوان ہونا، پانی کی بہتات ہونا (۲) سخی بننا۔

دَریای محیط (daryáayi muhíit) [ف] بحرِ ناپید کنار۔

دَریچہ/دَریچاً (dariičá) [ف۔اسم] دیکھیے

دَریَ (darí) معنی نمبرا جس کا یہ اسمِ تصغیر ہے۔

دِرِیَس (díriyas) [بُر۔مص] پک جانا مُل (mul)، ہریسا (harísa) وغیرہ)۔

دِرِیشَل (diríišal) [بُر۔اسم] وہ جگہ جہاں پن چکی کا چرخہ یعنی نَروٗ (náro) گھومتا ہے۔

دَرِیغ (daríig) [ف۔اسم] افسوس، حسرت (۲) انکار، تامل۔

دَرِیغ اَیٖتَس (daríig ayétas) [ف+بُر۔محاورہ] انکار نہ کرنا، تامل نہ کرنا، افسوس نہ کرنا۔

دَرِیغا (daríigaa) [ف۔کلمۂ تاسف] ہائے، افسوس، وائے۔

دُرٖیئکُ (dureéyṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دُروٗ (duró) جس کی یہ جمع ہے۔

د۔س

دَس (das) [بُر۔اسم] بنجر، بیابان، صحرا۔

دَس دِوسَس (das díwsas) [بُر۔محاورہ] بہت زیادہ گالی دینا، بُرا بھلا کہنا (۲) بنجر بنانا، گھاس وغیرہ چٹ کر بنجر بن جانا۔

دَس کُشیَ (dáskuši) [بُر۔متعلق فعل] نو آبادی کا زمانہ، وہ زمانہ جب کسی بنجر زمین کو آباد کرنے کا

آغاز ہو۔

دَس کَھيِ (das khaẏ) [بُر۔اسم] بنجر زمین، غیر آباد زمین (۲) ایسی زمین جہاں پانی بہہ چکا ہو۔

دَس کَھیےِ دِش (das khāẏe diś) [بُر۔محاورہ] دیکھیے دَس کَھيِ (das khaẏ)۔

دَس گوّئن (dasgúyn) [بُر۔صف] نوآباد، کسی بنجر زمین پر بسنے والا۔

دَس گوّیوٗ (dasgúyo) [بُر] دیکھیے دَس گوّئن (dasgúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

دَس مِکْ (dasmíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَس (das) جس کی یہ جمع ہے۔

دَساً دَس مَناس (dása das manáas) [بُر۔محاورہ] آوارہ گردی کرنا، بے مقصد پھرنا۔

دَسْت بَردار (dast bardáar) [ف۔صف] چھوڑنے والا، باز آنے والا۔

دَسْت بَردار مَناس (dast bardáar manáas) [ف+بُر۔محاورہ] چھوڑ دینا، باز آنا۔

دَست بوسی/دَست بوسیٔ (dast boosí) [بُر۔اسم] ہاتھ چومنا۔

دَست بوسی ایتَس (dast boosí étas) [ف+بُر۔محاورہ] ہاتھ چومنا، ہاتھ پر بوسہ کرنا۔

دَست گِیر (dast gíir) [ف۔صف] ہاتھ پکڑنے والا، مددگار، حامی۔

دِست گیری/دِست گیریٔ (dast giirí) [ف۔اسم] دیکھیے دَست گِیر (dast gíir) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَستانہ/دَستاناً (dastaaná) [ف۔اسم] ہاتھ میں پہننے کا بُنا ہوا یا چمڑے کا غلاف (۲) تلوار کا قبضہ (۳) لوہے کا زرہ جو ہاتھ میں پہنتے تھے۔

دَستَرخوان (dastarqháan) [ف۔اسم] رومال یا چادر جس پر کھانا چنتے ہیں۔

دَستکاری/دَستکاریٔ (dastkaarí) [ف۔اسم] ہاتھ سے بنی ہوئی مصنوعات (۲) ہاتھ سے چیزیں بنانا۔

دَسْتُور (dastúur) [ف۔اسم] قاعدہ، اصول (۲) طرز، روش (۳) رواج، عادت (۴) اجازت۔

دَستہ/دَستاً (dastá) [ف۔اسم] لکڑی کا ٹکڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگا ہوا ہو (۲) فوج کا ایک حصہ (۳) کاغذ کے ۲۴ ورقوں کا مجموعہ (۴) پھولوں کا گچھا۔

دَسْتی/دَسْتیٔ (dastí) [ف۔صف] ہاتھ کے متعلق (۲) خط یا رقعہ جو کسی کے ہاتھ بھیجا جائے۔

دَستی خط (dastí qhat) [ف] دیکھیے دَستی (dastí) معنی نمبر۲۔

دَسَٹے نِیَس (dásaṭe níyas) [بُر۔محاورہ] کسی نئی جگہ پر بسنا، نوآباد ہونا۔

دَسْخَط (dasqhát) [ف۔اسم] دستخط کا بگاڑ، اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا اپنا نام، اپنے ہاتھ کی تحریر (۲) کسی کے نام کی نشانی یا علامت۔

دَسْخَط ایَتَس (dasqhát étas) [ف+بُر۔محاورہ] دستخط کرنا، اپنے ہاتھ سے نام ثبت کرنا (۲) اپنے نام کی نشان یا علامت ثبت کرنا۔

دُسڈک (dusċák) [بُر۔اسم] سامان، اسباب (۲) اوزار (۳) وہ برتن جو گھر میں استعمال ہو۔

دُسڈک بارِش (dusċák báariṣ) [بُر] دیکھیے دُسڈک (dusċák)، بارِش (báariṣ) تابع مہمل ہے۔

دُسڈکے دُرو ایچی دَمَن دُپھوغُرچی (dusċáke duró éċi damán duphóġurċi) [بُر۔کہاوت] اوزار کام کریں گے مالک ڈینگ مارے گا۔

دِسَر (disár) [بُر] دیکھیے دِسَرَس (disáras) جس کا یہ امر ہے۔

دِسَرَس (disáras) [بُر۔مص] سیراب ہونا، شاداب ہونا۔

دِسَرُم (disárum) [بُر] دیکھیے دِسَرَس (disáras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِسْقَن (disqán) [بُر] دیکھیے تِسْقَن (tisqán) جو صحیح تلفظ ہے۔

دِسْقَن دیڈَس (disqán déeċas) [بُر۔محاورہ] ہلانا، لرزہ پیدا کرنا، اس کا درست تلفظ تِسْقَن دیڈَس (tisqán déeċas) ہے۔

دِسْقَن ژُوَس (disqán żúwas) [بُر] زلزلہ آنا۔

دُسکُرُٹِنَس (duskúruṭinas) [بُر۔مص] سکڑ کر بیٹھنا (۲) کمزور ہونا، ناتوان ہونا (۳) بے بس ہونا۔

دُسُگِنَس (dusúginas) [بُر۔مص] تجربہ حاصل کرنا، مصروف رہنا (۲) مانوس ہونا۔

دِسِل (disíl) [بُر] دیکھیے دِسِلَس (disílas) جس کا یہ امر ہے۔

دُسَلَٹَس (dusálaṭas) [بُر۔مص] خود کو کسی چیز میں لپیٹنا (۲) بیماری کی وجہ سے بستر پر رہ جانا، صاحب فراش ہونا۔

دُسَلَٹُم (dusálaṭum) [بُر] دیکھیے دُسَلَٹَس (dusálaṭas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُسَلَٹم توَل (dusálaṭum tol) [بُر۔اسم] وہ سانپ جس نے خود کو سمیٹا ہو۔

دُسُلجَیَس (dusúljayas) [بُر] دیکھیے دیسُلجَیَس (déesúljayas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِسِلَس (disílas) [بُر۔مص] گیلا ہونا، تر ہونا، سیراب ہونا۔

دِسِلُم (disílum) [بُر] دیکھیے دِسِلَس (disílas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَسَلُوَ (dasalú) [بُر۔اسم] دیوار تعمیر کرتے وقت مضبوطی کے لیے لگایا جانے والا ایک مخصوص پتھر جو باہر سے اندر تک لگایا جاتا ہے۔

دَسَلُوَمُڈ (dasalúmuć) [بُر۔اسم] دیکھیے دَسَلُوَ (dasalú) جس کی یہ جمع ہے۔

دُسُم (dusúm) [بُر] دیکھیے دُسُوَس (dusúwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَسُمبر (dasumbár) [انگ۔اسم] سال کا بارھواں مہینہ، انگریزی لفظ december کا موَرّد۔

دَسِن (dasín) [بُر۔اسم] لڑکی، بچی۔

دَسِن سِقَاَ کِسْ (dasín ṣiqá kiṣ) [بُر۔کہاوت] لڑکی عزیز ہوتی ہے، لڑکی مہر محبت والی ہوتی ہے۔

دَسِن کُشیَ (dasínkuśi) [بُر۔متعلق فعل] لڑکی کی نابالغی کا زمانہ۔

دَسِن موَ سِقَر بُٹ ڈوَم (dasín mo ṣiqár buṭ ḍoóm) [بُر۔کہاوت] لڑکی کی ذمہ داری بہت بھاری ہوتی ہے۔

دَسِنَن (dasínan) [بُر۔اسم] کوئی ایک لڑکی، لڑکیوں میں سے ایک (آخری نون علامتِ وحدت اور نکرہ ہے)۔

دُسُوَس (dusúwas) [بُر۔مص] لانا، حاضر کرنا۔

دَسِوَنڈ (dasíwanć) [بُر۔اسم] دیکھیے دَسِن (dasín) جس کی یہ جمع ہے۔

دَسِوَنڈِک (dasíwanćik) [بُر۔اسم] دیکھیے دَسِوَنڈ (dasíwanć)، "ک" علامتِ تبعیض ہے۔

دُسوَک (dusók) [بُر] دیکھیے دُسوَکَس (dusókas) جس کا یہ امر ہے۔

دُسوَکَس (dusókas) [بُر۔مص] نیچے اترنا (۲) کم ہونا۔

دُسوَکُم (dusókum) [بُر] دیکھیے دُسوَکَس (dusókas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُسُوَ (dusú) [بُر] دیکھیے دُسُوَس (dusúwas) جس کا یہ امر ہے۔

دُسُیَس (dusúyas) [بُر] دیکھیے دُسُوَس -(dusúwas)

دَسرِے دَس کَھیرِے کَھئ مَناس (dáse das kháye khay manáas) [بُر۔محاورہ] دربدر پھرنا، آوارہ پھرنا۔

دَسرِے دَس مَناس (dáse das manáas) [بُر۔محاورہ] بےمقصد پھرنا، آوارہ گردی کرنا۔

د۔ش

دِش (diś) [بُر۔اسم] جگہ، قطعۂ زمین۔

دِش اِچھیَس (diś ichíyas) [بُر۔محاورہ] کسی کو زمین کا ٹکڑا دینا، نیز دیکھیے دِش ایتَس -(diś étas)

دِش ایتَس (diś étas) [بُر۔محاورہ] جگہ چھوڑنا (۲) کسی کے لیے جگہ خالی کرنا (۳) جگہ تیار کرنا، جگہ دینا۔

دِش غُموڑ ایتَس (diś ġumóṙ éetas) [بُر۔محاورہ] اپنی جگہ سے نہ ہلنا، ایک جگہ جم کر بیٹھنا۔

دِش دِش (diś diś) [بُر۔متعلقِ فعل] جگہ جگہ، ہر جگہ۔

دِش دِشُ لوٗ (diś díśulo) [بُر۔متعلقِ فعل] جگہ جگہ، ہر جگہ پر۔

دِش دِشُ لوٗ اِمَنَس (diś díśulo imánas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ ہونا، ہر جگہ ہونا۔

دِش مَناس (diś manáas) [بُر] دیکھیے دِش ایتَس (diś étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِشاؔ (diśá) [بُر] دیکھیے دِشَیَس (diśáyas) جس کا یہ امر ہے۔

دُشَشَلَس (duśáśalas) [بُر۔مص] الگ الگ ہونا، شاخ در شاخ ہونا (۲) پھیل جانا، بکھرنا۔

دُشُشُنَس (duśúśunas) [بُر] مادہ جانور کے تھن سے یا ماں کے سینے سے دودھ از خود نکلنے کو تیار ہونا۔

دِشَقُوَس (diśáquwas) [بُر۔مص] کھل جانا، کشادہ ہونا، وسیع ہونا (۲) راحت ملنا۔

دُشَقُیَس (duśáquyas) [بُر۔مص] کھل جانا، کشادہ ہونا، وسیع ہونا، پھیلنا۔

دِشَکیٔ (diśáki) [بُر۔اسم] وہ غلہ جو پیس کر ذخیرہ کرنے کے لیے الگ رکھا گیا ہو۔

دِشَکیٔ دورَس (diśáki dóoras) [بُر۔محاورہ] غلہ پیس کر پورے سال کے لیے آٹے کا ذخیرہ کرنا (واضح رہے کہ ہونزا میں موسمِ خزاں میں غلہ پیس کر پورے سال کے لیے آٹے کا ذخیرہ کیا جاتا تھا)۔

دِشَکیِ گِیَس (*diśáki gíyas*) [بُر] دیکھیے دِشَکیِ دورَس (*diśáki dóoras*)۔

دِشمِنْ (*diśmíṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے دِش (*diś*) جس کی یہ جمع ہے۔

دِشُلوٗ (*diśulo*) [بُر۔متعلقِ فعل] کی بجائے (۲) جگہ میں، مقام پر۔

دِشُلوٗ اِمَنَس (*diśulo imánas*) [بُر۔محاورہ] زمین بوس ہونا (۲) اپنی جگہ سے ہلنے کے قابل نہ رہنا۔

دِشَم (*diśám*) [بُر] دیکھیے دِشَیَس (*diśáyas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِشَم (*diśam*) [بُر] میں لاؤں گا۔

دِشَم اَتِشَم (*diśam atiśam*) [بُر] دیکھیے دِشَم اَتِشَم مَناس (*diśam atiśam manáas*)۔

دِشَم اَتِشَم مَناس

(*diśam atiśam manáas*) [بُر۔محاورہ] آپے سے باہر ہونا، آگ بگولا ہونا، سخت ردِعمل کا اظہار کرنا (۲) نہایت خوش ہونا، کسی کو خوش آمدید کہتے ہوئے انتہائی گرم جوشی کا اظہار کرنا۔

دُشمَن (*duśmán*) [ف۔اسم] بیری، مخالف، عدو، بدخواہ۔

دُشمَن اِرِیکْ غَتینُخ اِچھِیَس

(*duśmán iríiṅ ġaténç ićhíyas*) [بُر۔کہاوت] دشمن کو موقع دینا، دشمن کے ہاتھ میں تلوار دینا۔

دُشمَن ڈُم یَرنِے ڈِروٗ مِلیِ یَکْ تیار اِے

(*duśmán ċum yárne ḍíro milíyaṅ tayáar e*) [بُر۔کہاوت] جنگ کی تیاری میں دشمن پر سبقت لے جاؤ۔

دُشمَن کَمزور اَکوغَن

(*duśmán kamzóor akóoġan*) [بُر۔کہاوت] دشمن کو کمزور مت سمجھو۔

دُشمَن گوٗٹِس یارِے

(*duśmán guúṭis yáare*) [بُر۔دعا] تیرا دشمن مغلوب ہو، دشمن تیرے پاؤں کے نیچے آئے۔

دُشمَن نیسقَن شُو، دُروٗ دیسمَن شُو

(*duśmán nésqan ṣúu, duró désman ṣúu*) [بُر۔مثل] دشمن کو مار کر دم لینا چاہیے اور کام کو ختم کر کے دم لینا چاہیے۔

دُشمَنَر کِے خُدایِے نَصیپ اَییِتِش

(*duśmánar ke qhudáaye nasíip ayétiṣ*) [بُر۔کلمۂ دعا] خدا دشمن کو بھی نصیب نہ کرے، انتہائی مصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ دشمن کو بھی خدا ایسی تکلیف نہ دے۔

دُشمَنی/دُشمَنیٔ (*duśmaní*) [ف۔اسم]
بیری، مخالفت، عداوت۔

دُشمَنی ایِتَس (*duśmaní étas*)
[ف+بُر۔محاورہ] عداوت کرنا، مخالفت کرنا۔

دُشمَنی مَناس (*duśmaní manáas*)
[ف+بُر۔محاورہ] دیکھیے دُشمَنی ایِتَس
(*duśmaní étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

دُشمَیوٗ (*duśmáyo*) [بُر۔اسم] دیکھیے دُشمَن
(*duśmán*) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

دِشُن (*díśun*) [بُر] دیکھیے دِشُنَس (*díśunas*)
جس کا یہ امر ہے۔

دُشُن (*dúśun*) [بُر] دیکھیے دُشُنَس (*dúśunas*)
جس کا یہ امر ہے (۲) کھلا ہوا۔

دِشُنَس (*díśunas*) [بُر۔مص] کھول دینا، کشادہ
کرنا، آسان کرنا، گرہ کھول دینا۔

دُشُنَس (*duśúnas*) [بُر۔مص] کھل جانا، کشادہ
ہونا، آسان ہونا۔

دُشُنَس (*dúśunas*) [بُر۔مص] کھول دینا، آسان
کرنا، حل ہونا۔

بَر ہِنَر مُشکِلے گَنَنڈ دُشُنَس دَمان !
کُل بَلامِکٗ فِتنَہ مِکٗ ذُم الامان !
دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۲۳۳۔

ترجمہ: اے مالک! تو ہر کسی کے لیے مشکل کشا
ہے اور تمام بلاؤں اور فتنوں میں امن دینے
والا ہے۔

دِشُنُم (*díśunum*) [بُر] دیکھیے دِشُنَس
(*díśunas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِشُنُم (*diśúnum*) [بُر] دیکھیے دِشُنَس
(*diśúnas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُشُنُم (*duśúnum*) [بُر] دیکھیے دُشُنَس
(*duśúnas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُشُنُم (*dúśunum*) [بُر] دیکھیے دُشُنَس
(*dúśunas*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِشَو (*díśaw*) [بُر] دیکھیے تِھشَاو (*thíśaw*) جو صحیح
تلفظ ہے۔

دُشوٗرَس (*duśóras*) [بُر۔مص] دودھ ترش ہونے
کی وجہ سے بگڑنا، خراب ہونا، کھارا ہونا (۲) ڈرنا،
سخت خوفزدہ ہونا (۲) پتھر کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر
الگ ہونا۔

دُشوٗرُم (*duśórum*) [بُر] دیکھیے دُشوٗرَس
(*duśóras*) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُشوٗقَس (*duśóqas*) [بُر۔مص] کشائش ہونا، کھل
جانا، کشادہ ہونا۔

دُشوٗقِقِن (*duśóqiqin*) [بُر] دیکھیے دُشوٗقِن

-(duśóqin)

دُشوٙقُم (duśóqum) [بُر] دیکھیے دُشوٙقس (duśóqas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُشوٙقِن (duśóqin) [بُر] غم زدہ حالت میں یا منھ لٹکا کر بیٹھنا۔

دُشوٙقُوَس (duśóquwas) [بُر] دیکھیے دُشوٙقَس -(duśóqas)

دُشوٙقِیَس (duśóqiyas) [بُر] دیکھیے دُشوٙقَس -(duśóqas)

دُشوٙلَس (duśólas) [بُر۔مص] کسی سے کچھ ملنا، کچھ پانا (۲) سخاوت کا مظاہرہ کرنا (۳) کھلیان میں غلّہ بھوسا سے الگ ہونا۔

دُشوٙلُم (duśólum) [بُر] دیکھیے دُشوٙلَس (duśólas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِشَیَس (diśáyas) [بُر۔مص] بند ہونا، رُک جانا، موقوف ہونا۔

د ۔ ݜ

دِشْخاٙ (diṣçá) [بر۔اسم] زرسری، باغیچہ۔

دِشْخاپ (diṣçáap) [بر۔اسم] یہ فارسی لفظ تشت آب کا بگاڑ ہے، دعا، منتر وغیرہ جسے کاغذ یا بَلی (kali) کے اوپر لکھ کر مریض سے آسیب دور کرنے کے لیے پلایا جاتا ہے، اسے کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر آگ پر جلایا بھی جاتا ہے تاکہ دھواں مریض کے ناک میں داخل ہو۔

دِشْخاپِچِک (diṣçáapićiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دِشْخاپ (diṣçáap) جس کی یہ جمع ہے۔

دِشْخِک (diṣçík) [بر۔اسم] اینٹ، خشت۔

دِشْخِکُڈ (diṣçíkuć) [بر] دیکھیے دِشْخِک (diṣçík) جس کی یہ جمع ہے۔

دَشْخِکَن (daṣçikán) [بر۔اسم] بھاری پتھر جسے آسانی سے اُٹھایا نہ جا سکے۔

دِشْخَک (diṣçáṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دِشْخاٙ (diṣçá) جس کی یہ جمع ہے۔

دُشْخوٙ (dúṣço) [بر] حسد۔

دُشْخوٙ ایتَس (dúṣço étas) [بر] دیکھیے دُشْخیی ایتَس (duṣçéy étas)۔

دُشْخوٙ کِش (dúṣçokiṣ) [بر] دیکھیے دُشخیی کِش (duṣçéykiṣ)۔

دَشْخونوٙ (daṣçóono) [بر۔اسم] ایک پرندے کا نام، یہ پرندہ درخت کے تنے میں سوراخ بنا کر گھونسلہ بناتا ہے۔

دَشُخویو (daşçóoyo) [بر] دیکھیے دَشُخونو (daşçóono) جس کی یہ جمع ہے۔

دُشُخیی (duşçéy) [بر۔اسم] حسد، رشک۔

دُشُخیی ایتَس (duşçéy étas) [بر۔محاورہ] حسد کرنا، جلنا، رشک کرنا۔

دُشُخیی کِش (duşçéykiş) [بر] دیکھیے دُشُخیلو (duşçéelo)۔

دُشُخیلُمُڈ (duşçéelumuć) [بر] دیکھیے دُشُخیلو (duşçéelo) جس کی یہ جمع ہے۔

دُشُخیلو (duşçéelo) [بر۔صف] حاسد، حسد کرنے والا، رشک کرنے والا (۲) بدخواہ، دوسرے کے فائدے سے جلنے والا۔

دَشُژکَن (daşżikán) [بر] دیکھیے دَشُخِکَن (daşçikán)۔

دُشقُرَس (dúşquras) [بر۔مص] خمیر بننا، ترش ہونا۔

دِشقِمیَس (dişqimiyas) [بر۔مص] اگنا، سرسبز ہونا، اگ کر سبز ہونا۔

دِشکِم (dişkim) [بر] دیکھیے دِشکِیَس (dişkiyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِشکِپَس (dişkiyas) [بر] دیکھیے دِشکِیَس (dişkiyas) جو درست تلفظ ہے۔

دِشکِیَس (dişkiyas) [بر۔مص] اگنا (۲) پیدا ہونا۔

دَشمَن (daşmán) [بر،کھوار۔اسم] فارسی لفظ دانشمند کا بگاڑ بمعنی عالم، جاننے والا، فاضل۔

دَشمَن خُردِک (daşmán qhurdék) [بر۔اسم] دِرَم چُھرَم (dirám churám) کے بیٹے کا نام۔

دَشمَیو (daşmáyo) [بر۔اسم] دیکھیے دَشمَن (daşmán) جس کی یہ جمع ہے۔

دِشَو (dişaw) [بر۔اسم] آمیزہ، مرکب۔

دِشَور (dişáwar) [بر] دیکھیے دِشَورَس (dişawaras) جس کا یہ امر ہے۔

دِشَورَس (dişáwaras) [بر۔مص] حل ہونا، ہل جانا، باہم تحلیل ہونا، (محاورۃً) خوفزدہ ہونا، ہمت ہارنا۔

دِشَومِک (dişawmin) [بر۔اسم] دیکھیے دِشَو (dişaw) جس کی یہ جمع ہے۔

د ـ ع

دَعوت (daawát) [ع۔اسم] بلاوا، طلبی (۲) ضیافت (۳) کسی مذہب کی طرف بلانا۔

دَعوت اُچھیَس (daawát uchíyas) [ع+بُر۔محاورہ] بُلانا،طلب کرنا (۲) ضیافت دینا (۳) کسی مذہب کی طرف دعوت دینا۔

دَعوت ایِتس (daawát étas) [ع+بُر۔محاورہ] طلب کرنا (۲) ضیافت کرنا (۳) مذہب کی طرف دعوت کرنا۔

دَعوت شیِیَس (daawát śéyas) [ع+بُر۔محاورہ] ضیافت میں شامل ہونا۔

د۔غ

دَغاَ (daġá) [بُر] دیکھیے دَغاَیَس (daġáyas) جس کا یہ امر ہے۔

دَغاَ دَغاَیَس (daġá daġáyas) [بُر۔اسم] ایک کھیل کا نام،چھپن چھپائی۔

دَغائکوؔ (daġáyko) [بُر] دیکھیے دَغَنُم (daġánum) جس کی یہ جمع ہے۔

دَغائن (daġáyn) [بُر] دیکھیے دَغاَیَس (daġáyas) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دَغاَیس (daġáyas) [بُر۔مص] چھپ جانا،مخفی حالت میں رہنا۔

دَغا/دَغاَ (daġá) [ف] دھوکہ،فریب۔

دَغاباز (daġabáaz) [ف۔صف] مکار،فریبی، دھوکہ دینے والا۔

دَغابازی/دَغاَبازیٔ (daġabaazí) [ف] دیکھیے دَغاباز (daġabáaz) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دُغاٹَس (duġáaṭas) [بُر۔مص] چھان بین ہونا، صاف ہونا (۲) الگ الگ ہونا (۳) تنہا ہونا (۴) مقدے کا صاف صاف فیصلہ ہونا۔

دُغاٹُم (duġáaṭum) [بُر] دیکھیے دُغاٹَس (duġáaṭas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِغٹَس (díġaṭas) [بُر۔مص] تنہا بن جانا،الگ رہ جانا (۲) جدا ہو جانا۔

دَغُڈِکِش (daġúčikiṣ) [بُر۔اسم] وہ برتن جس میں دَغوؔ (daġú) رکھا جاتا ہے (۲) ایک پرندہ جس کا رنگ سفید اور نیلا ہوتا ہے۔

دَغُڈِکِیَنڈ (daġúčikiyanč) [بُر۔اسم] دیکھیے دَغُڈِکِش (daġúčikiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

دُغَرُس (duġárus) [بُر] دیکھیے دُغَرُسَس (duġárusas) جس کا یہ امر ہے۔

دُغَرُسَس (duġárusas) [بُر۔مص] پوچھنا،سوال کرنا (۲) خبر گیری کرنا (۳) بیمار کی عیادت کرنا (۴) باز پرس کرنا۔

دُغَرُسِن (dugárusin) [بر] دیکھیے دُغَرُسَس (dugárusas) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دُغُل (dugúl) [بر] دیکھیے دُغُلَس (dugúlas) جس کا یہ امر ہے۔

دِغُلَس (digúlas) [بر۔مص] انگارا بننا، کوئلے کا انگارا بننا۔

دُغُلَس (dugúlas) [بر۔مص] آگ کے انگارے بننا، راکھ کے نیچے دفنانے سے انگاروں کا دھکنا اور سرخ ہونا۔

دُغُلُم (dugúlum) [بر] دیکھیے دُغُلَس (dugúlas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دَغَم (dagám) [بر] دیکھیے دَغَیَس (dagáyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِغِن (digín) [بر] دیکھیے دِغِنَس (digínas) جس کا یہ امر ہے۔

دُغُن (dugún) [بر] دیکھیے دُغُنَس (dugúnas) جس کا یہ امر ہے۔

دُغَنڈَرَس (dugánḍaras) [بر۔مص] ٹیڑھا ہونا، کج ہونا۔

دُغَنڈَرُم (dugánḍarum) [بر] دیکھیے دُغَنڈَرَس (dugánḍaras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دَغَنُس (daganus) [بر۔صف] موٹا، فربہ (۲) (کنایۃً) خوک۔

دِغَنَس (díganas) [بر۔مص] فرسودہ ہونا، گھسنا، پرانا ہونا (۲) زمین میں کام کر کے فرسودہ ہونا۔

دِغِنَس (digínas) [بر۔مص] اوپر سے نیچے کی طرف دوڑنا۔

دِغُنَس (dígunas) [بر۔مص] پھل وغیرہ کا پک جانا (۲) بالوں کا سفید ہونا، بوڑھا ہونا۔

دُغَنَس (dugánas) [بر۔مص] پرانا ہونا، گھس جانا (۲) ختم ہونا، انجام پانا۔

دُغُنَس (dugúnas) [بر۔مص] پک جانا، فصل پک کر تیار ہونا۔

دَغَنُم (dagánum) [بر۔صف] موٹا/موٹی، فربہ۔

دَغَنُم ایتَس (dagánum étas) [بر۔محاورہ] کھلا پلا کر موٹا بنانا، فربہ بنانا (۲) دبیز بنانا۔

دَغَنُم کُش (dagánum kuş) [بر۔اسم] موٹاپن، فربہی۔

دَغَنُم مَناس (dagánum manáas) [بر۔محاورہ] موٹا ہونا، فربہ ہونا (۲) دبیز ہونا۔

دِغَنُم (díganum) [بر] دیکھیے دِغَنَس (díganas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِغَنُم چُراَ جُوَن (díganum ćurá juwán) [بر۔تشبیہ] پرانے

چُراَ (čurá) کی طرح۔

دِغُنُم (díġunum) [بر] دیکھیے دِغُنَس (díġunas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُغَنُم (duġánum) [بر] دیکھیے دُغَنَس (duġánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُغُنُم (duġúnum) [بر] دیکھیے دُغُنَس (duġúnas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَغَنُمِشوٗ (daġánumišo) [بر] دیکھیے دَغَنُم (daġánum) جس کی یہ جمع ہے۔

دَغُوٗ (daġú) [بر۔اسم] سریش، گوند۔

دَغُوٗچِک (daġúčiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دَغُوٗ (daġú) جس کی یہ جمع ہے۔

دَغوٗوَک (daġówaṅ) [بر۔اسم] آٹا۔

دَغوٗوَک اَپِیِ کرےِ مُل

(daġówaṅ apí ke mul) [بر۔کہاوت] جامہ ندارم دامن از کجا (قمیص نہیں تو دامن کہاں سے لاؤں)۔

دَغوٗوَک چِک (daġówaṅčiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دَغوٗوَک (daġówaṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

دَغوٗوَک غَشَپ (daġówaṅ ġaṣáp) [بر۔محاورہ] ایک رسم جو شادی کے دوسرے یا تیسرے دن ادا کی جاتی ہے جس میں دلہا اور دلہن کے خاندان کے لوگ ایک دوسرے کی ضیافت کرتے ہیں۔

دَغوٗوَک غَشَپ ایتَس

(daġówaṅ ġaṣáp éetas) [بر۔محاورہ] دیکھیے دَغوٗوَک غَشَپ (daġówaṅ ġaṣáp) (۲) (کنایۃً) کوئی شرمندگی لانا، کوئی شرمناک کام کرنا۔

دَغوٗوَکرےِ جَٹِیِ (daġówaṅe jaṭí) [بر] لکڑی سے بنائی ہوئی ایک خاص تھالی جو آٹے کے صندوق یعنی چَغُر (čhāġur) سے آٹا لانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

دَغوٗوَکرےِ دیلَس (daġówaṅe délas) [بر۔محاورہ] خوش آمدید کہنا (۲) ایک رسم جس کے مطابق کسی کو خوش آمدید کہنے کے لیے اس کے سر اور کندھے پر چٹکی بھر آٹا ڈالا جاتا ہے، یہ رسم دلہا دلہن کو گھر میں داخل کرتے وقت بھی ادا کرتے ہیں۔

دُغوبِیِ (duġoobí) [بر، وخی۔اسم] منسوب بہ دُغوپ (duġóop)، وہ ظرف جس میں دُغوپ رکھا جائے (۲) چینی کا ایک پیالہ نما ظرف جو کاشغر سے لاتے ہیں (۳) بڑا پیالہ۔

دُغوپ (duġóop) [بر، وخی۔اسم] وہ محلول جو خشک اور

ترش پنیر یعنی قُرُت (qurút) کو پانی میں حل کر کے بناتے ہیں۔

دُغوپچک (dugóopićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دغوپِک (dugóopiṅ)۔

دُغوپِک (dugóopiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دُغوپ (dugóop) جس کی یہ جمع ہے۔

دُغُوسکِن (dugúuskin) [بر] دیکھیے دُغُوسکِنَس (dugúuskinas) جس کا یہ امر ہے۔

دُغُوسکِنَس (dugúuskinas) [بر۔مص] تیار ہونا، آمادہ ہونا، کسی کام کے لیے تیار ہونا (۲) شروع کرنا۔

دَغُوِی (dagúy) [بر] ہر وہ غذا جو پکی نہ ہو، ناپختہ (۲) وہ اونی دھاگہ جسے مکمل طور پر بل نہ دیا ہو۔

جا عقلیِ دَغُوِی ہم اَس گیَلڈیِ
شُلیِ پھُولوُ اُیَم دِرِش لیِ گل رُوخ!

دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۱۱۸۔

ترجمہ: اے گل رُخ! عقل کی خوبیوں سے عاری میرا ناپختہ دل تیری نوازشات کی برکت سے آتشِ عشق کی تپش میں احساسِ لذت دیتے ہوئے جل نکھر کر سنور جائے۔

دَغُوِی ایِتَس (dagúy étas) [بر۔محاورہ] خام حالت میں رکھنا، مکمل طور پر نہ پکانا (۲) پورا بل نہ دینا۔

دَغُوِی مَناس (dagúy manáas) [بر۔محاورہ] خام رہ جانا، مکمل طور پر نہ پکنا۔

دُغُوِی (dugúy) [بر۔اسم] دوپہر۔

دُغُوِی ایِتَس (dugúy éetas) [بر۔محاورہ] تاخیر کرنا، دیر کرنا (۲) صبح سویرے اٹھنے میں تاخیر کرنا، صبح سویرے کسی کام پر جانے میں تاخیر کرنا۔

دُغُوِی مَناس (dugúy manáas) [بر] دیکھیے دُغُوِی ایتَس (dugúy éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

دُغُوِی موٗ (dugúy mo) [بر۔متعلق فعل] دوپہر کا، دوپہر میں، دوپہر کے وقت۔

د ۔ ف

دَف (daf) [ف۔اسم] ایک چوبی ڈھول جو ایک طرف سے منڈھا ہوتا ہے اور اسے ہاتھ سے بجاتے ہیں، ڈفلی۔

دَفا (dafáa) [ع، بُر۔اسم] دیکھیے دَفع (dáfa) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

دَفا ایِتیِ (dafáa éti) [ع، بُر۔کلمۂ عتاب] دیکھیے

دَفع ایتَس (dáfa étas) جس کا یہ امر ہے۔

دَفا مَنےؔ (dafáa mané) [ع،بُر۔کلمۂ عتاب] سامنے سے ہٹ جا، دور ہو جا۔

دَفتَر (daftár) [ع۔اسم] کاغذ، کاپی، رجسٹر (۲) مجموعہ حساب، مجموعہ اشعار (۳) محکمہ (۴) کاروبار کی جگہ (۵) لکھنے پڑھنے کی جگہ۔

دَفتری/دَفتریؔ (daftarí) [عف۔صف] دفتر درست کرنے والا، جلد بنانے والا (۲) کاغذوں کا پلندا (۳) چاندی یا سونے کے ورقوں کا گٹھا۔

دَفع (dáfa) [ع۔اسم] سامنے سے ہٹانا، دور کرنا۔

دَفع ایتَس (dáfa étas) [ع+بر۔محاورہ] سامنے سے ہٹانا، دور کرنا، پرے کرنا۔

دفع مَناس (dáfa manáas) [ع+بر۔محاورہ] ہٹ جانا، دور ہونا، سامنے سے ہٹ جانا (یہ لفظ عتاب کے وقت بولا جاتا ہے)۔

دَفعہ/دَفاؔ (dáfa) [ع۔اسم] باری، نوبت (۲) قانون کا فقرہ (۳) مجموعہ (۴) زمرہ۔

دَفعہ دیلَس (dafá délas) [ع+بُر۔محاورہ] دفعہ لگانا، الزام عائد کرنا۔

دَفَن (dáfan) [ع۔اسم] زمین میں چھپانا، گاڑنا۔

دَفن ایتَس (dáfan étas) [ع+بر۔مص مر] زمین میں گاڑنا، زمین میں چھپا دینا (۲) مردے کو زمین میں دفنانا۔

دَفن کَفن (dáfan káfan) [ع۔اسم] تجہیز و تکفین۔

دَفن کَفن ایتَس (dáfan káfan étas) [ع+بر۔محاورہ] مردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا، مردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔

د۔ق

دِق (diq) [ع۔اسم] ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگتی ہے (۲) ستانا، تنگ کرنا، چھیڑنا۔

دِقَر (díqar) [بر] دیکھیے دِقَرَس (díqaras) جس کا یہ امر ہے۔

دِقَرَس (díqaras) [بر۔مص] چیرنا، چیر چیر کر الگ کرنا۔

دِقَرُم (díqarum) [بر] دیکھیے دِقَرَس (díqaras) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِقَئی (díqay) [بر۔اسم] پیچھے لگنا (۲) کسی بات کو منوانے کے لیے اصرار کرنا (۳) حملہ آور ہونا۔

دِقَئی ایتَس (díqay étas) [بر۔محاورہ] کسی کے پیچھے لگانا (۲) کسی کے خلاف اکسانا۔

دِقَئی مَناس (díqay manáas) [بر] دیکھیے

دِقَئی ایتَس (díqay étas) جس کا یہ لازم ہے۔

د ـ ک

دَک (dak) [بُر۔اسم] امید، توقع، باوری، یقین (۲) سہارا۔

دَک اَتیڈَس (dak atéeċas) [بر] دیکھیے دَک اَچُوس (dak açúwas)۔

دَک اَچُوَس (dak açúwas) [بر۔محاورہ] یقین نہ آنا، باور نہ کرنا، توقع نہ کرنا۔

دَک ایتَس (dak étas) [بر۔محاورہ] کسی پر بھروسہ کرنا، یقین کرنا، توقع کرنا۔

دَک ڈُم نِیَس (dak ċum níyas) [بر۔محاورہ] امید ختم ہونا، توقع باقی نہ رہنا۔

دَک ژُوَس (dak žúwas) [بر۔محاورہ] امید پیدا ہونا، یقین آنا، باور کرنا۔

دَک سُوَس (dak súwas) [بر۔محاورہ] توقع رکھنا، یقین کرنا، امید رکھنا۔

دُک (duk) [بر۔اسم] طلاق کے بعد عورت کو واپس کیا جانے والا سامان (۲) مہر (۳) فارسی لفظ دوک کا مخفف، بکری کے بالوں کو بل دینے والا آلہ۔

دُک اوڈُوَس (duk óoċuwas) [بر۔محاورہ] طلاق کے بعد عورت کو اس کا مہر وغیرہ واپس بھجوانا۔

دُکا دُکے (dúka dúke) [بر۔متعلق فعل] آمنے سامنے، روبرو (۲) آن گوی آن میدان۔

دُکان (dukáan) [ع۔اسم] سودا بیچنے کی جگہ، بکری کی جگہ۔

دُکاندار (dukaandáar) [عف۔صف] دکان کا مالک، تاجر۔

دُکانداری/دُکانداریٔ (dukaandaarí) [عف۔اسم] دکان رکھنے کا پیشہ، کاروبار۔

دُکانِنگ (dukáaniṅ) [ع+بر۔اسم] دیکھیے دُکان (dukáan) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

دُکُتَل (dukútal) [بر] دیکھیے دُتَلَس (dútalas) جس سے یہ واحد حاضر کے لیے امر ہے۔

دِکَٹ (díkaṭ) [بر۔صیغۂ واحد غائب] وہ پھنس کر (۲) بند ہو کر (محاورۃً) لاجواب ہو کر، راستہ نہ مل کر۔

دُکَٹ (dúkaṭ) [بر] دیکھیے دِکَٹ (díkaṭ) جس کی یہ جمع ہے۔

دِکَٹَس (díkaṭas) [بر۔مص] پھنس جانا (۲) بند ہونا، (محاورۃً) لاجواب ہونا، راستہ نہ ملنا۔

دِکُٹَس (díkuṭus) [بر۔مص] لاغر ہونا، کمزور ہونا، (محاورۃً) مالی حالت خراب ہونا۔

دُکُٹَس (dúkuṭus) [بر۔مص] دیکھیے دِکُٹس (díkuṭas) جس کی یہ جمع ہے۔

دِکُٹُم (díkuṭum) [بر] دیکھیے دِکُٹَس (díkuṭas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُکَرِیِٔ (dukarií) [بر۔متعلق فعل] کچھ وقت پہلے، ذرا پہلے، تھوڑی دیر پہلے۔

دُکَرِیِٔ موٗ (dukarií mo) [بر۔متعلق فعل] کچھ وقت پہلے کا، ذرا پہلے کا، تھوڑی دیر پہلے کا۔

دُکُشیِٔ (dúkuśi) [بر۔صف] بکری کے بچے (بزغالہ) کی وہ عمر جب وہ ایک سال سے کم ہو۔

دُکُشیِٔ (dukúśi) [بر] تم کو لائے گا (محاورۃً) خبر لے گا۔

دِکَکَٹ (dikakáṭ) [بر۔اسم] تعاقب، پیچھا (۲) گھیراؤ۔

دِکَکَٹ ایِتَس (dikakáṭ étas) [بر۔محاورہ] تعاقب کرنا، پیچھا کرنا (۲) گھیرنا۔

دُکوٗیَل (dukóyal) [بر] دیکھیے دوٗیَلس (dóyalas) جس سے یہ واحد حاضر کے لیے امر ہے۔

دُکَھٹ (dukháṭ) [بر] دیکھیے دُکَھٹَس (dukháṭas) جس کا یہ امر ہے۔

دُکَھٹَس (dukháṭas) [بر۔مص] پھنسنا، اٹکنا، الجھنا۔

دُکَھٹُم (dukháṭum) [بر] دیکھیے دُکَھٹَس (dukháṭas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُکَھچِم (dukháčim) [بر] دیکھیے دُکَھچِیَس (dukháčiyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُکَھچِیَس (dukháčiyas) [بر۔مص] فاقوں کی نوبت آنا، فاقہ کشی کرنا، فاقوں پر فاقے گزارنا۔

دِکِھر (dikhír) [بر] دیکھیے دِکِھرَس (dikhíras) جس کا یہ امر ہے۔

دِکِھرَس (dikhíras) [بر۔مص] گھٹنا، کم ہونا، مقدار یا تعداد میں کمی آنا۔

دِکِھرُم (dikhírum) [بر] دیکھیے دِکِھرَس (dikhíras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُکَھر (dukhár) [بر] دیکھیے دُکَھرَس (dukháras) جس کا یہ امر ہے۔

دُکَھرَس (dukháras) [بر۔مص] پھر جانا، بدل جانا، قائم نہ رہنا، بات کا پاس نہ رکھنا (۲) دہرانا، کوئی کام دوبارہ کرنا۔

دُکَھرَس کُش (dukháras kuṣ) [بر] دیکھیے دُکَھرَس (dukháras) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

دَکُھرِ کیِ (*dakhúriki*) [بر۔ متعلق فعل] اس مقدار میں، اس قدر، اتنی مقدار میں، اتنی تعداد میں۔

دُکَھرُم (*dukhárum*) [بر] دیکھیے دُکَھرَس (*dukháras*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دَکُھرُم (*dakhúrum*) [بر۔ متعلق فعل] اب تک/ تلک، اس وقت تک، ابھی تک، ہنوز، اتنا۔

دَکُھرُمَن (*dakhúruman*) [بر۔ متعلق فعل] اس مقدار/ تعداد میں، اتنا، اس قدر۔

دُکَھکَرَس (*dukhákaras*) [بر۔ مص] اردگرد لپٹنا، اردگرد الجھنا (۲) کم ہونا، زائل ہونا۔

دُکَھکَرُم (*dukhákarum*) [بر] دیکھیے دُکَھکَرَس (*dukhákaras*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِکھِکِن (*dikhíkin*) [بر] دیکھیے دِکھِکِنَس (*dikhíkinas*) جس کا یہ امر ہے۔

دِکھِکِنَس (*dikhíkinas*) [بر۔ مص] کھچ جانا، پھیل جانا، لچک پیدا ہونا۔

دِکھِکِنُم (*dikhíkinum*) [بر] دیکھیے دِکھِکِنَس (*dikhíkinas*) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُکُھکُوَس (*dukhúkuwas*) [بر۔ مص] بے بس ہونا، بے دست و پا ہونا (۲) سُستی کرنا، کاہلی کرنا۔

دُکُھکُووا (*dukhúkuwaa*) [بُر۔ کلمۂ عتاب] کیا تمہارے ہاتھ پاؤں ٹوٹ گئے ہیں؟

دَکِھل (*dakhíl*) [بر] دیکھیے دَکھیِ (*dakhí*)۔

دَکِھل پاَ (*dakhílpa*) [بر۔ متعلق فعل] اس جانب، اس سمت پر، اس طرف۔

دَکِھل پاَمو (*dakhílpa mo*) [۔ متعلق فعل] اس جانب سے، اس طرف سے، اس سمت سے۔

دَکِھلٹے (*dakhílaṭe*) [بر۔ متعلق فعل] یوں، اسی طرح، اس طرز پر، اس طریقے سے۔

دَکِھلجُکو (*dakíljuko*) [بر۔ متعلق فعل] دیکھیے دَکھیِ (*dakí*) اور دَکِھل (*dakíl*)، اس میں جمع کا مفہوم پایا جاتا ہے، ایسے، اس قسم کے۔

دِکَھن کُڈ (*dikhánkuċ*) [بر۔ اسم] ہونزا کے قبیلہ دَتُوسِنگ کُڈ (*datúsiṅ kuċ*) کے ایک ذیلی خاندان کا نام۔

دِکَھن کُڈے ہَمَل اُمَلڈم جُوَن

(*dikhánkuċe hamál umálċum juwán*) [بر۔ کہاوت] یعنی اپنی غلطی کا الزام دوسروں پر ڈالنا۔

دَکھولے (*dakhóle*) [بر۔ متعلق فعل] یہاں، اس جگہ پر۔

دَکُھوٗرُمن (dakhuúruman) [بر۔متعلق فعل] اتنا، اتنی، اس قدر، اتنی تعداد میں۔

دَکھِیٔ (dakhí) [بر۔متعلق فعل] یوں، اس طرح، ایسا، اس طور، اس قسم کا/کی، نیز دیکھیے اَکِھل (akhíl)۔

دُکیٔ (dukí) [بر۔صف] دکا کی تانیث، تاش میں دو کا پتا۔

دُکرے (dúke) [بر] دیکھیے دُکَرِیٔ (dukarií)۔

دُکرے دُکرے بیے (dúke dúke bée) [بر۔کہاوت] آن گوی آن میدان۔

د۔گ

دِگشاریٔ (digaśaarí) [بر۔اسم] غرور، تکبر، گھمنڈ۔

دِگشاریٔ ایتَس (digaśaarí étas) [بر۔محاورہ] غرور کرنا، تکبر کرنا۔

دِگشاآر (digaśaár) [بر۔اسم] غرور، تکبر، گھمنڈ (۲) مغرور، تکبر کرنے والا۔

دِگشاآر مَناس (digaśaár manáas) [بر۔محاورہ] مغرور بننا، متکبر بننا۔

دِگِم (dígim) [بر] دیکھیے دِگِیَس (dígiyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُگم (dúgum) [بر] دیکھیے دُگوَس (dúguwas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُگوٗ (dúgo) [بر] دیکھیے دُگوَس (dúguwas) اور دُگیَس (dúguyas) جس کا یہ امر ہے۔

دُگوَس (dúguwas) [بر] بڑی تعداد میں شکار کرنا، بڑی تعداد میں مار ڈالنا (۲) درخت سے پھلوں کو مکمل طور پر گرا دینا (۳) تالہ لگانا۔

دُگوٗئن (dúguyn) [بر] دیکھیے دُگوٗ (dúgo) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دِگیٔ (dígi) [بر] دیکھیے دِگِیَس (dígiyas) جس کا یہ امر ہے۔

دِگیہس (dígiẏas) [بر] دیکھیے دِگِیَس (dígiyas)۔

دُگیہس (dúguẏas) [بر] دیکھیے دُگیَس (dúguyas)۔

دِگِیَس (dígiyas) [بُر۔مص] لکڑیوں کو پہاڑ سے گرا کر لانا، بڑی تعداد میں لکڑیوں کو پہاڑ سے گرانا۔

دِگِیَس (digíyas) [بُر۔مص] مٹی وغیرہ کا زیادہ مقدار میں گرنا، بڑی مقدار میں برف پڑنا، بہت زیادہ برف باری ہونا۔

دِگِیَیَس (digíyayas) [بر۔مص] چکی میں غلہ پس کر

ختم ہونا۔

دُگیَس (dúguyas) [بر] دیکھیے دُگوَس (dúguwas)۔

دِگِیَم (digíyam) [بر] دیکھیے دِگِییَس (digíyayas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

د۔ک

دَک (daṅ) [بر۔اسم] نیند۔

دَک ایرَس (daṅ éeras) [بر۔محاورہ] جاگنا، جگانا، بیدار ہونا/کرنا۔

دَک چھاکَڑے کِرے ژُوچِلا (daṅ čháaṅaṭe ke žúçila) [بر۔کہاوت] نیند کانٹوں پر بھی آتی ہے۔

دَک دیڈَس (daṅ déečas) [بر۔محاورہ] سلانا، لوریاں سنا کر سلا دینا (۲) بے لطف باتوں سے زچ کرنا، بے مزہ کرنا۔

دَک ڈِرے اِمَنَس (daṅ ce imánas) [بر] نیند کی حالت طاری ہونا، نیند غالب آنا، (کنایۃً) مرنا۔

دَک ڈِرے ایتَس (daṅ ce étas) [بر۔محاورہ] سُلانا، بچے/بچی کو تھپکی دے کر یا لوریاں سنا کر سلا دینا۔

دَک ژُوَس (daṅ žúwas) [بر] دیکھیے دَک سُوَس (daṅ súwas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَک سُوَس (daṅ súwas) [بر۔محاورہ] سو جانا، (۲) غافل ہونا، نیند طاری ہونا۔

دَک نِیَس (daṅ níyas) [بر۔محاورہ] جاگنا، بیدار ہونا (۲) ہوش میں آنا۔

دِک (diṅ) [بر۔صف] گہرا سبز، ہریالی۔

دِک مَغُن (diṅ mágun) [بر۔اسم] منکوں کی ایک قسم جن کا رنگ سبز ہوتا ہے (۲) مرغابی کی ایک قسم جس کی گردن اور دُم نیلی ہوتی ہے اور نیلی گردن کے اردگرد سبز رنگ کے حلقے ہوتے ہیں۔

دِک مَلِک (diṅ malík) [بر۔اسم] آذرجمشید کا پوتا اور سوملک کا بیٹا۔

دَکَڑے اِمَنَس (dáṅe imánas) [بر] نیند کی حالت میں ہونا، ابھی نیند ختم نہ ہونا۔

دَکَڑے پُھت (dáṅe phut) [بر۔صف] بہت زیادہ سونے والا، ایسا شخص جس پر ہر وقت نیند غالب آئے۔

دِکَڑے جُت (díṅe jut) [بر۔اسم] سبز رنگ کی گھاس جو لمبی لمبی سوئیوں کی شکل میں نہروں کے کناروں پر اُگتی ہے یہ لفظ زیادہ تر لوک کہانیوں میں آتا ہے

مثلاً دِکڑے جُت کرے مَمُوے بُل
-(díňe jut ke mamúwe bul)

دِکڑے جُت کرے مَمُوے بُل (díňe jut ke mamúwe bul) [بُر] کہانیوں میں بیان کیے جانے والے خیالی مقامات (۲) پرستان۔

د۔ل

- **دَل** (dal -) [بر۔اسم] وہ نرم جلد جو ناخن کے نیچے ہوتی ہے۔

دَل (dal) [بر۔صف] اوپر کی طرف، بالائی سمت (۲) گھر کا وہ حصہ جو باقی حصوں سے ممتاز ہوتا ہے جہاں گھر کے بزرگ افراد بیٹھا کرتے ہیں۔

دَل ایِتَس (dal étas) [بر۔محاورہ] گھسیٹنا، کھینچنا۔

دَل ایِلتَلَنَس (dal éltalanas) [بر۔محاورہ] پالنا پوسنا، بالغ ہونے تک پرورش کرنا (۲) خواتین کی لمبی قمیض وغیرہ کو قدرے چھوٹی بنانے کے لیے اوپر کی طرف لپیٹنا۔

دَل تَر (dáltar) [بر۔اسم] ایک چراگاہ کا نام، یہ اصل میں دَل تیِر (dal ter) یعنی بالائی چراگاہ ہے، تلفظ میں یٖ ساقط ہوا ہے۔

دَل تَلیِنَس (dal talénas) [بر۔محاورہ] پل کر بڑا ہونا، بالغ ہونا، جوان ہونا (۲) اوپر کی طرف آنا، اوپر کی جانب رُخ کرنا۔

دَل تیِر (dal ter) [بر] دیکھیے دَل تَر (dáltar)۔

دَل خاٗ (dal qha) [بر۔متعلقِ فعل] اِدھر سے اُدھر، اُدھر سے اِدھر (نشیب و فراز یا اوپر نیچے کی جانب)۔

دَل خاٗ ایِتَس (dal qha étas) [بر۔محاورہ] (نشیب و فراز کی جانب) اِدھر سے اُدھر، اُدھر سے اِدھر کرنا (۲) پولو کھیلتے وقت ایک فریق کا یک طرفہ غلبہ ہونا اور بار بار گول کرنا۔

دَل خاٗ مَناس (dal qha manáas) [بر۔محاورہ] بار بار (نشیب و فراز کی جانب) پھیرے کرنا، اِدھر سے اُدھر، اُدھر سے اِدھر آنا۔

دَل دَل (dal dal) [بر] لے جانا، زمین پر کھینچتے لے جانا۔

دَل دَل ایِتَس (dal dal étas) [بر۔محاورہ] گھسیٹنا، کھینچ کر لے جانا۔

دَل دَلجُکوٗ (dáldaljuko) [بر] دیکھیے دَل دَلُم (dáldalum) جس کی یہ جمع ہے۔

دَل دَلُم (dáldalum) [بر۔صف] چوڑا/چوڑی، عرض۔

دَل دَلُم کُش (dáldalum kuṣ) [بر۔اسم] چوڑائی، لمبائی کی ضد، عرض۔

دَل دَلُم مَناس (dáldalum manáas) [بر۔محاورہ] چوڑا ہونا، عرض میں زیادہ ہونا۔

دَل دیِی یَس (dal déyyas) [بر۔محاورہ] برپا کرنا، قائم کرنا (۲) شور مچانا (۳) تعمیر کرنا، منعقد کرنا (۴) کسی شخص یا چیز کو کھڑا کرنا۔

دَل دِیےِ (dal diyé) [بر] دیکھیے دَل دِییَس (dal diyéyas) جس کا یہ امر ہے۔

دَل دِییَس (dal diyéyas) [بر۔مص] کھڑا ہونا، برپا ہونا، استادہ ہونا، (محاورۃً) شور و غوغا ہونا، ہنگامہ ہونا (۲) کسی کی طرفداری یا مخالفت پر جمع ہونا۔

دَل دِییم (dal diyém) [بر] دیکھیے دَل دِییَس (dal diyéyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دَل دیئم (dal deym) [بر] دیکھیے دَل دِییَس (dal diyéyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دَل کُم (dal kum) [بر] دیکھیے دَلِسکُم (dáliskum)۔

دَل مَناس (dal manáas) [بر۔محاورہ] کسی مقصد کے پیچھے تگ و دو کرنا، بھاگ دوڑ کرنا، روزی کمانے کے لیے مشقت کرنا۔

دل یَکَل (dal yákal) [بر۔حف] اوپر کی جانب، بالائی حصہ، گھر کا وہ حصہ جو باقی حصوں سے ممتاز ہوتا ہے جہاں گھر کے بزرگ افراد بیٹھتے ہیں، چار جہتوں میں سے وہ جہت جو اونچائی کی طرف ہو۔

دِل ایِتَس (dil étas) [بر] دیکھیے دَل ایِتَس (dal étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دِل دَل (dil dal) [بر۔متعلقِ فعل] افتاں و خیزاں، کھینچتے گھسیٹتے۔

دِل دِل (dil dil) [بر] دیکھیے دَل دَل (dal dal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دِل دِل ایِتَس (dil dil étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے دَل دَل ایِتَس (dal dal étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

دُل (dul) [بر۔اسم] ایک سیاہ رنگ کا عنصر جسے پتھر کی سلائی کے ساتھ رگڑ کر سُرمہ کی طرح آنکھوں میں لگاتے ہیں۔

دُل ایِتَس (dul étas) [بر۔محاورہ] آنکھوں میں سُرمہ یعنی دُل (dul) لگانا۔

دُل دَن (dul dan) [بر۔اسم] وہ نرم پتھر جسے سَلائی کے ساتھ رگڑ کر دُل (dul) تیار کیا جاتا ہے۔

دُل سُرماٗ (dul surmá) [بر۔اسم] دُل (dul) اور سرمہ (۲) آرائش، زینت۔

دُل سُرماَ ایتَس (dul surma étas) [بر۔محاورہ] آنکھوں میں دُل (dul) یا سُرمہ لگانا (۲) آرائش کرنا، زینت کرنا، میک اپ کرنا۔

دَلاَ (dalá) [بر۔اسم] بڑی نہر، ہونزا کی ایک نہر کا نام جسے نہر سرقند بھی کہتے ہیں جو اُلتر (últar) نالے سے علی آباد تک جاتی ہے۔

دَلاَمُڈ (dalámuċ) [بر۔اسم] دیکھیے دَلاَ (dalá) جس کی یہ جمع ہے۔

دِلاَ (dilá) [بر۔فعلِ ناقص] ہے، (بِلاَ (bilá) کا نگری لہجہ)۔

دِلاسہ/دِلاساَ (dilaasá) [ف۔اسم] تسلی [صف] دل کو تسکین دینے والا۔

دَلال (daláal) [ع۔اسم] سودا کرانے والا، آڑھتیا، کمیشن ایجنٹ۔

دَلالِشوَ (daláališo) [ع+بر۔اسم] دیکھیے دَلال (daláal) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

دِلاوَر (dilaawár) [ف۔صف] بہادر، شجاع، جرأتمند۔

دَلبَٹ (dalbáṭ) [بر۔اسم] سطح، سطح پر، سطح پر ابھرا ہوا۔

دَلبَٹ اِمَنَس (dalbáṭ imánas) [بر۔محاورہ] تیرتے وقت پانی کی سطح پر ٹھہرنا (۲) پانی کی سطح پر ابھرنا (۳) تیراکی مکمل طور پر سیکھنا۔

دَلبَٹ دِڈَس (dalbáṭ díċas) [بر۔محاورہ] اچھالنا (۲) کسی کو بری طرح مارنا، پیٹنا (۳) غصہ دلانا، اُکسانا (۴) بہت بے قرار کرنا۔

دَلبَٹ دُوَنَس (dalbáṭ duúnas) [بر۔محاورہ] پولو کھیلتے وقت اچھلی ہوئی گیند کو پکڑ کر گول کرنے کے لیے لے جانا۔

دَلبَٹ ژُوَس (dalbáṭ żúwas) [بر۔محاورہ] چکی کے پاٹ کا بہت تیزی سے گھومنا (۲) بے قراری کا مظاہرہ کرنا، بے چین ہونا (۳) بے قابو ہونا (۴) مستی میں آنا، مغرور ہونا۔

دَلبَٹ کُم (dalbáṭkum) [بر۔متعلق فعل] سطحی، اوپر اوپر سے۔

دَلبَٹ مَناس (dalbáṭ manáas) [بر۔محاورہ] سطح پر ہونا، ابھرا ہوا ہونا (۲) ایسا شخص جو تیرتے وقت ڈوب نہ جائے۔

دَلبَٹِسکُم (dalbáṭiskum) [بر۔متعلق فعل] اوپر اوپر سے، سطحی (۲) زبانی زبانی (۳) ایسی بات یا حرکت جو خلوص سے نہ ہو۔

دَلبَٹُم (dalbáṭum) [بر] دیکھیے دَلبَٹِسکُم (dalbáṭiskum)۔

دَلبَٹُم دَلبَٹ (dalbáṭum dalbáṭ) [بر۔متعلق فعل] اوپر اوپر سے، ہوا میں، سطحی۔

دِلبَر (dilbár) [ف۔صف] دل لینے والا/ والی، پیارا، محبوب، معشوق (۲) ہونزا کریم آباد میں ایک نہر کا نام جو نالہ اُلتر (ūltar) سے نکالی گئی ہے۔

دَلپاَ (dálpa) [بر۔متعلق فعل] اوپر کی جانب، بالائی سرے پر۔

دَلپاَ خَٹپاَ (dálpa qhátpa) [بر۔متعلق فعل] بالا و پائیں، نشیب و فراز۔

دَلپاَچِیؠ (dálpaçi) [بر] دیکھیے دَلپاَ (dálpa)۔

دَلپاَموٗ (dálpa mo) [بر۔متعلق فعل] اوپر سے، اوپر کی جانب سے۔

دَلتاس (daltáas) [بر۔ندائیہ] اے خوبرو، اے حسین/ حسینہ، دَلتَس (daltás) کے معنی خوبصورت، الف علامت ندا ہے۔

دِلتَپُم (diltápum) [بر] دیکھیے دِلتَپُوَس (diltápuwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُلتَپِم (dultápim) [بر] دیکھیے دُلتَپُیَس (dultápuyas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دِلتَپُوَس (diltápuwas) [بر] مرجھا جانا، خستہ حال ہونا۔

دُلتَپُوَس (dultápuwas) [بر] دیکھیے دُلتَپُیَس (dultápuyas)۔

دُلتَپُیَس (dultápuyas) [بر۔محاورہ] مرجھا جانا (۲) غمگین ہونا۔

دِلتَر (díltar) [بر۔اسم] لسی۔

دِلتَر اِمَنَس (díltar imánas) [بر۔محاورہ] بہت زیادہ ہلنا، جھٹکے کھانا۔

دِلتَر ایتَس (díltar étas) [بر۔محاورہ] لسی بنانا (۲) بہت ہلانا، حرکت دینا۔

دِلتَر چِل (díltar ċhil) [بر۔اسم] وہ سفید پانی جو تازہ مکھن دھونے سے الگ ہوتا ہے۔

دِلتَر مَناس (díltar manáas) [بر] دیکھیے دِلتَر ایتَس (díltar étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِلتَرِک (díltariṅ) [بر۔اسم] دیکھیے دِلتَر (díltar) جس کی یہ جمع ہے۔

دَلتَس (daltás) [بر۔صف] خوبصورت، حسین و جمیل۔

دَلتَس ایتَس (daltás étas) [بر۔محاورہ] خوبصورت بنانا، سجانا (۲) اچھی طرح سرانجام دینا۔

دَلتَس کُش (daltáskuṣ) [بر۔اسم] خوبصورتی، زیبائی (۲) نیکی، بھلائی۔

دَلتَس مَناس (daltás manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے دَلتَس ایتَس (daltás étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَلتَشکوٗ (daltáško) [بر] دیکھیے دَلتَس

(daltás) جس کی جمع ہے۔

دَلتَش کُیَک (daltáškuyań) [بر۔اسم]
دیکھیے دَلتَس کُش (daltáskuș) جس کی یہ جمع ہے۔

دُلتَلَس (dultálas) [بُر۔مص] لپٹنا۔

دُلتَلِم (dultálim) [بر] دیکھیے دُلتَلَس (dultálas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

دُلتَلَنَس (dultálanas) [بر۔مص] زرخیز ہونا، زمین کی یا کسی پودے کی حالت بہتر ہونا (۲) تبدیل ہونا۔

دَلتَنَس (daltánas) [بر۔اسم] دیکھیے تَلتَنَس (taltánas)۔

دُلجاَ (dúlja) [بُر] دیکھیے دُلجَیَس (dúljayas) جس کا یہ امر ہے۔

دُلجاَ دِبرَن (dúlja dibíran) [بُر۔دعا] سیر ہو جا، مالا مال ہو جا، دولت کی فراوانی ہو۔

دُلجَم (dúljam) [بُر] دیکھیے دُلجَیَس (dúljayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُلجَمے دِین اَکھینُم جُوَن
(dúljame díin akhénum juwán)
[بُر۔کہاوت] یعنی جو دولت میں مست ہوتا ہے وہ دین بھول جاتا ہے (۲) خرمست۔

دُلجَیَس (dúljayas) [بُر۔مص] سیر ہونا، مالا مال ہونا، دولت کی فراوانی ہونا (۲) بدمست ہونا۔

دُلجَیَس اَکھینَس (dúljayas akhénas) [بُر۔محاورہ] سیر نہ ہونا، حریص بننا، مزید طلب کرنا۔

دِلچسپی/ دِلچَسپی (dilčaspí) [ف۔اسم] شوق، رغبت، چاہت۔

دُلدُل (duldúl) [ع۔اسم] وہ سفید سیاہی مائل خچر جو حاکم اسکندریہ نے رسول صلعم کو نذر کی تھی اور حضورؐ نے حضرت علیؑ کو عطا فرمائی تھی (۲) وہ گھوڑا جو عشرۂ محرم میں امام حسینؑ کے گھوڑے کے طور پر نکالا جاتا ہے۔

دُلدُل سَوار (duldúl sawáar) [ع] حضرتِ علیؑ کا لقب۔

دُلدُم (duldúm) [بُر۔اسم] بدبو (۲) گرد وغبار یا دھواں (۳) آندھی (۴) طوفان (۵) بکثرت، فراوانی۔

دُلدُم ایتَس (duldúm étas) [بُر۔محاورہ] گرد و غبار یا دھواں کا طوفان کرنا (۲) بادِشکم خارج کر کے بدبو پھیلانا (۳) کسی بھی سڑھی ہوئی چیز کے ذریعے بدبو پھیلانا (۴) بکثرت فراہم کرنا (۵) کسی کام کو طوفانی انداز میں سرانجام دینا۔

دُلدُمَش (duldumáș) [بُر] دیکھیے دُلدُم (duldúm)۔

دَلدِن (daldín) [بُر] دیکھیے دَلدِنَس (daldínas) جس کا یہ امر ہے۔

دَلدِنَس (daldínas) [بُر۔مص] چھاننا، چھلنی سے آٹا/مٹی وغیرہ نکالنا (۲) ڈھونڈنا۔

دَلدِنُم (daldínum) [بُر] دیکھیے دَلدِنَس (daldínas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دَلدِنِن (daldínin) [بُر] دیکھیے دَلدِن (daldín) جس کا یہ جمع کے لیے امر ہے۔

دُلدوَکْ (duldóṅ) [وخی۔اسم] وخی گھروں میں وہ تنور نما جگہ جہاں روٹیاں پکاتے ہیں۔

دُلدوَکگیِ (duldoṅgí) [وخی۔اسم] وہ موٹی روٹی جو دُلدوَکْ (duldóṅ) میں پکائی جاتی ہے۔

دَلِسکُم (dáliskum) [بُر۔متعلقِ فعل] اوپر سے، بالائی سرے سے، چار جہتوں میں سے وہ جہت جو اونچائی کی طرف ہو۔

دِلک (dilk) [بُر۔اسم] کھاد (۲) کوئی بھی سڑھی ہوئی چیز۔

دِلک ایتَس (dilk étas) [بُر۔محاورہ] بوسیدہ کرنا، سڑانا (۲) میلا کرنا (۳) گندا کرنا (۴) مویشیوں کا فضلہ خارج کرتے ہوئے کھاد بنانا۔

دِلک پھیتِک (dilk phétiṅ) [بُر۔اسم] دِلک (dilk) بمعنی کھاد اور پھیتِک (phétiṅ) بمعنی راکھ (واضح ہو کہ ہونزا میں سبزیوں کی کیاریوں میں راکھ ڈالا جاتا ہے جو کرم کش ہے)۔

دِلک پھیتِک ایتَس (dilk phétiṅ étas) [بُر۔محاورہ] مویشی خانے میں کھاد بھرنا (۲) زمین میں کھاد یا راکھ ڈالنا۔

دِلک دِوسَس (dilk díwsas) [بُر۔مص مر] مویشی خانہ سے کھاد باہر نکالنا۔

دِلک گنَس (dilk gánas) [بُر۔محاورہ] مویشی خانے سے کھاد اٹھا کر کھیت میں ڈالنا۔

دِلک گِیَس (dilk gíyas) [بُر۔محاورہ] زمین میں کھاد ڈالنا۔

دِلک مَناس (dilk manáas) [بُر] دیکھیے دِلک ایتَس (dilk étas) جس کا یہ لازم ہے۔

دِلک ہَرکیِ (dilk hárki) [بُر۔محاورہ] کاشتکاری، کھیتی باڑی (۲) کھیتی باڑی سے تعلق رکھنے والے سارے کام۔

دِلک ہَرکیِ ایتَس (dilk hárki étas) [بُر۔محاورہ] کھیتی باڑی کرنا، کاشتکاری کرنا۔

دُلکِس (dúlkiṣ) [بُر۔صف] سرمہ والا، وہ جس نے آنکھوں میں دُل (dul) یعنی سرمہ لگایا ہو (۲) وہ شخص جس کی آنکھیں قدرتی طور پر سرمہ لگی ہوئی نظر

آئیں۔

دِلکِکْ (dilkíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دِلک (dilk) جس کی یہ جمع ہے۔

دُلکیؑ (dúlki) [اُر۔اسم] گھوڑے یا کتے کی ایک چال جس میں وہ اچھل اچھل کر چلتا ہے۔

دَلُم (dálum) [بُر۔متعلقِ فعل] اوپر سے، بالائی سمت سے (۲) بالائی علاقے سے۔

دَلُم دَل (dálum dal) [بُر۔متعلقِ فعل] اوپر اوپر سے، بالائی سمت سے۔

دَلُم دَل مَناس (dálum dal manáas) [بُر۔محاورہ] کوئی کام اوپر کے سرے پر انجام پانا، بالائی سرے پر انجام پانا۔

دَلُمپاؔ (dálumpa) [بُر] دیکھیے دَلپاؔ (dálpa)۔

دَلُمپاؔموؔ (dálumpamo) [بُر۔متعلقِ فعل] اوپر سے، اوپر کی جانب سے۔

دَلنےؑ (dálne) [بُر۔متعلقِ فعل] اوپر کی طرف، اوپر کی سمت کی جانب۔

دَلنےؑ خَٹنےؑ (dálne qhāṭne) [بُر۔متعلقِ فعل] بالا دپائین، نشیب وفراز۔

دَلوؔ (dálo) [ع۔اسم] ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں برج جو ڈول سے مشابہ ہوتا ہے، ایرانی حساب سے جدی اور حوت کا درمیانی مہینہ۔

دَلوؔکُس (dálokus) [بُر۔اسم] دَلوؔ (dálo) کا مہینہ۔

دُلوؔ (dúlo) [بُر۔اسم] ایک پرانا نام جو غالباً عبداللہ یا اس نوعیت کے کسی نام کی تصغیر ہے۔

دَلیؑ مُش (dáli muś) [بُر۔متعلقِ فعل] بالائی سرا، اوپر کا سرا، پرے۔

دَلیؑ مُش لوؔ (dáli múśulo) [بُر۔متعلقِ فعل] پرے، بالائی سرے پر، اوپر کے سرے پر۔

دُلےؑ بُتَن (dúle butún) [بُر۔اسم] بروشو خواتین کا وہ چھوٹا سا پرس جس میں وہ دُل (dul) سلائی وغیرہ رکھتی تھیں، اب یہ تقریباً متروک ہو چکا ہے۔

دُلےؑ یُوَسَس (dúle yuúsas) [بُر۔اسم] وہ پتھر کی سلائی جس کے ساتھ دُل (dul) کو رگڑ کر آنکھوں میں لگاتے ہیں۔

دَلیِنُم (dalénum) [بُر۔صف] کل کا/کی، گزشتہ روز کا/کی (۲) گزشتہ سال کا/کی (۳) پرانا (۴) زیادہ، بکثرت، کافی (۵) پرانا۔

دَلیِنُم مَناس (dalénum manáas) [بُر۔محاورہ] زیادہ ہونا، بکثرت ہونا، کافی تعداد/مقدار میں ہونا۔

دَلِیل (daliil) [ع۔اسم] حجت، بحث (۲) وجہ، سبب (۳) ثبوت، شہادت (۴) رہنما (۵) لکڑی کے دو

چمچہ نما ٹکڑے جو رسمِ چراغ روشن ادا کرتے وقت فتیلوں کو درست کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں (٦) شمالی علاقہ جات میں کچھ خواتین کا نام۔

د ـ م

دَم (dam) [ف ـ اسم] سانس، نفس، پھونک (٢) پل، لحظہ (٣) جان (٤) حوصلہ، زور (٥) افسون، منتر۔

دَم ایتَس (dam étas) [بُر ـ محاورہ] ہوا بھرنا (٢) افسون منتر پڑھنا۔

دَم بِلِش خا (dam biliṣ qháa) [بُر ـ کہاوت] جب تک سانس باقی ہے، مرتے دم تک (٢) جب تک حوصلہ باقی ہے (٣) جب تک جان باقی ہے (٤) جب تک طاقت یا ہمت باقی ہے۔

دَم بَن مَناس (dam ban manáas) [بُر ـ محاورہ] سانس رک جانا، نفس بند ہونا (٢) مرنا۔

دَم داﻝ مَناس (dam dáal manáas) [بُر ـ محاورہ] دمہ کا عارضہ لاحق ہونا، دمہ کی بیماری کا دورہ پڑنا (٢) سانس چڑھنا۔

دَم دِشاآیَس (dam diśáyas) [بُر ـ محاورہ] سانس بند ہونا، دم گھٹنا (٢) تنگ آنا، جی نہ لگنا۔

دَم دُکھٹَس (dam dukháṭas) [بُر] دیکھیے دَم دِشاآیَس (dam diśáyas)۔

دَم دَم (dam dam) [بُر ـ اسم] کسی کے پیچھے بھاگنا، بے تکی سے بھاگنا۔

دَم دَم مَناس (dam dam manáas) [بُر ـ محاورہ] دیکھیے دَم دَم (dam dam)۔

دَم دُوا (dam duwáa) [ف، بُر ـ اسم] افسون، منتر (٢) کسی قرآنی آیت سے دعا لے کر دوسرے پر پھونکنا (دُوا دراصل دعا کا بگاڑ ہے)۔

دَم دُوا ایتَس (dam duwáa étas) [بُر ـ محاورہ] دیکھیے دَم دُوا (dam duwáa)۔

دَم دِوسَس (dam díwsas) [بُر ـ محاورہ] سانس لینا (٢) کام میں وقفہ کرنا (٣) ذرا آرام کرنا۔

دَم دُوسَس (dam duúsas) [بُر ـ محاورہ] سانس کھل جانا (٢) مشک وغیرہ سے ہوا نکل جانا (٣) فوت ہونا، مرنا (٤) وقفہ لینا، آرام کرنا۔

دَم دیلَس (dam délas) [بُر ـ محاورہ] کسی انسان یا حیوان کا قریب المرگ ہونے کی وجہ سے لمبی لمبی یا جلدی جلدی سانس لینا (٢) شدید بیماری کی وجہ سے لمبی لمبی یا جلدی جلدی سانس لینا۔

دَم ڈُم ایرَس (dam ċum éeras) [بُر ـ محاورہ] بے دم کرنا، کمزور کرنا، ناتوان کرنا (٢) مالی حالت خراب کرانا۔

دَم ڈُم نِیَس (dam ċum níyas) [بُر۔محاورہ] بےدم ہونا، کمزور ہونا (۲) قریب المرگ ہونا (۳) مالی لحاظ سے کمزور ہونا۔

دَم ژُوَس (dam żúwas) [بُر۔محاورہ] دمہ کے مرض میں مبتلا ہونا، سانس پھول جانا۔

دَم سُوَس (dam súwas) [بُر۔محاورہ] سانس پھول جانا (۲) قریب المرگ ہونا۔

دَم کِش (dam kiṣ) [بُر۔صف] دمہ کا مریض، سانس کا مریض۔

دَم گَنَس (dam gánas) [بُر۔محاورہ] سانس لینا (۲) تھوڑی دیر کے لیے سانس روکنا۔

دَم مَناس (dam manáas) [بُر۔محاورہ] حوصلہ ہونا، طاقت و ہمت ہونا۔

دَمادَم (damaadám) [ف۔متعلق فعل] پے در پے، متواتر۔

دِماغ (dimáaġ) [ع۔اسم] سر کا مغز، گودا، بھیجا (۲) عقل، فہم، دانائی۔

دِماغ تھانُم مَناس (dimáaġthāanum manáas) [بُر۔محاورہ] مغرور ہونا، اپنی حد سے آگے نکلنا۔

دِماغ تُھم مَناس (dimáaġ thum manáas) [بُر۔محاورہ] نیت بدلنا (۲) مغرور ہونا (۳) نظریات مختلف ہونا۔

دِماغ تِیز مَناس (dimáaġ tíiz manáas) [بُر۔محاورہ] ہوشیار ہونا، عاقل ہونا، زود فہم ہونا۔

دِماغ دال مَناس (dimáaġ dáal manáas) [بُر۔محاورہ] غصہ آنا، پاگل ہونا۔

دِماغ دُرُست مَناس (dimáaġ durúst manáas) [بُر۔محاورہ] ہوش و حواس درست ہوجانا (۲) سیدھی راہ پر آنا۔

دِماغ ڈُم نِیَس (dimáaġ ċum níyas) [بُر۔محاورہ] بھول جانا، یاد نہ رہنا۔

دِماغ لوؔ اوسَس (dimáaġulo óosas) [بُر۔محاورہ] سمجھنا (۲) یاد رکھنا۔

دِماغ لوؔ اوؔرُٹَس (dimáaġulo óoruṭas) [بُر۔محاورہ] بھول جانا، یاد نہ رہنا۔

دِماغ لوؔ گَنَس (dimáaġulo gánas) [بُر۔محاورہ] یاد رکھنا، فراموش نہ کرنا۔

دِماغ لوؔ ہُرُٹَس (dimáaġulo hurúṭas) [بُر۔محاورہ] یاد رہنا، نہ بھولنا (۲) سمجھنا (۳) دماغ میں بسنا۔

دِماغَر ژُوَس (dimáaġar żúwas) [بُر۔محاورہ] یاد آنا (۲) سمجھنا (۳) خیال میں پیدا ہونا۔

دُماي (dumáaŷ) [بُر] دیکھیے دُماپَس (dumáaŷas) جس کا یہ امر ہے۔

دُماپَس (dumáaŷas) [بُر۔مص] برابرآنا (۲) زیب دینا، لباس وغیرہ کا موزوں ہونا (۳) دوا، غذا یا آب وہوا کا موافق آنا (۴) ناراضگی دور کرکے میل جول پیدا کرنا، دشمنی ختم کرکے دوستی کرنا (۵) شایانِ شان ہونا۔

جا غِلتِریَسؤ نَخره اُیَم مَستیِ دُماپَس
میِنرِ اُولجیِ کرِ ایِنَڈس اِنرِ مُک جا سَخاَ یِیَڈم
دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۱۶۸۔

ترجمہ: میرے ناز پرور محبوب کی عشرہ گری میں شیرینی اور اس کے حسن و جمال کی مستی رونق افزا ہے، اس گوہر یکدانہ کا جسے لوگ خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتے (خوش نصیبی سے) مجھے ظاہری دیدار نصیب ہوا۔

دُماپُم (dumáaŷum) [بُر] دیکھیے دُماپَس (dumáaŷas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُماپُم مَناس (dumáaŷum manáas) [بُر] دیکھیے دُماپَس (dumáaŷas)۔

دَماَٹوٗ (damaáṭo) [بُر۔صف] تیز بو والا (۲) ایسی چیز جس کی بو تیز مگر نامرغوب ہو۔

دَماَٹوٗمُڈْ (damaáṭomuc̣) [بر] دیکھیے دَماَٹوٗ (damaáṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

دُماَنیِ (dumaáni) [بُر۔اسم] راکاپوشی پہاڑ۔

دُمُتَس (dumútas) [بُر] دیکھیے اِمُتَس (imútas) جس کا یہ لازم ہے۔

دَمَٹرِ دیِلَس (dâmaṭe délas) [بُر۔محاورہ] غذا مثلاً چاول وغیرہ کو دھیمی آگ پر رکھ کر پکانا، دم پخت کرنا۔

دَمَٹرِ وَلَس (dâmaṭe wâlas) [بُر۔محاورہ] قریب المرگ ہونا، آخری سانسیں لینا۔

دَمجاریِ (damjaarí) [بُر۔اسم] دکھ، رنج۔

دَمجارِمِکْ (damjaarímiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَمجاریِ (damjaarí) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمجاَر (damjaár) [بُر۔اسم] رنج، دکھ، مشقت، عذاب۔

دَمجاَر ایِتَس (damjaár étas) [بُر۔محاورہ] رنج اٹھانا، دکھ سہنا، مشقت سے گزرنا۔

دَمجاَر شیِیَس (damjaár śéyas) [بُر۔محاورہ] تکلیف اٹھانا، دکھ درد برداشت کرنا، سخت مشقت کرنا۔

دَمجاَرِکْ (damjaáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے دَمجاَر (damjaár) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمجاَرِکْ تِمیَش ایِتَس

(damjaárin timeéś étas) [بُر۔محاورہ] دکھ سہنا، رنج اٹھانا (۲) عذاب اٹھانا۔

دَمدار (damdáar) [ف۔صف] مضبوط، طاقتور (۲) حمایت یافتہ، مفاد یافتہ (۳) منظورِ نظر۔

دَمدار مَناس (damdáar manáas) [ف+بُر۔محاورہ] مضبوط ہونا، طاقتور ہونا (۲) منظورِ نظر بننا (۳) فربہ ہونا۔

دَمدارِشوٗ (damdáariśo) [ف+بُر] دیکھیے دَمدار (damdáar) جس کی یہ جمع ہے۔

دَمدارئ (damdaarí) [ف،بُر۔اسم] قوت، طاقت (۲) حمایت (۳) عزت، بڑائی۔

دوستیرِ دِیوانہ دَربیش دآ کرِ دَلتَس دَغرُشا؟
دَکرِ دَمَنرِ دِیوانگِیولوٗ دآ کرِ دَمدارِیرِ بیٗت
دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۰۴۔

ترجمہ: (اے قاضی الحاجات!) مجھ ایسے درویش سے جو عشقِ سماوی کا دیوانہ ہے کیا ایک دفعہ پھر حاجت کے لیے مجھ سے دریافت کرے گا؟ اگر ایسا موقع ملا تو یقین کے مالک کی دیوانگی میں میری فریاد (صرف) یہی ہوگی کہ تجھ سے میری قربت اور اعتماد میں اور بھی برکت ہوجائے۔

دِمَڈ (dímaċ) [بُر] دیکھیے دِمَڈَس (dímaċas) جس کا یہ امر ہے۔

دِمَڈَس (dímaċas) [بُر۔مص] لپیٹنا، دوتا کرنا۔

دِمَڈُم (dímaċum) [بُر] دیکھیے دِمَڈَس (dímaċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَڈ (dúmaċ) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dúmaċas) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَڈَس (dúmaċas) [بُر۔مص] دیکھیے دُمَڈَس (dumáċas)، یہ بعض اشیا مثلاً گھاس کے گھٹوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے بُوشوٗ کُوٗ دُمَڈَس (buśóṅo dúmaċas)۔

دُمَڈُم (dúmaċum) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dúmaċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَڈ (dumáċ) [بُر] دیکھیے دُمَڈَس (dumáċas) جس کا یہ امر ہے۔

دُمَڈَس (dumáċas) [بُر۔مص] لپیٹنا (بعض چیزوں کے لیے) (۲) سنبھالنا (۳) اکٹھا کرنا (۴) فصل وغیرہ کو جمع کرنا (۵) سمیٹنا۔

دُمَڈُم (dumáċum) [بُر۔مص] دیکھیے دُمَڈَس (dumáċas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دِمَر (dímar) [بُر] دیکھیے دِمَرَس (dímaras) جس کا یہ امر ہے۔

دِمَرَس (dímaras) [بُر۔مص] کسی کے ہاتھ سے لینا، کسی کے ہاتھ سے اٹھالینا، دینے والے کے ہاتھ

سے اٹھالینا [محاورہ] ہاتھ بٹانا۔

دِمَرُم (dímarum) [بُر] دیکھیے **دِمَرَس** (dímaras) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

دُمَر (dúmar) [بُر] دیکھیے **دُمَرَس** (dúmaras) جس کا یہ امر ہے۔

رَم (ram) [بُر۔اسم] جھاڑ پونچھ، جھاڑنا (۲) درخت سے پتے پھل وغیرہ گرانا، ضرب لگانا، مارنا (۳) دفعتۃً گرنا۔

رَم ایتَس (ram étas) [بُر۔محاورہ] لباس وغیرہ کو جھاڑنا، جھاڑ کر صاف کرنا (۲) درخت سے پتے یا پھل گرانا۔

رَم رَم (ram ram) [بُر] دیکھیے رَم (ram) جس کی

یہ تکرار ہے۔

رَم رَم ایتَس (ram ram étas) [بُر۔محاورہ] مسلسل جھاڑنا، صاف کرنا۔

رَم رَم مَناس (ram ram manáas) [بُر] دیکھیے رَرَم ایتَس (rarám étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَم مَناس (ram manáas) [بُر۔محاورہ] (دیوار وغیرہ کا) دفعتہً گرنا۔

رِم (rim) [بُر۔صوت] کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) گر کر ڈھیر ہونے کی آواز (۳) آگ بھڑکنے کی آواز (۴) دل دھڑکنے کی آواز۔

رِم رِم (rim rim) [بُر] دیکھیے رِم (rim) جس کی یہ تکرار ہے۔

رِم رِم مَناس (rim rim manáas) [بُر] دیکھیے رِم مَناس (rim manáas)۔

رِم مَناس (rim manáas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کے گرنے سے آواز نکلنا (۲) آگ بھڑکنا (۳) دل دھڑکنے کی آواز آنا۔

رِمارک (rimáark) [انگ۔فعل و اسم] تبصرہ کرنا، رائے زنی کرنا (۲) نظر ڈالنا، غور سے دیکھنا۔ remark

رَمَپُمُڈ (ramápumuć) [بُر۔اسم] دیکھیے رَمَپو (ramápo) جس کی یہ جمع ہے۔

رَمَپو (ramápo) [بُر۔اسم] ہرن کی ایک قسم۔

رَمرَت (ramrát) [بُر۔صف] ہموار، بالکل برابر۔

رَمز (ramz) [ع۔اسم] اشارہ (۲) ایما، کنایہ (۳) راز۔

رَمزِن (rámzin) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے رَمز (ramz) جس کی یہ بطرز بُروشسکی جمع ہے۔

رِمِزل (rimízil) [بُر۔اسم] گلہری۔

رِمِزلِشو (rimíziliśo) [بُر۔اسم] دیکھیے رِمِزل (rimízil) جس کی یہ جمع ہے۔

رَمَضان (ramazáan) [ع۔اسم] مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ جس میں فرض کے روزے رکھے جاتے ہیں۔

رَمَل (rámal) [ع۔اسم] ایک علم جس سے لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتانے کا دعویٰ کرتے ہیں، نجوم، جوتش (۲) علمِ عروض کی ایک بحر جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے۔

رَمَل بِشاَیَس (rámal biśáyas) [ع+بُر۔محاورہ] جوتش کے ذریعے فال وغیرہ نکالنا۔

رَمَلچیِ (ramalćí) [بُر۔اسم] جوتشی، نجومی۔

رَمِنجیِ (ráminji) [بُر۔اسم] گوجال میں ایک گاؤں کا نام جہاں بُروشو قوم آباد ہیں، اسے خیر آباد بھی کہا جاتا

ہے۔

رِموٹ کنٹرول (rimóoṭ kanṭróol) [انگ۔اسم] مشین وغیرہ کو برقی اشارات کے ذریعے دور سے چلانے کا ریڈیائی یا برقیاتی آلہ، دور مار آلہ۔ remote control

رَمیَش (rameéś) [بُر۔اسم] سدھاہوا (۲) پالتو، تربیت یافتہ (بالخصوص حیوان کے لیے)۔

رَمیَش اِمَنس (rameéś imánas) [بُر] دیکھیے رَمیَش ایتَس (rameéś étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَمیَش ایتَس (rameéś étas) [بُر۔محاورہ] سدھانا (۲) پرورش کرنا، تربیت کرنا (۳) مانوس کرنا۔

ر۔ن

رَن وے (ran wée) [انگ۔اسم] ہوائی جہاز کے اترنے اور پرواز کے لیے دوڑنے کی پٹی، فرودگاہ۔ run way

رَنج (ranj) [ف۔اسم] تکلیف، دکھ، درد (۲) ملال، غم، سوگ۔

رَنجَق (ranjáq) [بُر۔اسم] ایک آلہ جس میں دیسی بارود (miliyaṅ مِلیَںگ) بھرتے تھے اور رودی دنبالہ پُر بندوق داغنے کی جگہ پُر کرتے تھے۔

رَنجوق (ranjóq) [بُر] دیکھیے رَنجَق (ranjáq)۔

رَنجُور (ranjúur) [ف۔صف] مغموم، افسردہ، بیمار، 'رنج ور' کا بگاڑ۔

رَنجُوری/ رَنجُوری (ranjuurí) [ف۔اسم] تکلیف، رنج، بیماری۔

-رِنچ (-rinć) [بُر۔اسم] خصیہ۔

رَندا جُچوَر (randáa jućór) [بُر۔اسم] چورا جو رندہ کرتے وقت لکڑی سے الگ ہوتا ہے۔

رَندَق (randáq) [بُر۔اسم] چیری ہوئی لکڑی کا ایک ایسا حصہ جو تسمہ کی شکل میں ہو (۲) چمڑے کا چوڑا اور لمبا تسمہ۔

رَندَںؔ (randáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے رَندہ (randá) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

رَندہ/ رَنداً (randá) [ف۔اسم] آوارہ، دھتکارا ہوا، راندہ کا بگاڑ (۲) بڑھئی کا اوزار جس سے لکڑی چھیل کر صاف کی جاتی ہے۔

رَندہ دیَلَس (randá délas) [ف+بُر۔محاورہ] رندہ کے ذریعے چھیل کر لکڑی کو صاف کرنا۔

رَندہ مَناس (randá manáas) [ف+بُر۔محاورہ] راندہ ہونا، آوارہ ہونا، مادر پدر

آزاد ہونا۔

رَنڈی/رَنڈیٔ (randí) [ہ،بُر۔اسم] فاحشہ عورت (۲) طوائف (۳) زن بازاری۔

رَنگین (rangíin) [ف۔صف] رنگدار (۲) آراستہ، مرصع۔

رِنیو (riníw) [انگ،بُر۔فعل] تجدید کرنا، دوبارہ اجراء، تازہ کرنا۔ renew

ر۔و raw, riw, ruw

رَو (raw) [بُر۔اسم] بند، بستہ (۲) کان بجنے کی آواز (۳) تھپڑ۔

رَو ایتَس (raw éetas) [بُر۔محاورہ] بند کرنا، خوب باندھنا، مکمل طور پر بند کرنا (۲) تھپڑ مارنا۔

رَو مَناس (raw manáas) [بُر] کان بجنا، نیز دیکھیے رَو ایتَس (raw éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَوا (rawáa) [ف۔صف] جائز، مُباح، درست (۲) مروج، جاری۔

رَوا ایتَس (rawáa éetas) [ف+بُر۔محاورہ] حاجت پوری کرنا۔

رَوا مَناس (rawáa manáas) [ف+بُر۔محاورہ] جائز ہونا، درست ہونا، مباح ہونا۔

رِواج (riwáaj) [ف۔اسم] دستور، رسم، معمول۔

رِواج اوسَس (riwáaj óosas) [ع+بُر۔محاورہ] رواج قائم کرنا (۲) نئی رسم قائم کرنا۔

رِواج مَناس (riwáaj manáas) [ع+بُر۔مص] رسم ہونا۔

رِواجی/رِواجیٔ (riwaají) [ف،بُر۔صف] رسمی، معمولی، دستوری۔

رَواداری/رَواداریٔ (rawaadaarí) [ف،بُر۔اسم] کسی فعل کا رعایت سے جائز رکھنا (۲) بے تعصبی، تحمل۔

رَوان (rawáan) [ف۔اسم] بہتا ہوا، جاری، گزرنے والا۔

رَوان دَوان (rawáan dawáan) [ف۔صف] جاری وساری۔

رَوانگی/رَوانگیٔ (rawaanagí) [ف۔اسم] بھیجنا، روانہ ہونا، ارسال، چالان۔

رَوانہ/رَواناً (rawaaná) [ف۔صف] جانے والا۔

رَوانہ ایتَس (rawaaná étas) [ف+بُر۔مص مر] بھیجنا، رخصت کرنا۔

رَوانہ مَناس (rawaaná manáas)

[ف+بُر] دیکھیے رَوانہ ایتَس

(rawaaná étas) جس کا یہ لازم ہے۔

رَوَن (ráwan) [بُر] دیکھیے رَو (raw) جس میں ''ن'' علامتِ وحدت ہے۔

بُرغُوْ رَوَن مَنِی کرےٗ غَیبیےٗ قَوَن مَنِی کرےٗ

گوَٹ شوَن مَنِی کرےٗ بیَسن جُوَن اَکوغَن

دیوانِ نصیری (بُروشسکی)، ص ۳۳۵۔

ترجمہ: اگر صورِ اسرفیل کی ذرہ بھر گونج سنائی دے (یعنی کان کا بجنا) غیب کی کوئی پکار ہو، اور کچھ رونگٹے کھڑے ہو جائیں، تو اُس کو عام چیز نہ سمجھنا، کیونکہ یہی سے معجزات شروع ہو جاتے ہیں۔

ر۔و roo

روپ (róop) [بر۔اسم] غصہ (۲) طاقت کا مظاہرہ (۳) دھمکی، رعب کا بگاڑ۔

روپ ایتَس (róop étas) [بُر۔محاورہ] غصہ دکھانا، طاقت کا مظاہرہ کرنا، دھمکی دینا۔

روپ ایلتِرَس (róop éeltiras) [بُر] دیکھیے روپ ایتَس (róop étas)۔

روٹ (róoṭ) [بُر۔اسم] دیکھیے روڈ (róoḍ) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

روڈ (róoḍ) [انگ۔اسم] سڑک، شاہراہ۔ road

روز گار (roozgáar) [ف۔اسم] نوکری، پیشہ، شغل (۲) کمائی، گزارہ۔

روز گاری/روز گاریٔ (roozgaarí)

[ف،بُر] مزدوری۔

روز علیک (róoz aléyk) [عف۔کلمۂ دعا] دن مبارک ہو!، نیز دیکھیے شام سلام (śaám saláam) یہ اسی کا جواب ہے۔

روشن (roośán) [ف۔صف] تابان، منور، درخشان (۲) جلتا ہوا (۳) واضح، عیاں۔

روشن دان (roośandáan) [ف۔اسم] روزن جس میں سے روشنی اور ہوا اندر آئے اور دھواں باہر نکلے۔

روک (róok) [بُر۔اسم] بلا، بیماری (۲) وہ صدقہ جو بیماری رفع کرنے کی خاطر دیا جائے۔

روک اِڈِیٔ تَیَس (róok icí táyas)

[بُر۔محاورہ] کسی کی بیماری یا بلا اپنے سر لینا، نیز دیکھیے روک شیَیَس (róok śéyas)۔

روک تَیَس (róok táyas) [بُر۔محاورہ] بلا آفت میں گرفتار ہونا۔

روک شیَیَس (róok śéyas) [بُر۔محاورہ]

گالی یا بدُعا کے طور پر استعمال ہوتا ہے، مفہوم: تمہیں کھانے کے لیے وہ صدقہ نصیب ہو جو میری بیماری دفع کرنے کی خاطر نکالا گیا ہے۔

رول (róol) [انگ۔اسم] کردار، کار منصبی، کام، حصہ۔ role

رونق (roonáq) [ع۔اسم] چمک، تاب، رخشاں (۲) زیبائش، خوبی۔

رونق ایتَس (roonáq étas) [ع+بُر] دیکھیے رونق مَناس (roonáq manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

رونق مَناس (roonáq manáas) [ع+بُر۔محاورہ] رونق آجانا، رونق ہونا۔

roó ر۔وٓ

روٓم (roóm) [بُر۔اسم] قبیلہ (۲) قوم (۳) خاندان۔

روٓم دِییَس (roóm diyéyas) [بُر۔محاورہ] کسی مسئلے پر حمایت کے لیے قبیلے کا اٹھ کھڑا ہونا۔

روٓم گَٹِی اوٓتَس (roóm gáṭi ótas) [بُر۔محاورہ] کسی مسئلے کو سلجھانے کے لیے قبیلے کو جمع کرنا۔

روٓمِک (roómin) [بُر۔اسم] دیکھیے روٓم (roóm) جس کی یہ جمع ہے۔

روٓمے (roóme) [بُر۔متعلق فعل] روٓم (roóm) کا۔

روٓمے نَک سِقَر (roóme naṅ ṣiqár) [بُر۔محاورہ] قبیلے کی غیرت اور ذمہ داری۔

روٓیَل (roóyal) [انگ۔صف] شاہانہ، بادشاہ یا ملکہ کے لائق۔ royal

روٓیو (roóyo) [بُر۔اسم] بھیڑ یا بکری کا وہ بچہ جس کی عمر ایک سال سے کم ہو (۲) نوخیز، نورسیدہ۔

روٓیو مُڈ (roóyomuc̣) [بُر۔اسم] دیکھیے روٓیو (roóyo) جس کی یہ جمع ہے (۲) جلد کی ایک بیماری۔

ruu رُ۔و

رُو (rúu) [ع،بُر۔اسم] عربی لفظ روح کا بگاڑ اور مخفف بمعنی جان، آتما، امرِ الٰہی (۲) ست، جوہر (۳) دل (۴) نیت۔

رُودُخَرَس (rúu duqháras) [ع+بُر۔محاورہ] روح کا نکھر جانا (۲) شادمان ہونا، خوش ہونا، باغ باغ ہونا۔

رُودِسَوَرَس (rúu diṣáwaras) [ع+بُر۔محاورہ] روح پگھل جانا (۲) روح تحلیل

ہونا،خوفزدہ ہونا،حواس باختہ ہونا۔

رُودِوَرَس (rúu díwaras) [ع+بُر۔محاورہ] روح زندہ ہونا (۲) جی اٹھنا،خوش ہونا۔

رُودُوَلَس (rúu duwálas) [ع+بُر۔محاورہ] روح کا پرواز کرنا،فوت ہونا۔

رُودُوسَس (rúu duúsas) [ع+بُر۔محاورہ] روح نکل جانا،فوت ہونا (۲) سخت ڈر جانا۔

رُودیگسَس (rúu déegusas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے رُو یَنَس (rúu yánas)۔

رُوسِقَم مَناس (rúu ṣiqám manáas) [ع+بُر۔محاورہ] روح کا تازہ ہونا (۲) شادمان ہونا۔

رُوگِیَس/گِیَس (rúu gíyas/gíyas) [ع+بُر۔محاورہ] روح داخل ہونا،جان پیدا ہونا (۲) سرسبز ہونا۔

رُونِیَس (rúu níyas) [ع+بُر۔محاورہ] مرجانا،فوت ہونا۔

رُو یَنَس (rúu yánas) [ع+بُر۔محاورہ] روح کو قبض کرنا۔

رُومُڅ (rúumuć) [ع+بُر۔اسم] دیکھیے رُو (rúu) جس کی یہ جمع ہے۔

رُو بِرُو (rúu barúu) [ف۔صف] آمنے سامنے، مقابل۔

رُو برُو ایتَس (rúu barúu étas) [ف+بُر۔محاورہ] روبرو کرنا۔

رُو برُو دِڅَس (rúu barúu díćas) [ع+بُر۔محاورہ] آمنے سامنے کرنا،حاضر کرنا۔

رُو بَرُو مَناس (rúu barúu manáas) [ف+بُر۔محاورہ] آمنے سامنے ہونا،مدِمقابل ہونا۔

رُوح (rúu) [ع] دیکھیے رُو (rúu)۔

رُوحانی/رُوحانیِ (ruuhaaní) [ع۔صف] روح کے متعلق (۲) وہ جو روح رکھے (۳) فرشتوں یا جنوں کے متعلق (۴) غیر جسمانی،غیر مرئی۔

رُوس (rúus) [ف۔اسم] ملکِ روس [بُر۔اسم] نقصان،سزا،قصاص۔

رُوس دِوسَس (rúus díwsas) [بُر] دیکھیے رُوس دُوسَس (rúus duúsas) جس کا یہ متعدی ہے۔

رُوس دوسَس (rúus duúsas) [بُر۔محاورہ] نقصان ہونا،سزا پانا،قصاص ملنا۔

رُوسِیا (ruusiyáa) [ف۔صف] شرمندہ، بےآبرو، ذلیل،خوار،روسیاہ کا بگاڑ۔

رُوسِیا اِمَنَس (ruusiyáa imánas) [ف+بُر۔محاورہ] شرمندہ ہونا،ذلیل ہونا،خوار ہونا۔

رُوسِیا ایَتَس (ruusiyáa étas) [ف+بُر] دیکھیے رُوسِیا اِمَنَس (ruusiyáa imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

رُول (rúul) [انگ۔اسم] قاعدہ، قانون، ضابطہ، دستور (۲) چھڑی۔ rule

رُوم (rúum) [انگ] جگہ، سمائی، گنجائشِ مکانی (۲) کمرہ، حجرہ۔ room

رُومال (ruumáal) [ف۔اسم] دست مال، کپڑے کا ایسا ٹکڑا جس سے منہ اور ہاتھ صاف کیا جاتا ہے۔

رُوں (rúuṇ) [بُر۔صوت] کان بجنے کی ایک مخصوص آواز۔

رُوں رُوں (rúuṇ rúuṇ) [بُر] دیکھیے رُوں (rúuṇ) جس کی یہ تکرار ہے۔

رُوں رُوں مَناس (rúuṇ rúuṇ manáas) [بُر۔محاورہ] کان بجنے کی ایک مخصوص آواز آنا۔

رُ۔وٗ ruú

رُوٗ (ruú) [بُر۔اسم] زخم جو مندمل ہو چکا ہو یا سوکھ چکا ہو، زخم سوکھ کر ٹھیک ہونا (۲) کسی چیز کے تیزی سے گھومنے سے یا گزرنے سے نکلنے والی آواز۔

رُوٗ ژُوَس (ruú žúwas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے رُوٗ (ruú) معنی نمبرا۔

ر۔ہ

رَہبَر (rahbár) [ف،بُر۔صف] راہبر کا مخفف، رہنما، راستہ دکھانے والا، سردار (۲) پیر، ہادی، پیغمبر۔

رہداری/ رہداریٔ (rahdaarí) [ف،بُر۔اسم] اجازت نامۂ سفر۔

ر۔ی ray,riy,ruy

رَی (ray) [بُر۔اسم] خواہش، آرزو، تمنا۔

رَی اَپِمَٹےِ (ray apímaṭe) [بُر۔محاورہ] بادِلِ ناخواستہ۔

رَی ایَتَس (ray étas) [بُر۔محاورہ] آرزو کرنا، تمنا کرنا۔

رَی ایتَس (ray éetas) [بُر۔محاورہ] خواہش پیدا ہونا۔

رَی دِیم مَناس (ray díim manáas) [بُر۔محاورہ] مرضی کا مالک بننا، جو چاہے کرنا۔

رَی ژُوَس (ray žúwas) [بُر۔مص مر] خواہش پیدا ہونا، چاہنا۔

رَی مَناس (ray manáas) [بُر] دیکھیے رَی ایتَس (ray étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ر ۔ ی rii

- رِیکْ (-ríiṅ) [بُر۔اسم] ہاتھ۔

- رِیکْ ایلتَلَنَس (-ríiṅ éltalanas) [بُر۔محاورہ] بُروشو کی ایک رسم جس میں خواتین کسی کے احترام میں یا کسی سے پیار کے طور پر یا کسی سے التجا کرتے وقت اس کے سامنے ہاتھ گھماتی ہیں، یہ اس شخص سے وارنے یا صدقہ ہونے یا نثار ہونے کی علامت ہے۔

- رِیکْ دُمَرَس (-ríiṅ dúmaras) [بُر۔محاورہ] ہاتھ ملانا (۲) احتراماً کسی کا ہاتھ چومنا، (۳) ملاقات کے وقت بطورِ شکریہ یا معذرت ہاتھ چومنا یا ملانا۔

- رِیکْ دیسقَنَس (-ríiṅ déesqanas) [بُر۔محاورہ] محنت کرنا، مشقت کر کے روزی کمانا۔

- رِیکْ دیلَس (-ríiṅ délas) [بُر۔محاورہ] چھری وغیرہ سے ہاتھ کاٹنا (۲) کسی کام میں ہاتھ لگانا (۳) کسی چیز میں ہاتھ داخل کرنا (۴) مداخلت کرنا۔

- رِیکْ کِھیل ایتَس (-ríiṅ khíil étas) [بُر۔محاورہ] ہاتھ آگے کرنا (۲) بھیک مانگنا (۳) کسی کو بچانے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔

- رِیکْ گَنَس (-ríiṅ gánas) [بُر۔محاورہ] دعا مانگنے کے لیے ہاتھ اُٹھانا (۲) کسی چیز کو ہاتھ میں یا قبضے میں لینا۔

- رِیکْرِے خاَ دیلَس (-ríiṅe qha délas) [بُر۔محاورہ] کام کی حوصلہ افزائی نہ کرنا (۲) کام میں رکاوٹ پیدا کرنا، کام کی بے قدری کرنا۔

رِیل (ríil) [انگ۔اسم] پھرکی (۲) کیمرہ فلم رول (۳) [بُر۔اسم] کیسیٹ۔ reel

- رِین (-ríin) [بُر۔اسم] دیکھیے -رِیکْ (-ríiṅ)، یہ ہونزا کے بعض علاقوں مثلاً التت اور گنش وغیرہ کا لہجہ ہے۔

ر ۔ یٓ rii

رِیڈِکْ رُوم (ríiḍiṅ rúum) [انگ۔اسم] کمرۂ مطالعہ۔ reading room

ر ۔ ےٓ re

ریحلَت (rehlát) [ع،بُر] دیکھیے رحلَت

-(rehlát)

ریڈی (rédi) [انگ،بُر۔صف] دیکھیے رَڈی ready -(rádi)

ریڈی میڈ (redimééd) [انگ۔صف] دیکھیے رَڈی میڈ ready made -(rádi mééd)

ریسٹ (rest) [انگ،بُر۔فعل واسم] کام کے بعد ستانا،آرام کرنا،دم لینا۔ rest

ریسٹ ہاوس (rest haws) [انگ،بُر۔اسم] مسافروں کے ٹھہرنے،آرام کرنے کی جگہ،ڈاک بنگلہ۔ rest house

ریسٹورینٹ (restoorént) [انگ،بُر۔اسم] سب کے لیے کھلی طعام گاہ۔ restaurant

رِینک (renk) [انگ،بُر۔اسم] رینک،سلسلۂ مدارج میں کوئی درجہ،رتبہ یا مقام،عہدہ۔ rank

رے ree

ریٹ (réet) [انگ۔اسم] شرح،نرخ۔ rate

ریڈِیو (reediyúu) [انگ،بُر۔اسم] ریڈیو،ریڈیائی اشارات کی ترسیل کا آلہ۔ radio

ریڈِیو سِٹیشین (reediyúu sitiišén) [انگ،بُر۔اسم] وہ مقام جہاں سے ریڈیائی پیغام کی ترسیل ہوتی ہے یا اسے وصول کیا جاتا ہے۔ radio station

ریڈیُومُڈ (reediyúumuc) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے ریڈیو (reediyúu) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

ریڑاَ (reerá) [بر۔اسم] ہتھ گاڑی،ٹھیلا۔

ریڑاَمُڈ (reerámuc) [بر۔اسم] دیکھیے ریڑاَ (reerá) جس کی یہ جمع ہے۔

ریڑی (reedí) [بر۔اسم] دیکھیے ریڑاَ (reerá)۔

ریزگاری/ ریزگاری (reezgaarí) [ف،بُر۔اسم] کھلے پیسے۔

ریس (rées) [انگ۔اسم] مقابلے کی دوڑ،گھوڑوں،گاڑیوں وغیرہ کی دوڑ۔ race

ریفری (reefrí) [انگ۔اسم] کھیلوں کا امپائر،حکم،ثالث۔ referee

ریل (réel) [انگ۔اسم] ٹرین،ریل گاڑی۔ rail

ریل گاڑی/ ریل گاڑی (réel gaarí) [انگ+ار۔اسم] دیکھیے ریل (réel)۔

ریلوے سٹیشین (reelwée sitiišén) [انگ۔اسم] وہ مقام جہاں ریل گاڑی ٹھہرتی ہے،ریل کا اڈہ۔ railway station

ریلی (reelí) [انگ۔اسم] جلوس۔

زـآ

زآ (za) [بُر-صف] نمی، رطوبت۔

زآ ایتَس (za étas) [بُر-محاورہ] نم کرنا، مرطوب بنانا۔

زآکِس (zákiṣ) [بُر-صف] نمناک، نم رسیدہ۔

زآکِس زَمین (zákiṣ zamíin) [بُر-صف] نمناک زمین، مرطوب زمین۔

زآ گنَس (za gánas) [بُر-محاورہ] مرطوب ہونا، نمناک ہونا۔

زآ مَناس (za manáas) [بُر] دیکھیے زآ ایتَس (za étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زـا

زارآوَر (zaarawár) [ف،بُر-صف] طاقتور، پُرقوت (۲) زورآور کا بگاڑ۔

زارآوَل (zaarawál) [ف،بُر] دیکھیے زارآوَر (zaarawár)۔

زارآوَلِشوَ (zaarawáliśo) [ف،بُر] دیکھیے زارآوَل (zaarawál) جس کی یہ جمع ہے۔

زارا (zaaráa) [بُر-اسم] شدت، خاص طور پر چوٹ یا ضرب کی شدت (۲) قوت، توانائی۔

زارادار (zaaraadáar) [ف،بُر-صف] زوردار کا بگاڑ، شدت والا، شدت سے بھرپور (۲) پُرقوت۔

زـآ

زآٹ (zaáṭ) [بُر] دیکھیے زَٹ (zaṭ) معنی نمبر۲ جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآر (zaár) [بُر-اسم] چیرنے، پھاڑنے یا نوچنے کا عمل جو آہستہ آہستہ انجام پائے۔

زآر ایتَس (zaár étas) [بُر-محاورہ] چیرنا، پھاڑنا، نوچنا، نیز دیکھیے زَر ایتَس (zar étas) جس

میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۲) تنگ کرنا۔

زآر زآر (zaár zaár) [بُر] دیکھیے زآر (zaár) جس کی یہ تکرار ہے۔

زآر زآر ایتَس (zaár zaár étas) [بُر۔مص] دیکھیے زآر ایتَس (zaár étas) جس میں یہ تکرار اور شدت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآق (zaáq) [بُر۔اسم] یہ ایک لاحقہ ہے جو جہات یا اطراف میں سے کسی جہت یا طرف کی جانب قدرے حرکت کرنے یا کرانے کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً اِتیِ زآق (íti zaáq) (قدرے اُس طرف) اُلوِ زآق (úlo zaáq) (قدرے اندر کی طرف) وغیرہ (۲) ہاتھ یا پیر سے کسی کے جسم کو آہستہ آہستہ دبا کر آگاہ یا خبردار کرنا (۳) یہ زَق (zaq) کے عمل میں آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآق اوتَس (zaáq óotas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے زآق (zaáq) معنی نمبر۲ (۲) مالا مال کرنا، مال و دولت کثرت سے فراہم کرنا۔

زآق ایتَس (zaáq étas) [بُر۔مص] کھسکانا، نیز دیکھیے زآق (zaáq) معنی نمبر۱۔

زآق چیَس (zaáq čhíyas) [بُر۔مص] مخصوص انداز میں بیٹھنا۔

زآق مناس (zaáq manáas) [بُر۔مص] دیکھیے زآق ایتَس (zaáq étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زآل (zaál) [بُر۔اسم] جھومنا، وجد میں آکر جھومنا، نیز دیکھیے زَل (zal) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآل ایتَس (zaál étas) [بُر۔محاورہ] آہستہ آہستہ ہلانا، آہستہ آہستہ حرکت دینا۔

زآل دیلَس (zaál délas) [بُر۔مص] مستی، وجد یا نخرے میں جھومنا۔

زآل زآل (zaál zaál) [بُر] دیکھیے زآل (zaál) جس کی یہ تکرار ہے۔

زآل مَناس (zaál manáas) [بُر] دیکھیے زآل ایتَس (zaál étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زآلاً زآل (zaála zaál) [بُر۔متعلقِ فعل] جھومتے ہوئے، شانِ بے نیازی میں جھومتے ہوئے (۲) کندھوں کو حرکت دیتے ہوئے شان سے چلنا۔

زآم (zaám) [بُر] دیکھیے زَم (zam) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآم ایتَس (zaám étas) [بُر] دیکھیے زَم ایتَس (zam étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زآن (zaán) [بُر] دیکھیے زَن (zan) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۲) آہستہ آہستہ کوٹنا

(۳) آہستہ آہستہ قدم رکھنا۔

زآن زآن (zaán zaán) [بُر] دیکھیے زآن (zaán) جس کی یہ تکرار ہے۔

ز۔ب

زبان (zabáan) [ف۔اسم] لسان (۲) بول چال، نطق، بولی (۳) بیان۔

زبان ایتَس (zabáan étas) [ف+بُر۔محاورہ] قول و قرار دینا، وعدہ کرنا۔

زبان بَن مناس (zabáan ban manáas) [بُر۔محاورہ] زبان بند ہونا (۲) جادو یا رشوت وغیرہ کی وجہ سے زبان بند ہونا۔

زبان چُرُک مناس (zabáan ćurúk manáas) [بُر۔محاورہ] زبان کٹ جانا (۲) بدعہدی یا وعدہ خلافی نہ کرنا۔

زبان دُوَسَس (zabáan duúsas) [بُر۔مص] بات کرنے کے قابل ہونا۔

زبان ڈُم دُوَسَس (zabáan ċum duúsas) [بُر۔محاورہ] بات زبان سے نکل جانا، بغیر سوچے سمجھے بولنا۔

زبان ژُوَس (zabáan źúwas) [ف+بُر۔مص] دیکھیے زبان ہینَس (zabáan hénas)۔

زبان سِغِسُم مناس (zabáan ṣigíṣum manáas) [بُر۔محاورہ] شیریں زبان ہونا۔

زبان غَقَیُم ایتَس (zabáan ġaqẏum étas) [بُر۔محاورہ] تلخ کلامی کرنا۔

زبان غَقَیُم مناس (zabáan ġaqáẏum manáas) [بُر۔محاورہ] زبان میں کڑواپن محسوس ہونا (۲) تلخ زبان ہونا۔

زبان گچہَرَس (zabáan guċháras) [بُر۔محاورہ] باتونی ہونا (۲) بدتمیز ہونا۔

زبان ہینَس (zabáan hénas) [بُر۔مص] زبان جاننا۔

زبان یُوَیَس (zabáan yuúẏas) [بُر۔مص] زبان خشک ہونا۔

زبانِنگ (zabáaniṅ) [ف، بُر۔اسم] دیکھیے زبان (zabáan) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

زبانی/زبانیِ (zabaaní) [ف۔صف] منھ سے کہی ہوئی بات، نہ لکھا ہوا (۲) سنی سنائی، [متعلقِ فعل] حفظ، اَزبر۔

زبانی زبانی (zabaaní zabaaní)

[ف۔صف] زبانی جمع خرچ، صرف باتیں ہی کرنا۔

زَبِداَ (zabída) [بُر۔صف] شدید (۲) پُرزور (۳) زیادہ۔

زَبِداَ مَناس (zabída manáas) [بُر۔محاورہ] شدید ہونا (۲) زیادہ ہونا (۳) زور ہونا۔

زَبَرجَد (zabarjád) [ع۔اسم] ایک قسم کا زمرد۔

زَبَردَست (zabardást) [ف۔صف] طاقتور، قوی، زورآور (۲) جابر، ظالم (۳) بہتر، بہت اچھا۔

زَبَردَستی/زَبَردَستیِ (zabardastí) [ف،بُر۔اسم] جبر، ظلم، سختی، زیادتی۔

زَبَردَستی ایتَس (zabardastí étas) [بُر۔محاورہ] جبر کرنا، ظلم کرنا، زیادتی کرنا۔

زَبُور (zabúur) [ع۔اسم] وہ مقدس کتاب جو حضرت داؤد علیہ السّلام پر نازل ہوئی ہے۔

ز۔پ

زَپ (zap) [بُر۔صف] ازبر، یاد، حفظ (۲) پُر، بھرا ہوا۔

زَپ ایتَس (zap étas) [بُر۔محاورہ] ازبر کرنا، یاد کرنا، حفظ کرنا (۲) پُر کرنا، بھر دینا۔

زَپ مَناس (zap manáas) [بُر] دیکھیے زَپ ایتَس (zap étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِپ (zip) [انگ۔اسم] زنجیر جو عام طور پر پتلونوں، زنانہ قمیصوں وغیرہ میں لگائی جاتی ہے۔ zip (۲) [بُر] دیکھیے زَپ (zap) معنی نمبر۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِپ تَھر ایتَس (zip thar étas) [انگ+بر۔محاورہ] زپ کھولنا۔

زِپ رڈیِ مَناس (zip raḍí manáas) [انگ+بر۔محاورہ] زپ کا خراب ہونا، زپ قابلِ مرمّت ہونا۔

زُپ (zup) [بُر] دیکھیے زَپ (zap) معنی نمبر۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُپُر (zupúr) [بُر۔اسم] ایک آبی پرندہ جو کبھی کبھی خشکی پر اترتا ہے۔

زُپُرِشوَ (zupúriso) [بُر۔اسم] دیکھیے زُپُر (zupúr) جس کی یہ جمع ہے۔

زُپُس (zupúṣ) [بُر۔اسم] غم، فکر۔

اوَ ہیرلیِ نصیؔر بَسیکُرےِ گنےِ غَم کرےِ زُپُس یاَ
فردَوسےِ شوَقُم باغُ لوَ باغات اَپیِ اوَسَن

بُروشسکی جواہر پارے، ص۱۱۔

اے نصیؔر! تم باغات کے لیے روتے ہو کیوں، کیا تمھارا یہ خیال ہے کہ باغِ فردوس میں دنیا کے تمام باغات نہیں ہوں گے کیوں نہیں؟

زِپُم (zipúm) [بُر] دیکھیے زُپُم (zupúm)۔

زُپُم (zupúm) [بُر۔صف] باریک سلائی۔

زُپُم دِسکِیَس (zupúm díṣkiyas) [بُر] فصل یا پودوں کا نزدیک نزدیک اُگنا۔

زُپُم گِشاَیَس (zupúm giśáyas) [بُر] باریک بُنائی، باریک بُننا۔

زَپَن (zapán) [بُر] دیکھیے زَپَنَس (zapánas) جس کا یہ امر ہے۔

زَپَنَس (zapánas) [بُر۔مص] سینا، کفن سینا، نیز دیکھیے ڈَپَنَس (ċapánas)۔

زَپُو (zapú) [بُر۔اسم] ہونزا کے قبیلے زَپُوکُڈ (zapúkuċ) کا نام گزار بانی۔

زَپُوکُڈ (zapúkuċ) [بر] ہونزا کے ایک قبیلے کا نام۔

ز۔ت

زَتی (zatí) [بُر۔اسم] ایک جڑی بوٹی جو دوا کی خاصیت رکھتی ہے۔

ز۔ٹ

زَٹ (zaṭ) [بُر۔صف] کشادہ (۲) کھلی ہوئی آنکھ، خاص طور پر اس وقت جب غصے سے دیکھا جاتا ہے، پساری ہوئی آنکھ۔

زَٹ اوَتَس (zaṭ ótas) [بُر۔محاورہ] آنکھ پسارنا، آنکھ پھاڑنا۔

زَٹ مَناس (zaṭ manáas) [بُر] دیکھیے زَٹ ایتَس (zaṭ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زَٹَلی (záṭali) [بُر۔صف] باہر نکلی ہوئی بڑی آنکھوں والا (۲) خوفناک آنکھوں والا۔

زُٹُو (zuṭú) [بُر۔صف] لوث (۲) آلودہ (۳) جب کی حالت۔

زُٹُو اِمَنَس (zuṭú imánas) [بُر] دیکھیے زُٹُو ایتَس (zuṭú étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زُٹُو ایتَس (zuṭú étas) [بُر۔محاورہ] آلودہ کرنا (۲) ملوث کرنا (۳) جب کی حالت میں مبتلا کرنا۔

ز۔ح

زُحَل (zuhál) [ع۔اسم] سنیچر، کیوان، ایک سیارہ جو سورج کے گرد گھومتا ہے (۲) منحوس۔

زَحمیَت (zahmét) [ع،بر۔اسم] دکھ، درد، تکلیف، رنج، مشقت، عربی لفظ زحمت کا بگاڑ۔

ز۔خ

زَخُم (záqhum) [ف،بُر۔اسم] گھاؤ،ریش،چیر (۲) نقصان،صدمہ،ضرر۔

زَخُم ایِتَس (záqhum étas) [ف+بُر۔محاورہ] مجروح بنانا،گھاؤ کرنا،گھائل کرنا۔

زَخُم مَناس (záqhum manáas) [ف+بُر] دیکھیے زَخُم ایِتَس (záqhum étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زَخُم وَرڈ مَناس (záqhum wárċ manáas) [بُر] زخم مندمل ہوجانا۔

زَخمی/زَخمیِ (zaqhmí) [ف،بُر۔صف] جس کو زخم لگا ہو،مجروح،گھائل۔

زَخمی اِمَنَس (zaqhmí imánas) [ف+بُر] زخمی ہوجانا۔

زَخمے رُوٓ ژُوَس (záqhume ruú żuwas) [بُر] زخم مندمل ہوجانا،زخم بھر جانا۔

زَخنَر (zaqhnár) [بُر۔اسم] ایک برتن کا نام۔

زَخنَرِشوٓ (zaqhnáriśo) [بُر۔اسم] دیکھیے زَخنَر (zaqhnár) جس کی یہ جمع ہے۔

ز۔د

زَداٗ (zadá) [بُر۔صف] بیزار،ناخوش،متنفر۔

زَداٗ اِمَنَس (zadá imánas) [بُر۔محاورہ] بیزار ہونا،تنگ آنا۔

زَداٗ ایِتَس (zadá étas) [بُر] دیکھیے زَداٗ اِمَنَس (zadá imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ز۔ر

زَر (zar) [بُر۔اسم] چیر،پھاڑ (۲) چونکنا،بھڑکنا (۳) ڈر (۴) [ف۔اسم] سونا،طلا،روپیہ،دولت [بر۔محاورہ] زبردست،کمال کا۔

زَر اِمَنَس (zar imánas) [بُر۔محاورہ] زور سے پھٹ جانا،دولخت ہونا (۲) ڈر جانا (۳) چونکنا،بھڑکنا (۴) موٹاپے سے پھٹنے کو تیار ہونا۔

زَر اِمَنَش (zar imânṣ) [بُر۔کلمۂ عتاب] پھٹ جائے! کسی بچے کا کپڑوں میں یا غیر مناسب جگہ پر پیشاپ کردینے یا ہوا خارج کرنے پر بولا جاتا ہے۔

زَر ایِتَس (zar étas) [بُر۔محاورہ] زور سے چیرنا،پھاڑنا (۲) کمال کرنا۔

زَر زَر (zárzar) [بُر۔اسم] کپکپی،تھرتھری،لرزہ،نیز

دیکھیے زَر (zar) معنی نمبر۲ جس کی یہ تکرار ہے۔

زَر زَر مناس (zárzar manáas) [بُر۔مص] تھرتھرانا، کپکپانا۔

زَر زَر (zarzár) [بُر] چیر پھاڑ، نیز دیکھیے زَر (zar) معنی نمبرا جس کی یہ تکرار ہے۔

زَر زَر ایَتَس (zarzár étas) [بُر] چیرنا پھاڑنا۔

زَر زَر نِیَس (zar zar níyas) [بُر] جگہ جگہ دراڑیں پڑنا۔

زَر مَناس (zar manáas) [بُر] دیکھیے زَر ایَتَس (zar étas) معنی نمبرا جس کا یہ لازم ہے۔

زِر (zir) [بُر] دیکھیے زَر (zar) معنی نمبرا،۲،۳ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر (zur) [بُر] دیکھیے زَر (zar) معنی نمبرا،۲،۳ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر اِمَنَس (zur imánas) [بُر] دیکھیے زَر اِمَنَس (zar imánas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر ایَتَس (zur étas) [بُر] دیکھیے زَر ایَتَس (zar étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر زُر (zurzúr) [بُر] دیکھیے زَر زَر (zarzár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر زُر ایَتَس (zurzúr étas) [بُر۔محاورہ] تھوڑا تھوڑا کرکے چیرنا، الگ الگ کرنا، نیز دیکھیے زَر زَر ایَتَس (zarzár étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر زُر (zúrzur) [بُر] دیکھیے زَر زَر (zárzar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر زُر مَناس (zúrzur manáas) [بُر۔محاورہ] آہستہ آہستہ لرزنا، جسم پر خفیف کپکپی طاری ہونا، نیز دیکھیے زَر زَر مناس (zárzar manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر زُر نِیَس (zurzur níyas) [بُر۔محاورہ] بوسیدہ ہونا، دھجیاں بکھرنا، نیز دیکھیے زَر زَر نِیَس (zar zar níyas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُر مَناس (zur manáas) [بُر] دیکھیے زَر مَناس (zar manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَرآپ (zaraáp) [بُر] دیکھیے زَرَپ (zaráp) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآپ ایَتَس (zaraáp étas) [بُر] دیکھیے زَرَپ ایَتَس (zaráp étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآپ زَرآپ (zaraáp zaraáp) [بُر] دیکھیے زَرآپ (zaraáp) جس کی یہ تکرار ہے۔

زَرآق (zaraáq) [بُر] دیکھیے زَرَق (zaráq) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآق ایَتَس (zaraáq étas) [بُر] دیکھیے زَرَق

اِیتَس (zaráq étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآم (zaraám) [بُر] دیکھیے زَرَم (zarám) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآم اِیتَس (zaraám étas) [بُر] دیکھیے زَرَم اِیتَس (zarám étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآم ایتَس (zaraám éetas) [بُر] دیکھیے زَرَم ایتَس (zarám éetas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرآم زَرآم (zaraám zaraám) [بُر] دیکھیے زَرآم (zaraám) جس کی یہ تکرار ہے۔

زَرَپ (zaráp) [بُر۔اسم] نوکدار چیز کو کسی دوسری چیز میں چبھونے کا عمل، گھونپنا، بھونکنا۔

زَرَپ اِیتَس (zaráp étas) [بُر۔محاورہ] کُھرپا یا اس قسم کے کسی دوسرے آلے سے گھاس کھودنا، یا زمین نرم کرنا۔

زَرَپ ایتَس (zaráp éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے زَرَپ اِیتَس (zaráp étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

زَرَپ زَرَپ (zaráp zaráp) [بُر] دیکھیے زَرَپ (zaráp) جس کی یہ تکرار ہے۔

زَرَپ زَرَپ ایتَس (zaráp zaráp éetas) [بُر] دیکھیے زَرزَرَپ ایتَس (zarázaráp éetas)۔

زِرِپ زَرَپ (ziríp zaráp) [بُر] جگہ جگہ کھودنا (۲) جگہ جگہ چبھونا۔

زُرُپ (zurúp) [بُر] دیکھیے زَرَپ (zaráp) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَردہ/زَرداً (zardā) [ف،بُر] زرد رنگ کے میٹھے چاول۔

زَردُوزی/زَردُوزیٔ (zarduuzí) [ف،بُر۔اسم] سلمے ستارے کا کام، زری کا کام۔

زَرَر (zarár) [ع+بُر] عربی لفظ ضرر کا بگاڑ، زیاں، نقصان، آفت۔

زِرِزَرآپ (zirizaraáp) [بُر] دیکھیے زِرِزَرَپ (zirizaráp) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زِرِزَرآق (zirizaraáq) [بُر] دیکھیے زِرِق زَرَق (ziríq zaráq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِرِزَرآم (zirizaraám) [بُر] دیکھیے زِرِم زَرَم (zirím zarám)۔

زَرزَرَپ (zarázarap) [بُر۔اسم] مسلسل چبھنے کا عمل۔

زَرَزَرَپ ایتَس (zarázarap éetas) [بُر۔محاورہ] جسم کے کسی حصے میں ایسا درد ہونا جیسا کہ کانٹے چبھتے ہوں۔

زَرَزَرَپ مناس (zarázarap manáas) [بُر] جسم کے کسی حصے میں کانٹوں کی چبھن جیسا درد ہونا۔

زَرَزَرَپ (zarazaráp) [بُر۔اسم] کھرپا یا کسی اور نوکدار آلے سے مسلسل زمین کھود کر زم کرنے کا عمل (۲) مسلسل سوئی چبھونے کا عمل۔

زَرَزَرَپ ایتَس (zarazaráp étas) کسی نوکدار چیز سے زمین کھودنا (۲) مسلسل سوئی چبھونا۔

زِرِزَرَپ (zirizaráp) [بُر] دیکھیے زِرِپ زَرَپ (zirip zaráp) جس کا یہ مخفف ہے۔

زِرِزُرُپ (zirizurúp) [بُر] زِرِزَرَپ (zirizaráp) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَرَزَرَق (zarazaráq) [بُر۔صوت] کسی سخت چیز کو چبانے سے نکلنے والی آواز، نیز دیکھیے زَرَق زَرَق (zaráq zaráq) جس کا یہ مخفف ہے۔

زَرَزَرَق ایتَس (zarazaráq étas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو توڑ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) کسی سخت چیز کو منھ میں اس طرح چبانا کہ اس کی آواز نکلے۔

زَرَزَرَق (zarázaraq) [بُر۔صوت] لکڑی وغیرہ کے مسلسل ٹوٹنے سے نکلنے والی آواز (۲) مسلسل ٹوٹنے کی آواز۔

زَرَزَرَق ایتَس (zarázaraq étas) [بُر] کسی چیز کو اس طرح چبانا کہ منھ سے اس چیز کے ٹوٹنے کی آواز آئے۔

زَرَزَرَق مَناس (zarázaraq manáas) [بُر] دیکھیے زَرَزَرَق ایتَس (zarázaraq étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِرِزَرَق (zirizaráq) [بُر] دیکھیے زِرِق زَرَق (ziríq zaráq) جس کا یہ مخفف ہے۔

زِرِزُرُق (zirizurúq) [بُر] دیکھیے زَرَزَرَق (zarazaráq) جس کی یہ تقلیل ہے۔

زِرِزُرُوپ (zirizuruúp) [بُر] دیکھیے زِرِزُرُپ (zirizurúp) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زِرِزُرُوق (zirizuruúq) [بُر] دیکھیے زِرِزُرُق (zirizurúq) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زَرَق (zaráq) [بُر۔اسم] ٹوٹ، پھوٹ [صوت] کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔

زَرَق ایتَس (zaráq étas) [بُر۔مص] توڑنا۔

زَرَق زَرَق (zaráq zaráq) [بُر] دیکھیے زَرَق

(zaráq) جس کی یہ تکرار ہے۔

زَرَق مَناس (zaráq manáas) [بُر] دیکھیے زَرَق ایتس (zaráq étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِرِق (ziríq) [بُر] دیکھیے زَرَق (zaráq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِرِق زَرَق (ziríq zaráq) [بُر] دیکھیے زَرَق زَرَق (zaráq zaráq) جس کی یہ تقلیل ہے۔

زِرِقَن (ziríqan) [بُر۔صف] تھوڑا سا، کسی چیز کی ایک نہایت قلیل مقدار (۲) معمولی حد یا فاصلہ۔

زِرِقنے (ziríqane) [بُر۔متعلقِ فعل] قلیل مقدار میں (۲) معمولی حد یا فاصلے سے۔

زِرَک (zirák) [بُر۔اسم] ایک جنگلی بوٹی جس سے ترکاری بھی بناتے ہیں۔

زَرگر (zargár) [ف۔اسم] سُنار، سونے کا کام کرنے والا۔

زَرگرِتِک (zargártiṅ) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے زَرگر (zargár) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

زَرگرِشوٗ (zargárišo) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے زَرگر (zargár) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

زَرگری/زَرگریٔ (zargarí) [ف،بُر۔اسم] سُنار کا پیشہ۔

زَرَک (zaráṅ) [بُر۔اسم] پیتل کا حاشیہ یا گلکاری۔

زَرَکے پھتاؔ (zaráṅe pháta) [بُر۔اسم] کھانے کا برتن جس پر پیتل کا حاشیہ یا گل کاری کی گئی ہو۔

زَرَم (zarám) [بُر۔اسم] کسی نوکدار چیز سے زمین کھودنا، زمین کھود کر نرم کرنا (۲) گھونپنا، چبھونا۔

زَرَم ایِتَس (zarám étas) [بُر] دیکھیے زَرَم (zarám)۔

زَرَم ایتَس (zarám éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے زَرم ایِتس (zarám étas) جس کا یہ متعدی ہے۔

زِرِم زَرَم (zirím zarám) [بُر] اِدھر اُدھر کھودنا، بے ترتیبی سے کھودنا یا چبھونا۔

زَرمُرہ/زَرمُراؔ (zarmurá) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے زَرمُلاؔ (zarmulá)۔

زَرمُلاؔ (zarmulá) [ف،بُر۔اسم] ایک معدنی دوا جسے زَرمُرہ (zarmurá) بھی کہا جاتا ہے یہ دراصل فارسی لفظ زہرمہرہ کا بگاڑ ہے۔

زَرنِق (zarníq) [عف] ہرتال، زرد سنکھیا یا زرنیخ زرد۔

زِروٗ (zíro) [انگ،بُر۔اسم] صفر، کچھ نہیں۔ zero

زُرُوٗ (zurú) [بُر۔اسم] لونگ، قرنفل۔

زُرُوٗپ (zuruúp) [بُر] دیکھیے زُرُپ (zurúp) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زُرُوٗق (zuruúq) [بُر] دیکھیے زُرُق (zurúq) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زُرُوے چِر (zurúwe ċhir) [بُر۔اسم] پروئے ہوئے لونگ جو ہار کی شکل میں ہوں۔

زَری/زَریٗ (zarí) [ف۔صف] سونے کا بنا ہوا (۲) سلما ستارہ، کلابتوں وغیرہ۔

زِرِیٖپ زَرآپ (ziriíp zaraáp) [بُر] دیکھیے زِرِزَرآپ (zirizaraáp)۔

زِرِیٖق زَرآق (ziriíq zaraáq) [بُر۔صوت] آہستہ آہستہ ٹوٹنے یا توڑنے کی آواز۔

زِرِیٖم زَرآم (ziriím zaraám) [بُر] دیکھیے زِرِزَرآم (zirizaraám)۔

زَرے اِوَلُم (záre iwálum) [بُر] دیکھیے زَر اِمَنَس (zar imánṣ)۔

زَرے چَپَن (záre ċapán) [ف،بُر۔اسم] ایسا چَپَن (ċapán) جس پر زردوزی کا کام کیا گیا ہو۔

زَرے کَپشامُڈ (záre kapśámuċ) [ف،بُر۔اسم] وہ جوتے جن پر زردوزی کا کام کیا گیا ہو۔

زَرے کھوٹ (záre khóoṭ) [ف،بُر۔اسم] ایسا قبا جس پر زردوزی کا کام کیا گیا ہو۔

ز۔ز

زَزَر (zázar) [بُر] دیکھیے زَرزَر (zárzar) جس کا یہ مخفف ہے۔

زَزَر اِمَنَس (zázar imánas) [بُر۔مص] کپکپانا۔

زَزَر مَناس (zázar manáas) [بُر۔محاورہ] لرزنا، کپکپی طاری ہونا، تھرتھرانا۔

زَزَر (zazár) [بُر] دیکھیے زَرزَر (zarzár) جس کا یہ مخفف ہے۔

زَزَر ایَتَس (zazár étas) [بُر۔مص] دیکھیے ڎَڎَر ایَتَس (ċaċár étas)۔

زَزَر ایرَس (zazár éeras) [بُر] دیکھیے ڎَڎَر ایرَس (ċaċár éeras)۔

زَزَر نِیَس (zazár níyas) [بُر۔محاورہ] جگہ جگہ سے پھٹ جانا، بوسیدہ ہونا، جگہ جگہ شگاف پڑنا۔

زُزُر (zúzur) [بُر] دیکھیے زَزَر (zázar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُزُر مَناس (zúzur manáas) [بُر] دیکھیے

زَزَر مَناس (zázar manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُزُر (zuzúr) [بُر] دیکھیے زَزَر (zazár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُزُر مَناس (zuzúr manáas) [بُر] دیکھیے زَزَر مَناس (zazár manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُزُر نِیَس (zuzúr níyas) [بُر] دیکھیے زَزَر نِیَس (zazár níyas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَزَپھزاٗ (záza pháza) [بُر] جزع فزع کا مرّش، گریہ وزاری۔

زَزَق (zazáq) [بُر۔اسم] ٹھوکنا (۲) کوٹنا (۳) گاڑنا (۴) زدوکوب کرنا۔

زَزَق ایتَس (zazáq étas) [بُر] دیکھیے زَزَق (zazáq)۔

زُزَق (zuzáq) [بُر۔اسم] دوزخ کا بگاڑ، جہنم۔

زَزَقیَش (zazaqeéś) [بُر] توجہ مبذول کرانے کے لیے کسی کو بار بار ضرب مارنا (۲) تنگ کرنا۔

زَزَقیَشِںٔ (zazaqeéśiṅ) [بُر] دیکھیے زَزَقیَش (zazaqeéś) جس کی یہ جمع ہے۔

زَزَںٔ (zázaṅ) [بُر۔اسم] گھوڑے کی ایک مخصوص چال جو ناہموار ہوتی ہے (۲) کوئی بھی بے ڈھنگی چال۔

زَزَںٔ ایتَس (zázaṅ éetas) [بُر۔محاورہ] گھوڑے وغیرہ کو زَزَںٔ (zázaṅ) کی چال سے چلانا۔

زَزَںٔ مَناس (zázaṅ manáas) [بُر] دیکھیے زَزَںٔ ایتَس (zázaṅ éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

زَزَل (zázal) [بُر۔اسم] جنبش، لرزہ (۲) مسلسل ہلنا۔

زَزَل اِمَنَس (zâzal imánas) [بُر۔محاورہ] لرزہ طاری ہونا، مسلسل ہلنا۔

زَزَل ایتَس (zazál étas) [بُر۔محاورہ] ہلانا، حرکت دینا (۲) کسی کو جگانے کے لیے زور زور سے ہلانا۔

زَزَل مَناس (zazál manáas) [بُر۔محاورہ] کوئی اہم کام سرانجام دینے کے لیے آمادہ ہونا، سینہ سپر ہونا۔

زَزَلاٗ پَھسک (zázala phask) [بُر] دیکھیے زَلَلاٗ پَھسک (zálala phask)۔

زَزَن (zâzan) [بُر۔اسم] بے ڈھنگی چال، ناہموار چال۔

زَزَن مَناس (zâzan manáas) [بُر۔اسم] بے ڈھنگی چال چلنا، ناہموار چال چلنا۔

زَزَن (zazán) [بُر۔اسم] کوٹنا، کوٹ کر توڑنا۔

زَزَن ایتَس (zazán étas) [بُر۔محاورہ] کوٹنا، کوٹ کوٹ کر توڑنا۔

زُزوٗ (zúzo) [بُر۔صف] تیار، آمادہ۔

زِزیٗ (zizí) [بُر۔اسم] رانی، راجہ کی بیوی۔

زِزیٗ ڈَروٗ (zizíćaro) [بُر۔اسم] دیکھیے زِزیٗ (zizí) جس کی یہ جمع ہے۔

ز۔ع

زَعفران (zaafaráan) [ع۔اسم] ایک قسم کا پودا جس میں نارنجی رنگ کا نہایت خوشبودار پھول لگتا ہے (۲) اس پودے کا پھول۔

زَعفرانی رَنٔ (zaafaraaní raṅ) [ع،بُر۔صف] نارنجی رنگ۔

ز۔ق

زَق (zaq) [بُر۔اسم] ٹھونک، ضرب (۲) زخم (۳) دردِ سر جو معمولی ہو (۴) کھسکانا۔

زَق ایتَس (zaq étas) [بُر۔محاورہ] ٹھونکنا (۲) ضرب لگانا (۳) مجروح کرنا (۴) کھسکانا۔

زَق ایتَس (zaq éetas) [بُر۔محاورہ] ہلکی مار مارنا (۲) متوجہ کرنے کے لیے تھپکانا (۳) بے احتیاطی کی وجہ سے زخم کا پھٹ جانا۔

زَق ایگِیَس (zaq éegiỳas) [بُر۔محاورہ] سر میں درد کرانا۔

زَق خَق ایمَنَس (zaq ćaq eémanas) [بُر۔محاورہ] مضبوط، مستحکم (۲) جس پر کسی چیز کا آسانی سے اثر نہ ہو۔

زَق زَق (zaqzáq) [بُر] دیکھیے زَق (zaq) معنی نمبرا جس کی یہ تکرار ہے۔

زَق زَق ایتَس (zaqzáq étas) [بُر۔محاورہ] ٹھونکنا، دبانا (۲) مارنا، پیٹنا۔

زَق گِیَس (zaq gíỳas) [بُر۔محاورہ] سر میں درد ہونا۔

زَق مَناس (zaq manáas) [بُر۔محاورہ] اخراجات کا بوجھ پڑنا (۲) بے احتیاطی سے زخم کا پھٹ جانا۔

زِق (ziq) [بُر] دیکھیے زَق (zaq) معنی نمبرا،۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِق زَق (ziqzáq) [بُر] جھگڑے میں ہلکی مار مارنا، کچھ جگہوں میں زخم ہونا۔

زُق (zuq) [بُر] دیکھیے زَق (zaq) معنی نمبرا،۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُق ایتَس (zuq éetas) [بُر] دیکھیے زَق ایتَس (zaq éetas) معنی نمبر ۱،۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَقُم زَق (záqum zaq) [بُر۔اسم] زدوکوب، (محاورۃً) بار بار ٹھونکنا (۲) مکے مارنا (۳) کوٹنا۔

زَقماً (zaqmá) [بُر۔اسم] محرم کا نیاز، عاشورے پر تیار کیا جانے والا نیاز۔

زُقُوم (zuqúum) [ع۔اسم] تھوہر، ایک خاردار پودا۔

زَقیِش (zaqeéś) [بُر۔اسم] زدوکوب (۲) چھیڑ چھاڑ (۳) جھگڑے کا آغاز۔

زَقیِش ایتَس (zaqeéś éetas) [بُر۔محاورہ] زدو کوب کرنا (۲) تنگ کرنے کے لیے چھیڑنا (۳) فساد کا آغاز کرنا۔

زَقیِشِک (zaqeéśiṅ) [بر۔اسم] دیکھیے زَقیِش (zaqeéś) جس کی یہ جمع ہے۔

زَقیِشِک اوتَس (zaqeéśiṅ óotas) [بُر] دیکھیے زَقیِش ایتَس (zaqeéś éetas)۔

ز۔ک

زَک (zak) [بُر۔اسم] زقند، چھلانگ، جست، کود، پھاند۔

زَک دیلَس (zak délas) [بُر۔محاورہ] چھلانگ لگانا، کودنا پھاندنا۔

زَک مَناس (zak manáas) [بُر] دیکھیے زَک دیلَس (zak délas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِک (zik) [بُر] دیکھیے زَک (zak) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِک زَک (zikzák) [بُر] دیکھیے زَک (zak) جس میں یہ تکرار کا معنی پیدا کرتا ہے۔

زِک زِک (zik zik) [بُر] دیکھیے زِک (zik) جس کی یہ تکرار ہے۔

زِک زوک دیلَس (zikzók délas) [بُر] اچھلنا، کودنا۔

زَکات (zakáat) [ع۔اسم] خیرات، صدقہ، اسلام کا چوتھا فرض، مال کا چالیسواں حصہ جو سال بھر کے بعد راہِ خدا میں دیا جائے۔

زَکِمِک (zakímíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے زَکیٔ (zakí) جس کی یہ جمع ہے۔

زَکیٔ (zakí) [بُر۔اسم] میل، جمی ہوئی میل۔

زَکیٔ دُوَنَس (zakí duúnas) [بُر۔محاورہ] میل جم جانا۔

زَکیٔ دیگنَس (zakí déegunas) [بُر] میل جمانا۔

ز۔گ

زِگیٔ زاری/زِگیٔ زاریٔ (zigizaarí) [ف،بُر۔اسم] التجا،فریاد (۲) عاجزی،زاری (۳) منت سماجت۔

زِگیٔ زاری ایتَس (zigizaarí étas) [بُر۔محاورہ] التجا کرنا،فریاد کرنا (۲) عاجزی کرنا، زاری کرنا (۳) منت سماجت کرنا۔

ز۔ڱ

زَڱ (zaṅ) [ع،بُر۔اسم] زنگ کا مترش،دھات یا لوہے کا میل [بُر۔اسم] گھوڑے کی ایک ناہموار چال (۲) نمایاں (۳) یہ ایک سابقہ بھی ہے جو کسی صفت میں شدت کے معنی پیدا کرتا ہے۔

زَڱ ایرَس (zaṅ éeras) [بُر۔محاورہ] زنگ مٹانا (۲) صاف کرنا،صیقل کرنا۔

زَڱ اَن پَڑ (zaṅ anpáṛ) [بُر] بالکل ناخواندہ، انتہائی ان پڑھ۔

زَڱ دُوٗنَس (zaṅ duúnas) [بُر۔مص] دھات یا لوہے کو میل لگنا۔

زَڱ زَڱ (záṅzaṅ) [بُر] دیکھیے زَزَڱ (zázaṅ)۔

زَڱ زَڱ مَناس (záṅzaṅ manáas) [بُر] دیکھیے زَزَڱ مَناس (zázaṅ manáas)۔

زَڱ زمِندار (zaṅ zamindáar) [بُر] زمینداری میں ماہر،صرف زمینداری ہی جاننے والا۔

زَڱ ساٗ (záṅsa) [بُر۔اسم] کڑاہی،لوہے کا بڑا ظرف۔

زَڱ ساٗمُڅ (záṅsamuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے زَڱ ساٗ (záṅsa) جس کی یہ جمع ہے۔

زِڱ (ziṅ) [بُر] دیکھیے زَڱ (zaṅ) معنی نمبر۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَڱگر (zaṅgár) [بُر۔اسم] میل کچیل،زنگ آلود۔

عَقل اَیِم جا اَس اُیونُلوٗ غَلطی مِکٔرۓ زَڱگر بِلُم مُوٗ جرۓ توبا چِلُ لوٗ یالچِم یعنی اِنرۓ فرمان دِیاٗ

دیوانِ نصیری (بروشسکی)،ص ۸۸۔

ترجمہ: میرا دل عقلی تائید نہ ہونے کے باعث کوتاہیوں سے زنگ آلود تھا،اب مطلوب جان کا فرمانِ اقدس آرہا ہے جس کو میں توبہ کا پانی بنا کر اپنے دل کی آلودگیوں کو صاف کروں گا۔

زَڱگر دُوٗنَس (zaṅgár duúnas) [بُر۔محاورہ] میل کچیل لگنا،زنگ لگنا۔

زَکگیِ بُلُول (záṅgi bulúul) [بُر۔اسم] ایک معدنی دوا (۲) سنگ بلور کا مرتش، آئینہ۔

ز۔ل

زَل (zal) [بُر۔اسم] لرزہ، جنبش (۲) ناچ (۳) ٹھنک۔

زَل ایتَس (zal étas) [بُر۔محاورہ] ہلانا، جنبش دینا، حرکت دینا۔

زَل دیلَس (zal délas) [بُر۔محاورہ] نازونخرہ کرنا (۲) ناچنا (۳) قوت کا مظاہرہ کرنا۔

زَل زَل (zalzál) [بُر] دیکھیے زَل (zal) جس کی یہ تکرار ہے۔

خوابِ غفلت ڈُم جہان زَل زَل نےِ دَلتَس دیستَلِن
دینےِ حکمتےِ کا نُکون چینَر دُکوماَ لےِ جتیےِ یار

دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۲۵۴۔

ترجمہ: خوابِ غفلت سے دنیا کو خوب ہلا کر بیدار کیا، اے یارِ جانی! آپ دینی حکمت کے ساتھ چین جا کر واپس آ گئے، خوش آمدید!

زَل زَل اِمَنَس (zalzál imánas) [بُر۔محاورہ] ہل جانا، لرزہ براندام ہونا، جنبش کرنا۔

زَل زَل ایتَس (zalzál étas) [بُر۔مص] ہلانا۔

زَل زَل دیلَس (zalzál délas) [بُر۔محاورہ] نازونخرہ کرنا (۲) جسم خصوصاً کندھے وغیرہ کو تیز حرکت دیتے ہوئے ناچنا (۳) قوت کا مظاہرہ کرنا (۴) کسی مہم کو سرانجام دینے کے لئے تیار ہونا۔

زَل زَل مَناس (zalzál manáas) [بُر] دیکھیے زَل زَل دیلَس (zalzál délas) جس کا یہ لازم ہے۔

زَل مَناس (zal manáas) [بُر] دیکھیے زَل دیلَس (zal délas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِل (zil) [بُر۔اسم] ساز کے باریک آواز دینے والے تاروں سے سُر ملانے کا عمل (۲) سریلی آواز (۳) بن ٹھن کر آراستہ پیراستہ ہونا۔

زِندگی گویا سِتارَنےِ بُٹ اُیَم نَغمان جُوَن
راحَتِیَک بِڈاَ زِل جُوَن، داَ غم کےِ فِکرکَ بَم جُوَن

دیوانِ نصیری (بروشسکی)، ص ۳۰۲۔

ترجمہ: انسانی زندگی کی تشبیہ و تمثیل کسی ستار کے ایک بہت ہی شیریں و دل پذیر نغمے سے دی جا سکتی ہے، ستار کی زیر و بم یعنی مدھم اور بلند آواز کے لیے پردے ہوتے ہیں، چنانچہ نغمۂ زندگی کے لیے راحتیں زیر کا کام دیتی ہیں اور غم و افکار بم کی طرح کارآمد ہیں اور ستار کا کوئی بھی کامل اور دلکش نغمہ پردہ ہائے زیر و بم سے گزرے بغیر موجود نہیں ہو سکتا۔

زِل ایتَس (zil étas) [بُر۔محاورہ] ساز کے تار کسنا،

سر ملانا۔

زِل ایتَس (zil éetas) [بُر۔محاورہ] سر یلے طرز پر بجانا یا پڑھنا۔

زِل بَن (zilbán) [بُر۔اسم] حاشیہ نگاری، رنگین دھاگے سے حاشیہ نگاری کرنا (۲) ایک حاشیہ دار چوڑا تسمہ جو گھوڑے کی گردن میں پہناتے ہیں۔

زِل زِل (zil zil) [بُر] دیکھیے زَل زَل (zal zal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِل مَناس (zil manáas) [بُر] دیکھیے زِل ایتَس (zil étas) جس کا یہ لازم ہے (۲) دیکھیے زِل (zil) معنی نمبر۲۔

زُل (zul) [بُر۔اسم] تلاش، جستجو (۲) زَل (zal) کی تصغیر۔

زُل ایتَس (zul étas) [بُر۔محاورہ] تلاش کرنا، ڈھونڈنا، جستجو کرنا۔

زُل زُل (zulzúl) [بُر] دیکھیے زُل (zul) جس کی یہ تکرار ہے (۲) زَل زَل (zalzál) کی تصغیر۔

زُل مَناس (zul manáas) [بُر] دیکھیے زُل ایتَس (zul étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِلزلہ/ زِلزلاَ (zilzalá) [ع،بُر] زلزلہ، زمین کی جنبش۔

زُلفائنگ (zulfáyṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے زُلفَن (zulfán) جس کی یہ جمع ہے۔

زُلفَن (zulfán) [بُر۔اسم] شفکا یا کنڈی۔

زَللاَ پَھسک (zálala phask) [بُر۔اسم] کھینچا تانی، کھینچ تان (۲) گھسیٹ گھسیٹ کرلے جانا۔

ز۔م

زَم (zam) [بُر۔اسم] چمڑے کی مشک میں دودھ اور پانی بھر کر لسی بنانا (۲) لسی بنانے کی آواز۔

زَم ایتَس (zam étas) [بُر] دیکھیے زَم (zam)۔

زَم زَک (zamzák) [بُر۔محاورہ] تیار، آمادہ (۲) آراستہ (۳) آمنے سامنے آنا۔

زَم زَک مَناس (zamzák manáas) [بُر۔محاورہ] تیار ہونا، آمادہ ہونا (۲) آموجود ہونا (۳) آراستہ ہونا۔

زَم زَم (zamzám) [ع۔اسم] مکہ کا ایک چشمہ جو حضرت اسماعیلؑ کی ایڑیاں رگڑنے سے پیدا یا جاری ہوا تھا (۲) زَم (zam) کی تکرار۔

زَم زَم ایتَس (zamzám étas) [بُر] دیکھیے زَم ایتَس (zam étas)۔

زَماَ (zamá) [بُر۔اسم] چاندی کا ایک زیور جو گلے میں

پہنا جاتا ہے۔

زَمانه / زَماناً (zamaaná) [ع،بُر] وقت، زمانہ (۲) دنیا (۳) دنیا کے لوگ (۴) عرصہ۔

زَمَرُد (zamarúd) [ف۔اسم] زُمرد، ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

زَمَرُوت (zamarúut) [بُر] دیکھیے زَمَرُد (zamarúd) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

زَمَکْ (zamáń) [بُر۔اسم] دیکھیے زَماً (zamá) جس کی یہ جمع ہے۔

زَمَن / زَمان (zamán/zamáan) [ع] دیکھیے زَمانه (zamaaná)۔

زَمِندار (zamindáar) [ف۔صف] زمین کا مالک، زمین رکھنے والا، کاشت کار۔

زَمِنداری / زَمِنداریَ (zamindaarí) [ف،بُر۔محاورہ] دیکھیے زَمندار (zamindáar) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

زَمِنداری ایتَس (zamindaarí étas) [ف+بُر۔محاورہ] کھیتی باڑی کرنا، کاشتکاری کا کام کرنا۔

زَمین (zamíin) [ف۔اسم] دھرتی، بھوم، وہ خاکی کرہ جس پر ہم رہتے ہیں۔

زَمین اَبات ایتَس (zamíin abáat étas) [بُر۔محاورہ] زمین آباد کرنا۔

زَمین اَسمانےِ فَرَق مَناس (zamíin asmáane fáraq manáas) [بُر۔محاورہ] زمین و آسمان کا فرق ہونا، بہت فرق ہونا۔

زَمین تُرَکْ ایتَس (zamíin trań étas) [بُر۔محاورہ] زمین تقسیم کرنا۔

زَمین ڈُر ایتَس (zamíin ċur étas) دیکھیے زَمین تُرَکْ ایتَس (zamíin trań étas)۔

زَمین گَسْ مناس (zamíin gaṣ manáas) [بُر۔محاورہ] زمین بک جانا۔

زمینےِ حق بُٹ ڈوَم (zamíine haq buṭ ḍoóm) [بُر۔کہاوت] زمین کا حق بہت بڑا ہے (یعنی زمین پر ناحق قبضہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے)۔

ز۔ن

زَن (zan) [بُر۔اسم] چوٹ۔

زَن ایتَس (zan étas) [بُر۔مص] چوٹ لگنا

(۲) کوٹنا۔

زَن ایتَس (zan éetas) [بُر۔مص] مارنا (۲) زخمی کرنا (۳) کسی جانور کے خصیے نکالنا۔

زَن پَھلو (zanphálo) [بُر] دیکھیے جَن پَھلو (janphálo)۔

زَن زَن (zanzán) [بُر۔اسم] متواتر کوٹنا، متواتر کوٹنے کی آواز۔

زَن زَن ایتَس (zanzán étas) [بُر] دیکھیے زَن ایتَس (zan étas) جس کی یہ تکرار اور تسلسل ہے۔

زَن زَن (zánzan) [ف۔صوت] کسی چیز کے تیز چلنے کی آواز (۲) [بُر] بے ڈھنگی چال یا کسی بھاری بھر کم شخص کی چال سے پیدا ہونے والی آواز۔

زَن زَن مناس (zánzan manáas) [بُر۔محاورہ] کسی شخص کے تیز چلنے کی آواز۔

زَن طَلاق (zan taláaq) [ار+بُر] جسے بیوی نے طلاق دی ہو۔

زَن مَناس (zan manáas) [بُر] دیکھیے زَن ایتَس (zan éetas) جس کا یہ لازم ہے (۲) ایک ہی جگہ بیٹھے رہنا (۳) چوٹ لگنا۔

زِن (zin) [بُر] دیکھیے زَن (zan) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِن ایتَس (zin étas) [بُر] دیکھیے زَن ایتَس (zan étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِن زَن (zinzán) [بُر] بے ترتیبی یا کم شدت سے کوٹنا۔

زِن زِن (zinzín) [بُر] دیکھیے زَن زَن (zanzán) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زَناَزَن (zánazan) [بُر۔متعلقِ فعل] زمین پر پیر یا کوئی دوسری چیز مار کر پے در پے آواز نکالنا (۲) زمین پر پیر مارتے بے ڈھنگ طریقے سے چلنا (۳) متواتر کوٹنا۔

زِنا (zináa) [ع۔اسم] اپنی منکوحہ عورت کے علاوہ کسی دوسری عورت سے مجامعت کرنا، حرام کاری۔

زِنا ایتَس (zináa étas) [ع+بُر۔محاورہ] حرام کاری کا مرتکب ہونا۔

زَنجیر (zanjíir) [ف۔اسم] دروازے کی کنڈی (۲) بیڑی (۳) لڑی، سلسلہ (۴) دھات کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی لڑی۔

زَنجیرِک (zanjíiriṅ) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے زَنجیر (zanjíir) جس کی یہ جمع ہے۔

زَنخَر (zanqhár) [بُر۔اسم] شلغم کی آش۔

زِندان (zindáan) [ف۔اسم] قیدخانہ، جیل خانہ۔

زِندان خانه / زِندان خاناً (zindáan qhaná) [ف] دیکھیے زندان (zindáan)۔

زِندَگانی/ زِندَگانیٔ (zindagaaní)
[ف۔اسم] زندگی۔

زندگی/ زندگیٔ (zindagí) [ف] دیکھیے زندگانی (zindagaaní)۔

زندگی ایرَس (zindagí éeras)
[ف+بُر۔محاورہ] زندگی بسر کرنا، وقت گزارنا۔

زِندہ/ زِنداً (zindá) [ف،بُر۔صف] جیتا، ذی حس (۲) تروتازہ۔

زندہ ایتَس (zindá étas) [ف+بُر۔محاورہ]
جِلانا، زندگی بخشنا (۲) فرحت دینا۔

زندہ مَناس (zindá manáas) [ف+بُر]
دیکھیے زِندہ ایتَس (zindá étas) جس کا یہ لازم ہے (۲) دیر لگانا، تاخیر کرنا۔

زندہ کۓ بَلا مردہ کۓ بَلا
(zindá ke baláa murdá ke baláa)
[بُر۔کہاوت] گویم مشکل نہ گویم مشکل۔

زَنقَن (zanqán) [بُر۔اسم] ایک قسم کا برتن (۲) چڑیل کی ایک خطرناک قسم۔

زَنقیوٗ (zanqáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے زَنقَن (zanqán) جس کی یہ جمع ہے۔

زَنوٗ (záno) [بُر۔اسم] وہ گول پتھر جو چیزوں کو کوٹنے کا کام دیتا ہے۔

ز-و zaw,ziw,zuw

زَو (zaw) [بُر۔صوت] بارش کی آواز۔

زَوار (zawáar) [ع۔مبالغہ] بہت زیادہ زیارت کرنے والا۔

زَواری/زَواریٔ (zawáari) [ع،بُر۔اسم]
دیکھیے زَوار (zawáar) جس کی یہ تانیث ہے۔

زَواری/زَواریٔ (zawaarí) [ع،بُر۔اسم]
زیارت کرنے کا عمل۔

زَوزَو (záwzaw) [بُر] دیکھیے زَو (zaw) جس میں یہ تکرار اور شدت کے معنی پیدا کرتا ہے۔

زَوزَو مَناس (záwzaw manáas)
[بُر۔محاورہ] موسلا دھار بارش کی آواز آنا، موسلا دھار بارش برسنا۔

زِوزَو (ziw zaw) [بُر] دیکھیے زَوزَو (záwzaw) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ز-وٗ zo

زوٗ (zo) [بُر۔اسم] خوش گاؤ کا بچہ۔

زوٹ (zoṭ) [بُر۔صف] کھلی ہوئی آنکھ۔

زوٹ زوٹ مَناس (zoṭ zoṭ manáas)

[بُر۔محاورہ] آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا، آنکھیں کھول کر دیکھنا۔

زوٹ مَناس (zoṭ manáas) [بُر۔محاورہ] آنکھ کھل جانا (۲) تکنا۔

زوَر (zor) [بُر] دیکھیے زَر (zar) معنی نمبر۲ جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَر زوَر (zor zor) [بُر] دیکھیے زوَر (zor) جس کی یہ تکرار ہے۔

زوزوٹ مَناس (zózoṭ manáas) [بُر] دیکھیے زوٹ زوٹ مَناس (zoṭ zoṭ manáas) جس کا یہ مخفف ہے۔

زوزوَن ایتَس (zozón étas) [بُر] دیکھیے زَزَن ایتَس (zazán manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوزوَن مَناس (zózon manáas) [بُر] دیکھیے زَزَن مَناس (zázan manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَق (zoq) [بُر] دیکھیے زَق (zaq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَق ایتَس (zoq étas) [بُر] دیکھیے زَق ایتَس (zaq étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَق زوَق ایتَس (zoqzóq étas) [بُر] دیکھیے زَق زَق ایتَس (zaqzáq étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَک (zok) [بُر] دیکھیے زَک (zak) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَک دیلَس (zok dēlas) [بُر] دیکھیے زَک دیلَس (zak délas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَک زوَک (zókzok) [بُر] دیکھیے زوَک (zok) جس کی یہ تکرار ہے۔

زوَک زوَک مناس (zókzok manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے زَک دیلَس (zak délas)۔

زوَک مَناس (zok manáas) [بُر] دیکھیے زَک دیلَس (zak délas) جس کا یہ لازم ہے۔

زوَنٗ (zoṅ) [بُر۔صف] وہ شخص جس کے دانت بے ترتیبی سے باہر کو نکلے ہوئے ہوں۔

زوَنٗگورو (zoṅgóoro) [بُر۔صف] دیکھیے زوَنٗ (zoṅ)۔

زوَل (zol) [بُر] دیکھیے زَل (zal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَل ایتَس (zol étas) [بُر] دیکھیے زَل ایتَس (zal étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوَل زوَل (zol zol) [بُر] دیکھیے زَل زَل

(zal zal) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) زوٓل (zol) کی تکرار۔

زوٓل مَناس (zol manáas) [بُر] دیکھیے زوٓل ایتَس (zol étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زوٓمُڅ (zōmuc̈) [بُر۔اسم] دیکھیے زوٓ (zo) جس کی یہ جمع ہے۔

زوٓن (zon) [بُر] دیکھیے زَن (zan) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوٓن ایتَس (zon étas) [بُر] دیکھیے زَن ایتَس (zan étas) جس کی یہ تصغیر و تقلیل ہے۔

زوٓن ایتَس (zon éetas) [بُر] دیکھیے زن ایتس (żon éetas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوٓن زوٓن (zonzón) [بُر] دیکھیے زَن زَن (zanzán) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوٓنوٓ (zóno) [بُر۔اسم] دیکھیے زَنوٓ (záno) جس کی یہ تصغیر ہے، (طنزاً) پستہ قامت شخص۔

ز-و zoo

زور (zóor) [ف۔اسم] قوت، طاقت (۲) اختیار (۳) زبردستی، ظلم۔

زور ایتَس (zóor étas) [ف+بُر۔محاورہ] غلبہ کرنا (۲) زور آزمانا (۳) کوشش کرنا۔

زور مَناس (zóor manáas) [ف+بُر] دیکھیے زور ایتَس (zóor étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زوراوَر (zooraawár) [ف۔بُر۔صف] زورآور، طاقتور، قوی، زبردست۔

ز-وٓ zoó

زوٓٹ (zoóṭ) [بُر] دیکھیے زوٹ (zoṭ) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زوٓل (zoól) [بُر] دیکھیے زآل (zaál) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زوٓن (zoón) [بُر] دیکھیے زآن (zaán) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُ-و zuu

زُون (zúuṇ) [بُر۔اسم] غصہ، دھمکی۔

زُون ایتَس (zúuṇ étas) [بُر۔مص] غصہ کرنا، دھمکی دینا۔

زُ-وَ zuú

زُوَر (zuúr) [بُر] دیکھیے زآر (zaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُوَر زُوَر (zuúr zuúr) [بُر] دیکھیے زآرزآر (zaár zaár) جس کی یہ تصغیر ہے (۲) زُوَر (zuúr) کی تکرار۔

زُوَر زُوَر ایَتَس (zuúr zuúr manáas) [بُر] دیکھیے زآر زآر ایَتَس (zaár zaár étas)۔

زُوَر زُوَر مَناس (zuúr zuúr manáas) [بُر] دیکھیے زآرزآر مَناس (zaár zaár manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زُوَق (zuúq) [بُر] دیکھیے زُق (zuq) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

زُوَل (zuúl) [بُر] دیکھیے زآل (zaál)۔

زُوَن زآن (zuún zaán) [بُر] دماغی طور پر کمزور شخص۔

زُ-ہ

زُہرا (zuhráa) [ع-صف] درخشاں، تاباں (۲) حضرتِ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا لقب۔

زَ-ء

زَئل (zayl) [بُر-اسم] نازنخرہ (۲) غرور (۳) خودنمائی (۴) انداز۔

زَئل ایَتَس (zayl étas) [بُر-محاورہ] نازنخرہ کرنا (۲) غرورکرنا (۳) خودنمائی کرنا (۴) انداز دکھانا۔

زَئلے (záyle) [بُر-متعلق فعل] کی طرح، کی مانند (۲) کی مثل، کے مشابہ (۳) بعینہ، طرز پر، انداز پر۔

زَ-ی zay,ziy,zuy

زِیادَتی/زِیادَتیِ (ziyaadatí) [عف، بُر-اسم] کثرت، بہتات (۲) شدت (۳) ظلم، زبردستی۔

زِیادَتی ایَتَس (ziyaadatí étas) [ف+بُر-محاورہ] ظلم کرنا، زبردستی کرنا، تجاوز کرنا۔

زِیادَتی مَناس (ziyaadatí manáas) [ف+بُر] دیکھیے زِیادَتی ایَتَس (ziyaadatí étas) جس کا یہ لازم ہے۔

زِیادہ/زِیاداَ (ziyaadá) [ع، بُر-صف] بہت، افزوں (۲) فالتو۔

زِیارَت (ziyaarát) [ع۔اسم] مقدس جگہ، شخص یا چیز کو دیکھنا [اُر] کسی بزرگ کا مقبرہ (۲) سلام۔

زِیارَت ایَتس (ziyaarát étas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھنا، زیارت کرنا۔

ز۔ی zii

زِی زآق (ziizaáq) [بُر] دیکھیے زِیق زآق (ziiqzaáq) جس کا یہ مخفف ہے۔

زِیر (zíir) [ف۔اسم] علامتِ کسرہ، (متعلق فعل) نیچے (۲) دھیمی آواز، نیچا سُر۔

زِیروٗ (zíiro) [انگ۔اسم] صفر، صفر کا ہندسہ۔ zero

زِیرہ / زِیراؔ (ziirá) [ف، بُر۔اسم] ایک خوشبودار باریک بیج جو سیاہ اور سفید ہوتا ہے اور گرم مصالحے میں استعمال ہوتا ہے، زیرہ۔

زِیق زآق (ziiqzaáq) [بُر] چھیڑ چھاڑ۔

زِیق زآق اوتَس (ziiqzaáq óotas) [بُر] چھیڑ چھاڑ کرنا۔

زِیق زُوٓق (ziiqzuúq) [بُر] دیکھیے زِیق زآق (ziiqzaáq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِیل (zíil) [بُر] دیکھیے زِل (zil) جس کی یہ تصغیر و تقلیل ہے۔

زِین (zíin) [ف۔اسم] چارجامہ، کاٹھی، پالان۔

زِینَت (ziinát) [ع۔صف] زیبائش، خوبصورتی، سجاوٹ۔

زِیں (zíiṇ) [بُر] دیکھیے زُوں (zúuṇ)۔

زِیں ایَتس (zíiṇ étas) [بُر] غصہ کرنا، غرانا۔

زِیں زُوں (zíiṇ zúuṇ) [بُر] ایک دوسرے پر غصہ کرنا۔

زِیوَر (ziiwár) [ف۔اسم] زیب ور کا مخفف، بناؤ سنگار کی چیزیں۔

ز۔یؔ zií

زِیَرزآر (ziír zaár) [بُر] جگہ جگہ سے چیرنا یا پھاڑنا۔

زِیَرزِیَر (ziír ziír) [بُر] دیکھیے زآرزآر (zaár zaár) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِیَل زآل (ziíl zaál) [بُر] وجد کی کیفیت میں جھومنا۔

زِیَل زِیَل (ziíl ziíl) [بُر] دیکھیے زآل زآل (zaál zaál) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِیَل زوٓل (ziíl zoól) [بُر] دیکھیے زِیَل زآل (ziíl zaál) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زِیَل مَناس (ziíl manáas) [بُر] دیکھیے زآل

مَناس (zaál manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

زے² ze

زیٔنز (zenz) [بُر۔اسم] پہاڑ کی بلندی پر موجود برف پر پڑنے والی دھوپ کی چمک سے لاحق ہونے والی آنکھوں کی بیماری (۲) آنکھوں کی جلن، اسے زیٔنزاَ (zénza) بھی کہا جاتا ہے۔

زیٔنز اِمَنَس (zenz imánas) [بُر۔محاورہ] برف پر پڑنے والی دھوپ کی چمک سے آنکھوں کی بیماری لاحق ہونا۔

زے zee

زیٔباک (zeybáak) [ف،بُر] افغانستان میں ایک علاقے کا نام۔

زیٔباکیِ (zeybaakí) [ف،بُر۔اسم] زیباک سے منسوب (۲) ہونزا کے اونی پٹی کی ایک عمدہ قسم جس کا تانابانا نہایت باریک ہوتا ہے۔

زیبراَ (zeebrá) [انگ،بُر۔اسم] سیاہ وسفید دھاریوں والے گھوڑے اور خچر کے خاندان کا افریقی چوپایہ۔ zebra

زیٔبُل (zeybúl) [بُر۔اسم] عربی اور فارسی کا مرکب نام زیبُ النساء کا بگاڑ، ایک بگڑا ہوا زنانہ نام۔

زیٔتُون (zeytúun) [ع،بُر۔اسم] ایک درخت کا نام جس کے پھل سے تیل نکالا جاتا ہے۔

زین (zéen) [بُر۔اسم] انداز (۲) وضع طریقہ (۳) ادا۔

زین ایتَس (zéen éetas) [بُر۔محاورہ] انداز دکھانا (۲) ناز وادا کا مظاہرہ کرنا۔

زیٔنَب (zeynáb) [ع،بُر۔اسم] ایک زنانہ نام۔

زینِک (zéeniṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے زین (zéen) جس کی یہ جمع ہے۔

زینِک ایتَس (zéeniṅ éetas) [بُر۔محاورہ] (جمع کی صورتیں) انداز دکھانا (۲) ناز وادا کا مظاہرہ کرنا۔

ژ۔ا

ژاژآر (žaažaár) [بر] دیکھیے ژآر ژآر (žaár žaár) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژاژآر مناس (žaažaár manáas) [بر۔مص مر] تیز تیز چلنا۔

ژال (žáal) [بر۔اسم] نسلی رشتہ، شجرۂ نسب (۲) رشتہ داری (۳) نسل۔

ژال غُسَنُم مَناس (žáal ġusánum manáas) [بر۔محاورہ] نسل بڑھ جانا، خاندان بڑا ہونا۔

ژال مَناس (žáal manáas) [بر۔محاورہ] نسب بن جانا، رشتہ داری ہونا، نسل پھیلنا۔

ژ۔آ

ژآر (žaár) [بر۔اسم] دیکھیے ژَر (žar) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژآر ژآر (žaár žaár) [بر۔متعلقِ فعل] جلدی جلدی، تیز قدموں سے، تیزی سے۔

ژآر مَناس (žaár manáas) [بر۔مص مر] جلدی کرنا، تیزی ہونا (۲) تیزی سے قدم بڑھنا۔

ژآش (žaáş) [بر] دیکھیے جآش (jaáş)۔

ژآش ایَتَس (žaáş étas) [بر] دیکھیے جآش ایَتَس (jaáş étas)۔

ژآش پَھت (žaáş phat) [بر] دیکھیے جآش پَھت (jaáş phat)۔

ژآش پَھت ایَتَس (žaáş phat étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے جآش پَھت (jaáş phat)۔

ژآش مَناس (žaáş manáas) [بر۔محاورہ] دیکھیے ژآش ایَتَس (žaáş étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژآش نِیَس (žaáş niyas) [بر۔محاورہ] دیکھیے

جاش نِیَس (jaáş niyas)۔

ژآسکیٔ (żaáşki) [بُر] دیکھیے جاسکیٔ (jaáşki)۔

ژآسکیٔ پآسکیٔ (żaáşki paáşki) [بُر۔محاورہ] دیکھیے جاسکیٔ پاسکیٔ (jaáşki paáşki)۔

ژآسکیٔ پآسکیٔ اِمَنَس (żaáşki paáşki imánas) [بُر] دیکھیے ژآسکیٔ پآسکیٔ ایتَس (żaáşki paáşki étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژآسکیٔ پآسکیٔ ایتَس (żaáşki paáşki étas) [بُر۔محاورہ] لوٹ کھسوٹ کرنا، خوانِ یغما بنانا۔

ژآق (żaáq) [بُر۔اسم] کسی نیم مائع چیز مثلاً پیپ، کیچڑ وغیرہ کا کسی تنگ سوراخ یا شگاف سے دباؤ کی وجہ سے آہستہ آہستہ نکل آنا۔

ژآق ایتَس (żaáq éetas) [بُر۔محاورہ] کسی نیم مائع چیز کو دباؤ کے ذریعے سوراخ یا شگاف سے آہستہ آہستہ باہر نکالنا۔

ژآق مَناس (żaáq manáas) [بُر۔اسم] دیکھیے ژآق ایتَس (żaáq éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژآل (żaál) [بُر۔صف] قدرے آویزاں، قدرے لٹکا ہوا (۲) لیس دار (۳) ڈھیلی چال۔

ژآل مناس (żaál manáas) [بُر۔مص] کسی گاڑھی چیز کا ٹپکنا (۲) ڈھیلی چال چلنا۔

ژآو (żaáw) [بُر۔اسم] شور، غل (۲) ٹھٹھا، مذاق۔

ژآو ایتَس (żaáw étas) [بُر۔محاورہ] شور مچانا (۲) مذاق اڑانا۔

ژآو قییو (żaáw qiíw) [بُر۔اسم] شور و غل، ہنگامہ۔

ژآو قییو ایتَس (żaáw qiíw étas) [بُر۔محاورہ] شور و غل کرنا (۲) کسی کا مذاق اڑانے کے لیے شور کرنا۔

ژآو قییو مَناس (żaáw qiíw manáas) [بُر] دیکھیے ژآو قییو ایتَس (żaáw qiíw étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژ۔پ

ژَپ (żap) [بُر] نکلنا، ٹھہرنا، قرار پانا (۲) باقی رہنا (۳) زندہ رہنا (۴) شادی کے عوض لڑکے کے گھر سے وصول ہونے والا پیسہ۔

ژَپ اِمَنَس (żap imánas) [بُر۔محاورہ] کسی کے ساتھ نکلنا (۲) باقی رہنا (۳) زندہ رہنا۔

ژَپ ایَتَس (żap étas) [بُر] دیکھیے ژَپ اِمَنَس (żap imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ژَپا (żapá) [بُر۔اسم] پیٹھ پر اٹھانے والا ہلکا یا معمولی بوجھ (۲) بوجھ (۳) وہ سامان وغیرہ جو باپ کے گھر سے بیٹی کو دیا جاتا ہے۔

ژَپا ایَتَس (żapá étas) [بُر۔محاورہ] پیٹھ پر بوجھ بنا کر لے جانا (۲) بوجھ اٹھانا۔

ژَپا ایتَس (żapá éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَپا ایَتَس (żapá étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

ژَپا پُساس (żapá pusáas) [بُر۔محاورہ] سفر کی تیاری کرنا، بوریا بستر باندھنا۔

ژَپَک (żapák) [بُر۔صف] الجھا ہوا، الجھے ہوئے بال، ایسے بال جن میں کنگھی نہ کی گئی ہو۔

ژَپَک مَناس (żapák manáas) [بُر۔محاورہ] کنگھی نہ کرنے کی وجہ سے بالوں کا الجھ جانا۔

ژَپَنگ (żapáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَپا (żapá) جس کی یہ جمع ہے۔

ژَپُل (żapúl) [بُر۔اسم] چھال، خاص طور پر درختِ صنوبر کی چھال۔

ژَپُل چھپ (żapúl čhap) [بُر۔اسم] موٹا گوشت، سرخ گوشت جس میں چربی نہ ہو، ران کا گوشت۔

ژَپُلِنگ (żapúliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَپُل (żapúl) جس کی یہ جمع ہے۔

ژَپُلِنگ دِوسَس (żapúliṅ díwsas) [بُر۔مص مر] چھال اتارنا۔

ژَپھا ژَپھَت (żaphá żaphát) [بُر۔صف] بھیگا ہوا، گیلا، تر (۲) پڑا رہنا (۳) کسمپرسی کی صورت میں رہنا (۴) ماندہ ہونا۔

ژَپھا ژَپھَت اُمَنَس (żaphá żaphát umánas) [بُر۔محاورہ] گیلا ہونا، تر ہونا (۲) پڑا رہنا (۳) کسمپرسی کی حالت میں رہنا (۴) ماندہ ہونا۔

ژَپھا ژَپھَت مَناس (żaphá żaphát manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَپھا ژَپھَت اُمَنَس (żaphá żaphát umánas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژَپھا ژَپھآت (żaphaa żaphaát) [بُر۔صف] بھیگا ہوا، گیلا، تر (۲) پڑا رہنا (۳) کسمپرسی کی حالت میں رہنا (۴) ماندہ ہونا۔

ژَپھا ژَپھآت اُمَنَس (żaphaa żaphaát umánas) [بُر۔محاورہ] قدرے گیلا، تر ہونا (۲) پڑا رہنا (۳) کسمپرسی کی

صورت میں رہنا (۴) ماندہ ہونا (۵) ہار ماننے پر مجبور ہونا۔

ژَپھا ژَپھاآت مَناس (żaphaa żaphaát manáas) [بُر۔محاورہ] گیلا یا تر ہونا (۲) پڑا رہنا (۳) کسمپرسی کی صورت میں رہنا (۴) ماندہ ہونا۔

ژَپھاآت (żaphaát) [بُر۔صف] دیکھیے ژَپھت (żaphát) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژَپھاآت اِمَنَس (żaphaát imánas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَپھت (żaphát) جس میں یہ قدرے آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے یعنی قدرے ڈھیلا پڑ جانا، قدرے گیلا ہونا، قدرے سُست ہونا (۲) اپنے مؤقف میں کمزور ہونا یا نرمی پیدا ہونا۔

ژَپھت (żaphát) [بُر۔صف] بھیگا، تر، گیلا، شرابور (۲) ماندہ، خستہ (۳) پڑا ہوا (۴) کسمپرسی کی حالت میں پڑا ہوا۔

ژَپھت اِمَنَس (żaphát imánas) [بُر۔محاورہ] ڈھیلا پڑنا (۲) ماندہ ہونا، تھک کر چور ہو جانا (۳) بیماری کی وجہ سے کمزور ہو جانا (۴) تر ہونا، پانی کی تری یا گرمی کی وجہ سے کسی چیز کی شکل بگڑ جانا۔

ژَپھت ایَتَس (żaphát étas) [بُر۔محاورہ] چھوڑ دینا (۲) گیلا کرنا، تر کرنا (۳) تھکا دینا، ماندہ کرنا۔

ژَپھت ژَپھت (żaphát żaphát) [بُر] دیکھیے ژَپھا ژَپھت (żaphá żaphát)، نیز دیکھیے ژَپھت (żaphát) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژَپھت مَناس (żaphát manáas) [بُر۔محاورہ] بھیگ کر ڈھیلا پڑ جانا، صورت بگڑ جانا۔

ژ ۔ ڈ

ژَڈاآق (żaḍaáq) [بُر] دیکھیے ژَڈَق (żaḍáq) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژَڈاآق ایَتَس (żaḍaáq étas) [بُر۔محاورہ] کسی مائع چیز مثلاً آش، سالن وغیرہ کو ہلانا / ملانا۔

ژَڈاآو (żaḍaáw) [بُر] دیکھیے ژَڈَو (żaḍáw) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژَڈاآو ایَتَس (żaḍaáw étas) [بُر۔مص] دیکھیے ژَڈَو ایتَس (żaḍáw étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژَڈَژَڈَق (żaḍażaḍáq) [بُر۔اسم] آمیختہ کرنا۔

ژَڈَژَڈَق ایَتَس (żaḍażaḍáq étas) [بُر۔مص مر] دیکھیے ژَڈَژَڈَق (żaḍażaḍáq)۔

ژَڈَژَڈَو (żaḍá żaḍáw) [بُر] دیکھیے ژَڈَژَڈَق (żaḍażaḍáq)۔

ژَڈَژَڈَو ایتَس (żaḍá żaḍáw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَڈَوژَڈَو ایتَس (żaḍáw żaḍáw étas) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژِڈِ ژَڈَو (żiḍí żaḍáw) [بُر] دیکھیے ژَڈَژَڈَو (żaḍá żaḍáw) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژِڈِ ژِڈِو ایتَس (żiḍí żiḍíw étas) [بُر] دیکھیے ژَڈَژَڈَو ایتَس (żaḍá żaḍáw étas) جس میں یہ تقلیل اور تصغیر کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژَڈَق (żaḍáq) [بُر۔اسم] ہلانا (۲) آمیختہ کرنا، کسی مائع چیز کو چمچ وغیرہ سے ہلا ہلا کر آمیختہ کرنا۔

ژَڈَق ایتَس (żaḍáq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَڈَق (żaḍáq)۔

ژَڈَو (żaḍáw) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کو جنبش دینا، ہلانا (۲) آمیختہ کرنا (۳) مائع چیز کا رقیق یا پتلی ہونا۔

ژَڈَو ایتَس (żaḍáw étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَڈَو (żaḍáw)۔

ژَڈَوژَڈَو (żaḍáw żaḍáw) [بُر] دیکھیے ژَڈَو (żaḍáw) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژَڈَوژَڈَو ایتَس (żaḍáw żaḍáw étas) [بُر] دیکھیے ژَڈَو ایتَس (żaḍáw étas) یہ اسی عمل کا اعادہ ہے۔

ژَڈَو مَناس (żaḍáw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَڈَو ایتَس (żaḍáw étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژِڈِو (żiḍíw) [بُر] دیکھیے ژَڈَو (żaḍáw) جس میں یہ تصغیر و تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژِڈِو ایتَس (żiḍíw étas) [بُر] دیکھیے ژَڈَو ایتَس (żaḍáw étas) جس میں یہ تصغیر اور تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژِڈِوژِڈِو (żiḍíw żiḍíw) [بُر] دیکھیے ژِڈِو (żiḍíw) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژِڈِو مَناس (żiḍíw manáas) [بُر] دیکھیے ژَڈَو مَناس (żaḍáw manáas) جس میں یہ تصغیر و تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژ۔ر

ژَر (żar) [بُر۔صف] فوری، جلدی، نیز یہ سابقے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

ژَر باردُم (żar báardum) [بُر۔صف] گہرا سرخ، ژَر (żar) سابقہ ہے جو باردُم

(báardum) پر داخل ہوا ہے۔

ژَر بَش (żar baṣ) [بُر۔متعلقِ فعل] فی الفور، فوراً، فوراً نمودار ہونا (۲) چڑھنا۔

ژَر بَش مَناس (żar baṣ manáas) [بُر۔محاورہ] فوراً حاضر ہونا، فوراً نمودار ہونا، فوراً (۲) چڑھنا۔

ژَر ژَر (żar żar) [بُر۔متعلقِ فعل] جلدی سے، فوراً، عجلت سے۔

ژَر ژَر مَناس (żar żar manáas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی چلنا، تیزی سے چلنا (۲) کسی کام کو عجلت سے سرانجام دینا۔

ژَر غُسَنُم (żar ġusánum) [بُر] دیکھیے ژَل غُسَنُم (żal ġusánum)۔

ژَر مَناس (żar manáas) [بُر۔محاورہ] فوراً جانا یا آنا، فوراً تعمیل کرنا۔

ژِر (żir) [بُر۔سابقہ] یہ ایک سابقہ ہے جو صفت بِییَنُم (biyénum) پر داخل ہوتا ہے، نیز دیکھیے چِر (çir)۔

ژِر بِییَنُم (żir biyénum) [بُر۔صف] بہت پتلی، بہت باریک، ژِر (żir)، یہ ایک سابقہ ہے جو بِییَنُم (biyénum) پر داخل ہوا ہے جس سے معنی میں زیادہ باریکی کا مفہوم پیدا ہوا ہے۔

ژِر ژَر (żir żar) [بُر۔متعلقِ فعل] عجلت سے، جلدی سے۔

ژِر ژَر مَناس (żir żar manáas) [بُر۔محاورہ] عجلت سے کام لینا، جلدی کرنا (۲) بات مان کر فوراً عمل کرنا۔

ژَراَژَر نِیَس (żaražár níyas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی جانا۔

ژ۔ژ

ژَژَر (żažár) [بُر۔متعلقِ فعل] دیکھیے ژَر ژَر (żar żar) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژَژَر مناس (żažár manáas) [بُر۔مص] دیکھیے ژَر ژَر مناس (żar żar manáas)۔

ژَژَق (żážaq) [بُر] دیکھیے ژَق ژَق (żaq żaq) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژَژَق مناس (żažáq manáas) [بُر۔مص] دیکھیے ژَق ژَق مناس (żaq żaq manáas)۔

ژَژَل (žážal) [بُر۔صف] آویزاں، لٹکا ہوا، نیز دیکھیے ژَل ژَل (żal żal) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژَژَل ایتَس (žážal éetas) [بُر۔محاورہ] آویزاں

کرنا، لٹکانا۔

ژَژَل مَناس (żážal manáas) [بُر] دیکھیے ژَژَل ایتَس (żážal éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژَژَلیَش (żażaleéś) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَژَلیَش ایتَس (żażaleéś étas)۔

ژَژَلیَش ایتَس (żażaleéś étas) [بُر۔محاورہ] ادھر اُدھر گھسیٹنا (۲) بے قدری سے بکھیرنا یا گھسیٹا گھسائی کرنا۔

ژَژَن ایرَس (żażan éeras) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَن (żan) معنی نمبر۱، ۲، نیز دیکھیے ژَژَن نِیَس (żażan niyas) جس کا یہ متعدی ہے۔

ژَژَن نِیَس (żażan níyas) [بُر۔محاورہ] پیٹ پھول جانا، گیس یا بدہضمی کی وجہ سے پیٹ پھولنا۔

ژُژُنیِ (żużuní) [بُر۔اسم] پے در پے فراہمی۔

ژُژُنیِ مَناس (żużuní manáas) [بُر۔محاورہ] پے در پے آنا یا جانا، پے در پے فراہم ہونا۔

ژ۔ش

ژَش (żaṣ) [بُر] دیکھیے جَش (jaṣ) جو زیادہ مروج ہے۔

ژُش (żuṣ) [بُر] دیکھیے ژَش (żaṣ) جس کی یہ تصغیر ہے، نیز دیکھیے جُش (juṣ) (۲) [فعل] مصدر ژُوَس (żúwas) سے التزامی صیغہ، لازم ہے کہ وہ (واحد غائب) آئے۔

ژُش ایتَس (żuṣ étas) [بُر۔محاورہ] آنے دینا، نیز دیکھیے جُش ایتَس (juṣ étas)۔

ژ۔غ

ژِغت (żigít) [بُر۔اسم] مویشیوں کا موسم بہار میں جسم سے پرانے بالوں کو گرانا، نیز دیکھیے شِغِت (ṣigít)۔

ژِغِنیِ (żigíni) [بُر۔اسم] ایک ساز کا نام۔

ژ۔ق

ژَق (żaq) [بُر۔اسم] کوئی نیم مائع چیز کسی سوراخ یا شگاف سے اچانک دباؤ کے ساتھ نکلنا۔

ژَق ژَق (żaq żaq) [بُر] دیکھیے ژَق (żaq) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژَق ژَق مَناس (żaq żaq manáas) [بُر۔محاورہ] کسی نیم مائع چیز مثلاً پاخانہ، کیچڑ وغیرہ کا دباؤ کے ساتھ خارج ہونا۔

ژَق مناس (żaq manáas) [بُر۔مص] دیکھیے ژَق (żaq)۔

ژ۔ک

ژَکائی / ژَکَئیِ (żakáay/żakáy) [ش۔اسم] ترازو۔

ژُکُمَل (żúkumal) [بُر۔اسم] وہ گول پھرکی جسے ژُو گَنچ (żu ganċ) کے نچلے سرے میں لگایا جاتا ہے جس کی وجہ سے ژُو گَنچ دیر تک گھومتا رہتا ہے۔

ژَکُن (żakún) [بُر۔اسم] گدھا (۲) لکڑی کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا جسے کسی ساز مثلاً رباب، ستار وغیرہ کی تاروں کو سطح سے بلند رکھنے کے لیے تاروں کے نیچے رکھا جاتا ہے اردو میں اسے گھوڑی کہا جاتا ہے (۳) ایک چھوٹے کیڑے کا نام۔

ژَکُن اُنَ لےِ بِم یُوتِس مینےِ اییَلُمَن (żakún únale bim yuúṭis méne éeyaluman) [بُر۔کہاوت] گدھا تیرے پاس تھا اس کا پاؤں کس نے توڑا، مطلب یہ ہے کہ باز پرس اس سے کی جاتی ہے جو ذمہ دار ہوتا ہے۔

ژَکُن ایتَس (żakún étas) [بُر۔محاورہ] بیوقوف بنانا، الو بنانا۔

ژَکُن اِیِرَس اُرکَر گَر (żakún iíras úrkar gar) [بُر۔کہاوت] گدھے کی موت بھیڑیے کے لیے ضیافت، یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی ایک کے نقصان سے دوسرے کو فائدہ پہنچے۔

ژَکُن توَم (żakún tom) [بُر۔محاورہ] جنگلی درخت، بے پھل درخت۔

ژَکُن دَیِ اِمَنَٹےِ مینےِ چھپ شیچانا (żakún daẏ imánaṭe mene ċhap śéċaana) [بُر۔کہاوت] یعنی گدھا جتنا بھی موٹا ہو حلال نہیں ہوتا، مطلب یہ ہے کہ غلط کام جس قدر بھی دلکش ہو جائز نہیں ہوتا۔

ژَکُن ڈِے تُر دِسکِیَس (żakún ċe tur díṣkiyas) [بُر۔کہاوت] نااہل کو عہدہ ملنا (۲) کسی نااہل سے خلاف توقع کوئی اچھا کام سرزد ہونا۔

ژَکُن ڈِے تُر، ہُکَر ڈِے خُرماَ (żakún ċe tur, húkar ċe qhurmá) [بُر۔کہاوت] نہ گدھے کے سر پر سینگ اگتے ہیں نہ ہُکَر (húkar) (ایک جنگلی جھاڑی) پر کھجور لگتے ہیں، مطلب یہ ہے کہ نااہل کبھی بھی کوئی کارنامہ

سرانجام نہیں دے سکتا۔

ژَکُن رُک (żakún ruṅ) [بُر۔اسم] خودرو گھاس کی ایک قسم جو چراگاہوں میں ہوتی ہے۔

ژَکُن ژَکُن مَناس

(żakún żakún manáas) [بُر۔اسم] ایک کھیل جواب متروک ہو چکا ہے۔

ژَکُن غِٹُ لوٗ اِغُر ڈُم جُوَن

(żakún ġiṭulo igúrċum juwán)

[بُر۔کہاوت] اس طرح پھنس جانا جیسا کہ گدھا کیچڑ میں پھنستا ہے (۲) کسی مصیبت میں پھنس جانا۔

ژِکَن (żikán) [بُر۔اسم] کھال کا لمبا باریک تسمہ جس سے تَوڈ (tawċ) باندھا جاتا ہے، اسے چِکَن (çikán) بھی کہا جاتا ہے (۲) بہت لاغر حیوان یا انسان (۳) کوئی بھی چیز جو ژکَن (żikán) کی شکل کی ہو۔

ژِکَن دِوسَس (żikán díwsas) [بُر۔محاورہ] کھال کو کاٹ کر باریک لمبا تسمہ بنانا۔

ژَکُنَر بےِ مَدُر (żakúnar be madúr)

[بُر۔کہاوت] لفظی معنی گدھے کے لیے تھان کی ضرورت نہیں ہوتی، مطلب یہ ہے کہ نااہل لائق عزت نہیں۔

ژَکُنَر ڈَموٗ اَوَآجیِ

(żakúnar ḍámo awaáji) [بُر۔کہاوت]

گدھے کے لیے ڈنڈے کی ضرورت ہوتی ہے،

تا نباشد چوبِ تر فرمان نہ گیرد گاؤ و خر۔

ژَکُنَر ڈَموٗ کےِ کَم، گَسَنچَر شَتِکُرےِ گُچَھر کےِ اَکِرڈُم

żakúnar ḍámo ke kam, gasánçar)

(śátiṅe gućhár ke akírċum [بُر۔کہاوت]

نادان لاتوں سے بھی ٹھیک نہیں ہوتا ہے، عاقل کے لیے صرف اشارہ ہی کافی ہے۔

ژَکُنِسکُم (żakúniskum) [بُر۔متعلقِ فعل]

گدھے کی طرح، گدھے کے انداز پر۔

ژَکُنِسکِیِ (żakúniski) [بُر] دیکھیے ژَکُنِسکُم (żakúniskum)۔

ژَکُنِسکِیِ دُروٗ اِیتَس

(żakúniski duró étas) [بُر۔محاورہ] گدھے کی طرح کام کرنا، بےعقلی سے کام کرنا (۲) چون و چرا کے بغیر کام کرنا (۳) بہت زیادہ کام کرنا۔

ژَکُنَن (żakúnan) [بُر۔اسم] کوئی سا بھی گدھا، ایک گدھا، یہاں "ن" علامتِ وحدت اور نکرہ ہے۔

ژَکُنےِ اُرک نِیڈ نَناَ دِیمیِ نُسیَن گُچَھم جُوَن

żakúne urk níiċ nána díimi nusén)

(gućhám juwán) [بُر۔کہاوت] بغیر مقابلہ کے شکست تسلیم کرنا، قبل از مرگ واویلا۔

ژَکُنرِ اِسک (żakúne isk) [بُر۔صف] (۱) خر بچہ (۲) نادان، احمق۔

ژَکُنرِ اِسُمَل ڈُم کرِ نُمَن ہِرَن مَنِس

(żakúne isúmal ċum ke numán híran maníṣ) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ آدمی اگر جوانمرد ہو تو رنگ، نسل یا خاندان کا کوئی امتیاز نہیں۔

ژَکُنرِ اِسُمَل یَرنرِ کرِ قَس اِلجنرِ کرِ قَس

(żakúne isúmal yárne ke qaṣ íljine ke qaṣ) [بُر۔کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے، جب نتیجہ ہر لحاظ سے ایک ہی برآمد ہو۔

ژَکُنرِ اِلتُمَل (żakúne iltúmal) [بُر۔محاورہ] نہ سننے والا، توجہ نہ دینے والا (۲) بات نہ ماننے والا۔

ژَکُنرِ اِلتُمَل مَناس

(żakúne iltúmal manáas) [بُر۔محاورہ] نہ سننا، توجہ نہ دینا (۲) بات نہ ماننا۔

ژَکُنرِ پھِس (żakúne phiṣ) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَکُنرِ قُوّرت (żakúne qort)۔

ژَکُنرِ پھِس جُوَن کرِ ایرِ غَنَس

(żakúne phiṣ juwán ke ayéeġanas) [بُر۔کہاوت] لائق توجہ ہی نہ سمجھنا، کان نہ دھرنا (۲) نظر انداز کرنا۔

ژَکُنرِ پھِس کرِ اَیرِ غَنَس

(żakúne phiṣ ke ayéeġanas) [بُر] دیکھیے ژَکُنرِ پھِس جُوَن کرِ ایرِ غَنَس (żakúne phiṣ juwán ke ayéeġanas)۔

ژَکُنرِ تُرماَ چِندِیولُم ہَلنڈ ییڈُم جُوَن

(żakúne turmá ċhindíwlum halánċ yeéċum juwán) [بُر۔کہاوت] اس سے مراد ایسا شخص ہے جسے کسی چیز کی بروقت خبر نہ ہو، بعد از وقت اطلاع پانے والا، بے خبر شخص۔

ژَکُنرِ قاآںٗ نرِ اِکَھرَٹرِ بَلداَ

(żakúne qaáṅ ne ikhárate baldá) [بُر۔کہاوت] بلا سر لینا، مصیبت کو دعوت دینا، یہ ایک تلمیح ہے۔

ژَکُنرِ قُوّرت (żakúne qort) [بُر۔محاورہ] ایسی بات جو قابلِ توجہ ہی نہ ہو۔

ژَکُنرِ کرِ اِکَھرَر ہیئبیٔ چِڈِکٹرِ اوٗمَنم سواٹرِ بَلَن میئبیٔ

(żakúne ke ikhárar héybi ċiḍíṅate oómanum sáwaṭe balán meeybí) [بُر۔مثل] دیوانہ بہ کار خود ہشیار (یعنی اپنا فائدہ ہر

ایک جاتا ہے)۔

ژَکُنرے گلیٔ (żakúne gáli) [بُر۔اسم] پالانِ خر۔

ژَکُنرے گِلیٔ کرے اِرِیکٹ ڈُم اَڅُوَس

(żakúne gíli ke iríiṅ ċum açúwas)

[بُر۔محاورہ] بے ہنر ہونا، نکما ہونا، نالائق ہونا۔

ژَکُنرے گوٗ کوٗ (żakúne góko) [بُر۔اسم]

لفظی معنی خر بچہ، مطلب احمق، بے وقوف۔

ژَکُنرے مَرَق اِکَھرَر گکَٹ

(żakúne maráq ikhárar gakáṭ)

[بُر۔کہاوت] بے وقوف اپنی چال میں خود پھنس جاتا ہے، بی بصیرت از دلیل خویش مجرم میشود۔

ژَکُنرے یاَلمُنرے بَنداٗ

(żakúne yaálmune bandá) [بُر۔کہاوت]

انسان فراموش کار ہے۔

ژَکُوٗئک/ ژَکُیوٗئک

(żakúyik/żakúyoik) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَکُیوٗ (żakúyo) جس میں ''ک'' علامتِ تبعیض ہے۔

ژَکوٗر (żakoór) [بُر۔اسم] چھوٹے چھوٹے گولیوں کی شکل کے گول پتھر جن سے ایک کھیل کھیلا جاتا ہے جسے ژَکوٗر مَناس (żakoór manáas) کہا جاتا ہے۔

دیوان نصیری (بروشسکی)، ص ۳۴۳۔

ژَکوٗرِک بان لرے اِن چھش بأی حقیقترے سِنداٗ سِندِش بأی

مِمَر پیر علمرے بِرکِش بأی کُتُب میر بِرکِرَک اوسأی

ترجمہ: اے شخص! ہم سب کنکریاں ہیں اور وہ ایک عظیم پہاڑ ہے، وہ دریائے حقیقت (کی تیراکی اور غوطہ زنی) کا مرغابی ہے، ہمارے لیے پیر گنجِ علم و حکمت ہے جس نے ہمیں خزائنِ کتب کا ورثہ چھوڑا ہے۔

ژَکوٗر مَناس (żakoór manáas) [بُر] دیکھیے ژَکوٗر (żakoór)۔

ژَکوٗرِشوٗ (żakoóriśo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَکوٗر (żakoór) جس کی یہ جمع ہے۔

ژَکوٗرِنڈ (żakoórínċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَکوٗر (żakoór) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

ژُکُونیٔ (żukúuni) [بُر۔اسم] دھجی، کترن، پھٹا پرانا لباس۔

ژَکَھلیَش (żakhaleéś) [بُر۔محاورہ] گھسیٹا گھسائی، کھینچا تانی (۲) لوٹ مار، لوٹ کھسوٹ۔

ژَکَھلیَش ایَتَس (żakhaleéś étas)

[بُر۔اسم] کھینچا تانی کرنا، گھسیٹا گھسائی کرنا (۲) لوٹ مار کرنا، لوٹ کھسوٹ کرنا۔

ژکی (żikíi) [بُر۔اسم] جُوں کے انڈے۔

ژکی کِش (żikíikiṣ) [بُر۔صف] ایسا شخص جس کے بالوں یا کپڑوں میں جوں کے انڈے ہوں، (محاورۃً) نکما، نااہل۔

ژکی کِینڈ (żikíikiyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژکی کِش (żikíikiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

ژکی کَھرُو (żikíi kharúu) [بُر۔اسم] جُوں کے انڈے اور جُوں۔

ژکی مُڈ (żikíimuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژکی (żikíi) جس کی یہ جمع ہے۔

ژَکُیوٗ (żakúyo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَکُن (żakún) جس کی یہ جمع ہے۔

ژِکَیوٗ (żikáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژکَن (żikán) جس کی یہ جمع ہے۔

ژگاٗ مَناس (żigá manáas) [بُر] دیر ہونا، تاخیر ہونا (۲) طویل مدّت تک رہنا۔

ژگاٗموٗ (żigámo) [بُر۔متعلقِ فعل] دیر سے، تاخیر سے۔

ژگاٗ نِیَس (żigá níyas) [بُر۔محاورہ] تاخیر ہونا، دیر ہونا، زیادہ عرصہ گزرنا۔

ژَگاٗی (żagáy) [بُر۔اسم] وہ روٹی جو موت کے موقع پر بطورِ خیرات دیتے ہیں (۲) موت کے گھر باہر سے لے جانے والی روٹی۔

ژَگاٗی مُڈ (żagáymuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَگاٗی (żagáy) جس کی یہ جمع ہے۔

ژَگاٗی مَناس (żagáy manáas) [بُر۔محاورہ] مرنے کے بعد خیرات لازم ہونا (۲) موت کے بعد روٹی لے جانا لازم ہونا۔

ژ۔گ

ژگاٗ (żigá) [بُر۔اسم] دیر، تاخیر، طویل۔

ژگاٗ ایِتَس (żigá étas) [بُر۔محاورہ] دیر تک استعمال کرنا۔

ژگاٗ ایرَس (żigá éeras) [بُر۔محاورہ] دیر کرنا، تاخیر کرنا۔

ژ۔ک

ژَک (żaṅ) [بُر۔اسم] عہدہ، منصب۔

ژَک اُچھِیَس (żaṅ uċhíyas) [بُر۔محاورہ] عہدہ دینا، منصب دینا۔

ژَک تُرک (żaṅ traṅ) [بُر۔اسم] ہونزا کے میری نظام کا کوئی بھی منصب، سرکاری عہدہ، تُرک

(traṅ) تابع مہمل ہے۔

ژَکْ شیَیَس (żaṅ śéyas) [بُر۔محاورہ] عہدہ پر فائز رہنا، عہدہ سنبھالنا، منصب لینا۔

ژَکْ گوئن (żaṅgúyn) [بُر۔اسم] عہدیدار، جس کے پاس کوئی عہدہ ہو۔

ژَکْ گیوٗ (żaṅgúyo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَکْ گوئن (żaṅgúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

ژکَاٗ (żiṅá) [بُر۔اسم] وہ پتھر جو اونچائی سے گر کر تیزی کے ساتھ نیچے کی طرف آتا ہے، اگر یہ کسی کو لگ جائے تو مہلک ہوتا ہے۔

ژکَاٗ ایٔتَس (żiṅá étas) [بُر۔محاورہ] بلندی سے نیچے کی طرف پتھر گرانا۔

ژکَاٗ تَلیٔنَس (żiṅá talénas) [بر] دیکھیے ژکَاٗ مَناس (żiṅá manáas)۔

ژکَاٗ دِیم جُوَن (żiṅá díim juwán) [بُر۔تشبیہہ] بہت تیزی سے آنا، ژکَاٗ (żiṅá) کی مانند آنا۔

ژکَاٗ ژُوَس (żiṅá żúwas) [بُر۔محاورہ] بلندی سے نیچے کی طرف پتھر گرنا یا آنا۔

ژکَاٗمُڎْ (żiṅámuć) [بُر۔اسم] دیکھیے ژکَاٗ (żiṅá) جس کی یہ جمع ہے۔

ژکَاٗ مَناس (żiṅá manáas) [بُر۔محاورہ] کسی ضروری کام سے کسی شخص کا فوراً روانہ ہونا۔

ژکَاٗ وَلَس (żiṅá wálas) [بُر] دیکھیے ژکَاٗ ژُوَس (żiṅá żúwas)۔

ژکَت (żiṅát) [بُر۔اسم] کسی پہاڑ پر یا پہاڑ کے دامن میں ایک ایسا ڈھلان یا ڈھالو رُخ جو پہاڑ سے پتھر اور مٹی گر کر بنا ہوا ہو۔

ژکَتُ لُم ہَرپَن کے زور (żiṅátulum harpán ke zóor) [بُر۔کہاوت] ہَرپَن (harpán) کے معنی بھیڑ یا بکری کی سخت مینگنی کے ہوتے ہیں جو گولیوں کی شکل کی ہوتی ہے، مطلب یہ ہے کہ اگر ژکَت (żiṅát) میں تیزی سے گرنے والی ہَرپَن بھی کسی کو لگ جائے تو چوٹ محسوس ہوتی ہے، مراد یہ ہے کہ ژکَت میں پتھر تیزی سے گرتا ہے۔

ژکَتِکْ (żiṅátiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژکَت (żiṅát) جس کی یہ جمع ہے۔

ژکٔرے (żiṅé) [بُر۔اسم] آستین۔

ژکٔرے پَھل ایٔتَس (żiṅĕ phal étas) [بُر۔محاورہ] آستین کے ذریعے اشارہ کرنا (۲) چوغہ کی آستین کو کندھے پر ڈالنا۔

ژکٔرے دُوَنَس (żiṅé duúnas) [بُر۔محاورہ] پرانے زمانے میں بُروشو لباس خاص طور پر چوغہ کی

آستین لمبی ہوتی تھیں جب کسی مہمان کا ہاتھ دھلایا جاتا تھا تو ازراہِ احترام بطورِ تولیہ استعمال کرنے کے لیے آستین پیش کی جاتی تھی۔

ژکرے کِھیل ایتَس (żiṅé khíil étas) [بُر۔محاورہ] بھیک مانگنا، گداگری کرنا۔

ژکرے لَمَن (żiṅé lamán) [بُر۔محاورہ] آستین اور دامن (۲) لباس کا وضع قطع۔

ژکیچِک/ ژکیچِک اِرگِنَس (żiṅéćiṅ/żiṅéçiṅ írginas) [بُر۔محاورہ] آمادہ ہونا، تیار ہونا (۲) لڑنے کی تیاری کرنا (۳) آستین چڑھانا۔

ژکیچِک/ ژکیچِک مَرَق ایتَس (żiṅéćiṅ/żiṅéçiṅ maráq étas) [بُر] دیکھیے ژکیچِک اِرگِنَس (żiṅéćiṅ írginas)۔

ژکیولوِیَنَس (żiṅéwlo yánas) [بُر۔محاورہ] کسی چیز کو آستین میں لپیٹ کر لینا (۲) بہت احتیاط سے سنبھالنا۔

ژ-ل

ژَل (żal) [بُر۔اسم] آویزاں، لٹکا ہوا (۲) لمبا۔

ژَل ژَل (żálżal) [بُر] دیکھیے ژَل (żal) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژَل ژَل ایتَس (żálżal éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژژَل ایتَس (żáżal éetas)۔

ژَل ژَل مَناس (żálżal manáas) [بُر۔محاورہ] لٹک جانا، آویزاں ہونا۔

ژَل غُسَنُم (żal gusánum) [بُر۔صف] بہت لمبا، ژَل (żal) ایک سابقہ ہے جو غُسَنُم (gusánum) پر داخل ہو کر کثرت کے معنی پیدا کیا ہے۔

ژَل مَناس (żal manáas) [بُر۔محاورہ] لٹک جانا (۲) طول زیادہ ہونا (۳) سانپ وغیرہ کا تیزی سے رینگنا (۴) کسی درندے کا چھلانگ لگانا۔

ژِل (żil) [بُر] دیکھیے ژَل (żal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژِل ژِل (żílżil) [بُر] دیکھیے ژَل ژَل (żálżal) جس کی یہ تصغیر ہے، نیز دیکھیے ژِل (żil) جس کی یہ تکرار ہے۔

ژِل ژِل مَناس (żílżil manáas) [بُر] دیکھیے ژَل ژَل مَناس (żálżal manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژَلدَن (żaldán) [بُر۔اسم] لڑھک کر باہر آنا یا گرنا، لڑھکنی کھانا۔

ژَلدَن ایتَس (żaldán éetas) [بُر۔محاورہ]

لڑھکانا، لڑھکا کر باہر نکالنا یا گرانا۔

ژَلدَن مَناس (żaldán manáas) [بُر] دیکھیے ژَلدَن ایتَس (żaldán éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژَلیٔ (żáli) [بُر۔اسم] دھجی، کترن۔

ژَلیٔ مِکْ (żálimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژَلیٔ (żáli) جس کی یہ جمع ہے۔

ژ-م

ژَمبَش (żambáṣ) [بُر۔متعلق فعل] دیکھیے ژَربَش (żar baṣ)۔

ژَمبَش مَناس (żambáṣ manáas) [بُر۔مص] دیکھیے ژَربَش مناس (żarbaṣ manáas)۔

ژَمَرَق (żamaráq) [بُر۔اسم] اچانک مڑنا، اچانک واپس ہونا (۲) فوراً مڑنا یا واپس ہونا۔

ژَمَرَق پَھر (żamaráq phar) [بُر] دیکھیے ژَمَرَق (żamaráq)۔

ژَمَرَق پَھر مَناس

(żamaráq phar manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَمَرَق مَناس (żamaráq manáas)۔

ژَمَرَق مَناس (żamaráq manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَمَرَق (żamaráq)۔

ژُمُشوٗ (żúmuśo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُمُش (żúmuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

ژُمُش (żúmuṣ) [بُر۔اسم] چوڑی، کانچ، سونا، چاندی وغیرہ کے حلقے جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔

ژَمۓ (żamé) [بُر۔اسم] کمان۔

ژَمۓ اَپِمَنَر شِقَر کۓ اَپیٔ

(żaṃé apímanar ṣiqár ke apí) [بُر۔کہاوت] جس کے پاس کوئی عہدہ یا منصب نہیں وہ ذمہ دار بھی نہیں ہے۔

ژَمۓ اَپِمۓ شِقَر اَپیٔ

(żamé apíme ṣiqár apí) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ژَمۓ اَپِمَنَر شِقَر کۓ اَپیٔ (żamé apímanar ṣiqár ke apí)۔

ژَمۓ کُشیٔ (żamékuśi) [بُر۔متعلقِ فعل] ژَمۓ (żamé) کی حالت میں (۲) وہ جوان شخص جو تیر چلانے کے قابل ہو گیا ہو (۳) بید کی وہ شاخ جو ژَمۓ (żamé) بنانے کے لیے موافق ہو۔

ژَمۓ کُوٗئن (żamékuyn) [بُر۔اسم] تیرانداز، کمان گر۔

ژَمیک (żamek) [بُر۔متعلقِ فعل] تیر و کمان کے

ذریعے، بذریعۂ کمان۔

ژَمیک بِشاَیَس (*żamék bišáyas*)

[بُر۔محاورہ] تیر چلانا، تیر سے مارنا۔

ژَمیک دیلَس (*żamék délas*) [بُر۔محاورہ]

تیر مارنا، تیر چلانا (۲) تیر سے مارنا۔

ژُمُیَنڈ (*żúmuyanċ*) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُمُش

(*żúmuṣ*) جس کی یہ جمع ہے۔

ژُمِیَنڈ (*żúmiyanċ*) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُمُیَنڈ

(*żúmuyanċ*)۔

ژ ـ ن

ژَن (*żan*) [بُر۔اسم] کتے یا گھوڑے کا دانتوں سے کسی کو

کاٹنا (۲) گھاس بال وغیرہ کو بے دردی سے نوچنا

(۳) الست اور ارد گرد کے دیہاتوں میں ژَک

(*żaṅ*) بمعنی عہدہ یا منصب کا تلفظ۔

ژَن اِچھیَس (*żan ičhíyas*) [بُر] دیکھیے ژَک

اِچھیَس (*żaṅ ičhíyas*) جو زیادہ مروج ہے۔

ژَن ایتَس (*żan étas*) [بُر] دیکھیے ژَن (*żan*)

معنی نمبر ۱،۲۔

ژَن پھرڈِن (*żan phárċin*) [بُر۔اسم] مارخور یا

پرندوں کے بُپُر (*bupúr*) سے بنی ہوئی مردانہ

ٹوپی جس پر کنگھی چلا کر اس کے ریشوں کو ابھارا جاتا

ہے۔

ژَن شیَیَس (*żan śéyas*) [بُر] دیکھیے ژَک

شیَیَس (*żaṅ śéyas*) جو زیادہ مروج ہے۔

ژِن (*żin*) [بُر۔اسم] صف، قطار، ترتیب (۲) مسلسل

(۳) ژَن (*żan*) کی تصغیر ہے۔

ژِن ایتَس (*żin étas*) [بُر۔محاورہ] ترتیب یا قطار

میں رکھنا (۲) ترتیب وار یا مسلسل بھیجنا، یکے بعد

دیگرے لانا یا بھیجنا۔

ژِن مَناس (*żin manáas*) [بُر] دیکھیے ژِن

ایتَس (*żin étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ژ ـ و żaw, żiw, żuw

ژْوَل (*żwal*) [بُر] دیکھیے ژَل (*żal*)۔

ژْوَل غُسَنُم (*żwal ġusánum*) [بُر] دیکھیے

ژَل غُسَنُم (*żal ġusánum*)۔

ژْوَل مَناس (*żwal manáas*) [بُر۔مص]

دیکھیے ژَل مَناس (*żal manáas*)۔

ژَو (*żaw*) [بُر۔صف] بیزار۔

ژَوِامَنَس (*żaw imánas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے

ژَوایتَس (*żaw étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

ژ۔و żoo

ژو (żóo) [بُر۔اسم] حادثہ،واقعہ (۲) افسوس ناک واقعہ (۳) نقصان۔

ژولیٔ (żóoli) [بُر۔اسم] جالی،دودھ چھاننے کا آلہ جو بید کی پتلی شاخوں سے بنایا جاتا تھا۔

ژولیٔ اِمَنَس (żóoli imánas) [بُر۔محاورہ] محنت مشقت کے نتیجے میں دبلا پتلا ہونا (۲) گھس کر جالی کی طرح ہوجانا۔

ژولیٔ مِکؕ (żóoliminֹ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژولیٔ (żóoli) جس کی یہ جمع ہے۔

ژومَناَ شو (żóomana çhóo) [بُر] اچانک حملہ کرنا،گھات میں بیٹھ کر اچانک وار کرنا۔

ژومَناَ شو مَناس

(żóomana çhóo manáas) [بُر] اچانک حملہ کرنا،گھات میں بیٹھ کر اچانک وار کرنا۔

ژَوایِتَس (żaw étas) [بُر۔محاورہ] بیزار کرنا (۲) تنگ کرنا۔

ژُوَس/ژُوِیَس (żúwas/żúyas) [بُر۔مص] آنا۔

ژُوَل (żuwál) [بُر۔اسم] ذمہ داری۔

ژُوَل گَنَس (żuwál gánas) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری سنبھالنا،ضامن بننا۔

ژُوَل مَناس (żuwál manáas) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری ہونا۔

ژُوَلَر گِیَس (żuwálar gíyas) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری اٹھانا،ذمہ داری سر پر لینا۔

ژُوَلَر وَلَس (żuwálar wálas) [بُر۔محاورہ] ذمہ داری سر پر آنا۔

ژُوَلکؕ (żuwálinֹ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُوَل (żuwál) جس کی یہ جمع ہے۔

ژ۔وٓ żo

ژوَر (żor) [بُر] دیکھیے ژَر (żar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژوَل (żol) [بُر] دیکھیے ژَل (żal) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژوَوَن مَناس (żówan manáas) [بُر۔محاورہ] حادثہ ہونا،افسوسناک واقعہ ہونا (۲) بڑا نقصان ہونا۔

ژ۔وٓ żoó

ژوَر (żoór) [بُر۔اسم] قدرے بڑا ہونا،قدرے جلدی کرنا،نیز دیکھیے ژوَر (żor) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ژوَر مَناس (żoór manáas) [بُر۔محاورہ]

قدرے بڑا ہونا، قد بلند ہونا۔

ژوَل (żoól) [بُر] دیکھیے ژآل (żaál) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژوَل مَناس (żoól manáas) [بُر] دیکھیے ژآل مَناس (żaál manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژ۔وَ żu

ژُوَ (żu) [بُر۔امر] آ، آجا (۲) [بُر۔اسم] تانا، سوت کے دھاگے جو بننے میں لمبائی کی طرف لے جاتے ہیں۔

ژُوَ ایَیدَرَس (żu éyaċaras) [بُر۔محاورہ] تانے کو پٹی بُنتے وقت لمبائی کی طرف لے جانا اور لے آنا۔

ژُوَ بَر (żu bar) [بُر۔اسم] ایک خیالی وادی/نالہ کا نام۔

ژُوَ پَھر ایَتَس (żu phar̤ étas) [بُر۔محاورہ] تانے کو تاؤ دینا۔

ژُوَ گَس (żu gas) [بُر۔اسم] تانا بانا۔

ژُوَژُنیِ (żużuní) [بُر۔صف] مسلسل، پے در پے، یکے بعد دیگرے۔

ژُوَ کُمَلِک (żúkumaliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُکُمَل (żúkumal) جس کی یہ جمع ہے۔

ژُوَ کُمَلِشوَ (żúkumališo) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُکُمَل (żúkumal) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

ژُوَ کَنُخ (żúkánç) [بُر۔اسم] دیکھیے ژُوَ گَنُخ (żu ganç)۔

ژُوَ کیِ (żúki) [بُر۔متعلقِ فعل] تانے کی جانب، تانے کے لیے۔

ژُوَ گَنُخ (żu ganç) [بُر۔اسم] ایک آلہ جس کے ذریعے تانے کو تاؤ دیا جاتا ہے۔

ژُوَئِن (żuyn) [بُر۔امر] دیکھیے ژُوَ (żu) جس سے یہ جمع کے لیے امر ہے۔

ژُ۔وَ żuú

ژُوَ (żuú) [بُر۔اسم] خوبانی، زردآلو (۲) خوبانی کا درخت۔

ژُوَ اُپَھلتَس (żuú uphál̤tas) [بُر۔مص مر] خوبانیوں کو چیر کر اندر سے گری نکالنا۔

ژُوَ لَک اوَتَس (żuú laṅ ótas) [بُر۔محاورہ] خوبانی کے درخت کی شاخوں کو ہلا کر خوبانیوں کو گرانا۔

ژُوَس (żuúṣ) [بُر۔اسم] قدرے کھینچنا، قدرے بڑا ہونا، نیز دیکھیے ژآش (żaáṣ) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژُوَش مَناس (żuúṣ manáas) [بُر۔محاورہ] قدرے کھنچ جانا، قدرے بڑا ہونا، نیز دیکھیے ژآش مَناس (żaáṣ manáas)۔

ژ۔ی żii

ژی ژآر (żiiżaár) [بُر] دیکھیے ژیر ژآر (żiir żaár) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژی ژآل (żiiżaál) [بُر] دیکھیے ژیل ژآل (żiil żaál) جس کا یہ مخفف ہے۔

ژی ژآل مَناس (żiiżaál manáas) [بُر] دیکھیے ژیل ژآل مَناس (żiil żaál manáas)۔

ژیلیٔ (żíili) [بُر۔اسم] یخ جو پانی کی سطح پر جم جاتی ہے، پتلی یخ جو پانی کی سطح پر جم جاتی ہے (۲) چربی کی پتلی تہہ جو جانور کے پیٹ پر جم جاتی ہے۔

ژیلیٔ دُوَنَس (żíili duúnas) [بُر۔محاورہ] پانی کی سطح پر باریک یخ جم جانا (۲) دودھ کے اوپر بالائی کی باریک سطح بن جانا (۳) جانور کے پیٹ پر چربی کی پتلی تہہ جم جانا۔

ژیلیٔ گَنَس (żíili gánas) [بُر] دیکھیے ژیلیٔ دُوَنَس (żíili duúnas)۔

ژ۔یٔ żií

ژیر ژآر (żiír żaár) [بُر۔متعلق فعل] قدرے جلدی سے/تیزی سے۔

ژیش ژآش (żiíṣ żaáṣ) [بُر] دیکھیے جیش جآش مَناس (jiíṣ jaáṣ manáas)۔

ژیش ژآش مَناس (żiíṣ żaáṣ manáas) [بُر۔محاورہ] ہٹ جانا، اِدھر اُدھر ہونا (۲) کھینچا تانی ہونا، نیز دیکھیے جیش جآش مَناس (jiíṣ jaáṣ manáas)۔

ژیک (żiík) [بُر۔اسم] جسم، خاص طور پر گردن کو اوپر کی طرف یا آگے کی طرف کھینچ کر جھانکنا۔

ژیک ایتَس (żiík étas) [بُر۔محاورہ] جسم یا گردن کو اوپر کی طرف یا آگے کی طرف کھینچنا۔

ژیک پِیک (żiík piík) [بُر] دیکھیے ژیک (żiík)، پِیک (piík) تابع مہمل ہے جس سے لفظ میں شدت اور کثرت کا مفہوم پیدا ہوا ہے۔

ژیک پِیک مَناس (żiík piík manáas) [بُر] دیکھیے ژیک مَناس (żiík manáas)، پِیک (piík) تابع مہمل ہے جس سے لفظ میں شدت اور کثرت کا مفہوم پیدا ہوا ہے۔

ژیک مَناس (żiík manáas) [بُر] دیکھیے

ژیک ایتَس (żiík étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژیل (żiíl) [بر] دیکھیے ژآل (żaál) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ژیل ژآل (żiíl żaál) [بر۔صف] ڈھیلا، ست، کاہل۔

ژیل ژآل مَناس (żiíl żaál manáas) [بر۔محاورہ] ڈھیلا ہونا، ست ہونا، کاہل ہونا۔

ژ۔ی

ژَیوٗ (żaẏoó) [بر۔اسم] دیکھیے جیوٗ (jaẏoó) جو صحیح تلفظ ہے۔

ژَیوٗمُڈ (żaẏoómuċ) [بر۔اسم] دیکھیے جیوٗمُڈ (jaẏoómuċ) جو صحیح تلفظ ہے۔

ژ۔ے żeé

ژیک (żeék) [بر] لیٹنا/لٹانا، دراز کرنا، پھیلانا۔

ژیک اِمَنَس (żeék imánas) [بر] دیکھیے ژیک ایتَس (żeék étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژیک ایتَس (żeék étas) [بر۔محاورہ] دیکھیے ژیک (żeék)۔

ژیک مَناس (żeék manáas) [بر] دیکھیے ژیک ایتَس (żeék étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ژیئت (żeéyt) [بر۔اسم] بکرا جو تقریباً دو اور تین سال کے درمیان ہو۔

ژیئترو / ژیئتِشو (żeéytaro) [بر۔اسم] دیکھیے ژیئت (żeéyt) جس کی یہ جمع ہے۔

س

- س

- س (-s) [بُر۔اسم] دل،قلب (۲) درمیانی چیز (۳) مرکزی مقام۔

- س اَپَسَس (-s apásas) [بُر۔محاورہ] سیر نہ ہونا، دل کو تسلی نہ ہونا، ابھی ارمان باقی ہونا۔

- س اِتِڈس (-s atícas) [بُر۔محاورہ] ہمت نہ کرنا، جرأت نہ کرنا۔

- س اَتُشُنَس (-s atúšunas) [بُر۔محاورہ] دل صاف نہ ہونا، دل راضی نہ ہونا (۲) دل سے ناراضگی دور نہ ہونا۔

- س اَتُلجاَ یَس (-s atúljayas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے۔ س اَپَسَس (-s apásas)۔

- س اِخوَلَس (-s iqhólas) [بُر۔محاورہ] دل میں درد ہونا (۲) کسی کے بارے میں ہمدردی پیدا ہونا (۳) کسی چیز کے ضائع ہونے پر دکھ ہونا، افسوس ہونا۔

- س اَشاَتوَ ایَتَس (-s aśaáto étas) [بُر۔محاورہ] دل کو کمزور بنانا (۲) ہمت ہارنا، جرأت نہ کرنا۔

- س اشاَتوَ مَناس (-s aśaáto manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے۔ س اَشاَتوَ ایَتَس (-s aśaáto étas) جس کا یہ لازم ہے۔

- س اِغُلَس (-s igúlas) [بر۔محاورہ] تیزابیت کی وجہ سے سینے میں جلن ہونا۔

- س اِغُلُمَ ٹرے بُقپاَ (-s igúlumaṭe buqpá) [بُر۔کہاوت] دوہرا نقصان اٹھانا، یکی نقصانِ مال دیگر شماتتِ اعداد (یعنی ایک طرف مال کا نقصان اور دوسری طرف دشمنوں کا برا بھلا کہنا)۔

- س اَکُرَس (-s akúras) [بُر۔محاورہ] پسند نہ آنا (۲) نظر میں نہ لانا، توقع کے مطابق نہ ہونا، توقع سے کم نظر آنا۔

- س اَکَلَس (-s akálas) [بُر۔مص] دیکھیے۔ س گَلَس (-s gálas) جس کی یہ ضد ہے۔

- س اوَنِیَس (-s oóniyas) [بُر۔محاورہ] کسی کام

پرآمادہ نہ ہونا، دل راضی نہ ہونا۔

- س ایقَرَٹَس (-s éqaraṭas) [بُر۔محاورہ] دلچسپی لینا، دل لگانا۔

- س ایپَنَس (-s éepanas) [بُر۔محاورہ] کسی کا دل دکھانا، غصہ دلانا۔

- س ایرَس (-s éeras) [بُر۔محاورہ] دلچسپی لینا، کسی کام کو دل لگا کر کرنا (۲) حوصلہ پست کرنا۔

- س اِیِرَس (-s iíras) [بُر۔محاورہ] غمگین ہونا، سخت صدمہ ہونا (۲) ڈرنا، خوف کرنا۔

- س ایغلِکیِ (-s eéguliki) [بُر۔متعلق فعل] ایسی چیز یا کام جس میں دلچسپی ہی نہ ہو (۲) سر سے ٹالنے والا کام۔

- س ایقُلَس (-s éequlas) [بُر۔محاورہ] دل دکھانا، دل کو صدمہ پہنچانا۔

- س اییَلَس (-s éeyalas) [بُر۔مص] دلچسپی ختم کرانا، محبت ختم کرانا۔

- س بَساس (-s basáas) [بُر۔محاورہ] سیر ہونا، دل کو تسلی ہونا، اطمینان ہونا، آرزو پوری ہونا۔

- س بے قَرار مَناس (-s beeqaráar manáas) [بُر۔محاورہ] دل کا بے چین ہونا، بیقرار ہونا۔

- س پَتَریِ مَناس (-s patári manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے - س پَھتَریِ مَناس (-s phatári manáas)۔

- س پُرَٹ مناس (-s praṭ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے - س پُرَش مَناس (-s praṣ manáas)۔

- س پُرَش ایتَس (-s praṣ éetas) [بُر۔محاورہ] غصہ دلانا (۲) تنگ کرنا (۳) نافرمانی کرنا۔

- س پُرَش مَناس (-s praṣ manáas) [بُر۔محاورہ] دل پھٹنا (۲) ناک میں دم ہونا۔

- س پھانَس (-s pháanas) [بُر۔محاورہ] ناموافق صورتحال کی وجہ سے تنگ آنا، دل پر بوجھ رہنا۔

- س پَھتَریِ مَناس (-s phatári manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے - س پھانَس (-s pháanas) جس میں یہ شدت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

- س پَھر مَناس (-s phar manáas) [بُر۔محاورہ] ارادہ بدل جانا (۲) ارادہ کو ترک کرنا (۳) دوبارہ قائل ہونا۔

- س پُھوَش مَناس (-s phuúṣ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے - س بَساس (-s basáas) جس میں یہ شدت کا مفہوم پیدا کرتا

ہے۔

-س تَس مَناس (-s tas manáas)

[بُر۔محاورہ] بیزار ہونا، تنگ آنا۔

-س تَق مَناس (-s taq manáas) [بُر۔محاورہ]

دل ٹوٹ جانا، شکستہ خاطر ہونا۔

-س تَکٹ ایَتَس (-s taṅ étas) [بُر۔محاورہ]

غمگین ہونا، مغموم ہونا، کبیدہ خاطر ہونا۔

-س تَکٹ مَناس (-s taṅ manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے -س تَکٹ ایَتَس

(-s taṅ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س تَیَس (-s táyas) [بُر۔محاورہ] دل لگ جانا، پسند

آنا (۲) عشق ہونا۔

-س تھآر مَناس (-s thaár manáas)

[بُر۔محاورہ] دل کا ارمان پورا ہونا، مراد بھر آنا (۲)

خوشحال ہونا، سکھ پانا (۳) آزاد ہونا۔

-س تَھپ (-s thap) [بُر۔اسم] پشت پر دونوں

شانوں کی درمیانی جگہ (محاورۃً) دل پر بوجھ

محسوس ہونا، دل بوجھل ہونا۔

-س تَھپ ایتَس (-s thap éetas) [بُر۔محاورہ]

سینہ پر بوجھ محسوس ہونا (۲) دل بوجھل ہونا۔

-س تَھپ مَناس (-s thap manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے -س تَھپ ایتَس

(-s thap éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س تھُرَق ایتَس (-s thraq éetas)

[بُر۔محاورہ] غصہ دلانا (۲) نافرمانی کرنا۔

-س تھُرَق مَناس (-s thraq manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے -س تھُرَق ایتَس

(-s thraq éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س تھُوَر مَناس (-s thuúr manáas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے -س تَھآر مَناس

(-s thaár manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

-س ٹِھٹِھم مَناس (-s ṭhíṭhim manáas)

[بُر۔محاورہ] دل دھڑکنا، دل کی حرکت تیز ہونا۔

-سَ ٹے زُوَس (-saṭe żúwas) [بُر۔محاورہ]

یاد آنا، کسی کی یاد تازہ ہونا۔

-س جآش مَناس (-s jaáṣ manáas)

[بُر۔محاورہ] بتابتا کر تنگ آنا (۲) بیزار ہونا، ناک

میں دم ہونا (۳) کام نہ بننا، کام الجھ جانا۔

-س جَقَر مَناس (-s jaqár manáas)

[بُر۔محاورہ] دودل ہونا، دل میں تردد پیدا ہونا، گو

مگو میں مبتلا ہونا۔

-س جَک مَناس (-s jak manáas)

[بُر۔محاورہ] دلسوزی پیدا ہونا، دل کو صدمہ پہنچنا (۲)

کسی گرم شئی کھانے سے سینہ جل جانا۔

-س جوَٹ ایٔتَس (-s jot̤ étas) [بُر۔محاورہ] دل چھوٹا کرنا (۲) جرأت نہ کرنا۔

-س چاآکْ مَناس (-s ćaáṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دل کو ٹھیس پہنچنا، دل کو صدمہ ہونا۔

-س چَس ایٔتَس (-s ćas étas) [بُر۔محاورہ] گھبرا جانا، حواس باختہ ہونا، حواس ٹھکانے نہ رہنا۔

-س چَس مَناس (-s ćas manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س چَس ایٔتَس (-s ćas étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س چَکَلیٔ ایتَس (-s ćakáli éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ایپَنَس (-s éepanas) جس میں یہ شدت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

-س چَھنُم ایٔتَس (-s ćhanúm étas) [بُر۔محاورہ] دل چھوٹا کرنا، تنگ نظری کرنا (۲) بخیلی کرنا۔

-س چَھنُم مَناس (-s ćhanúm manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س چَھنُم ایٔتَس (-s ćhanúm étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س خَرَٹَس (-s qharát̤as) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ایٔقَرَٹَس (-s éqarat̤as) جس کا یہ لازم ہے۔

-س خوَش مَناس (-s qhoś manáas) [بُر۔محاورہ] دل خوش ہونا، شاد ہونا۔

-س ژِک مَناس (-s ċik manáas) [بُر۔محاورہ] دل میں خیال گزرنا (۲) دل میں خدشہ ہونا۔

-س دال ایٔتَس (-s dáal étas) [بُر۔محاورہ] دلچسپی لینا چھوڑ دینا، بیزاری کا اظہار کرنا، اعتبار اٹھ جانا (۲) کوئی خبر سننے کی وجہ سے دل کو صدمہ پہنچنا۔

-س دِپِرڈَس (-s dípirċas) [بُر۔محاورہ] سراسیمہ ہونا، گھبرا جانا، حواس باختہ ہونا۔

-س دِپھرڈَس (-s diphírċas) [بُر۔محاورہ] گھبرا جانا، حواس باختہ ہونا، ہوش و حواس اُڑنا۔

-س دُپَھلتَس (-s dupháltas) [بُر۔محاورہ] حرکتِ قلب بند ہونے کی وجہ سے مرجانا (۲) تنگ آنا، ناک میں دم ہونا، عجلت کی وجہ سے سانس پھولنا۔

-س دِپِھلَنَس (-s diphílanas) [بُر۔محاورہ] دل بہل جانا، راضی ہونا، قائل ہونا۔

-س دِچَقُرَس (-s díćaquras) [بُر۔محاورہ] دلچسپی ختم ہونا، بیزار ہونا۔

-س دُچَھغُرَس (-s dućháġuras) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س دِچَقُرَس (-s díćaquras)۔

- س دُچھنَس (-s duĉhânas) [بُر۔محاورہ]
دل میں گنجائش نہ ہونا، دل تنگ ہونا۔

- س دُخَرَس (-s duqháras) [بُر۔محاورہ] دل
باغ باغ ہونا، بہت خوش ہونا۔

- س دَدَر مَناس (-s dádar manáas)
[بُر۔محاورہ] گھبرا جانا، گھبراہٹ کی وجہ سے دل تیز
تیز دھڑکنا۔

- س دُدُلاَ ایتَس (-s dudulá ētas)
[بُر۔محاورہ] تذبذب میں مبتلا ہونا، گومگو میں مبتلا ہونا
(۲) گھبرا جانا۔

- س دُدُلاَ مَناس (-s dudulá manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے - س دُدُلاَ ایتَس
(-s dudulá étas) جس کا یہ لازم ہے۔

- س دِڈَس (-s dícas) [بُر۔محاورہ] ہمت کرنا،
جرأت کرنا۔

- س دُرگِنَس (-s dúrginas) [بُر۔محاورہ] جی
متلانا، الٹی آنا (۲) نفرت کرنا۔

- س دِشَر ژُوَس (-s díšar žúwas)
[بُر۔محاورہ] دل کو قرار آنا، دل کو چین آنا (۲) خوف یا
ڈر ختم ہونا۔

- س دُشُنَس (-s dušúnas) [بُر۔محاورہ] دل کی
کدورت رفع ہونا، راضی ہونا، مائل ہونا۔

س دَلبَٹ ایتَس (-s dalbát étas)
[بُر۔محاورہ] جذباتی ہونا، نیز دیکھیے - س
دِپِرڈَس (-s dipírĉas)۔

- س دَلبَٹ مَناس (-s dalbâṭ manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے - س دَلبَٹ ایتَس
(-s dalbâṭ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

- س دُلجَیَس (-s dúljayas) [بُر۔محاورہ] سیر
ہونا، ارمان پورا ہونا (۲) بیزار ہونا (۳) نفرت
پیدا ہونا۔

- س دِمَنَس (-s dímanas) [بُر۔محاورہ] ہچکی آنا،
ہچکی لگنا (خاص طور پر شیر خوار بچوں کا)۔

- س دوَقَس (-s doóqas) [بُر۔محاورہ] دل پر بوجھ
ہونا، کسی رنج میں مبتلا ہونا (۲) کام بگڑنے کی وجہ سے
دل پر بوجھ آنا۔

- س دیپَلتَس (-s dēpaltas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے
- س دُپَھلتَس (-s dupháltas) جس کا یہ
متعدی ہے۔

- س دیسْتَلَس (-s déstalas) [بُر۔محاورہ]
حواس درست کرنا (۲) ہوشیار ہونا، خبردار ہونا، بیدار
ہونا۔

- س دیڈَس (-s déecas) [بُر۔محاورہ] حوصلہ دلانا،
دل بڑھانا، ہمت دلانا۔

-س دِیلَس (-s diílas) [بُر۔محاورہ] سیراب ہونا (۲) پھل کھانے کی وجہ سے یا لسی پینے کی وجہ سے طبیعت میں تازگی آنا۔

-س ڈُٹَنْ مَناس (-s ḍuṭáṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دل تاریک ہونا، غمگین ہونا (۲) دل میں غصّہ بھر جانا۔

-س ڈِڈِم مَناس (-s ḍíḍim manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ٹھِٹِھم مَناس -(-s ṭhíṭhim manáas)۔

-س ڈَنْ مَناس (-s ḍaṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دل سخت ہونا (۲) دلیر ہونا (۳) بخیل ہونا۔

-س ڎُم اَتُوسَس (-s ċum atúusas) [بُر۔محاورہ] دل کا ارمان پورا نہ ہونا، افسوس میں رہنا (۲) ضد یا دشمنی کا ختم نہ ہونا۔

-س ڎُم ایتَس (-s ċum étas) [بُر۔محاورہ] کوئی کام اپنے خیال یا تصور سے کرنا، بغیر مشورے کے کرنا۔

-س ڎُم دُوسَس (-s ċum duúsas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س پُھوش مَناس -(-s phuúṣ manáas)۔

-س ڎُم نِیَس (-s ċum níyas) [بُر۔محاورہ] بھول جانا، فراموش کرنا (۲) الٹی کرنا، قے کرنا۔

-س ڎے اوقَرَٹَس (-s ċe oóqaraṭas) [بُر۔محاورہ] سمجھ میں نہ آنا۔

-س ڎے پُھو چِیَس (-s ċe phu ċhíyas) [بُر۔محاورہ] غم میں مبتلا ہونا، صدمہ سے دوچار ہونا (۲) تیزابیت کی وجہ سے سینے میں جلن ہونا۔

-س ڎے پُھو لَم مَناس (-s ċe phu lam manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ڎے پُھو چِیَس (-s ċe phu ċhíyas)۔

-س ڎے خَت دُونَس (-s ċe qhat duúnas) [بُر۔محاورہ] غم میں مبتلا ہونا، زیادہ عرصہ تک غم یا بیماری میں مبتلا رہنا۔

-س ڎے خَرَٹَس (-s ċe qharáṭas) [بُر۔محاورہ] سمجھ میں آنا، سیکھنا۔

-س ڎے دُونَس (-s ċe duúnas) [بُر۔محاورہ] غم یا رنج میں مبتلا ہونا، صدمہ پہنچنا (۲) حلق میں بلغم ہونے کی وجہ سے سانس لینے میں مشکل پیش آنا۔

-س ڎے زَنْ دُونَس (-s ċe zaṅ duúnas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س ڎے خَت دُونَس (-s ċe qhat duúnas)۔

-س ژُوَس/ژُوِیَس (-s żúwas/żúyas)

[بُر۔محاورہ] ہمت کرنا، جرأت کرنا (۲) امید پیدا ہونا۔

-س سَکٹ ایتَس (-s saṅ étas) [بُر۔محاورہ] بیماری سے افاقہ ہونا (۲) خوش ہونا، راضی ہونا۔

-س سَکٹ ایتَس (-s saṅ éetas) [بُر۔محاورہ] خوش کرنا (۲) لسی یا میوہ وغیرہ کھانے سے دل تروتازہ ہونا۔

-س سَکٹ مَناس (-s saṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَکٹ ایتَس (-s saṅ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س شوَقُم ایتَس (-s šóqum étas) [بُر۔محاورہ] دل کشادہ کرنا (۲) سخاوت کرنا (۳) بلند ہمّتی کرنا۔

-س شوَقُم مَناس (-s šóqum manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س شوَقُم ایتَس (-s šóqum étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س سَآو مَناس (-s ṣaáw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَو مَناس (-s ṣaw manáas) جس میں یہ قدرے تخفیف ہے۔

-س سَڈق مَناس (-s ṣaḍáq manáas) [بُر۔محاورہ] خوفزدہ ہونا، ڈرنا۔

-س سَو مَناس (-s ṣaw manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س سَڈق مَناس (-s ṣaḍáq manáas)۔

-س سِیَس (-s ṣíyas) [بُر۔محاورہ] بیزار کرنا (۲) تیزابیت کی وجہ سے سینے میں جلن ہونا۔

-س غُل مَناس (-s ġul manáas) [بُر۔محاورہ] تیل، گھی وغیرہ کھانے کے نتیجے میں کھانے کا اشتہا ختم ہونا، بھوک ختم ہونا۔

-س غَلِیس ایتَس (-s ġalíis étas) [بُر۔محاورہ] دل مائل نہ ہونا، راضی نہ ہونا (۲) دل میں خدشہ رکھنا (۳) بے چین ہونا۔

-س غَلِیس مَناس (-s ġalíis manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س غَلِیس ایتَس (-s ġalíis étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س غُنیکِس ایتَس (-s ġunékiṣ étas) [بُر۔محاورہ] برا ماننا، ناراض ہونا۔

-س غُنیکِس مَناس (-s ġunékiṣ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س غُنیکِس ایتَس (-s ġunékiṣ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س کَھپُن (-s khápun) [بُر۔اسم] سینے کے نچلے حصے میں وہ گڑھا جو معدہ کے منھ کے اوپر ہوتا ہے جہاں سینہ قدرے اندر کی طرف دھنسا ہوا نظر آتا ہے۔

-س کرے جِیِیرے کا (-s ke jiíye káa)
[بُر۔محاورہ] بجان ودل،شوق سے،خوشی سے۔

-س گارڈَس (-s gáarċas) [بُر۔محاورہ] بیزار ہونا،دل ٹوٹ جانا،دل برداشتہ ہونا۔

-س گٹ مَناس (-s gaṭ manáas)
[بُر۔محاورہ] ہنس ہنس کر آنتوں میں بل پڑنا (۲) رو روکر بے حال ہونا۔

-س گٹ وَلَس (-s gaṭ wálas) [بُر۔محاورہ]
دیکھیے۔س گٹ مَناس (-s gaṭ manáas)

-س گراس (-s guráas) [بُر۔محاورہ] نظر میں آنا (۲) پسند آنا (۳) راضی ہونا،خوش ہونا (۴) قانع ہونا۔

-س گِرَتَس (-s girátas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے
-س ٹِھٹِھم مَناس (-s ṭhiṭhim manáas)۔

-س گرُرُم مَناس(-s garúrum manáas)
[بُر۔محاورہ] دل میں محبت پیدا ہونا (۲) ہمدردی پیدا ہونا (۳) دوستی ہونا۔

-س گساس (-s gusáas) [بُر۔محاورہ] ڈر جانا
(نگری بروشسکی)۔

-س گلَس (-s gálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س گارڈس (-s gáarċas)۔

-سُ لُم بَر ایتَس (-sulum bar étas)
[بُر۔محاورہ] دل کی بات بتانا (۲) دوسرے کے خیال کے مطابق بولنا،بالکل وہی کہنا جو دوسرے کے دل میں ہو۔

-سُ لُم پَھیُوٗ گلَس
(-sulum phayú gálas) [بُر۔محاورہ] دل کی آرزو پوری ہونا (۲) کام عین منشاء کے مطابق انجام پانا۔

-سُ لوٗ اَپلَس (-sulo apálas) [بُر۔محاورہ]
دیکھیے -س ڈے اوٗقَرتَس
(-s ċe oóqaraṭas)۔

-سُ لوٗ اِمَنَس (-sulo imánas) [بُر۔محاورہ]
کسی کی یاد تازہ ہونا،بار بار یاد آنا۔

-سُ لوٗ اوسَس (-sulo óosas) [بُر۔محاورہ]
دل میں رکھنا،زبان پر ظاہر نہ کرنا (۲) یاد رکھنا۔

-سُ لوٗ اے بِشاَیَس (-sulo éebiśayas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے -سُ لوٗ بَلاس
(-sulo baláas) جس کا یہ متعدی ہے۔

-سُ لوٗ ایتَس (-sulo étas) [بُر۔محاورہ] یاد کرنا، یاد میں لانا۔

-سُ لوٗ اَیوسَس (-sulo ayóosas)
[بُر۔محاورہ] دل میں نہ رکھنا (۲) کینہ وغیرہ صاف کرنا (۳) صاف صاف بتانا۔

-سُ لوٗ بَلاس (-sulo baláas) [بُر۔محاورہ]

دیکھیے -س ڈےٗ خَرَٹَس(-s ċe qharáṭas)

-سُ لوٗ پُھوَن لَم مناس (-sulo phúwan lam manáas) [بُر-محاورہ] دل جلنا، دل میں آگ بھڑک اٹھنا (۲) غم میں مبتلا ہونا۔

-سُ لوٗ خِلِنچ مَناس

(-sulo qhilínć manáas) [بُر-محاورہ] دل میں شبہ پیدا ہونا (۲) دل میں خدشہ ہونا۔

-سُ لوٗ دو مَناس (-sulo dóo manáas) [بُر-محاورہ] دل میں گرہ پڑنا (۲) کوئی خیال دل میں اٹک جانا (۳) گیس یا ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے معدہ پر بوجھ پڑنا۔

-سُ لوٗ دویَنَس (-sulo dóoyanas) [بُر-محاورہ] دیکھیے -سُ لوٗ دو مَناس (-sulo dóo manáas)۔

-سُ لوٗ شوٗق ایتَس (-sulo śoq éetas) [بُر-محاورہ] دیکھیے -سُ لوٗ شوٗق مَناس (-sulo śoq manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

-سُ لوٗ شوٗق مَناس(-sulo śoq manáas) [بُر-محاورہ] ناک میں دم ہونا، تنگ آنا، دق ہونا، عاجز ہونا۔

-سُ لوٗ شیٖک ایتَس (-sulo śek étas) [بُر-محاورہ] دل میں شک کرنا، شبہ پیدا کرنا۔

-سُ لوٗ شیٖک مَناس

(-sulo śek manáas) [بُر-محاورہ] دل میں شک ہونا، شبہ ہونا۔

-سُ لوٗ سَو مَناس (-sluo ṣaw manáas) [بُر-محاورہ] دل میں لہر دوڑنا (۲) دل میں چھبنا (۳) ڈرنا، خوفزدہ ہونا۔

-سُ لوٗ سَیک ایتَس (-sulo ṣek étas) [بُر-محاورہ] دل میں بھرنا، طبیعت سیر ہونا۔

-سُ لوٗ ڞُم مَناس

(-sulo çhum manáas) [بُر-محاورہ] دل پر خیال گزرنا، کوئی بات سوچ میں آنا۔

-سُ لو گَرُرُم یَیَس

(-sulo garúrum yáyas) [بُر-محاورہ] دل میں ہمدردی پیدا ہونا (۲) محبت پیدا ہونا۔

-سُ لوٗ گژُٹ مَناس

(-sulo gužúṭ manáas) [بُر-محاورہ] دل میں کھٹکنا (۲) دل میں خیال گزرنا (۳) خدشہ ہونا۔

-سُ لوٗ گنَس (-sulo gánas) [بُر-محاورہ] دیکھیے -سُ لوٗ اوسَس (-sulo óosas)۔

-سُ لوٗ مَناس (-sulo manáas) [بُر-محاورہ] یاد میں ہونا (۲) کسی کی یاد آنا۔

-س مُخ مَناس (-s muç manáas)

[بُر۔محاورہ] دل میں گرہ پڑنا (۲) شک پیدا ہونا (۳) نفرت پیدا ہونا (۴) دل کو اچانک صدمہ پہنچنا۔

-س مَلاَق ایتَس (-s malaáq éetas) [بُر۔محاورہ] جی متلانا، الٹی آنا (۲) کوئی بات وغیرہ پسند نہ آنا۔

-س مَلاَق مَناس (-s malaáq manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے -س مَلاَق ایتَس (-s malaáq éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

-س نِقَر (-s níqar) [بُر۔محاورہ] دل کھول کر، کشادہ دلی سے۔

-س نِیَس (- s níyas) [بُر۔محاورہ] کسی کام وغیرہ کرنے کو جی چاہنا، دل راضی ہونا (۲) ڈرنا، خوفزدہ ہونا۔

-س والَس (-s wáalas) [بُر۔محاورہ] ہوش و حواس کھونا، حواس باختہ ہونا (۲) حیران و پریشان ہونا۔

-س یارُم ڈَکوٗ مَناس

(-s yáarum ḍáko manáas) [بُر۔محاورہ] سہارا بننا، مددگار بننا۔

-س یارے بتیٖک دیلَس

(-s yáare batéñ délas) [بُر۔محاورہ] بھوک برداشت کرنا۔

س۔اٗ

-ساٗ (-sa) [بُر۔اسم] حمل کی مدت (۲) امید، آس، توقع۔

-ساٗمُڈ (-sámuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے -ساٗ (-sa) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

-ساٗمُڈ گِیاٗیَس (-sámuċ giyáyas)

[بُر۔محاورہ] حمل کی مدت پوری ہونا، نو ماہ کا عرصہ گزر جانا۔

ساٗ (sa) [بُر۔اسم] سورج، دھوپ، دن۔

ساٗ اَسقُر (sa asqúr) [بُر۔اسم] سورج مکھی۔

ساٗ اَسقُرِک (sa asqúriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ساٗ اَسقُر (sa asqúr) جس کی یہ جمع ہے۔

ساٗ اِشار نِیَس (sa iśáar níyas) [بُر۔محاورہ] سورج کا برج سرطان میں داخل ہو جانا۔

ساٗ اِشار کرے جرے شَرمار

(sa iśáar ke je śarmáar) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ برج سرطان کے بعد دھوپ کا زور ٹوٹ جاتا ہے۔

ساٗ اِغُنجَیَس (sa igúnjayas) [بُر۔محاورہ] سورج کو گرہن لگنا۔

ساٗ بُوٗر (sa buúr) [بُر۔اسم] غروبِ آفتاب۔

سآ بُوّر مَناس (sa buúr manáas)
[بُر۔محاورہ] سورج غروب ہونا۔

سآ پَریٔ (sa pári) [بُر۔متعلق فعل] غروب آفتاب سے ذرا پہلے (۲) طلوع آفتاب کے ذرا بعد میں۔

سآ پَھر مَناس (sa phar manáas)
[بُر۔محاورہ] سورج کا نصف النّہار سے نیچے اترنا۔

سآ تَھپ (sa thap) [بُر۔متعلق فعل] دن رات، روز و شب۔

سآ تَھپ ایتَس (sa thap étas) [بُر۔محاورہ]
دن رات کام کرنا، جلدی کرنا، پوری ہمت سے کام کرنا۔

سآ تَھریٔس غآ تَھریٔس
(sa tharés ġa tharés) [بُر۔صف]
بے یارومددگار، بے سہارا، ماں باپ دونوں کی طرف سے یتیم۔

سآ تَھریٔس غآ تَھریٔس وَلَس
(sa tharés ġa tharés wálas) [بُر۔محاورہ]
بے یارومددگار ہونا، ماں باپ کا سایہ سر سے اٹھنا۔

سآ ٹَکر وَلَس (sa ṭáṅar wálas)
[بُر۔محاورہ] سورج کا بادلوں میں چھپ جانا۔

سآ ٹَھم (sa ṭham) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، تمام دن۔

سآ ٹَھم ایتَس (sa ṭham éetas) [بُر۔محاورہ]
دیر کرنا، تاخیر کرنا (۲) پورا دن صرف کرنا، پورا دن لگانا، دن بھر کام کرنا۔

سآ ٹَھم مَناس (sa ṭham manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے سآ ٹَھم ایتَس (sa ṭham éetas) جس کا یہ لازم ہے۔

سآ جِل مَناس (sa jil manáas) [بُر۔محاورہ]
سورج طلوع ہونا، سورج نکل آنا (۲) موقع ہاتھ آنا، کوئی فائدہ ملنا۔

سآ دَلنے ژُوَس (sa dálne żúwas)
[بُر۔محاورہ] دن چڑھنا (۲) دن لمبا ہونا۔

سآ دُوَسَس (sa duúsas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سآ جِل مَناس (sa jil manáas)۔

سآ غُسَنُم مَناس
(sa ġusánum manáas) [بُر۔محاورہ] دن لمبا ہونا۔

سآ غُوآ مَناس (sa ġúwa manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے سآ پَھر مَناس (sa phar manáas)۔

سآ قُر ایتَس (sa qur éetas) [بُر۔محاورہ]
دیکھیے سآ ٹَھم ایتَس (sa ṭham éetas).

سآ کرے ہَلَنْڈ جُوَن (sa ke halánċ juwán)
[بُر۔تشبیہ] آفتاب و ماہتاب کی مانند، بہت خوبصورت،

حسین وجمیل۔

ساَ کُھٹ مَناس (*sa khuṭ manáas*) [بُر۔محاورہ] دن کا چھوٹا ہونا۔

ساَ گوَن (*sa gon*) [بُر۔متعلق فعل] روزگار (۲) وقت، زمانہ۔

ساَ گوَن ایرَس (*sa gon éeras*) [بُر۔محاورہ] وقت گزارنا۔

ساَ مَرِش (*samáriṣ*) [بُر۔اسم] وہ لکڑی جو دریچہ یا روزن کے چاروں طرف لگائی جاتی ہے۔

ساَ نِم (*sa nim*) [بُر۔متعلق فعل] بے وقت، ناوقت، بعدِ غروبِ آفتاب۔

ساَ نِیَس (*sa níyas*) [بُر۔محاورہ] سورج غروب ہونا (۲) دن ڈھل جانا، دن ختم ہونا۔

ساَ وَلَس (*sa wálas*) [بُر۔محاورہ] دھوپ پڑنا، کسی جگہ تک دھوپ پہنچنا (۲) بادلوں سے سورج نکل آنا (۳) کوئی نفع ہاتھ آنا۔

ساَ ہَرَلتَر وَلَس (*sa harâltar wálas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ساَ ٹَھَر وَلَس (*sa ṭáṅar wálas*)۔

ساَ ہَلاَ بوَئن (*sa halá boyn*) [بُر۔اسم] دیکھیے بوَئن (*boyn*) یہ دراصل ساَبوَئن (*sa boyn*) اور ہَلاَ (*halá*) یعنی ہَلَنْڈ (*haláṅċ*) چاند بوَئن (*boyn*) ہے، بوَئن روشنی کو بھی کہا جاتا ہے اور یہ کچھ قدیم دیوتاؤں کے نام بھی ہیں۔

سائز (*sayz*) [انگ۔اسم] حجم، ناپ، پیمائش۔ size

سائن (*sayn*) [انگ۔اسم] نشان، علامت (۲) دستخط۔ sign

سائن بوڈ (*sayn bóoḍ*) [انگ،بُر۔اسم] وہ تختہ جس پر لکھتے ہیں اور اشتہار لگاتے ہیں اور دوکان سڑک وغیرہ کا نام لکھتے ہیں۔ signboard

س-۱

سا (*sáa*) [بُر۔متعلق فعل] سورج کا، سورج کے متعلق (۲) اے سورج!

سا اِچَھقَرِک (*sáa icháqariṅ*) [بُر۔اسم] سورج کی شعاعیں۔

سا اِغَرِکِش (*sáa igárikiṣ*) [بُر] دیکھیے سا اِغَرِکیَ (*sáa igáriki*)۔

سا اِغَرِکِش جُون (*sáa igárikiṣ juwán*) [بُر۔تشبیہ] دیکھیے سا اِغَرِکیَ (*sáa igáriki*)۔

سا اِغَرِکیَ (*sáa igáriki*) [بُر۔اسم] پرندوں کے

انڈوں میں سے وہ انڈہ جس سے بچہ نہ نکلے اور ضائع ہو۔

سا اِلچِن (sáa ílčin) [بُر۔اسم] وہ جگہ جہاں ہمیشہ یا اکثر دھوپ ہو، وہ جگہ جو دھوپ کے سامنے ہو۔

سا ایَپت (sáa épat) [بُر] دیکھیے سا اِلچِن (sáa ílčin)۔

ساپ (sáap) [بُر۔اسم] صاحب کا بگاڑ۔

سا تَھلی (sáa thalií) [بُر۔اسم] شفق، سورج کی پہلی یا آخری روشنی جو پہاڑ کی چوٹی پر نظر آتی ہے۔

ساجوَ (sáajo) [بُر۔اسم] ثالث، ریفری۔

ساجوَ مَناس (sáajo manáas) [بُر۔محاورہ] دو آدمیوں کے درمیان ثالث بننا، ریفری بننا۔

ساجوَتِک (sáajotiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے ساجوَ (sáajo) جس کی یہ جمع ہے۔

سا چُوَس/چُوَیَس (sáa čhúwas/čhúyas) [بُر۔محاورہ] دھوپ پڑنے کی وجہ سے رنگ تبدیل ہونا، رنگ خراب ہونا۔

سادات (saadáat) [ع۔اسم] سائد بمعنی سردار کی جمع الجمع (۲) کنایۃً حضرتِ علیؓ اور حضرتِ فاطمہؓ کی اولاد۔

سادَگی/سادَگی (saadagí) [ف،بُر۔اسم] صفائی، صاف دلی (۲) سیدھاپن (۳) بھولاپن (۴) بے تکلفی۔

سادہ/ساداَ (saadá) [ف،بُر۔صف] سادہ، بے نقش ورنگ، صاف (۲) بھولا بھالا۔

سا دیَلَس (sáa délas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا چُوَس (sáa čhúwas) (۲) سیب یا خوبانی کا پھل پکنے سے پہلے زرد ہو کر زمین پر گرنا۔

سا دیَلُم (sáa délum) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا دیَلَس (sáa délas) جس کی یہ صفت مفعولی ہے۔

ساڈُموَ (sáačumo) [بُر۔متعلق فعل] دن کے وقت، دن کے دوران۔

سا ڈےَ (sáa če) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، دن کے وقت (۲) دھوپ میں۔

سا ڈےَ اِوَلَس (sáa če iwálas) [بُر۔محاورہ] بے یارومددگار رہ جانا (۲) تنگ دست ہونا (۳) دن بھر دھوپ میں کام کرنا۔

سا ڈےَ گُوَس (sáa če gúwas) [بُر۔محاورہ] سکھانے کے لیے دھوپ میں رکھنا۔

سا ڈےَ گِیَس (sáa če gíyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ڈےَ گُوَس (sáa če gúwas) بعض چیزوں کے لیے گُوَس (gúwas) اور بعض کے لیے گِیَس (gíyas) آتا ہے۔ مثلاً ڈُوَ سا

ڎےٚ گوَس (žuú sáa ċe gúwas) اور بَٹیِرِکْ سا ڎےٚ گِیَس (batériṅ sáa ċe gíyas)۔

سا ڎےٚ وَشِیَس (sáa ċe wáśiyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ڎےٚ گوَس (sáa ċe gúwas) جس کی یہ واحد ہے۔

سا ڎےٚ وَلَس (sáa ċe wálas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سا ڎےٚ وشِیَس (sáa ċe wáśiyas) جس کا یہ لازم ہے۔

سا ڎےٚ ہُرُٹَس (sáa ċe hurúṭas) [بُر۔محاورہ] دھوپ کھانا، دھوپ میں بیٹھنا۔

سا رَش (sáa raś) [بُر۔اسم] سورج کی شعاعیں، کرن، روشنی۔

سارۆ (sáaro) [بُر۔صف] پھلا پھولا، خوب نشوونما پایا ہوا (۲) طاقتور، استوار، مستحکم۔

سارۆ ایٹَس (sáaro étas) [بُر۔محاورہ] طاقتور بنانا، مضبوط بنانا (۲) پالنا، پرورش کرنا۔

سارۆتِکْ (sáarotiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سارۆ (sáaro) جس کی یہ جمع ہے۔

سارۆ مُڎ (sáaromuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سارۆتِکْ (sáarotiṅ)۔

سارۆمَناس (sáaro manáas) [بُر] دیکھیے سارۆ ایٹَس (sáaro étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ساری (sáari) [بُر] دیکھیے سارۆ (sáaro) جس کی یہ تانیث ہے۔

ساز باز (sáaz báaz) [ف۔اسم] کسی کے خلاف گٹھ جوڑ، کسی کے خلاف سازش۔

سازِش (saazíś) [ف۔اسم] کسی کے خلاف خفیہ جوڑ توڑ۔

سازش ایٹَس (saazíś étas) [بُر۔محاورہ] کسی کے خلاف خفیہ جوڑ توڑ کرنا۔

سازِشی/سازِشیٚ (saaziśí) [ف،بُر۔صف] سازش کرنے والا۔

ساسپَر (sáaspar) [بُر۔اسم] ایک بوٹی جو دوا کی خاصیت رکھتی ہے، یہ دوا ہونزا کے پہاڑوں میں بہت بلندی پر اگتی ہے اس کی جڑ دانت صاف کرنے کے لیے مشہور ہے۔

ساسپِرِشوٚ (sáaspariśo) [بُر۔اسم] دیکھیے ساسپَر (sáaspar) جس کی یہ جمع ہے۔

سا سَکْ (sáa saṅ) [بُر] سورج کی روشنی۔

ساقی/ساقیٚ (saaqíi) [ف،بُر۔اسم] پلانے والا (۲) شراب یا حقہ پلانے والا۔

ساقِیےٚ کوثر (saaqíye koosár) [ف۔اسم]

حضور پاک صلعم کا لقب، شیعوں کے نزدیک حضرت علیؑ کا لقب۔

سال (sáal) [بُر۔اسم] ایک سادہ آلہ جسے دھاگہ کے ذریعے آویزاں کرکے راج اور بڑھئی مطلوبہ جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں یا دیوار کی کجی معلوم کرتے ہیں (۲) برس، بارہ مہینوں کا مجموعہ۔

سال ایَتَس (sáal étas) [بُر۔محاورہ] سال (sáal) (معنی نمبر۱) کو آویزاں کرکے مطلوبہ جگہ معلوم کرنا یا دیوار کی کجی معلوم کرنا۔

سالار (saaláar) [ف۔اسم] سردار، افسر، حاکم۔

سالتِک (sáaltik-) [بُر۔صف] رقیب، حریف، ہم چشم (۲) مدِ مقابل۔

سالِشوٗ (sáališo) [بُر۔اسم] دیکھیے سال (sáal) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

سالگِرہ/سالگِراَ (saalgirá) [ف،بُر۔اسم] سالانہ تقریب، ولادت، شادی وغیرہ کا سالانہ جشن۔

سالِݹ (sáaliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سال (sáal) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

ساماݹ (saamáaṅ) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سامان (saamáan) جس کا یہ مبرّش ہے۔

ساماݹے دُروٗ ایچیے دَمَن ڈُپھوٗغُرچیے (saamáaṅe duró éči damán duphóǵurči) [بُر۔محاورہ] کام کوئی اور کرے سہرا کسی اور کے سر۔

سامان (saamáan) [ف۔اسم] مال، اسباب (۲) ہتھیار (۳) آثار، علامت۔

سان (sáan) [بُر۔اسم] شراب کا مٹکا، گھڑا (۲) بڑی ہانڈی (۳) ایک سورج، 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

تھُم تھانیے حَلال میِل دُمَنَس مُمکِن اَکوغَن
فِردوسیے شَراب جا شُلیے شاہ سانُ لوٗ ییَڈم

دیوان نصیری (بروشسکی)، ص ۳۴۹۔

ترجمہ: (مرشد کامل کے سوا) کسی اور مقام پر حلال شراب (عشقِ ساوی) کا تیار ہونا ممکن نہیں۔ میں نے بادۂ بہشت کو شہنشاہِ الفت کے سبو (کوزے) میں دیکھا۔

سان بَت (sáan bat) [بُر۔اسم] وہ بَت (bat) جو شراب کا خُم سان (sáan) بنانے کا کام آتا ہے۔

سان دَن (sáan dan) [بُر۔اسم] دیکھیے بَلوش دَن (balóoṣ dan)۔

سانیے (sáani) [بُر۔متعلق فعل] کچھ دن پہلے، کچھ عرصہ قبل۔

سائرن (saayrán) [انگ۔اسم] ایک آلہ جس سے آواز پیدا ہوتی ہے، بھونپو۔ siren

سائرَن ایَتَس (saayrán étas) [بُر۔محاورہ] سائرن بجانا۔

سائرن مَناس (saayrán manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سائرَن ایتَس (saayrán étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سائنٹِفِک (saaynṭifík) [انگ۔صف] علمی، عالمانہ، سائنسی اصول کے مطابق۔ scientific

سائنس (sáayns) [انگ۔اسم] علم (۲) فن، وہ علم جس کی بنیاد تجربات اور مشاہدات پر ہو۔ science

سائنس دان (sáayns dáan) [انگ+ف۔اسم] سائنس جاننے والا، سائنس کا ماہر۔ scientist

- سایَس (-sáaẏas) [بُر۔مص] فراہم کرنا، فراوان مقدار یا تعداد میں فراہم کرنا۔

سایوٗ (sáayo) [بُر۔صف] آسان، ایسی جگہ جہاں سے آسانی سے گزرنا ممکن ہو۔

سا یآریٔ (sáa yaári) [بُر۔اسم] شفق، سورج کی کرن۔

سایوٗ (sáayo) [بُر۔اسم] دیکھیے سان (sáan) معنی نمبر ا، ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

س ۔ آ

سآت (saát) [ع، بُر۔اسم] عربی لفظ ساعت کا بگاڑ، گھڑی، پل، لحظہ (۲) وقت (۳) آغاز۔

سآت ایتَس (saát éetas) [ع+بُر۔محاورہ] آغاز کرنا، شروع کرنا۔

سآت کرۓ پآخیٔ (saát ke paáçi) [بُر۔محاورہ] نیک وقت اور صحیح موقع۔

سآت کرۓ پآخیٔ کا مَناس (saát ke paáçi káa manáas) [بُر۔کہاوت] کوئی کام نیک وقت اور صحیح موقع پر انجام پانا۔

سآت گوٗئن (saát guyn) [بُر۔اسم] کام کا آغاز کرنے والا، نوٹ: ہونزا میں بعض کاموں کے آغاز کے لیے کسی خاص قبیلے کے کسی فرد کو مقرر کیا جاتا ہے، اسے سآت گوٗئن (saát guyn) کہتے ہیں۔

سآت مَناس (saát manáas) [بُر۔محاورہ] آغاز ہونا، شروع ہونا (۲) نیک وقت ہونا۔

سآتَر بَریَنَس (saátar barénas) [بُر۔محاورہ] ساعت بینی کرنا، ستاروں کی گردش کے حساب سے نیک نحس ساعت معلوم کرنا۔

سآٹیٔ (saáṭi) [بُر۔متعلق فعل] دیکھیے سانیٔ (sáani)۔

سآٹیٔ کُھولتوٗ (saáṭi khúulto) [بُر۔محاورہ] ان دنوں، آج کل (اردو میں پہلے آج یعنی کُھولتوٗ (khúulto) آتا ہے جبکہ بروشسکی میں پہلے کل

یعنی ساآٹیءِ (saáṭi) آتا ہے)۔

ساآٹیءِ موٗ (saáṭi mo) [بُر۔متعلق فعل] گزشتہ دنوں کا۔

ساآٹیءِ یاآبُلتوٗ (saáṭi yaábulto) [بُر۔متعلق فعل] گزشتہ دنوں، گزشتہ ایام میں۔

ساآر (saár) [بُر۔اسم] قدرے پھیلا ہوا پانی، نیز دیکھیے سر (sar) معنی نمبر ۳،۴ جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ساآر ایتَس (saár étas) [بُر۔محاورہ] کوئی رقیق چیز پھیلانا، پانی کو زمین پر پھیلانا۔

ساآر ایتس (saár éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ساآر ایتَس (saár étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

ساآر مَناس (saár manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ساآر ایتَس (saár étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ساآرکوٗ دُوآرکوٗ (saárko duwaárko) [بُر۔محاورہ] غیر متوقع طور پر، اچانک۔

ساآس (saás) [بُر۔عدد] ہزار، دس سو۔

ساآسَٹر غاآ بَسار نِم جُوَن (saásaṭar ġa basáar nim juwán) [بُر۔مثل] ایسا شخص جو دن بھر باہر رہے اور صرف رات بسر کرنے کے لیے شام کو گھر لوٹے۔

ساآسَٹُموٗ (saásaṭumo) [بُر۔متعلق فعل] دن کے آخری حصے میں، شام کا / کو / کی۔

ساآسَٹرےِ (saásaṭe) [بُر۔متعلق فعل] شام کو، دن کے آخری حصے میں۔

ساآسَٹرےِ مَناس (saásaṭe manáas) [بُر۔محاورہ] دن ختم ہونا، شام آنا۔

ساآسےِ گَش (saáse gaṣ) [بُر۔محاورہ] بے بہا، گران بہا (لفظی معنی وہ چیز جس کی قیمت ایک ہزار روپیہ ہو)۔

ساآںٔ (saáṅ) [بُر] دیکھیے سَںٔ (saṅ) جس کی یہ تقلیل ہے۔

ساآںٔ ایتَس (saáṅ étas) [بُر۔مص] دیکھیے سَںٔ ایتَس (saṅ étas) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ساآںٔ مَناس (saáṅ manáas) [بُر۔مص] دیکھیے سَںٔ مناس (saṅ manáas) جس کی یہ تقلیل ہے۔

س ـ ب

سباپ (sabáap) [بُر۔اسم] دیکھیے ثَباپ (sabáap)۔

سباپ ایتَس (sabáap étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ ایتَس (sabáap éetas)۔

سباپ ژُوَس (sabáap żúwas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ ژُوَس (sabáap żúwas)۔

سباپ مَناس (sabáap manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ثَباپ مناس (sabáap manáas)۔

سباپَر گِیَس (sabáapar gíyas) [بُر۔محاورہ] ثواب میں شامل ہونا، ثواب حاصل کرنا۔

سُبحان (subháan) [ع۔صف] تمام عیبوں سے پاک، خدا کا ایک بزرگ نام۔

سبحان اللّٰہ (subháan alláa) [بُر۔کلمۂ تحسین وتعجب] پاک ہے اللہ، میں اللہ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں (۲) واہ واہ، آفرین۔

سُبَدو (subádo) [بُر۔صف] چست (۲) لائق (۳) کارآمد، مفید۔

سُبَدو اَبَدو (subádo abádo) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُبَدو (subádo)، اَبَدو (abádo) اس کی ضد ہے۔

سُبَدو مُڈ (subádomuċ) [بُر] دیکھیے سُبَدو (subádo) جس کی یہ جمع ہے۔

سَبُرومو (sáburumo) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر کا۔

سَبُرے (sábure) [بُر۔متعلق فعل] دن بھر، دن کے دوران۔

سَبُرے بُوَر (sábure buúr) [بُر] دیکھیے سَبُرے (sábure)۔

سَبُرے بوَر ایتَس (sábure buúr éetas) [بُر۔محاورہ] پورا دن لگانا۔

سُبَش (subáś) [بُر۔اسم] راحت، آسایش (۲) فراوانی، سکھ، آسودگی، اَبَش (abáś) کی ضد۔

سُبَشِنگ (subáśiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُبَش (subáś) جس کی یہ جمع ہے۔

سبق (sabáq) [ع۔اسم] درس کا وہ حصہ جو روزانہ پڑھایا جائے، تعلیم، درس، نصیحت۔

سبق اُچھیَس (sabáq uċhíyas) [ع+بُر۔محاورہ] درس دینا، تعلیم دینا۔

سَبَق اوئِکنَس (sabáq óykinas) [ع+بُر] دیکھیے سبق اُچھیَس (sabáq uċhíyas)۔

سبق دیغُر کَس (sabáq déeġurkas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق ملنا، عبرت حاصل ہونا۔

سبق گنَس (sabáq gánas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق حاصل کرنا، عبرت حاصل کرنا (۲) کسی استاد سے علم حاصل کرنا۔

سبق غَتَنَس (sabáq ġatánas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق پڑھنا، تعلیم لینا۔

سبق مَناس (sabáq manáas) [ع+بُر۔محاورہ] باعثِ عبرت ہونا، باعثِ پند ہونا۔

سبق ہینَس (sabáq hénas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق سیکھنا، عبرت حاصل کرنا۔

سبق یاد ایتَس (sabáq yáad étas) [ع+بُر۔محاورہ] سبق یاد کرنا۔

سبق یَیَس (sabáq yáyas) [ع+بُر۔محاورہ] دیکھیے سبق دیغُرکَس (sabáq déeġurkas)۔

سَبوٗ (sábo) [بُر۔صف] قوی، مضبوط (۲) چست، چالاک۔

سَبُوٗر (sabuúr) [بُر۔اسم] کل (گزرا ہوا دن)۔

سَبُوٗر موٗ (sabuúr mo) [بر۔متعلق فعل] کل کا/کی/کے۔

سُبوٗم (suboóm) [بُر۔صف] درست، صحیح، ٹھیک (۲) بنایا ہوا، ابوٗم (aboóm) کی ضد۔

س۔پ

سَپ (sap) [بُر۔اسم] نعل، گھوڑے کے سُم میں لگانے کا آہنی حلقہ (۲) گھاس کی ایک قسم جو بیابان میں اگتی ہے جس کے ریشے بالوں کی طرح لمبے ہوتے ہیں (۳) ایک جڑ جو دوا کی خاصیت رکھتی ہے۔

سَپ ایدِلَس (sap éedilas) [بُر۔محاورہ] نعل لگانا، گھوڑا وغیرہ کے سم میں نعل لگانا۔

سَپ دیَلَس (sap délas) [بُر۔محاورہ] تیار ہونا، کہیں جانے کے لیے بوریا بستر باندھنا۔

سَپ وَلَس (sap wálas) [بُر۔محاورہ] گھوڑا وغیرہ کے پیر سے نعل ختم ہو کر گر جانا۔

سِپ (sip) [بُر۔اسم] لوہے کی تاروں (جالی) سے بنائی ہوئی چھلنی، آٹا چھاننے کا آلہ۔

سُپاٗ (supá) [بُر۔اسم] مزہ، لذت، ذائقہ، زیادہ تر طنزاً استعمال کیا جاتا ہے۔

سِپارہ/سِپاراٗ (sipaará) [ف،بُر۔اسم] سی پارہ کا مخفف، قرآن کے تیس پارے یا ان میں سے ایک پارہ۔

سِپاس نامہ/سِپاس ناماٗ (sipáas naamá) [ف،بُر۔اسم] کسی کی خدمت کے اعتراف و تشکر میں پیش کی جانے والی تقریر۔

سِپاہی/سِپاہیٔ (sipaahí) [ف،بُر۔اسم] فوجی آدمی، پولیس، پیادہ۔

سِپای (sipáay) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سِپاہی (sipahí)۔

سِپَت (sipát) [بُر] دیکھیے صِفَت (sifát) جس کا یہ بروشسکی تلفظ ہے۔

سَپُڈ (sápuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپ (sap) جس کی یہ جمع ہے۔

سِپُڈ (sípuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِپ (sip) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپَر (sapár) [ع۔اسم] دیکھیے سفر (safár) جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سَپَر بُبارَک (sapár bubaarák) [بُر۔کلمۂ دعا] آپ کا سفر مبارک ہو۔

سَپَر میناَ (sapár miiná) [ار،بُر۔اسم] سرنگ لگانے اور راستہ صاف کرنے والا فوجی دستہ۔

سُپُراَ (supurá) [ع،بُر۔اسم] عربی لفظ سُفْرَہ کا بگاڑ، دسترخوان (۲) وہ مخصوص کھانا جو شادی وغیرہ کے موقع پر اہتمام کے ساتھ کسی کے اعزاز میں پکایا جائے۔

سُپُراَ مُڈ (supurámuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُپُراَ (supurá) جس کی یہ جمع ہے۔

سِپِرِٹ (sipiríṭ) [انگ۔اسم] شراب کی روح جو ادویہ میں شامل کرنے اور جلانے کے کام آتی ہے۔ sipirit

سَپَر کیٔ (sáparki) [بُر۔اسم] دھوپ میں رہ جانا، دھوپ میں جلنا (۲) سورج کی تابش۔

سَپَر کیٔ وَلَس (sáparki wálas) [بُر۔محاورہ] دن بھر دھوپ میں رہ جانا، دھوپ میں جلنا۔

سَپَروٗ (sapáro) [بُر۔اسم] بعض ناموں مثلاً سفر بیگ، سفر خان وغیرہ کا مخفف اور بگاڑ۔

سَپَریٔ (sapári) [بُر۔اسم] بعض مؤنث ناموں مثلاً سفر بی بی وغیرہ کا مخفف اور بگاڑ۔

سِپرے (siprée) [انگ۔اسم] پھوہار، چھڑکاؤ، پچکاری۔ spray

سُپَلوٗ (supálo) [بُر۔صف] نیک بخت، نیک قدم (۲) مبارک۔

سُپَلوٗ مَناس (supálo manáas) [بُر۔محاورہ] نیک بخت ہونا، مبارک ہونا۔

سُپُن (supún) [بُر۔صف] نیک، شریف (۲) بے ضرر۔

سُپَنڈُر (supándur) [بُر۔اسم] فارسی لفظ سپند یا اسفند کا بگاڑ، کالا دانہ جسے خوشبو کے لیے آگ میں ڈالا جاتا ہے۔

سُپنڈُرے گوٗن نُمَن جا جی شُلے پُھوَٹے غُلاس یٖیشا
دَرُم کُلیٔ اُن جَمِپ اوٗمن ژوٗ جا ڈے نِرے گمَن جا با
دیوان نصیری (بُروشسکی) ص ۶۱۔

ترجمہ: میری جان "سپنڈر" (ہرمُل HARMUL=) کی طرح مقدس آتشِ عشق کی تپش پر بے قراری کے عالم میں سُلگ رہی ہے اور تُو میرے دل کی اس کیفیت سے خوب آگاہ ہے۔ اے میرے محبوب جان! تیرے لیے اس چاہت کے باوجود تو میرے لیے بیگانہ نہ بن جانا اور میری اس حالت پر رحم کرکے دیدارِ اقدس سے نوازنا۔

سُپَنڈُر وَشِیَس (supándur wáśiyas) [بُر۔محاورہ] سپندیا کالا دانہ کو آگ میں ڈال کر خوشبو پیدا کرنا (۲) نذرونیاز کرنا۔

سُپَنڈُروۤ (supánduro) [بُر۔اسم] دیکھیے سُپَنڈُر (supándur)۔

سُپَنڈُروۤ گُوَس (supánduro gúwas) [بُر] دیکھیے سُپَنڈُر وَشِیَس (supándur wáśiyas)۔

سِپَنڎ (sipánć) [بُر۔اسم] دیکھیے سِپ (sip) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپُوۤ (sapú) [بُر۔اسم] نجیب، شریف، اعلیٰ خاندان کا فرد، قدیم زمانے میں میر کے بیٹوں کو سَپُوۓ اُسک (sapúwe usk) کہا جاتا تھا۔

سُپوۤت (supót) [بُر۔اسم] گھوڑا، گدھا اور خچر کا فضلہ۔

سَپوئیۓ (sapóoyi) [بُر۔صف] وہ عورت جس کا بچہ پیدا ہوا ہو۔

سَپوئیۓ تِک (sapóoyitiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپوئیۓ (sapóoyi) جس کی یہ جمع ہے۔

سَپُوۓ اِسک (sapúwe isk) [بُر۔محاورہ] شہزادہ، میر کا بچہ۔

سَپُوۓ اِسک جُوَن

(sapúwe isk juwán) [بُر۔تشبیہ] شہزادہ کی طرح، میر بچہ کی طرح۔

سِپہ سالار/سِپا سالار (sipá saaláar) [ف، بُر۔اسم] فوج کا سب سے اعلیٰ آفیسر۔

سَپُیآر (sapuyaár) [بُر۔اسم] وہ خاندان جس میں افراد کی تعداد زیادہ ہو، بڑا کنبہ۔

سَپُیآر اِمَنس (sapuyaár imánas) [بُر۔محاورہ] کنبہ میں افراد کی تعداد زیادہ ہونا۔

سِپیچ (sipíić) [انگ۔اسم] تقریر، خطبہ، لیکچر (۲) گویائی، بولنے کی صلاحیت۔ speech

سِپیڈ (sipíiḍ) [انگ۔اسم] تیز رفتاری (۲) شرح رفتار۔ speed

سِپیَر پاٹ (sipíyar páaṭ) [انگ۔اسم] فالتو پرزہ۔ spear part

سپیس (spées) [انگ۔اسم] مسلسل وسعت، وسعت

مکانی جہاں کوئی چیز واقع ہو یا نہ ہو (۲) خالی جگہ۔
space

سپیشلسٹ (speeśalíst) [انگ۔اسم] متخصص، کوئی شخص جو کسی علم یا پیشے میں خصوصی مہارت حاصل کرے۔ specialist

سپیَشَل (sipeéśal) [انگ۔صف واسم] خصوصی، بہت عمدہ، خاص الخاص۔ special

سپیکر (spiikár) [انگ۔اسم] بولنے والا، مقرر، خطیب (۲) مجلس قانون ساز کا صدر (۳) لاؤڈ اسپیکر۔ speaker

سپیلنگ (sipelíṅ) [انگ۔اسم] ہجے کرنا، تلفظ کے ہجے۔ spelling

س ـ ت

سَت (sat) [بُر۔اسم] اون دھننے کی جگہ (۲) میدان (۳) پامال (۴) مویشوں کا فصل یا چارہ کو چٹ کر کھانا۔

سَت ایتَس (sat étas) [بُر۔محاورہ] چٹ کر کھانا (۲) پامال کرنا (۳) ہموار کرنا (۴) بڑی تعداد میں درختوں کو کاٹنا، فصل کو کاٹ کر ویران کرنا۔

سَت بِشاَیَش (sat biśáyas) [بُر۔محاورہ] اون دھننے کے لیے زمین کو ہموار کر کے اس پر ریت پھیلانا۔

سُت (sut) [بُر۔اسم] سود کا مخفف اور بگاڑ بمعنی نفع۔

سُت اوٗت (sut oót) [بُر۔اسم] نفع و نقصان۔

سَتَر (sátar) [ع۔اسم] عورت یا مرد کے جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا شرعاً واجب ہے، شرمگاہ۔

سَتَر ایتَس (sátar étas) [بر۔محاورہ] چھپانا، پوشیدہ رکھنا۔

سَترَنج (satránj) [بُر۔اسم] دری۔

سُتُری (suturí) [بُر۔اسم] ہندی لفظ سُتلی کا بگاڑ، پٹ سن کی باریک رسی یا ڈوری۔

سُتُری مُڈ (suturímuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سُتُری (suturí) جس کی یہ جمع ہے۔

۔سِتِنگ (-stiṅ) [بُر۔اسم] سسرال، بیوی کی طرف کا کنبہ۔

سِتَم (sitám) [ف۔اسم] ظلم، جور، تعدی۔

ستم ژُوَس (sitám żúwas) [ف+بُر۔محاورہ] مصیبت نازل ہونا، دکھ یا رنج سے دوچار ہونا۔

ستمبر (sitambár) [انگ۔اسم] نواں انگریزی مہینہ۔ september

سِتمگر (sitamgár) [ف۔اسم] ظالم، ستم کرنے والا۔

سَتُو (satú) [ہ۔اسم] بھنے ہوئے جو کا آٹا، کسی بھنے

ہوئے اناج کا آٹا۔

سَتیاناس (*satiyaanáas*) [ہ۔اسم] تباہی، بربادی۔

سَتیک (*satéṅ*) [بُر۔اسم] دیکھیے سَت (*sat*) معنی نمبر ۱،۲ جس کی یہ جمع ہے۔

س ۔ ٹ

سُٹ (*suṭ*) [بُر۔اسم] خط، سبزہ جو چہرے پر آیا ہو۔

سُٹ دِوسَس (*suṭ díwsas*) [بُر۔اسم] خط بنانا، حجامت بنانا۔

سِٹاپ (*sṭáap*) [انگ۔اسم] رُکنا، رُکنے کی جگہ۔ stop

سِٹاٹ (*siṭáaṭ*) [انگ۔فعل و اسم] شروع کرنا، آغاز کرنا (۲) مشین کا چالو ہونا۔ start

سِٹاٹَر (*siṭaaṭár*) [انگ۔اسم] پہل یا آغاز کرنے والا شخص یا شئے، گاڑی وغیرہ کا انجن چالو کرنے والا پرزہ (۲) ٹیوب لائٹ کو آن کرنے والا پرزہ۔ starter

سِٹار (*siṭáar*) [انگ، بُر۔اسم] ستارہ، تارہ، نجم۔ star

سِٹال (*siṭáal*) [انگ، بُر۔اسم] بازار میں یا کھلی جگہ پر فروخت کا ٹھکانا، بکری کا اڈا۔ stall

سِٹَڈی (*siṭádi*) [انگ، بُر۔اسم] مطالعہ، پڑھائی، معائنہ، تحقیق۔ study

سِٹِک رُوم (*siṭiṅ rúum*) [انگ۔اسم] بیٹھک۔ sitting room

سِٹوپ (*siṭóop*) [انگ، بُر۔محاورہ] کسی ایندھن یا بجلی سے جلنے والا بند چولہا۔ stove

سٹوڈینٹ (*sṭuudénṭ*) [انگ۔اسم] طالب علم۔ student

سٹوڈیو (*sṭooḍiyóo*) [انگ۔اسم] کسی مصور، فوٹوگرافر وغیرہ کی کارگاہ (۲) فلم سازی کا مرکز۔ studio

سٹور (*sṭóor*) [انگ۔اسم] ذخیرہ، کسی چیز کی محفوظ مقدار (۲) گودام۔ store

سِٹُول (*siṭúul*) [انگ۔اسم] اسٹول، مونڈھا، نیچی بینچ۔ stool

سِٹیزِین (*siṭiizén*) [انگ۔اسم] شہری، کسی ملک کا باشندہ۔ citizen

سَٹیش (*saṭeéś*) [بُر۔اسم] سجاوٹ (۲) آباد۔

سَٹیش ایتَس (*saṭeéś étas*) [بُر۔محاورہ] سجانا، آباد کرنا (۲) تدفین کے لیے مردے کو تیار کرنا۔

سَٹیش کُش (*saṭeéśkuṣ*) [بُر۔اسم] سجاوٹ، آبادی۔

سَٹیَش گمیَش ایَتَس (saṭeéś gumeéś étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَٹیَش ایَتَس (saṭeéś étas)۔

سِٹیشیَن (siṭiiśén) [انگ،بُر۔اسم] بس یا ریل گاڑی کے ٹھہرنے کا مقام (۲) نشریات سے تعلق رکھنے والا ادارہ یا عمارت۔ station

سِٹیل (sṭíil) [انگ۔اسم] فولاد۔ steel

س۔ج

سَجدَݣ (sajdáṅ) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے سَجدہ (sajdá) جس کی یہ جمع ہے۔

سَجدہ/سَجداَ (sajdá) [ع،بُر۔اسم] پیشانی زمین پر ٹیکنا، سر جھکانا، نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا ناک، کہنیاں، گھٹنے اور انگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔

سَجدہ ایَتَس (sajdá étas) [ع+بُر۔محاورہ] سجدہ کرنا۔

سجدہ گاہ/سجداَ گا (sajdagáa) [ع+بُر۔اسم] سجدہ کرنے کی جگہ، مصلیٰ۔

سَجِراَ (sajirá) [ع،بُر۔اسم] شجرہ کا بگاڑ، نسب نامہ۔

سَجِراَ ایَتَس (sajirá étas) [ع،بُر۔محاورہ] نسب نامہ بیان کرنا۔

سَجِراَ نَسَپ (sajirá nasáp) [ع،بُر۔اسم] شجرۂ نسب۔

سُجوَ (sújo) [بُر۔صف] پاک، مقدس، معصوم۔

سُجوَ پُنَر (sújo punár) [بُر۔اسم] ایک خوبصورت پھول جو اونچے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے، یہ بنفشہ کی ایک اعلیٰ قسم ہے۔

سُجوَ پُنَرِݣ (sújo punáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُجوَ پُنَر (sújo punár) جس کی یہ جمع ہے۔

سُجوَ پُنَرِکَرے پُھنڈے مُک عاشقے شُلے یُوَ جُوَن
موَ زاَ نُگَن دیغشی نُورے بَرَلتَن دِیارڈ
دیوان نصیری (بروشسکی)، ص ۲۵۱۔

ترجمہ: بنفشہ کے پھولوں پر موجود شبنم کے موتی عاشقِ صادق کے عاشقانہ آنسوؤں کی مانند ہیں۔ نورانی بارش کی نمی سے نور کی بارش برس کر اور علم کی۔ بارش برس کر ان کے حسن میں اور اضافہ ہوگا۔

سُجود (sujúud) [ع۔اسم] جھکنا، سجدہ کرنا۔

سُجُوَکُم (sújukum) [بُر۔صف] پاک، مقدس، معصوم صفت۔

سُجوَن (sujón) [بُر۔اسم] کھوج (۲) نشاندہی (۳) تحقیق۔

سُجوَن ایَتَس (sujón étas) [بُر۔محاورہ]

کھوج لگانا (۲) نشاندہی کرنا (۳) تحقیق کرنا۔

سُجوٗنوٗ (sujóno) [بُر۔اسم] تحقیق کرنے والا، کھوج لگانے والا۔

س۔ح

سَحر (sahár) [ع۔اسم] صبح، فجر، تڑکا۔

سَحری/سَحریۓ (saharí) [ع،بُر۔صف] علیٰ الصباح (۲) رمضان میں صبح ہونے سے قبل کھانے والی غذا تاکہ دن بھر روزہ رکھا جائے۔

س۔خ

سَخاوت (saqhaawát) [ع۔اسم] فیاضی، بخشش، خیرات۔

سَخت (saqht) [ف۔صف] مشکل، دشوار (۲) بے انتہا (۳) جس پر اثر نہ ہو (۴) کنجوس (۵) بہت، شدید (۶) مضبوط (۷) کسا ہوا۔

سَخت مَناس (saqht manáas) [بُر۔محاورہ] مشکل ہونا (۲) بخیل بننا (۳) بے رحم ہونا، سخت ہونا۔

سَختی/سَختیۓ (saqhtí) [ف،بُر] دیکھیے سَخت (saqht) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَختی ایتَس (saqhtí étas) [بُر۔محاورہ] سختی کرنا، تکلیف دینا۔

سَخی (saqhíi) [ع۔صف] فیاض، مخیّر، کریم۔

س۔څ

سُڅ (suç) [بُر۔اسم] اتفاق، مہر و محبت۔

سُڅ مناس (suç manáas) [بُر۔محاورہ] اتفاق ہونا، مہر و محبت ہونا۔

سَڅاَ (saçá) [بُر۔اسم] بیداری، بیداری کی حالت۔

جا غِلتِریسوٗ نخرہ اُیَم مستیۓ دُماہس
میٔنرِۓ اُوٗلجیۓ کرِۓ ایٔڈس اِنرِۓ مُک جا سَڅاَ ییٔڈم

دیوان نصیری (بُروشسکی)، ص ۱۶۸۔

ترجمہ: میرے ناز پرور محبوب کی عشرہ گری میں شیرینی اور حسن و جمال کی مستی رونق افزا ہے، اُس گوہر یکدانہ کا جسے لوگ خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتے (خوش نصیبی سے) مجھے ظاہری دیدار نصیب ہوا۔

سَڅاَ اِمَنَس (saçá imánas) [بُر۔محاورہ] بیداری کی حالت میں ہونا۔

سَڅاَ کُشیۓ (saçákuši) [بُر۔متعلق فعل] بیداری کی حالت میں۔

سَخَک (saçáṅ) [بُر-اسم] شکل،صورت (۲) خدوخال۔

سُخُمیی (suçuméy) [بُر-اسم] شرافت (۲) مہر ومحبت۔

سَخو (sáço) [بُر-صف] آسان (۲) واضح،نمایاں۔

سَخومِک (sáçomiṅ) [بُر] دیکھیے سَخو (sáço) جس کی یہ جمع ہے۔

سَخونو (saçoóno) [بُر] دیکھیےسَخو (sáço)۔

سُخیِ (súçi) [بُر-اسم] اتفاق،اتحاد،مہرومحبت۔

سُخیِ ایتَس (súçi étas) [بُر-محاورہ] اتفاق کرنا،اتحادکرنا۔

سُخیمو (suçéeymo) [بُر] دیکھیے سُخیئمو (suçéymo)۔

سُخیئمو (suçéymo) [بُر-صف] شریف (۲) فرمانبردار (۳) نیک سرشت۔

سُخیئمو مَناس (suçéymo manáas) [بُر-محاورہ] شریف بننا (۲) فرمانبردار بننا۔

سُخیئمو مَنِش (suçéymo maniṣ) [بُر-دعا] نیک شگون ہو،خیرہو۔

سُخیئمیِ (suçéymi) [بُر] دیکھیے سُخیئمو (suçéymo) جس کی یہ تانیث ہے۔

س-د

سُداَ (sudá) [بُر-اسم] حیوان کاسم یا کُھر گھس کر چلنے کے قابل نہ رہنا۔

سُداَ اِمَنَس (sudá imánas) [بُر-محاورہ] دیکھیے سُداَ (sudá)۔

سِدِر (sídir) [ع-اسم] بیری،سدرہ۔

سُدُگِنَس (sudúginas) [بُر-مص] مصروف رہنا (۲) تجربہ حاصل کرنا۔

سِدَم (sidám) [بُر-صف] سادہ جس پر نقش ونگار نہ ہو۔

سَدَن نُکِرَت غُلامَر شَبَش (sadán nukírat ġuláamar ṣábaṣ) [بُر-کہاوت] یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کام کوئی اور کرے مگر انعام یا نیک نامی کسی اور کو ملے۔

س-ر

سَر (sar) [بُر-اسم] دھاگہ (۲) ریشہ (۳) پھیلا ہوا پانی (۴) جھیل (۵) خرگوش۔

سِر (sir) [بُر-اسم] معجزہ،کرامت، [ع-اسم] راز، بھید۔

سُر (sur) [بُر-اسم] کتر بیونت،نوچ کھسوٹ۔

سَر ایٹَس (sar étas) [بُر۔محاورہ] مکمل کرنا (۲) عبور کرنا۔

سَر ایلَس (sar élas) [بُر۔محاورہ] دھاگہ پرونا، سوئی کے ناکے سے دھاگہ نکالنا۔

سَر ایتَس (sar éetas) [بُر۔محاورہ] پانی بہانا، پانی بہا کر پھیلانا۔

سَر تَلیَن تلیَن موٗن یارَر
(sar talén talén mon yáarar) [بُر۔کہاوت] صرف ایک ہی چیز پر گزر بسر کرنا، تمام دارومدار صرف ایک چیز پر ہونا، واحد سہارا۔

سَر ٹَک اوتَس (sar ṭak óotas) [بُر۔محاورہ] نامزد کرنا، لڑکی کو کسی لڑکے کے لیے مخصوص کرتے ہوئے ہار یا انگوٹھی پہنانا۔

سَر ٹَک ایٹَس (sar ṭak étas) [بُر۔محاورہ] دھاگے کو باندھنا۔

سَر خَٹ نُماٗ مُک والَس
(sar çaṭ numá muk wáalas) [بُر۔مثل] کسی عزیز کی موت واقع ہونا (۲) کسی عزیز کی وفات کی وجہ سے تعلق ختم ہونا۔

سَر سِقاٗ (sar ṣiqá) [بُر۔اسم] گھاس کی ایک قسم۔

سَر سِقا فَیوٗ جُوَن
(sar ṣiqáa phayú juwán) [بُر۔تشبیہ] سَر سِقاٗ (sar ṣiqá) کے تنکے کی طرح، دبلا پتلا۔

-سَرک (-sárk) [بُر۔اسم] تھن، چوچی، دودھی، نیز دیکھیے۔ سَرکَس (-sárkas) جس کا یہ امر ہے۔

-سَرکَس (-sárkas) [بُر۔مص] وار کرنا، ضرب لگانا (۲) اجازت دینا (۳) آنے یا جانے دینا (۴) حیوان کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔

سَر گارڈَس (sar gáarċas) [بُر۔محاورہ] رشتہ ٹوٹ جانا (۲) بھیڑ بکریاں ختم ہونا۔

سَر گارڈِمیٔ میوٗن والِمیٔ
(sar gáarċimi mayón wáalimi) [بُر۔مثل] ہاتھ سے نکل جانا، ضائع ہونا۔

سَر گنَس (sar gánas) [بُر۔محاورہ] نشیبی زمین پر پانی جمع ہو کر پھیل جانا۔

سَرُلوٗ ایٹَس (sárulo étas) [بُر] دیکھیے سَرُلوٗ مَناس (sárulo manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَرُلوٗ مَناس (sárulo manáas) [بُر۔محاورہ] فرمانبردار بننا (۲) متحد ہونا، ہم خیال ہونا۔

سَر وَشِیَس (sar wáśiyas) [بُر۔محاورہ] چہرے کے بالوں کو دھاگہ کے ذریعے صاف کرنا۔

سِراج (siráaj) [ع۔اسم] چراغ۔

سِراس (siráas) [بُر۔مص] کسی چیز کو کھانے کا شوق

ہونا (۲) انتقام کا جذبہ شدید ہونا (۳) دانتوں کا آمادہ ہونا۔

سَراسَر (saraasár) [ف۔صف] تمام، کل، اِس سرے سے اُس سرے تک۔

سُربَٹ (súrbaṭ) [بُر۔اسم] نوچ، نوچ کھسوٹ (۲) مار پیٹ۔

سُربَٹ ایَتَس (súrbaṭ étas) [بُر۔محاورہ] نوچنا، نوچ کھسوٹ کرنا (۲) بری طرح مارنا۔

سَربَر (sárbar) [ف۔صف] اختہ، خصی، خاص طور پر بیل جس کے خصے نکال دیے گئے ہوں۔

سَربَر ایَتَس (sárbar étas) [بُر۔محاورہ] خصی کرنا، بیل کے خصے نکالنا۔

سَربَراہ/سَربَرا (sarbaráa) [ف،بُر۔صف] منتظم، مہتمم۔

سَربَسَر (sarbasár) [ف۔متعلق فعل] سراسر، واضح، ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔

سَربَسَر بیان ایَتَس (sarbasár bayaán étas) [ف۔محاورہ] مفصل بیان کرنا، مکمل طور پر بیان کرنا۔

سُربُلاَ (sur bulá) [بُر۔اسم] ہونزا کے پہاڑوں میں رہنے والا ایک پرندہ جو چکور سے قدرے بڑا مگر رام چکور (بُلاَ(bulá)) سے چھوٹا ہوتا ہے۔

سُربُلاَمُڈ (sur bulámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سُربُلاَ (sur bulá) جس کی یہ جمع ہے۔

سُرُپ (surúp) [بُر۔اسم] مزہ، لذت (۲) دم خم (۳) خوبی (۴) سدھار۔

سُرُپ ایَتَس (surúp étas) [بُر۔محاورہ] سدھارنا، درست کرنا (۲) مزہ ڈالنا، لذت پیدا کرنا۔

سَرپَرَست (sarparást) [ف۔صف] مربی، مددگار، نگران۔

سَرپَرَستی/سَرپَرَستیِ (sarparastí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سَرپَرَست (sarparást) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سَرپَرَستی ایَتَس (sarparastí étas) [ف+بُر۔محاورہ] کسی کا مربی بننا، مددگار بننا، نگران ہونا۔

سَرٹِفکیٹ (sarṭifikéṭ) [انگ،بُر۔اسم] سند (۲) دلیل، ثبوت، تصدیق نامہ۔ certificate

سِرَٹرے اِوَلَس (síraṭe iwálas) [بُر۔محاورہ] کسی معجزے کا موافق آنا، کسی راز کی بات کا راس آنا۔

سِرَٹرے ایوَلَس (síraṭe eéwalas) [بُر۔محاورہ] کسی معجزے کا موافق نہ آنا، کسی راز کی بات کا راس نہ آنا۔

سَرجیَن (sarjén) [انگ۔اسم] جراح، آپریشن کرنے والا ڈاکٹر۔surgeon

سَرجینٹ (sarjénṭ) [انگ۔اسم] رنگروٹوں کو سکھانے والا، داروغہ۔ sergeant

سَرحَد (sarhád) [ف۔اسم] حدِّ فاصل، کنارا، انتہا (۲) ایسا سرحدی علاقہ جہاں خنکی کی وجہ سے کچھ خاص قسم کی فصلیں اور پھل نہیں پک سکتے ہیں۔

سرحدی/سرحدیٔ (sarhadí) [ف،بُر۔اسم] منسوب بہ سرحد۔

سَردار (sardáar) [ف۔اسم] سرگروہ، سرغنہ، افسر۔

سَردارِشو (sardáariśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سَردار (sardáar) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سَرداری/سَرداریٔ (sardaarí) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سَردار (sardáar) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

سَرزمِین (sarzamíin) [ف۔اسم] خطّہ، ملک (۲) زمین کی سطح۔

سُرڞِن (sur çhin) [بُر۔اسم] چڑیوں کی ایک قسم جن کا رنگ بھورا ہوتا ہے، نر کی گردن پر سرخ بالوں کا حلقہ ہوتا ہے، یہ گندم کے خوشوں کو نوچتے ہیں اور خوبانی بھی کھاتے ہیں۔

سُرڞِیو (sur çhíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرڞِن (sur çhin) جس کی یہ جمع ہے۔

سَرطان (sartáan) [ف۔اسم] کیکڑا، ایک برج کا نام جس میں بہت سے ستارے ملنے سے کیکڑے کی شکل بن جاتی ہے (۲) کینسر کی بیماری۔

سِرغِتِنَس (sirġítinas) [بُر۔مص] ناز ونخرے کرنا (۲) عیش اڑانا۔

سُرغُن (súrġun) [بُر۔اسم] دُھند، کُہر۔

سُرغُن سوکَس (súrġun sókas) [بُر۔محاورہ] دھند چھا جانا، کہر کی وجہ سے اندھیرا چھا جانا۔

سَرغنہ/ سَرغناؔ (sarġaná) [اُر۔اسم] سرغنہ، کسی گروہ یا ٹولی کا سردار۔

سَرفِٹیک (sarfiṭék) [انگ۔اسم] دیکھیے سَرٹِفکیٹ (sarṭif ikéṭ) جس کا یہ بگاڑ ہے۔ certificate

سَرفکیٹ (sarfikéṭ) سرٹیفیکیٹ کا بگاڑ۔

سَرَک (sarák) [بُر۔اسم] پتا، نشان، سراغ، علامت (۲) دَرَک (darák) کے ساتھ استعمال ہونے والا تابع مہمل۔

سَرَک مَناس (sarák manáas) [بُر۔محاورہ] اتا پتا ہونا، سراغ لگنا، علامت ظاہر ہونا۔

سَر کار (sarkáar) [ف۔اسم] حکومت،سلطنت۔

سَر کاری/ سَر کارئ (sarkaarí) [ف۔صف] دیکھیے سَر کار (sarkáar) جس سے یہ منسوب ہے۔

سَر کَس (sarkás) [انگ۔اسم] کھیل تماشا،جسمانی کرتب وغیرہ جس میں جنگلی جانوروں کے کھیل تماشے بھی دکھائے جاتے ہیں۔

سِر کُش (sírkuṣ) [بُر۔اسم] معجزہ،کرامت۔

سِر کُش مناس (sírkuṣ manáas) [بُر۔مص] معجزہ ہونا۔

سَر کَل (sarkál) [انگ۔اسم] دائرہ،کنڈل (۲) حلقہ (۳) احاطہ (۴) علاقہ۔ circle

سَر کُلَر (sarkulár) [انگ۔اسم] گشتی چٹھی یا حکم۔ circular

سِر که /سِر کاؑ (sirká) [ف۔اسم] سرکہ،گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں۔

سِر که بِشاؑ یَس (sírká bišáyas) [بُر۔محاورہ] سرکہ بنانا،سرکہ تیار کرنا۔

سَر کرے (sarké) [بُر۔صف] واضح،عیاں،ظاہر،کھلا، آشکار۔

سَر کرے ایتَس (sarké étas) [بُر۔محاورہ] واضح کرنا،عیاں کرنا،ظاہر کرنا،کھلا کرنا،آشکار کرنا۔

سَر کرے مَناس (sarké manáas) [بُر] دیکھیے سَر کرے ایتَس(sarké étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِر کُیَک (sírkuyaṅ) [بُر] دیکھیے سِر کُش (sírkuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

میئنرے برے ہیئبان جیئیرے مولا سِر کُیَک
نُورے بِرکِشرے دینرے دانا سِر کُیَک

دیوان نصیری (بُروشسکی)،ص۲۵۶۔

ترجمہ: جان کے آقا کی (ظاہری اور باطنی) کرامات کو کوئی بیگانہ نہیں جانتا ہے۔خزانۂ نور اور دانائے دین کے (گونا گون) معجزات ایسے ہیں کہ اُن تک کسی غیر کی رسائی ناممکن ہے۔

سَر کیمِک (sarkémiṅ) [بُر] دیکھیے سَر کرے (sarké) جس کی یہ جمع ہے۔

سِر گانرے (sirgáane) [بُر۔متعلقِ فعل] پستی،پست یا نیچی زمین (۲) نیچے سے۔

سَر گچی (sargačíi) [بُر۔اسم] ایک پودا اور اس کا پھول جو ہوزا کے پہاڑوں میں ہوتا ہے۔

سَر گچی مِک/سَر گچِمک (sargačíimiṅ) [بُرا۔اسم] دیکھیے سَر گچی (sargačíi) جس کی یہ جمع ہے۔

سَر گردان (sargardáan) [ف۔صف] حیران،

پریشان حال۔

سَر گردان مَناس (sargardáan manáas) [ف+بُر۔محاورہ] حیران ہونا، پریشان حال ہونا۔

سِر گن (sirgán) [بُر۔اسم] دیکھیے سِر گانے (sirgáane)۔

سِر گن دُوَس (sirgán duús) [بُر] ایک گالی جو کسی کو بے عزت کرنے کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے، نیز دیکھیے سِر گن دُوَسَس (sirgán duúsas) جس کا یہ امر ہے۔

سِر گن دُوَسَس (sirgán duúsas) [بُر۔محاورہ] مات کھانا، ہزیمت سے دوچار ہونا، عاجز آنا (۲) نیچے سے گزرنا۔

سِرَکْ (siráṅ) [بُر۔اسم] پہلا شکار۔

سِرَکْ بِشاَیَس (siráṅ bišáyas) [بُر۔محاورہ] پہلی بار شکار کرنا۔

سُرُکْ (surúṅ) [ہ،بُر۔اسم] نقب، سوراخ (۲) زمین دوز راستہ (۳) وہ زمین دوز نلی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کے قلعے وغیرہ کی دیوار اڑا دیتے ہیں (۴) مویشی خانہ۔

سُرُکْ ایتَس (surúṅ étas) [بُر۔محاورہ] سوراخ بنانا (۲) زمین دوز راستہ بنانا (۳) پتھر، سخت مٹی کا تودہ یا انتہائی سخت لکڑی کو توڑنے کے لیے بارود کے ذریعے دھماکہ کرنا۔

سِرَکِچِک (siráṅičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِرَکْ (siráṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

سُرُکِچِک (surúṅičiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرُکْ (surúṅ) جس کی یہ جمع ہے۔

سِرُم (sirúm) [بُر] دیکھیے سِراس (siráas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سَرمایہ/سَرمایاَ (sarmaayá) [ف،بُر۔اسم] سرمایہ، پونجی، مایہ، اصل مول۔

سَرمُڈ (sarmúc) [بُر۔اسم] چمڑے کا بڑا تھیلا جو غلہ وغیرہ اٹھانے کا کام آتا ہے (۲) سَرمُڈ (sarmúc) میں بھرا ہوا غلہ۔

سَرمُڈِک (sarmúciṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرمُڈ (sarmúc) جس کی یہ جمع ہے۔

سَرمِک (sarmíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (sar) نمبر ۳،۴ جس کی یہ جمع ہے۔

سَرمَلاَ (sarmalá) [بُر۔اسم] دوپٹا، چادر (۲) سر پر دوپٹا ڈالنے کا ایک مخصوص انداز۔

سَرمَلاَ وَشِیَس (sarmalá wáśiyas) [بُر۔محاورہ] سر پر ایک مخصوص انداز میں دوپٹا ڈالنا۔

سُرمَنَس (surmánas) [بُر۔مص] آغاز کرنا،

شروع کرنا (۲) چھیڑنا۔

سُرمَنُم (surmánum) [بُر] دیکھیے سُرمَنَس (surmánas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُرمَئِس (surmáyṣ) [بُر۔اسم] مشک جسے پانی میں تیرتے وقت ڈوبنے سے بچنے کے لیے پیٹ کے نیچے رکھتے ہیں۔

سِرَن (síran) [بُر] دیکھیے سِر (sir) "ن" علامتِ وحدت اور تبعیض ہے۔

سِرَن مَناس (síran manáas) [بُر۔محاورہ] معجزہ ہونا، کرامت ہونا۔

سُرَنای (suranáy) [ف،بُر۔اسم] نفیری (۲) موسیقی کا ایک آلہ۔

سُرَنای چیِ (suranayći) [بُر۔اسم] سُرَنای (suranáy) بجانے والا۔

سِرِنج (siríñć) [انگ۔اسم] پچکاری، خاص طور پر ٹیکہ لگانے کی پچکاری۔ syringe

سَروْ (saró) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (sar) معنی نمبر ۲، ۴، ۵ جس کی یہ جمع ہے۔

سَرو/سَروْ (sáro) [ف،بُر۔اسم] ایک مشہور درخت جو سیدھا اور مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔

سَروْمِکْ (sáromiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَروْ (sáro) جس کی یہ جمع ہے۔

-سَرُوَس (-sáruwas) [بُر۔مص] پے در پے لانا یا لے جانا۔

سَروِس (sarwís) [انگ۔اسم] خدمت، کسی شخص یا ادارے کا کام انجام دینا۔ service

سَرَوسَرَو (saráw saráw) [بُر۔صوت] کسی باریک چیز کے ٹوٹنے کی آواز، کسی سخت مگر نازک چیز کو چبانے کی آواز۔

سَرُوم (sarúum) [بُر] دیکھیے سَرُووَس (sarúuwas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُروْموْ (suroómo) [بُر۔صف] آباد، خوشنما (۲) دیدہ زیب (۳) رونق۔

سَرُووَس (sarúuwas) [بُر۔مص] لانا، فراہم کرنا (۲) پے در پے لانا (۳) بڑی مقدار یا تعداد میں لانا۔

سُروئیِ (suróoyi) [بُر۔اسم] بُرُشو گھر کے باہر کا دروازہ اور اندر کے دروازہ کا درمیانی احاطہ۔

سُروی (suróoy) [بُر۔اسم] دیکھیے سُروئیِ (suróoyi)۔

سَرُویَس (sarúuyas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرُووَس (sarúuwas)۔

سَروَینْٹ (sarwént) [انگ۔اسم] نوکر، خادم، ملازم۔ servant

سَرْوے (sarwée) [انگ۔اسم] جائزہ، پیمائش،

ناپ۔ servey

سَرْوے ایتَس (sarwée étas) [انگ+بُر۔محاورہ] جائزہ لینا، پیائش کرنا، ناپنا۔

سَریٔ (sári) [بُر۔اسم] ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں زمین میں گہرائی تک جاتی ہیں اور فصل کی نشو ونما کو متاثر کرتی ہیں۔

سَریٔ اوگِیَس (sári óogiyas) [بُر۔مص] سَریٔ (sári) اگانا۔

سَریٔ دُوئسَس (sári dúysas) [بُر۔مص] سَریٔ (sári) نکالنا۔

سَرے/سَراَ بَلدَڹ

(saré/sará baldáṅ) [بُر۔محاورہ] مسلسل بنائے جانے والے بوجھ، بار بار بنانے والا بوجھ۔

سَرے/سَراَ بَلدَڹ ایتَس (saré/sará baldáṅ étas) [بُر۔محاورہ] مسلسل بوجھ لانا، بار بار بوجھ لانا۔

سَرے ایکِمِڹ جُوَن (sáre ékimiṅ juwán) [بُر۔تشبیہہ] خرگوش کے کلیجوں کی مانند (۲) الگ الگ چیزوں کا مجموعہ۔

سَرے چِل (sáre chil) [بُر۔اسم] جھیل کا پانی۔

سَرے دَڹ جُوَن (sáre daṅ juwán) [بُر۔تشبیہہ] خواب خرگوش کی طرح۔

سَرے قُلیٔ (saréquli) [بُر۔اسم] سریقول سے منسوب، سریقول کا باشندہ۔

سَرے قُلیٔ ہُچوٗ (saréquli húčo) [بُر۔اسم] موزوں کی ایک قسم جو سریقول سے لائے جاتے تھے۔

سَرے مُش (sáre muś) [بُر۔اسم] دھاگے کا سرا۔

سَرے ہَرپَن جُوَن

(sáre harpán juwán) [بُر۔تشبیہہ] خرگوش کی مینگنی کی طرح۔

سَرْیاَ (saryá) [اُر۔اسم] دھات کی سلاخ (۲) سرکنڈا۔

سَرْیاَ مُڎ (saryámuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرْیاَ (saryá) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سُرِیَس (súriyas) [بُر۔اسم] دیکھیے سُرِیَس دَس (súriyas das)۔

سُرِیَس دَس (súriyas das) [بُر۔اسم] ہونزا کریم آباد کا سب سے بڑا قبرستان۔

سُرِیَسُم ژُوٗ (súriyasum żuú) [بُر۔اسم] خوبانی کی ایک عمدہ قسم۔

سَرِیک (sariik) [بُر۔اسم] لکڑی کی چٹخنی، دروازے

کو روکنے کی چیز۔

سَرِیک ایتَس (sariik étas) [بُر۔محاورہ] چٹخنی لگا کر دروازہ بند کرنا۔

سَرِیکُس (sariikus) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرِیک (sariik)۔

سَرِیکُس ایتَس (sariikus étas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیک ایتَس (sariik étas)۔

سَرِیکُس دیلَس (sariikus délas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیکُس ایتَس (sariikus étas)۔

سَرِیکُس وَشِیَس (sariikus wáśiyas) [بُر۔مص] دیکھیے سَرِیکُس ایتَس (sariikus étas)۔

سَرِیکُیَنڈ (sariikuyanċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَرِیک (sariik) جس کی یہ جمع ہے۔

س ـ ز

سَزا (sazáa) [ف۔اسم] جزا، بدلہ، عوض (۲) تاوان، جرمانہ، قید (۳) موافق، مطابق۔

سَزا اِچھیَس (sazáa ichíyas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا دینا، قید کرنا، جرمانہ کرانا۔

سَزا دیغُرکَس (sazáa déeġurkas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا ملنا یا پانا۔

سَزا مَناس (sazáa manáas) [ف+بُر۔محاورہ] سزا مقرر ہونا۔

سَزاوار (sazaawáar) [ف۔صف] لائق، قابل، مستحق (۲) سزا کا مستحق۔

سَزا یَیَس (sazáa yáyas) [ف+بُر۔محاورہ] دیکھیے سَزا دیغُرکَس (sazáa déeġurkas)۔

سَزائے موت (sazáaye mawt) [ف+ع۔اسم] کسی جرم کے بدلے میں موت کے گھاٹ اتارنا، سولی پہ چڑھانا۔

س ـ س

-سَس (-sas) [بُر۔مص] بتانا، اطلاع دینا (۲) موت کی اطلاع دینا۔

سَس (sas) [بُر۔اسم] کسی ساز کی تاریں یا چمڑا وغیرہ کس کر بجنے کے قابل بنانا (۲) سزا، پاداش (۳) قلیل مقدار۔

سَس اِمَنَس (sas imánas) [بُر۔محاورہ] سزا پانا (۲) بجانے کے قابل ہونا (۳) سدھر جانا۔

سَس ایِتَس (sas étas) [بُر۔محاورہ] کسی ساز کی تاریں یا چمڑا وغیرہ کس کر بجنے کے قابل بنانا (۲) سُر ملانا (۳) سدھارنا۔

سَس مَناس (sas manáas) [بُر] دیکھیے سَس ایِتَس (sas étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِس (sis) [بُر۔اسم] لوگ، انسان، خلقت۔

سِس بَندہ/سِس بَنداَ (sis bandá) [ف+بُر۔محاورہ] لوگ، بہت سے انسان، خلقت۔

سِس بَندا نَسَن کے اوٗمَنَس

(sis bandáa násan ke oómanas)

[بُر۔محاورہ] انسانیت سے عاری ہونا، انسانی صفات سے خالی ہونا (۲) کوئی بھی نظر نہ آنا، ایک شخص بھی حاضر نہ ہونا۔

سِس بندا نَس کے اوٗمَنَس

(sis bandáa nas ke oómanas)

[بُر۔محاورہ] دیکھیے سِس بَندا نَسَن کے اوٗمَنَس (sis bandáa násan ke oómanas)۔

سِس اَتیغُر کَس (sis atéeġurkas)

[بُر۔محاورہ] کوئی بھی انسان دستیاب نہ ہونا، آدمی کا فقدان ہونا۔

سِس ڈے اَتیغُر کَس

(sis ce atéeġurkas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِس اَتیغُر کَس (sis atéeġurkas)۔

سُس (sus) [بُر۔صف] بے ہوش، بے خبر (۲) بہت زیادہ ہنسی۔

سُس اِمَنَس (sus imánas) [بُر۔محاورہ] بے ہوش ہونا، حواس باختہ ہونا (۲) ہنسی سے لوٹ پوٹ ہونا۔

سُس ایِتَس (sus étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُس اِمَنَس (sus imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سُس بَٹ (sus baṭ) [بُر۔اسم] ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہونا (۲) تھکاوٹ (۳) دکھ، رنج، عذاب۔

سُس بَٹ اِمَنَس (sus baṭ imánas)

[بُر۔محاورہ] ہنسی میں لوٹ پوٹ ہونا (۲) خستہ و ماندہ ہونا (۳) دکھ پانا، رنج و عذاب میں مبتلا ہونا۔

سُس بَٹ ایِتَس (sus baṭ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُس بَٹ اِمَنَس (sus baṭ imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سُست (sust) [ف۔صف] کاہل، کام میں دیر لگانے والا، کمزور۔

سُست مَناس (sust manáas) [بُر۔محاورہ]

کاہل بننا۔

سَستا/سَستاَ (sastá) [ف،بُر۔صف] کم قیمت،ارزان۔

سُستِشوٓ (sústiśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُست (sust) جس کی یہ جمع ہے۔

سُستی/سُستیٔ (susti) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے سُست (sust) جس کا یہ اسم کیفیت ہے۔

سُستی ایتَس (susti étas) [ف+بُر۔محاورہ] کاہلی دکھانا،سستی کرنا۔

سِسٹَم (sisṭám) [انگ۔اسم] قاعدہ،اصول،نظام۔ system

سَسَر مَناس (sásar manáas) [بُر۔محاورہ]، پانی یا رطوبت کا سطح پر آ کر پھیل جانا۔

سَسَںٔ (sasáṅ) [بُر۔اسم] ایسی بلند دیوار جس کی پشت پر مٹی کا تودہ یا چٹان وغیرہ ہو،اسے سَسَن (sasán) بھی کہتے ہیں۔

-سُسُن (-súsun) [بُر۔محاورہ] کہنی،کلائی اور بازو کا جوڑ۔

سَسَن (sasán) [بُر] دیکھیے سَسَںٔ (sasáṅ)۔

سِسَن (sísan) [بُر] دیکھیے سِس (sis) 'ن' علامتِ وحدت ہے۔

سِسِنَس (sisínas) [بُر۔مص] صاف ہونا،شفاف ہونا،پانی میں مٹی وغیرہ تہہ نشین ہو کر صاف وشفاف ہونا (۲) بادلوں سے آسمان صاف ہونا۔

سِسِنُم (sisínum) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِسِنَس (sisínas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سِسےٓ کا ایٔمَنَس (síse káa eémanas) لوگوں سے تعلقات نہ رکھنے والا،گوشہ نشین (۲) لوگوں کے مزاج سے موافقت نہ ہونا۔

سِسےٓ کا ہُرُٹَس (síse káa hurúṭas) [بُر۔محاورہ] لوگوں سے میل ملاپ رکھنا،تعلقات قائم کرنا۔

س۔غ

سَغَم (sağám) [بُر۔اسم] دریچہ،روزن،وہ روشن دان جو بُرُشوٓ گھر کی چھت کے وسط میں ہوتا ہے۔

سَغَم خاَ وَلَس (sağám qha wálas) [بُر۔محاورہ] سَغَم (sağám) سے کسی چیز کا گرنا (۲) بغیر محنت کے کوئی چیز ملنا۔

سَغَمِچِںٔ (sağámićiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغَم (sağám) جس کی یہ جمع ہے۔

-سَغُن (-ságun) [بُر۔اسم] بھتیجا،بھتیجی (۲) بھانجا، بھانجی۔

سَغُوٓ (sagú) [دخی۔اسم] لکڑی کا ایک مٹکا نما ظرف جس میں لسی بناتے ہیں (۲) کنایۃً لمبا اور موٹا شخص۔

سَغُومُڈ (sagúmuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغُوٓ (sagú) جس کی یہ جمع ہے۔

سَغوٓنُڈ (sagónc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَغُومُڈ (sagúmuc)۔

سُغَیِ (sugáy) [بُر۔صف] وہ شخص جو بائیں ہاتھ سے کام کرتا ہے، کھبّا۔

سُغَیِ کُھوٓتو (sugáy khúto) [بُر۔صف] دیکھیے سُغَیِ (sugáy)۔

س۔ف

سِفارَت خانه/سِفارَت خاناٗ (sifaarát qhaaná) [ع+ف۔اسم] کسی حکومت یا ملک کے سفیر کا دفتر جو کسی دوسرے ملک میں ہو۔

سفارش (sifaaríś) [ف۔اسم] کسی کے حق میں کلمۂ خیر (۲) وسیلہ، امداد۔

سفارش ایٹَس (sifaaríś étas) [بُر۔محاورہ] وسیلہ بننا، امداد دینا، کسی کے حق میں کلمۂ خیر کہنا۔

سفارشی/سفارشیٓ (sifaariśí) [ف،بُر۔صف] وہ شخص جس کی سفارش کی جائے۔

سَفر (safár) [ع۔اسم] مسافرت، سیاحت (۲) کوچ، روانگی۔

سَفر ایٹَس (safár étas) [بُر۔محاورہ] مسافرت اختیار کرنا، سیاحت کرنا (۲) مرجانا۔

سَفر خرچ (safár qharć) [اُر۔اسم] زادِراہ، سفر کا خرچ۔

سَفر دُوٓسَس (safár duúsas) [بُر۔محاورہ] سفر درپیش ہونا (۲) سفر پر روانہ ہونا۔

سَفر مُبارَک (safár mubaarák) [بُر۔دعا] آپ کا سفر مبارک ہو۔

سَفر نِیَس (safár níyas) [بُر۔محاورہ] سفر پر روانہ ہونا۔

سَفَرَٹِے اِمَنَس (safáraṭe imánas) [بُر۔محاورہ] سفر پر ہونا، گھر اور وطن سے باہر ہونا۔

سَفَرِ کیٓ (safáriki) [بُر۔اسم] دیکھیے سفر خَرچ (safár qharć)۔

سُفْرہ/سُفْراٗ (sufrá) [ع،بُر۔اسم] دسترخوان، توشہ دان۔

سَفَری/سَفَریٓ (safarí) [ع،بُر۔صف] سفر سے منسوب و متعلق۔

سَفَرے پِھٹِیٓ (safáre phíṭi) [بُر۔محاورہ] زادِ راہ، وہ پھٹی (phíṭi) جو بُرُشو اپنے ساتھ

سفر پر لے جاتے تھے۔

سفرے پھٹیَ گیَر اوڈُوَبا

(safáre phíṭi guyár óoċuwabaa)

[بُر۔کہاوت] لفظی ترجمہ: میں نے تیرے لیے زادِ سفر پہلے ہی روانہ کیا ہے، یعنی میں نے لوگوں کے ساتھ بھلائی کی ہے اس کا بدلہ تجھے ملے گا۔

سَفَرے دَو (safáre daw) [بر۔اسم] چھوٹا توا جو سفر پر لے جاتے تھے۔

سفیر (safíir) [ع۔اسم] ایلچی، قاصد۔

س۔ق

سِق (siq) [بُر۔اسم] رقیق چیزوں کا ایک ناپ جو دو قطروں کے برابر ہوتا ہے (۲) سیخ کا بگاڑ (۳) (محاورۃً) پریشان کرنا یا ہونا۔

سِق اوتَس (siq óotas) [بُر] پریشان کرنا، تنگ کرنا۔

سِق ڈےَ کےَ یُوَ (siq ċe ke yuú)

[بُر۔محاورہ] آنسوں کے ایک قطرے کے برابر، سِق (siq) کی نصف (۲) کسی قلیل چیز کو تقسیم در تقسیم کرنا۔

سِق ڈےَ کےَ یُوَ ایتَس (siq ċe ke yuú étas) [بُر۔محاورہ] کسی قلیل چیز کو مزید تقسیم کرنا، کم چیز کو اور بھی کم کرنا (۲) نہایت کفایت شعاری کرنا۔

-سُقاَ (-sqa) [بُر۔حرف] چت، پشت کے بل۔

سِقا (siqáa) [بُر۔صف] کھلا، کشادہ، وا۔

سِقا ایتَس (siqáa étas) [بُر۔محاورہ] کھولنا، کشادہ کرنا۔

سِقا مَناس (siqáa manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سِقا ایتَس (siqáa étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِقُڈ (síquċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِقَنڈ (siqánċ)۔

سُقراط (suqráat) [ع۔اسم] ایک یونانی فلسفی جو افلاطون کے استاد تھے۔

سِقَنڈ (siqánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِق (siq) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سَقَو (saqáw) [بُر۔اسم] گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی ناک سے پانی آتا ہے، گھوڑے کا زکام۔

س۔ک

-سْک (-sk) [بُر۔اسم] بچہ، کسی حیوان کا بچہ (۲) مجازاً منافع، سود (اس معنی کے لیے صرف اِسک

(isik) ہی استعمال ہوتا ہے)۔

سِک (sik) [ہ۔اسم] سکھ کا بگاڑ۔

سِکَاوٹ (sikáwṭ) [انگ،بُر۔اسم] ایک عالم گیر جماعت جس کا مقصد لوگوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ scout

سَکَایِ (sákaẏ) [بر۔اسم] آلو ذخیرہ کرنے کے لیے گھر میں زمین کے اوپر بنائی جانے والی ایک مخصوص جگہ۔

سَکَایِ شوٗ (sákaẏišo) [بر۔اسم] دیکھیے سکایِ (sákaẏ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَکَایو (sákaẏo) [بر۔اسم] دیکھیے سکایِ (sákaẏ) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سِکالَر (sikaalár) [انگ۔اسم] عالم، فاضل، دانشمند۔ scholar

سِکالَرشِپ (sikaalaršip) [انگ۔اسم] وظیفہ جو کسی طالب علم کو اس کی غیر معمولی ذہانت کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ scholarship

سِکالَرشوٗ (sikaalárišo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِکالَر (sikaalár) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سَکَتَر (sakatár) [بُر۔اسم] دبیر، معتمد، منشی، secretary کا بگاڑ۔

- سْکِر (-skir) [بُر۔اسم] سسر (۲) [بر۔امر] رنگو، رنگ کرو۔

سَکَرات (sakaráat) [بُر۔اسم] آغاز، اہتمام، آمادگی، [ع۔اسم] جان کنی کی تکلیف، نزع کی حالت۔

سَکَرات ایتَس (sakaráat étas) [بُر۔محاورہ] اہتمام کرنا، آمادہ ہونا، آغاز کرنا، انتظام کرنا۔

سَکَرات ایتَس (sakaráat éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَکَرات ایتَس (sakaráat étas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَکَراتِنگ (sakaráatiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَکَرات (sakaráat) جس کی یہ جمع ہے۔

سُکُرایوٗ (sukuráaẏo) [بُر۔اسم] وقار، شان (۲) زیبندہ، زیب دینے والا، سجنے والا۔

سُکُرایوٗ بَساس (sukuráaẏo basáas) [بُر۔محاورہ] زیب دینا، زیبندہ بننا، باوقار ہونا۔

سُکُرایوٗ مَناس (sukuráaẏo manáas) [بُر۔محاورہ] زیب دینا، زیبندہ بننا۔

سِکرِین (sikiríin) [انگ۔اسم] پردہ، پٹی، آڑ، اوٹ۔ screen

سُکُچوٗ (sukúco) [بُر۔اسم] قحط، نایابی، کمی۔

سُکُچیِ (sukúči) [بُر۔اسم] دیکھیے سُکُچوٗ (sukúčo)۔

سُکُچیِ بَلاس (sukúči baláas) [بُر۔محاورہ] قحط پڑنا، نایاب ہونا، کمی واقع ہونا۔

۔سُکُس (-skus) [بُر۔اسم] سانس۔

۔سُکِل (-skil) [بُر۔اسم] شکل، صورت۔

سِکِم (sikím) [بُر۔اسم] ریشم۔

سِکِم جُوَن سِغِسُم

(sikím juwán ṣigíṣum) [بُر۔تشبیہ] ریشم کی طرح ملائم۔

سِکِم کےِ اِستَرک (sikím ke istarák)

[بُر۔اسم] ریشمی بستر، ریشمی فرش۔

سِکِم مَناس (sikím manáas) [بُر۔محاورہ] نرم ہونا، ملائم ہونا۔

سِکِمےِ اَٹ (sikímé aṭ) [بُر۔اسم] ریشم کا مُٹھا۔

سُکُوسَکاَ (sukusaká) [بُر۔متعلق فعل] غیر متوقع طور پر، ناگہانی، اتفاقی۔

سِکُول (sikúul) [انگ،بُر۔اسم] مدرسہ، مکتب، درس گاہ، اسکول کا مخفف۔ school

سِکُولِک (sikúulin̈) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے سِکُول (sikúul) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سُکون (sukúun) [ع۔اسم] ٹھہراؤ، قرار (۲) امن، خاموش۔

سُکونَت (sukuunát) [اُر۔اسم] بود و باش، مستقل قیام، مسکن۔

سُکوٗئن (sukúyn) [بُر۔اسم] ہم قبیلہ، خاندان کی شاخ کا کوئی فرد۔

سُکوٗئن شَک ایمَنِس خا ہَمَل شک اِمائمیِ

(sukúyn šan̈ eémaniṣ qhaa hamál šan̈ imáymi) [بُر۔کہاوت] ہم قبیلہ سے پہلے ہمسایہ آگاہ ہوگا، دکھ درد میں رشتہ دار سے ہمسایہ زیادہ شریک ہوتا ہے۔

سُکوٗئن گٹ گوٗئن (sukúyn gaṭ guyn)

[بُر۔کہاوت] قبیلہ والے زیادہ حسد کرتے ہیں۔

سِکّہ/سِکّاَ (sikká) [ع،بُر۔اسم] ٹھپا، ضرب، چھاپ، ڈھلا ہوا (۲) سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے۔

۔سُکیِ (-ski) [بُر۔متعلق فعل] یاد، حفظ، اَزبر۔

۔سُکیِ ژوَس (-ski żúwas) [بُر] یاد آنا۔

سِکینٹ (sikénṭ) [انگ،بُر۔اسم] ثانیہ، لحہ۔ second

سکیل (sikéel) [انگ۔اسم] ترازو (۲) پیمانہ۔ scale

سِکیم (sikíim) [انگ۔اسم] تجویز،منصوبہ،مصلحت، تدبیر۔ scheme

سُکُیوٗ (sukúyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سُکوئن (sukúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

س۔گ

سِگار (sigáar) [انگ۔اسم] بڑا سگریٹ جو تمباکو کا پتا لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔ cigar

سِگریٹ (sigréeṭ) [انگ۔اسم] کاغذ میں لپیٹی ہوئی تمباکو کی بتی سی چرٹ۔ cigarette

سِگنیل (signél) [انگ۔اسم] اشارہ (۲) وہ نشان جو ریل،طوفان وغیرہ کے آنے کی اطلاع دیتا ہے۔ signal

سُگوپوٗ (sugúuyo) [بُر۔اسم] زرخیز،بارآور۔

سُگوپوٗ ایتَس (sugúuyo étas) [بُر۔محاورہ] زمین کو زرخیز بنانا (۲) آباد کرنا،مالا مال کرنا۔

سُگوپوٗ مَناس (sugúuyo manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سُگوپوٗ ایتَس (sugúuyo étas) جس کا یہ لازم ہے۔

س۔ںٔ

سَںٔ (saṅ) [بُر۔اسم] روشن،اجالا،نور۔

سِںٔ اِڈیٹِے ہَل تَم جُون (siṅ iciyaṭe hal tam juwán) [بُر۔کہاوت] کاسہ لیسی کرنا،خوشامدی کرنا۔

سَںٔ ایتَس (saṅ étas) [بُر۔محاورہ] روشن کرنا، چراغ جلانا،منور کرنا۔

سَںٔ ایتَس (saṅ éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَںٔ ایتَس (saṅ étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

سَںٔ مَناس (saṅ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَںٔ ایتَس (saṅ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سَںٔ شِکَرک (saṅ ṣikárk) [بُر۔صفت] تیز زرد،پیلا۔

سَںٔ کُش (sáṅkuṣ) [بُر۔اسم] روشنی، اجالا پن۔

سَںٔ کے ڈُٹکَرِے ڈِر (saṅ ke ḍuṭáṅe ḍir) [بُر۔اسم] ایک خیالی حد جس کا ذکر بُروشسکی لوک کہانیوں میں آتا ہے۔

سَںٔکُیَںٔ (sáṅkuyaṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَںٔ کُش (saṅ kuṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَںگلابیؒ (saṅglaabí) [بُر۔اسم] فارسی لفظ

سگِ آبی کا بگاڑ، ایک آبی جانور جس کی شکل کتے کی سی ہوتی ہے۔

سَنگلابی مُڈ (sanglaabímuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَنگلابی (sanglaabí) جس کی یہ جمع ہے۔

سِنگے (singé) [بُر۔اسم] شیر (۲) (مجازاً) بہادر، دلیر، پہلوان۔

سِنگے تِن (singétin) [بُر۔اسم] دیکھیے سِنگے (singé) معنی نمبر۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سِنگے تَلینَس (singé talénas) [بُر۔محاورہ] شیر بن جانا، دلیری کا مظاہرہ کرنا۔

سِنگے مُڈ (singémuc) [بُر۔اسم] دیکھیے سِنگے (singé) معنی نمبر۱ جس کی یہ جمع ہے۔

شیر مَلَق ایرُم جوان! پالوَیو گم پالوان!
سِنگے مُڈ اُخِسُم دَمان! بیَس بُرُٹو موَ بیے چَپ

دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۹۸۔

ترجمہ: (اے شاہِ مردان!) تو وہ جوان ہے جس نے شیر کو شکست دی (اور) وہ (بہادر) پہلوان ہے جس نے (بڑے) پہلوانوں کو ہرایا۔ (اے) شیروں کو بھی ہلاک کرنے والے مالک! تو کیوں خاموش ہے اب یہ وقت (ان حقائق کو) چھپانے کا نہیں۔

سِنگے مِنَس اَییتُم ہَلے مِنَس میِنے ایچان (singée minás ayétum hále minás méne ecáan) [بُر۔کہاوت] شیر کا قصہ چھوڑ کر لومڑی کا قصہ کون سناتا ہے یعنی اہم کام چھوڑ کر غیر اہم کام کے پیچھے کون جاتا ہے۔

سِنگے مِنَس اَییتُم ہَلے مِنَس ایچاناَ (síne minás ayétum hále minás ecáana) [بُر۔کہاوت] دیکھیے سِنگے مِنَس اَییتُم ہَلے مِنَس میِنے ایچان (singée minás ayétum hále minás méne ecáan)۔

سِنگے ہاَ ہَلے گَنُم جُوَن (singée ha hále gánum juwán) [بُر۔کہاوت] نااہل کا کسی اہل کی جگہ پر قابض ہونا۔

س۔ل

سَل (sal) [بُر۔اسم] مصالحہ وغیرہ پیسنے کا پتھر (۲) پتھر یا برف کا لمبا چوڑا ٹکڑا (۳) چکی کے اوپر کا پاٹ۔

سَل دَن (sal dan) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) (۲) وہ پتھر جو سَل بنانے کا کام آئے۔

سَل گیوس یارے گِیَس (sal guyóos yáare gíyas)

[بُر۔محاورہ] جی چرانا (۲) کام چور بننا (۳) ڈر کر چھپ جانا۔

سِلائس (siláys) [انگ۔اسم] روٹی، کیک یا گوشت کا تراشا ہوا ٹکڑا۔ slice

سَلات (saláat) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے سَلاد (saláad)۔

سَلاد (saláad) [انگ۔اسم] کچے ساگ اور ترکاریوں کا کچرایا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ salad

سَلام (saláam) [ع۔اسم] سلامتی (۲) تسلیم (۳) آداب (۴) نماز کے آخر میں دائیں بائیں جانب منہ پھیرنا۔

سَلام ایتَس (saláam étas) [ع+بُر۔محاورہ] سلام کرنا (۲) آداب بجالانا۔

سَلام دُمَرَس (saláam dúmaras) [ع+بُر۔محاورہ] سلام کا جواب دینا۔

سَلام علیکم (saláam aléykum) [ع۔کلمۂ دعا] تم پر سلامتی ہو، مسلمان جب آپس میں ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو یہ کلمہ کہہ کر دعا دیتے ہیں۔

سَلامَت (salaamát) [ع۔صف] محفوظ، ہر بلا سے بچا ہوا (۲) صحیح، تندرست، پورا (۳) زندہ۔

سَلامَتی/سَلامَتیِ (salaamatí) [ع،بُر۔اسم] خیریت، عافیت (۲) حفاظت، بچاؤ (۳) صحت، تندرستی (۴) زندگی۔

سَلامی/سَلامیِ (salaamí) [ع۔اسم] تسلیم (۲) سپاہ کا ہتھیار اٹھا کر تعظیم دینا (۳) بندوق وغیرہ داغنا (۴) نذرانہ پیش کرنا (۵) وہ رقم جو بوقت رخصتی دیتے ہیں (۵) ترچھا پن۔

سَلامی ایتَس (salaamí étas) [ع+بُر۔محاورہ] بادشاہ یا حاکم کی آمد پر بندوق اور توپیں سر کرنا۔

سَلامی گَنَس (salaamí gánas) [ع+بُر۔محاورہ] سلامی لینا۔

سَلآٹ (salaáṭ) [بُر۔اسم] لپیٹ، پوشش، کوئی چادر وغیرہ گرداگرد لپیٹنا۔

سَلآٹ ایتَس (salaáṭ étas) [بُر۔محاورہ] لپیٹنا، سمیٹنا۔

سِلِپَر (silipar) [انگ۔اسم] دیکھیے سِلیپیَر (siliipér)۔ slipper

سَلَت (salát) [بُر۔اسم] مونچھ، ہونٹوں کے اوپر کے بال (یہ شاید فارسی لفظ سبلت کا مخفف ہے)۔

سَلَت دیپِرڈَس (salát déepirċas) [بُر۔محاورہ] بطورِ سزا کسی کی مونچھ اکھیڑنا یا نوچنا۔

سَلَت کِش (salátkiṣ) [بُر۔صف] مونچھ والا۔

سَلَت مَرآق ایتَس

(salát maraáq étas) [بُر۔محاورہ] مونچھوں پر تاؤ دینا (۲) دبدبہ دکھانا۔

-سُلجَم (-suljam) [بُر] دیکھیے -سُلجَیَس (-suljayas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُلجَم (suljám) [بُر] دیکھیے سُلجَیَس (suljáyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

-سُلجَیَس (-suljayas) [بُر۔مص] مالامال کرنا، گنجائش سے زیادہ بھر دینا۔

سُلجَیَس (suljáyas) [بُر۔مص] نشوونما پانا، طاقتور ہونا، قوی ہونا، بڑھنا۔

سَلچ (salç) [بُر۔اسم] وہ لمبی باریک لکڑی جو بل اور بَرپِٹ (barpíṭ) کو آپس میں جوڑتی ہے۔

-سِلدِر (-síldir) [بُر۔اسم] بہو کا باپ (۲) داماد کا باپ (واضح رہے کہ یہ لفظ بہو کے باپ اور داماد کے باپ دونوں کے لیے مستعمل ہے)۔

-سِلدِک (-síldiṅ) [بُر۔اسم] بہو کے باپ کا خاندان اور داماد کے باپ کا خاندان (بحالتِ جمع)۔

سِلَژن (silažín) [بُر۔اسم] قبیلہ کی خاتون، بہن (عام معنی میں) کوئی بھی خاتون۔

سِلَژن بَبَر بوٗ (silažín babár bo)

[بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ عورت کی نظر میں سب برابر ہیں یعنی عورت جانب داری نہیں کرتی (۲) عورت کا لحاظ رکھنا سب پر لازم ہے (۳) عورت کی عزت کا خیال رکھنا سب پر لازم ہے۔

سِلَژن ساجوٗ بوٗ (silažín sáajo bo)

[بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ عورت ثالث کی حیثیت رکھتی ہے یعنی اس کی نظر میں سب برابر ہیں۔

سِلَژن موٗ نَک سیٗنان

(silažín mo naṅ senáan)

[بُر۔کہاوت] عورت کی عزت کی حفاظت ہر چیز پر مقدم ہے۔

سِلَژیوٗ (silažíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلَژن (silažín) جس کی یہ جمع ہے۔

سِلسِلہ/سِلسِلاؔ (silsilá) [ع۔اسم] زنجیر، بیڑی (۲) قطار، لڑی (۳) خاندان (۴) ترتیب (۵) چاندی کا ایک زیور جو پیشانی پر سجایا جاتا ہے۔

سُلطان (sultáan) [ع۔اسم] بادشاہ، فرمان روا، حاکم۔

-سِلگَس (-sílgus) [بُر۔اسم] بہو کی ماں (۲) داماد کی ماں (۳) -سِلدِر (-síldir) کی تانیث۔

-سَلگِنَس (-sálginas) [بُر۔محاورہ] نامزد کرنا، اپنے نام پر مخصوص کرنا (۲) لڑکی کو منگنی کے ذریعے

کسی کے لیے مخصوص کرنا۔

سِلِکْ دیلَس (silín délas) [انگ+بُر۔محاورہ] کمرے وغیرہ کی اندرونی چھت لگانا، چھت کی اندرونی سطح لگانا۔

سِلُم (silúm) [بُر۔اسم] سلیم کا بگاڑ (۲) ہونزا کے ایک حکمران کا نام۔

سُلَم (sulám) [بُر۔اسم] بالی کی سوئیاں جو گیہوں اور جو کے خوشوں کے اردگرد ہوتی ہیں (۲) گھوڑا وغیرہ کی دُم اور ایال کے بال (۳) سلما کا مخفف۔

سَلَم بیکےِ دُرُوٓ ایچی جُوَر بیک دُپھوٓغُرچی (salám béke duró éči juwár bek duphóğurči) [بُر۔مثل] کام کوئی اور کرے سہرا کسی اور کے سر ہو۔

سُلَم دُوٓسَس (sulám duúsas) [بُر۔محاورہ] گندم اور جو کے خوشوں سے سوئیاں نمودار ہونا۔

سُلَما/سُلَمان (sulamáa/sulamáan) [بُر۔اسم] کشتی، زور آزمائی۔

سُلَما دُوٓنَس (sulamáa duúnas) [بُر۔محاورہ] کشتی لڑنا، زور آزمائی کرنا۔

سُلَمےِ گَشْک (suláme gaśk) [بُر۔اسم] وہ رسی جو گھوڑا وغیرہ کی دم اور ایال کے بالوں سے بنی ہو۔

سَلَنڈ (saláṅc) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) جس کی یہ جمع ہے۔

سَلوٓ (saló) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل (sal) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سُلُوٹ (sulúuṭ) [انگ۔اسم] سلام، آداب (۲) فوجی سلام۔ salute

سِلور (sílwar) [انگ۔اسم] چاندی، روپا۔ silver

سِلیپیٔر (siliipér) [انگ،بُر۔اسم] بغیر ایڑی کا جوتا۔ slipper

سِلیپیٔرِشوٓ (siliipériśo) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلیپیٔر (siliipér) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

سِلیپیٔرِنُڈ (siliipérinc) [بُر۔اسم] دیکھیے سِلیپیٔر (siliipér) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

سِلیٹ (siléeṭ) [انگ۔اسم] پتھر یا لوہے کی تختی جس پر چونے یا پتھر کے قلم سے لکھتے ہیں۔ slate

سِلیٹیِ (sileeṭí) [انگ۔اسم] سلیٹ کے رنگ کا، سرمئی رنگ کا (۲) پتھر کا وہ قلم جس سے سیلٹ پر لکھا جاتا ہے۔

سَلِیس (saliis) [ع۔صف] آسان، روان، عام فہم۔

سِلیئمان (sileymáan) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے

سُلیمان (sulaymáan)۔

سُلیمان (sulaymáan) [ع۔اسم] حضرتِ داؤد کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ۔

سَلینسَر (salensár) [انگ۔اسم] آواز روک، شور روک۔ silencer

سلیپِنگ بیگ (slíipiṅ béeg) [انگ۔اسم] سفر یا مہم کے دوران استعمال کے لیے شب خوابی کے گدّے کا تھیلا۔ sleeping baig

س ۔ م

سَم (sam) [بُر۔اسم] سَغَم (saġám) کا مخفف، روزن، دریچہ جو بُروشو گھر کی چھت کے وسط میں ہوتا ہے (۲) حلق کا ابتدائی حصّہ جو منھ میں کھلتا ہے۔

سَم ڈُم اَروا جُوَن (sam ċum 'arwáa juwán) [بُر۔تشبیہ] قدیم ہونزا میں یہ عقیدہ تھا کہ گزرے ہوئے افراد خاص طور پر فوت شدہ ماں باپ وغیرہ کی ارواح شام کے وقت سَغَم (saġám) پر آتی ہیں اور گھر میں موجود زندہ افراد کے اچھے کاموں سے وہ خوش ہوتی ہیں اور برے کاموں سے ناراض ہوتی ہیں، اس مناسبت سے عمر رسیدہ افراد کو ان ارواح کی مانند یا مشابہ بنایا جاتا ہے۔

سَم سَںٛ (sam saṅ) [بُر۔صف] منور، تابان، مکمل طور پر روشن۔

سَم سَںٛ مَناس (sam saṅ manáas) [بُر۔محاورہ] مکمل طور پر روشن ہونا، منور ہونا، تابان ہونا۔

سِم (sim) [بُر۔اسم] سیم کا مخفف، چاندی یا لوہے کا تار۔

سُم (sum) [بُر۔اسم] مادہ حیوان (۲) پودے کی روئیدگی کی نوک۔

سُم دُوَسَس (sum duúsas) [بُر۔محاورہ] روئیدگی کے وقت پودے کی نوک نکلنا، پودے کی سوئی نمودار ہونا۔

سُم دُوَسُم (sum duúsum) [بُر] دیکھیے سُم دُوَسَس (sum duúsas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

سُم سینُمَر سُمَن پھِٹِک گرگن سینُمَر گرگلیِ پھِٹِک (sum sénumar sumán phiṭík gúrgan sénumar gurgalí phiṭík) [بُر۔مثل] خوی بدرا بہانہ بسیار۔

سَما (samáa) [بُر۔اسم] پروگرام (۲) تیاری، ترتیب۔

سَماوار (samaawáar) [ف۔اسم] پانی گرم

کرنے کا دہرا برتن جو پیتل یا تانبے کا ہوتا ہے۔

سَماوارِشوٗ (samaawáariśo) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے سَماوار (samaawáar) جس کی یہ بطرزِ بُروشسکی جمع ہے۔

سَمباٗ (sambá) [بُر۔اسم] سوچ، فکر، خیال (۲) رنج، غم (۳) غور، دھیان، توجہ۔

سَمباٗ ایتَس (sambá étas) [بُر۔محاورہ] سوچنا، غور و فکر کرنا، سوچ بچار کرنا۔

سَمباٗ کِسّ (sambákiṣ) [بُر۔اسم] سمجھدار، عقلمند، ہوشیار (۲) غور کرنے والا، سوچنے والا۔

سَمباٗ کِینڈ (sambákiyanć) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباٗ کِسّ (sambákiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمباٗ مِکْ (sambámiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباٗ (sambá) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمباٗ (sumbá) [بر۔اسم] سنگ تراشی میں استعمال ہونے والا لوہے کا آلہ۔

سَمبار وَلَس (sambáar wálas) [بُر۔محاورہ] سوچ میں پڑنا، غور کر لینا۔

سُمبایئ (sumbaayí) [بُر۔اسم] سنگ تراشی کی ایک قسم جس کے لیے سُمباٗ (sumbá) (سنگ تراشی کا ایک آلہ) استعمال ہوتا ہے

(۲) باریک سنگ تراشی۔

سُمبایئ ایتَس (sumbaayí étas) [بُر۔محاورہ] سُمباٗ (sumbá) سے سنگ تراشی کرنا، نیز دیکھیے سُمبایئ (sumbaayí)۔

سَمباٗل (sambaál) [بُر۔اسم] سنبھال کا بگاڑ، تھامنا، مدد کرنا، تیمارداری کرنا (۲) حفاظت سے رکھنا (۳) پرورش کرنا (۴) ذمہ داری اٹھانا۔

سَمباٗل ایتَس (sambaál étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَمباٗل (sambaál)۔

سَمبَر (sambár) [بُر۔اسم] ایک پھول کا نام۔

سَمبَرِکْ (sambáriṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمبَر (sambár) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمبَرے نَس پَھسّ میئمیئ شُواٗ بَرے نَس پَھسّ اوٗمائمیئ (sambáre nas phaṣ meéymi śuwá báre nas phaṣ oómaymi) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ کہ پھول کی خوشبو جاتی ہے مگر اچھی بات کا اثر باقی رہتا ہے۔

سَمبُکْ (sambúṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمباٗ (sambá) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمبُل (sambúl) [عف۔اسم] سُنبل کا بگاڑ، ایک خوشبودار پودا یا گھاس جس کے ریشے زلفوں کی

طرح ہوتے ہیں، بالچھڑ، جٹاماسی۔

سَمبُلاَ (sambulá) [بُر۔اسم] عربی لفظ سُنبلہ کا بگاڑ، خوشہ، گیہوں یا جو کی بالی (۲) آسمان کا چھٹا برج۔

سَمبُلِںؕ (sambúlin) [عف،بُر۔اسم] دیکھیے سَمبُل (sambúl) جس کی یہ جمع ہے۔

سِمِٹ (simít) [انگ۔اسم] سیمنٹ کا مخفف، پسا ہوا پتھر جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں۔
cement

سُمُدُر (sumúdur) [بُر۔صف] شریف، بھلا مانس۔

سَمدَل (samdál) [وخی۔اسم] پاپوش جو چمڑے سے بنی ہوئی ہوتی ہے جسے بروشسکی میں ہُچو (húco) کہا جاتا ہے۔

سَمدَلِشوٗ (samdáliśo) [بُر] دیکھیے سَمدَل (samdál) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمدَن (samdán) [ف،بُر۔اسم] فارسی لفظ سندان کا بگاڑ، اَہرَن جس پر لوہا یا دھات کی چیزیں کوٹتے ہیں (۲) لوہے کا بڑا ہتھوڑا جس سے پتھر توڑتے ہیں، مارتول۔

سَمدَیوٗ (samdáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے سَمدَن (samdán) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمَرِش (samáriṣ) [بُر۔اسم] بروشو گھر کے سَغَم (saġám) کی چاروں طرف کی لکڑیوں میں سے کوئی ایک لکڑی۔

سِمُرغ (simúrġ) [ف۔اسم] فارسی لفظ سیمرغ کا مخفف، ایک خیالی پرندہ۔

سَمَرَںؕ (samáran) [بُر] دیکھیے سَمَرِش (samáriṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

سَمِسٹیر (samisṭér) [انگ،بُر۔اسم] نصف تعلیمی سال، میقات۔ semester

سُمَگل (sumágal) [انگ،بُر۔اسم] ناجائز درآمد و برآمد، چنگی یا محصول ادا کیے بغیر مال لے جانا یا لانا۔
smuggle

سُمَگلر (sumágalar) [انگ،بُر۔اسم] ناجائز درآمد و برآمد کرنے والا۔ smuggler

-سُمَل (-súmal) [بُر۔اسم] دُم، پچھلا حصہ (۲) کھلیان کی وہ سمت جہاں ہوا بھوسہ وغیرہ لے جاتی ہے۔

-سُمَل ڈےُ خُرڈ دِوسَس (-súmal ce qhúrc díwsas) [بُر۔محاورہ] دُم دبا کر بھاگنا۔

-سُمَلِشوٗ (-súmaliśo) [بُر۔اسم] دیکھیے -سُمَل (-súmal) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمَلِک (sumalik) [بُر۔اسم] گلگت کا حکمران آزر جمشید کا بیٹا۔

سُمُلوٓ (sumúlo) [بُر۔صف] شریف، نجیب (۲) نہایت اعلیٰ۔

سُمُلوٓ مَناس (sumúlo manáas) [بُر۔محاورہ] شریف بننا۔

سُمُلوٓتِک (sumúlotiṅ) [بُر] دیکھیے سُمُلوٓ (sumúlo) جس کی یہ جمع ہے۔

سُمُلیٖ (sumúli) [بُر] دیکھیے سُمُلوٓ (sumúlo) جس کی یہ تانیث ہے۔

سُمُلیآر (sumulyaár) [بُر] شرافت، نجابت۔

سَمَن (samán) [انگ۔اسم] عدالت میں حاضر ہونے کا تحریری حکم، پروانۂ طلبی، بلاوا۔ summon

سُمَن (sumán) [بُر۔اسم] پودے کی روئیدگی کی نوک۔

سُمَن بَرکت! بَخت و دولت (sumán barkát báqhtu dawlát) [بُر۔دعا] یہ ایک دعا ہے، کاشت یا کھلیان پر جانے والا سُمَن بَرکت (sumán barkát) کہتا ہے اور سننے والے اس کے جواب میں بخت و دولت (báqhtu dawlát) کہتے ہیں۔

سَمَندُر (samándur) [ف۔اسم] ایک خیالی جانور جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ آگ میں پیدا ہوتا ہے۔

سَمَندر (samandár) [ہ۔اسم] بحر، ساگر۔

سَمَندر جُوَن غُتُم (samandár juwán ġuṭúm) [بُر۔تشبیہ] سمندر کی طرح عمیق۔

سَمَندر مَناس (samandár manáas) [بُر۔محاورہ] پانی کی فراوانی ہونا (۲) فکر میں عمیق ہونا، عالم و فاضل ہونا (۳) سخی بننا۔

سَمَندری/سَمَندریٖ (samandarí) [ار] دیکھیے سَمَندر (samandár) جس سے یہ منسوب ہے۔

سَمَندری جہاز (samandarí jaháaz) [ہ+ع۔اسم] وہ بڑا جہاز جو سمندر میں چلتا ہے۔

سَمَندری ہَغُر (samandarí haġúr) [ہ+بُر۔اسم] سمندری گھوڑا۔

سِمَنڎْ (simánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے سِم (sim) جس کی یہ جمع ہے۔

شِکَنْدَکْ (śikandán̈) [بُر۔اسم] دیکھیے شِکَنْدا (śikandá) معنی نمبر ۱ جس کی یہ جمع ہے۔

ش۔گ

شُگَر (śúgur) [انگ،بُر۔اسم] ایک بیماری کا نام۔ sugar

شَگِرت/شَگِرد (śagírt/śagírd) [ف،بر۔اسم] شاگرد، شاگرد کا بگاڑ۔

شَگِرتِشوٗ/شَگِردِشوٗ (śagírtiśo/śagírdiśo) [بُر۔اسم] دیکھیے شَگِرت (śagírt) جس کی یہ جمع ہے۔

شَگِردے اُستادَر شَت ایچی (śagírde ustáadar śat éći) [بُر۔کہاوت] شاگرد استاد سے آگے نکلے گا۔

شَگَر گوٗ (śagargó) [بُر۔اسم] سرگردان، پریشان (۲) مار پیٹ۔

شَگَر گوٗ دِڎَس (śagargó dícas) [بُر۔محاورہ] سرگردان کرنا، پریشان کرنا (۲) مارنا پیٹنا۔

شَگَر گوٗ ژُوَس (śagargó żúwas) [بُر] دیکھیے شَگَر گوٗ دِڎَس (śagargó dícas) جس کا یہ لازم ہے۔

شَگِروٗ (śagíro) [بُر۔اسم] دیکھیے شاگرد (śaagírd)۔

شُگلوٗ (śugúlo) [بُر۔اسم] دوست، ساتھی۔

شُگلوٗتِک (śugúlotiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شُگلوٗ (śugúlo) جس کی یہ جمع ہے۔

شُگلیٖ (śugúli) [بُر۔اسم] دیکھیے شُگلوٗ (śugúlo) جس کی یہ تانیث ہے۔

شُگلیی (śuguléy) [بُر] دیکھیے شُگلوٗ (śugúlo) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

جا اَسِرے شُریارے سَان دَکرے اَیَش لوٗ جِل مَنِی
اِنرے شُگلیی میٖئمِے جار بُٹ شُواَ فاَلَن بلاَ

دیوان نصیری (بُروشسکی) ص ۲۰۴۔

ترجمہ: میرے دل کی شادمانی کا آفتاب یقین کے آسمان میں عنقریب طلوع ہونے والا ہے (اس کے نتیجے میں ان شاءاللہ) مجھے اس کی دوستی نصیب ہوگی (اس لیے کہ عالمِ شخصی کا یہ اشارہ) ایک نیک شگون کی علامت ہے۔

ش ۔ کٹ

شَکٹ (śaṅ) [بُر۔صف] بیدار، جاگا ہوا (۲) احتیاط سنبھال، نگہداشت (۳) ہشیار، خبردار۔

شَکٹ اِمَنَس (śaṅ imánas) [بُر۔محاورہ] بیدار ہونا، جاگنا (۲) ہشیار ہونا، خبردار ہونا۔

شَکٹ ایٖتَس (śaṅ étas) [بُر] دیکھیے شَکٹ اِمَنَس (śaṅ imánas) جس کا یہ متعدی ہے [بُر۔محاورہ] بیدار کرنا، جگانا (۲) خبردار کرنا، ہشیار کرنا (۳) احتیاط کرنا۔

شَکٹ ایرَس (śaṅ éeras) [بُر۔محاورہ] جگانا (۲) آگاہ کرنا (۳) خبردار کرنا۔

شَکٹ کُش (śáṅkuṣ) [بُر] دیکھیے شَکٹ (śaṅ) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

شَکٹ نِیَس (śaṅ níyas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شکٹ ایرَس (śaṅ éeras) جس کا یہ لازم ہے۔

شَکٹل (śaṅál) [بُر۔اسم] زنجیر (۲) دروازے کی کنڈی (۳) پاؤں کی بیڑی (۴) لڑی، سلسلہ (۵) مردے کا ڈھانچہ، (محاورۃً) کمزور۔

شَکٹل مَناس (śaṅál manáas) [بُر۔محاورہ] ایک دوسرے کے ساتھ جڑ کر سلسلہ بننا۔

شَکٹلِچکٹ (śaṅáličiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَکٹل (śaṅál) جس کی یہ جمع ہے۔

شَکٹلِچکٹر دیلَس (śaṅáličiṅar délas) [بُر۔محاورہ] قید کرنا، بند کرنا، بیڑیاں پہنانا (۲)

ذمہ داری ڈالنا۔

شَکْلِکْ (*śańálin*) [بُر۔اسم] دیکھیے شَکَل (*śańál*) جس کی یہ جمع ہے۔

شَکْلَروَلَس (*śańálar wálas*) [بُر۔محاورہ] قید ہونا، بند ہونا (۲) پابند ہونا (۳) ذمہ داری سر پر آنا۔

شِکْوَر (*śińór*) [بُر۔اسم] سونٹھ، خشک ادرک۔

شِکْوَرِشو (*śińóriśo*) [بُر۔اسم] دیکھیے شِکْوَر (*śińór*) جس کی یہ جمع ہے۔

ش۔ل

شَل (*śal*) [بُر۔اسم] گاہ، مقام (۲) بودوباش کی جگہ، ٹھکانہ۔

شَل شَل (*śal śal*) [بر۔اسم] دانے وغیرہ گرنا (۲) بکھر جانا (۳) گر جانا۔

۔شُل (*-śul*) [بُر۔اسم] دردِزہ۔

۔شُل گِیَس/گِیَس (*-śul gíyas/gíyas*) [بُر۔محاورہ] دردِزہ پیدا ہونا (۲) (طنزاً) لالچ پیدا ہونا، طمع پیدا ہونا۔

شُل (*śul*) [بُر۔اسم] پیار، محبت، عشق (۲) آشنائی (۳) ایک مخصوص درد جو ہاتھ پیر کے انتہائی ٹھٹھر جانے کے بعد واپس گرم ہوتے وقت پیدا ہوتا ہے۔

شُل ایتَس (*śul étas*) [بُر۔محاورہ] پیار کرنا، محبت کرنا، آشنا ہونا۔

شُل بَلِکِش (*śul bálikiṣ*) [بُر۔صف] مہر و محبت کرنے والا، مہربان۔

شُل بَلِکِش مِی بَبا عَالَم اُیونر سَسَا
حَق یَکَلُم رہنما ذِکرے جَمِیلَن مَنِش

دیوان نصیری (بُروشسکی) ص،۳۲۴۔

ترجمہ: ہمارے شفیق و مہربان روحانی باپ کا، سارے عالم کے سخی کا، اور ربانی رہنما کا ذکرِ جمیل ہونا چاہیے۔

شُل بَلِکِینڈ (*śul balíkiyanć*) [بُر] دیکھیے شُل بَلِکِش (*śul bálikiṣ*) جس کی یہ جمع ہے۔

شُل بَلو (*śul bálo*) [بُر۔اسم] دیکھیے شُل بَلِکِش (*śul bálikiṣ*)۔

شُل بَلوکِش (*śul bálokiṣ*) [بُر۔اسم] دیکھیے شُل بَلِکِش (*śul bálikiṣ*)۔

شُل بَلوکِینڈ (*śul bálokiyanć*) [بُر۔اسم] دیکھیے شُل بَلو (*śul bálo*) جس کی یہ جمع ہے۔

شُل چرِش (*śul ćhiríṣ*) [بُر۔محاورہ] وہ باریک ریشے جو بڑی جڑوں کے اردگرد ہوتے ہیں اور

نباتات کو پانی اور غذا وغیرہ فراہم کرتے ہیں۔

شُل گِیَس/گِیَس (śul gíyas/gíyas) [بُر۔مص] دیکھیے شُل (śul) معنی نمبر ۳۔

شُل کِش (śúlkiṣ) [بُر۔صف] محبت کرنے والا۔

شُل کُش (śúlkuṣ) [بُر۔اسم] محبت، مہر۔

شُل گوئن (śulgúyn) [بُر۔صف] آشنا، یار (۲) محب، خیر خواہ (۳) معشوق۔

شُل گوَیو (śulgúyo) [بُر۔صف] دیکھیے شُل گوئن (śulgúyn) جس کی یہ جمع ہے۔

شُل گوئنے گسکِلَ ٹے دُشمَنے گوَلدَسَ ٹے سیَنان (śulgúyne gúskilaṭe duśmáne guwáldasaṭe senáan) [بُر۔کہاوت] دوست سامنے بولے گا دشمن پیٹھ پیچھے غیبت کرے گا۔

شُل مَناس (śul manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شُل ایتَس (śul étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شُل میر (śul méer) [بُر] محبت، پیار۔

شَلاَ پَلاَ (śalapála) [بُر۔صف] تلون مزاج، جس کا مزاج ٹھکانے نہ ہو (۲) غیر ضروری مذاق یا باتیں۔

شَلاَ پَلاَ غَرَاس (śalapála ġaráas) [بُر۔محاورہ] غیر ضروری مذاق یا باتیں کرنا۔

شَلاَ پَلاَ مَناس (śalapála manáas) [بُر۔محاورہ] تلون طبع ہونا، غیر ضروری مذاق کرنا۔

شَلاس (śaláas) [بُر۔مص] جھڑنا، گرنا، (محاورۃً) بہرہ ملنا، نفع حاصل ہونا۔

شَلاق (śaláaq) [بُر۔اسم] دھوکہ، فریب۔

شلاق ڈے دیَلَس (śaláaq ċe dēlas) [بُر۔محاورہ] دھوکہ دینا، فریب دینا۔

شلآٹ (śalaáṭ) [بُر] دیکھیے شَلَٹ (śaláṭ) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شلآٹ ایتَس (śalaáṭ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شَلَٹ ایتَس (śaláṭ étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شَلَپ (śaláp) [انگ، بُر۔اسم] انگریزی لفظ شیلف (shelf) کا بگاڑ، چیزیں رکھنے کے لیے دیوار میں جڑا ہوا لکڑی یا دھات وغیرہ کا تختہ، کتابوں وغیرہ کے لیے بنایا ہوا تختہ بند خانہ یا الماری۔ shelf

شَلَٹ (śaláṭ) [بُر] آمیختہ کرنا، ملانا (خاص طور پر کسی گاڑھی چیز کو)۔

شَلَٹ ایتَس (śaláṭ étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شَلَٹ (śaláṭ) (۲) طنزاً بُری طرح مارنا۔

شَلْدَا (śaldá) [بُر۔اسم] امر (۲) ہدایت (۳) نصیحت (۴) تربیت۔

شَلْدَا ایتَس (śaldá étas) [بُر۔محاورہ] امر کرنا،

حکم کرنا (۲) ہدایت کرنا (۳) تربیت کرنا۔

شَلْداٗ دیٖیَلَس (śaldá déyalas) [بُر۔محاورہ]
کسی حکم کو سننا، ہدایت پر عمل کرنا، اطاعت کرنا۔

شَلْداٗ زوراٗ بَلداٗ زور
(śaldá zóora baldá zóor) [بُر۔مثل] بوجھ اٹھانا
آسان ہے حکم چلانا مشکل ہے۔

شَلْداٗکُوئِن (śaldákuyn) [بُر۔اسم] ہدایت
کرنے والا، ہدایت کار۔

شَلْداٗ گَنَس (śaldá gánas) [بُر۔محاورہ] بات
ماننا، اطاعت کرنا۔

شَلْداٗولوٗ ایٖتَس (śaldáwlo étas)
[بُر۔محاورہ] مطیع بنانا، فرمانبردار بنانا، تابعدار بنانا۔

شَلْداٗولوٗ مَناس (śaldáwlo manáas)
[بُر۔محاورہ] دیکھیے شَلْداٗولوٗ ایٖتَس
(śaldáwlo étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شَلْداٗولوٗ ہُرُٹَس (śaldáwlo hurúṭas)
[بُر۔محاورہ] فرمان بردار ہونا، فرمان برداری کرنا۔

شَلْداٗ ہَمَس (śaldá hamás) [بُر۔اسم] شَلْداٗ
(śaldá) بمعنی امر و ہدایت اور ہَمَس
(hamás) تابع مہمل ہے۔

شَلْداٗ ہَمَس ایٖتَس (śaldá hamás étas)
[بُر۔محاورہ] ہدایت کرنا، نصیحت کرنا، خیرخواہی
کے ساتھ احکامات جاری کرنا۔

شَلْدار ژُوَس (śaldáar żúwas) [بُر۔محاورہ]
تابع ہونا، اطاعت کرنا (۲) ماننا، قبول کرنا۔

شَلْدَکْ (śaldáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَلْداٗ
(śaldá) جس کی یہ جمع ہے۔

شَلْدَکْ پَھرڈِن (śaldáṅ phárċin)
[بُر۔اسم] پرانے زمانے کی ایک کھلی زنانہ ٹوپی جو
اون سے بنائی جاتی تھی، مگر اب متروک ہو چکی ہے۔

شَلْدَکْ ہَنِک (śaldáṅ hánik) [بُر۔اسم]
ایک بڑی طشت، طاس، لگن۔

شَلْدیٖئکْ (śaldeéyṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَلْداٗ
(śaldá) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

شِلَک (śilák) [بُر۔اسم] فطیر، تازہ گندھا ہوا آٹا جس
میں خمیر نہ ہو، [صف] فطیری جو خمیری نہ ہو۔

شِلَک سَپِک (śilák ṣapík) [بُر۔اسم]
فطیری روٹی، وہ روٹی جو خمیری نہ ہو۔

شِلَک سَیروٗ (śilák ṣeéro) [بُر۔اسم]
فطیری سَیروٗ (ṣeéro)۔

شَلُم (śalúm) [بُر۔مفعول] دیکھیے شَلاس
(śaláas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

شلوار (śalwáar) [ف۔اسم] پاجامہ، ازار۔

شَلیِ (śalí) [بُر۔اسم] درخت (پھل، میوہ)۔

شَلیٖ توٗم (śali tom) [بُر۔اسم] پھل دار درخت۔
مِی جوٗکَ دُخَرُم کھینٖے گل اَفشانیٖ اکھیٖس نا
ایٖک شَلیٖ توٗمٖے اَشپُریَکٖے طوفانیٖ اکھیٖس نا
(بروشسکی جواہر پارے، ص ۱۱)۔
ترجمہ: ہمارے درختانِ زرد آلو کا جشنِ گل افشانی بڑا عجیب ہے! وہ میوہ دار درختوں کے پھولوں کی پنکھڑیوں کی بارش بڑی عجیب ہے!

شَلیٖ شندیٖ (śali śándi) [بر۔اسم] پھلوں کی بہتات، پھلوں کی فراوانی۔

شُلٖے رُگوٹوٗ (śúle rugóoto) [بُر] عشق کا مریض۔

ش ـ م

شَم (śam) [بُر۔صوت] جھاڑ دیا اس قسم کی کسی چیز کے زمین پر لگنے کی آواز، گھاس یا گندم کا مٹھا وغیرہ زمین پر گرنے کی آواز، ایسی کسی چیز کا پانی میں گرنے کی آواز (۲) یہ ایک سابقہ بھی ہے جو بعض اسماء پر داخل ہوتا ہے اور اس میں قطعیت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

شَم ایٖتَس (śam étas) [بُر۔محاورہ] گھاس، گندم کا مٹھا وغیرہ زمین یا پانی پر مار کر آواز نکالنا (۲) کسی درخت سے شاخ کی مدد سے پتے وغیرہ گرانا۔

شَم شَشَکْ (śam śaśáń) [بُر۔صف] دیکھیے شَم شَکْ (śam śań)۔

شَم شُغوٗت (śam śugót) [بُر۔صف] بالکل پکا ہوا، بالکل نرم، بالکل ملائم، شَم (śam) سابقہ ہے۔

شَم شَکْ (śam śań) [بُر۔صف] بالکل بیدار، بالکل آگاہ، شَم (śam) سابقہ ہے۔

شَم شَم (śam śam) [بُر] دیکھیے شَم (śam) معنی نمبرا جس کی یہ تکرار ہے۔

شَم شَم ایٖتَس (śam śam étas) [بر۔محاورہ] جَو یا گندم کی فصل کو جھاڑنا، درخت سے پتوں کو گرانا۔

شَم شَم ایتَس (śam śam éetas) [بُر۔محاورہ] گھاس، گندم یا جو کی فصل میں دوڑ کر شَم شَم (śam śam) کی آواز نکالنا، کم گہرے پانی میں دوڑ کر آواز نکالنا۔

شَم قاآر (śam qaár) [بُر۔صوت] آرہ کی آواز جو لکڑی چیرتے وقت نکلتی ہے۔

شِم (śim) [بُر] دیکھیے شَم (śam) جس کی یہ تصغیر ہے۔

شِم شَم (śim śam) [بُر۔محاورہ] گندم/جو یا گھاس کے مٹھے جھاڑنے کی آواز۔

شِم شِم (śim śim) [بُر] دیکھیے شَم شَم (śam śam) جس کی یہ تصغیر ہے۔

شُم (śum) [کھوار۔اسم] برا، بد۔

شُم کےِ شَرَق کا (śum ke śaráq káa) [بُر۔کہاوت] جیسی روح ویسا فرشتہ (۲) بالکل ایک جیسے۔

شَماٗ (śamá) [بُر۔اسم] ابالی ہوئی چائے کی پتی جو آخر میں برتن یا پیالی میں رہ جاتی ہے۔

شُمار (śumáar) [ف۔اسم] گنتی، حساب۔

شَماٗل (śamaál) [بُر] کھنگالنا، اوپر سے پانی ڈال کر صاف کرنا (۲) پانی میں ڈال کر ہلا ہلا کر صاف کرنا (۳) تر ہونا (۴) اثر ہونا۔

شَماٗل اِمَنس (śamaál imánas) [بُر۔محاورہ] پانی یا پسینے میں شرابور ہونا، بھیگنا۔

شَمسےِ ایٖدِلیِ کےِ قارُونےِ دیٖلجیِ (śámse eédili ke qaarúune délji) [بُر۔کہاوت] لفظی معنی: اگر شمس نہ مارے تو قارون مارے گا، شمس شمشال کی راہ میں ایک جگہ کا نام ہے مقامی لوگوں کا خیال ہے کہ شمس ملتانی اس راہ سے گزرا ہے، قارون ایک اونچے پہاڑ کا نام ہے، پرانے زمانے میں لوگ اسی پہاڑ کو عبور کر کے شمشال جاتے تھے اور بعض اوقات لوگ اسے عبور نہیں کر سکتے تھے بلکہ موت کی نوبت آتی تھی، کہاوت کا مطلب ہے کہ اگر کسی نیک شخص نے کسی برے سے بدلہ نہیں لیا تو کسی برے انسان کے ہاتھوں مار کھائے گا، قارون کا مارنا کسی برے انسان کے ہاتھوں مار کھانا ہے۔

شِمشال (śimśáal) [بُر۔اسم] ہونزا گوجال میں ایک گاؤں کا نام۔

شِمشَلیِ/شِمشالیِ (śimśalí/śimśaalí) [بُر۔اسم] شمشال سے منسوب، شمشال کا رہنے والا۔

شِمشِیت (śimśíit) [بُر۔اسم] سدھار، اصلاح، درستی، بہتری۔

شِمشِیتَٹےِ وَلَس (śimśíitaṭe wálas) [بُر۔محاورہ] سدھر جانا، صلاح پانا (۲) ٹھیک ہونا، تندرست ہونا۔

شِمشیٖر (śimśér) [بُر۔اسم] سنیچر، ہفتہ۔

شَمع (śáma) [ع۔اسم] چراغ، دیا، وہ جس سے محفل کی رونق ہو۔

شَمُلیِ (śamúli) [بُر۔اسم] شہزادی۔

شَمُلیِ گس (śamúli gas) [بُر۔اسم] دیکھیے شَمُلیِ (śamúli) (۲) بروشو لوک کہانیوں کی ایک کردار۔

سَٹکٹ دَلتَاس شَمُلیِ گس چَکیِ کےِ کُرکُمےِ ناس گوٗرقنیےِ خاٗ چِل غنَاس چَغاٗ دُم مُک شَلاس

شُمیِ (śumi) [کھوار۔اسم] برائی، بدی۔

شَمییِ (śameéy̌) [بُر۔اسم] ان دو لکڑیوں میں سے ایک جو جُوا میں لگاتے ہیں اور گاڑی یا ہل چلاتے وقت بیلوں کے کندھے پر رکھتے ہیں۔

شَمییَس (śameéy̌as) [بُر۔اسم] دیکھیے شَمییِ (śameéy̌)۔

شَمییَنڈ (śameéy̌anċ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَمییِ (śameéy̌) جس کی یہ جمع ہے۔

ش ـ ن

شَن (śan) [بُر۔اسم] دیکھیے شَک (śaṅ)۔

شُن (śun) [بُر۔اسم] انگور کی بیل، رَز (۲) پانی کی دھار۔

شِناختی کارڈ (śinaaqhtí káarḍ) [ف+انگ۔اسم] وہ پرچی یا کارڈ جس پر اس کے حامل کا نام، پتہ اور کوئی خاص حلیہ وغیرہ درج ہوتا ہے اور تصویر بھی لگی ہوتی ہے، یہ پرچی اس شخص کی شناخت ہوتی ہے۔ identity card

شِناقتیِ کاٹ (śinaaqtí káaṭ) [انگ،بُر۔اسم] دیکھیے شِناختی کارڈ (śinaaqhtí káarḍ) جس کا یہ بروشسکی تلفظ ہے۔

شِنتِراَ (śintirá) [بُر۔اسم] وہ ٹیک یا آڑ جو گھر کے کسی حصے یا برآمدے میں بطور پشتی بناتے ہیں، یہ ٹیک اور خوبصورتی دونوں کے لیے بناتے ہیں۔

شُنُٹ (śunúṭ) [بُر۔اسم] ایک درندہ جو لومڑی سے قدرے بڑا اور بھیڑیے سے چھوٹا ہوتا تھا، یہ اب ناپید ہو چکا ہے۔

شَنٹاَ (śanṭá) [بُر۔صف] روکھی سوکھی (۲) نیم خشک (۳) باسی، رات کا بچا ہوا کھانا (۴) ٹھٹھر جانا (۵) [محاورہ] محفل کا گرم نہ ہونا۔

شَنٹاَ اِمَنَس (śanṭá imánas) [بُر۔محاورہ] نیم خشک ہونا، نیم خشک ہو کر سرد ہونا (۲) ٹھٹھر جانا۔

شِنٹِو (śinṭíw) [بُر۔اسم] ایک پرندہ کا نام۔

شُنُٹِشوَ (śunúṭiso) [بُر۔اسم] دیکھیے شُنُٹ (śunúṭ) جس کی یہ جمع ہے۔

شَنٹیر (śanṭér) [بُر۔صف] اَحول، وہ شخص جس کی ایک پتلی ایک طرف پھری ہوئی ہو جس کے سبب ایک کے دو نظر آئے، کج نظر، بھینگا۔

شَنٹیر اِمَنَس (śanṭér imánas) [بُر۔مص] کج نظر بن جانا، بھینگا بن جانا۔

شَنٹیرِشوَ (śanṭériso) [بُر۔اسم] دیکھیے شَنٹیر (śanṭér) جس کی یہ جمع ہے۔

شَنڈُراَ (śandúra) [کھوار۔اسم] ایک گزرگاہ کا نام

جوغذر کے علاقہ گوپس اور چترال کے علاقہ مستوج کے درمیان ہے، یہاں ایک جھیل بھی ہے اور ایک میدان بھی جس میں موسمِ گرما میں پولو کے مقابلے ہوتے ہیں۔

شِندَق (śíndaq) [بُر۔اسم] مار پیٹ، زدوکوب۔

شِندَق ایتَس (śíndaq étas) [بُر۔مص] مارنا پیٹنا، زدوکوب کرنا۔

شُندوَر (śundór) [بُر۔اسم] پاش پاش، چکنا چور، شکست و ریخت (۲) پگھلنے کی وجہ سے یخ بستہ برف میں ٹوٹ پھوٹ پیدا ہونا۔

شُندوَر ایتَس (śundór étas) [بُر] پاش پاش کرنا، (محاورۃً) پٹائی کرنا۔

شَندیٔ (śándi) [بُر۔اسم] گھاس، گندم، جو وغیرہ کی کاٹی ہوئی فصل جس کے گٹھے نہ بنائے گئے ہوں۔

شَندیٔ بِشَاَیَس (śándi biśáyas) [بُر۔محاورہ] کاٹی ہوئی فصل کو سکھانے کے لیے پھیلانا (۲) فصل کاٹ کر کھیت یا کھلیان میں پھیلانا۔

شَندیٔ بَلاس (śándi baláas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شَندیٔ بِشَاَیَس (śándi biśáyas) جس کا یہ لازم ہے (۲) خوب فصل ہونا، اچھی فصل ہونا۔

شَندیٔ پَھر ایتَس (śándi phar étas) [بُر۔محاورہ] کاٹی ہوئی فصل کو سکھانے کے لیے الٹانا پلٹانا۔

شَندیٔ مِکْ (śándimiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شَندیٔ (śándi) جس کی یہ جمع ہے۔

شُنڈُریٔ (śunḍúri) [بُر۔اسم] قسمت، مقدر (۲) موکّل۔

شُنڈُریے یَرَس (śunḍúriye yáras) [بر۔محاورہ] قسمت کا مارا، بدقسمت ہونا۔

شِنِشیٔ (śiníśi) [بُر۔متعلق فعل] موسمِ گرما، موسمِ گرما سے متعلق۔

شِنِشیٔ موَ (śiníśi mo) [بُر۔متعلق فعل] موسمِ گرما کا / کی، موسمِ گرما کے زمانے کا۔

شِنِکیٔ (śiníki) [بُر۔متعلق فعل] موسمِ گرما کا (۲) موسمِ گرما کی فصل۔

شَنکَيِ (śankáy̌) [بُر۔صف] جنگلی، ایسا درخت جس میں پیوندکاری نہ ہوتی ہو۔

شَنکَيِ توَم (śankáy̌ tom) [بُر۔اسم] جنگلی درخت، ایسا درخت جس میں پیوندکاری نہ ہوتی ہو۔

شَنکَيِ ژُوَ (śankáy̌ żuú) [بُر۔اسم] خوبانی کا ایسا درخت جس میں پیوندکاری نہ ہوتی ہو۔

شَنیٔ (*śaní*) [بُر۔اسم] کیاری، سبزی اگانے کی کیاری۔

شَنیٔ اَسقُر (*śaní asqúr*) [بُر۔اسم] وہ پھول جسے کیاریوں میں اگایا جاتا ہے جو موسمِ گرما میں کھلتا ہے۔

شَنیٔ ایٔتَس (*śaní étas*) [بُر۔اسم] کیاریاں بنانا، کیاریوں میں سبزی اگانا۔

شَنیٔ کِش (*śaní kiṣ*) [بُر۔اسم] وہ زمین جو سبزی اگانے کے لیے ہو۔

شَنیٔ مُرؤن (*śaní murón*) [بُر۔اسم] کیاریاں بنانا اور سبزی اگانے کا کام (۲) کھیتی باڑی۔

شَنیٔ مُرؤن ایٔتَس (*śaní murón étas*) [بُر۔محاورہ] کیاریاں بنانا، سبزی اگانا (۲) کھیتی باڑی کرنا۔

شَنیٔ ہؤی (*śaní hoy*) [بُر۔اسم] وہ سبزی جو کیاریوں سے حاصل ہو۔

شِنیٔ (*śiní*) [بُر۔اسم] موسم گرما۔

شِنیٔ بالت (*śiní báalt*) [بُر۔اسم] سیب کی ایک عمدہ قسم جو ہونزا میں موسم گرما کے شروع میں پکتے ہیں۔

شِنیٔ بأی (*śiní bay*) [بُر۔اسم] موسم گرما اور موسم سرما، (کنایۃً) سال بھر۔

شِنیٔ چِل (*śiní chil*) [بُر۔صف] قدرے گرم پانی، ایسا پانی جو زیادہ سرد نہ ہو۔

شِنیٔ کُش (*śiní kuṣ*) [بُر] دیکھیے شِنیٔ (*śiní*) جس کا یہ اسمِ کیفیت ہے۔

شِنیٔ کُشٔے (*śiní kuṣe*) [بُر۔متعلق فعل] موسم گرما کے دوران۔

شِنیٔ کرٔے دَتُؤ مؤ ڎؤن، بأی کرٔے گرُؤ مؤ تَھم (*śiní ke datúmo ċon, bay ke garúmo tham*) [بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے اگر موسم گرما اور بہار میں غلاموں کی طرح کام کیا تو موسم خزاں اور سرما میں بادشاہوں کی طرح آرام سے کھائے گا۔

شِنیٔ مؤساٗ (*śinímo sa*) [بُر] موسمِ گرما کی دھوپ۔

شُنَنڎ (*śunánċ*) [بُر۔اسم] دیکھیے شُن (*śun*) جس کی یہ جمع ہے۔

شُنُونؤ (*śunúuno*) [بُر۔اسم] بتی کی روشنی، چمنی کی روشنی، پرانے زمانے میں خوبانی کی گریوں کو پیس کر موم بتی کی طرح بناتے تھے جس سے چراغ کا کام لیا جاتا تھا، جو شُنُونؤ (*śunúuno*) کہلاتی تھی۔

شَنیٔک (*śanén*) [بُر۔اسم] دیکھیے شَنیٔ (*śaní*) جس کی یہ جمع ہے۔

شَنیَنِرے (śaníyane) [بُر۔متعلق فعل] ایک کیاری کے برابر،ایک کیاری کے برابر زمین (۲) اتنا پانی کہ ایک کیاری میں بہانے کے لیے کافی ہو (۳) ایک کیاری کے برابر بیج۔

ش۔و śaw,śiw,śuw

شَو (śaw) [بُر۔اسم] درد کی ٹیس جو کسی عضو میں ہو (۲) خفیف درد جو رگوں میں ہو (۳) یہ ایک سابقہ بھی ہے۔

شَو ایتَس (śaw éetas) [بُر۔محاورہ] کسی عضو میں درد کی ٹیس محسوس کرنا یا ہونا۔

شَوچُپ (śaw ćup) [بُر۔متعلق فعل] بالکل خاموشی۔

شَو ڈَو (śaw ḍaw) [بُر۔صف] برباد، اجاڑ۔

شَو ڈَو اِمَنَس (śaw ḍaw imánas) [بُر۔محاورہ] دربدر ہونا، برباد ہونا۔

شَو شَو (śaw śaw) [بُر۔اسم] دیکھیے شَو(śaw) جس کی یہ تکرار ہے۔

شَو شَو اَکِرڈُم (śaw śaw akírćum) [بُر] ڈراؤنا، خوفناک (۲) سنسان۔

شَو شَو اَکِیُم (śaw śaw akíyum) [بُر] دیکھیے شَو شَو اَکِرڈُم (śaw śaw akírćum)۔

شَو شَو ایتَس (śaw śaw éetas) [بُر۔محاورہ] رگوں وغیرہ میں خفیف درد ہونا۔

شَو شَو اِیَرُم (śaw śaw iírum) [بُر۔صف] سنسان، بھیانک، ویران۔

شَوشَو گِیَس (śaw śaw gíyas) [بُر۔محاورہ] جسم کے کسی عضو حصے خاص طور پر ہاتھ پیر کی رگوں میں خفیف درد پیدا ہونا۔

شُواَ (śuwá) [بُر۔صف] اچھا/اچھی، بہتر، نیک۔

شُواَ بَغَرک (śuwá bağárk) [بُر۔صف] نیک وبد۔

شُوا ڈُم غُنِکِش، غُنِکِش ڈُم شُواَ دِمائمیِ (śuwáa ćum ğuníkiṣ, ğuníkiṣ ćum śuwá dímaymi) [بُر۔کہاوت] نیک انسان سے بری اولاد ہوگی اور برے انسان سے نیک اولاد ہوگی۔

شُواَ سِس غُٹ اِمَائمیِ بغَرک سِس شوَن امائمیِ (śuwá sis ğuṭ imáymi bağárk sis śon imáymi) [بُر۔کہاوت] نیک انسان بہرا ہوگا بد انسان اندھا ہوگا۔

شُواَ سِسَر ہَن بَر اَواَجیِ شُواَ بَغُرَر ہِک تُھر اَواَجیِ

(śuwá sisar han bar awaáji śuwá hağúrar hik thur awaáji) [بُر۔کہاوت] عاقل را اِشارہ بس است، یعنی عقل مند کے لیے اشارہ ہی کافی ہے جیسا کہ اچھے گھوڑے کے لیے ایک ہی چابک کافی ہے۔

شُوا کا مَناکرے شُوآ، بَغَرکرے کا مَناکرے بَغَرک (śuwáa káa manáa ke śuwá, bağárke káa manáake bağárk) [بُر۔کہاوت] صحبتِ صالح تُرا صالح کند صحبتِ طالح تُرا طالح کند۔

شُوآ کُس (śuwákuṣ) [بُر۔اسم] نیکی، بھلائی۔

شُوآ کُس اُشُٹو (śuwákuṣ uśúṭo) [بُر۔مثل] نیکی کا بدلہ بدی کی شکل میں ملنا، نیکی کی قدر نہ جاننا۔

شُوآ کُس ایتَس (śuwákuṣ étas) [بُر۔محاورہ] نیکی کرنا، بھلائی کرنا۔

شُوآ کُس بیشَل کرے چِلے بَس مَناس اَپی (śuwákuṣ béśal ke čhíle baṣ manáas apí) [بُر۔کہاوت] نیکی کبھی بھی ضائع نہیں ہوتی۔

شُوآ کُس مَناس (śuwákuṣ manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شوآ کُس ایتس (śuwákuṣ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شُوآ کُس نرے تِل گول (śuwákuṣ ne til góol) [بُر۔کہاوت] نیکی کر دریا میں ڈال۔

شُوآ کُس نیتَن سِندَر بِشاَ (śuwákuṣ nétan sindar biśá) [بُر۔کہاوت] دیکھیے شُوآ کُس نرے تِل گول (śuwákuṣ ne til góol)۔

شُوآ کرے (śuwá ke) [بُر۔کلمہ بندی] یہ ایک کلمہ بندی ہے جو گفتگو میں آتی ہے، مثلاً "شُوآ کرے اَتایم" (śuwá ke atáayam) اچھا ہوا کہ میں نہیں آیا، "شُوآ کرے اوَسَنَم" (śuwá ke oósanam) اچھا ہوا کہ میں نے نہیں کہا وغیرہ۔

شُوآمَیام (śuwá mayáam) [بُر۔اسم] مذاق، شوخی (۲) طفلانہ حرکت۔

شُوآمَیام مَناس (śuwá mayáam manáas) [بُر۔اسم] مذاق کرنا، شوخی کرنا، طفلانہ حرکت کرنا۔

شُوآ ہانرے دَمَن گمَنَس (śuwạ háane damán gumánṣ) [بُر۔دعا] یہ غیر شادی شدہ لڑکی کو دی جانے والی دعا ہے، یعنی تجھے ایک اچھا گھر (اچھا شوہر) نصیب

ہو۔

شُوا ہَرسَ ٹے بَغَرکرے دَرڈَٹے (śuwáa hárṣaṭe bağárke dárċaṭe)
[بُر۔کہاوت] نیک شخص کے لیے کاشت کے وقت بارش ہوگی اور برے شخص کے لیے فصل کاٹتے وقت بارش ہوگی۔

شُوا یَلڈے اوٗشِن (śuwáa yálċe oóśin)
[بُر۔کہاوت] مطلب یہ ہے کہ نیک انسان کے ساتھ رزق ہوتی ہے۔

شَوق (śawq) [ع۔اسم] خواہش، تمنا، آرزو، عشق (۲) رغبت، میلان۔

شَوق ایتَس (śawq étas) [ع+بُر۔محاورہ] تمنا کرنا، آرزو کرنا، رغبت کرنا۔

شَوق مَناس (śawq manáas) [ع+بُر] دیکھیے شَوق ایتَس (śawq étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شِولُم آلوٗ (śíwlum aalú) [بُر۔اسم] وہ آلو جسے راکھ میں ڈال کر پکایا گیا ہو۔

شُوَنچَل (śuwánċal) [بُر۔اسم] ساگ کی ایک قسم جسے کیاریوں میں اگاتے ہیں۔

شُوَنچِلِک (śuwánċaliṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شُوَنچَل (śuwánċal) جس کی یہ جمع ہے۔

شْ ۔ وٗ ŚO

شوٗپَن (śópan) [بُر۔اسم] ایک خاص غذا جو بکری/بھیڑ کی آنت میں چربی اور قیمہ بھر کر اسے پکا کر تیار کرتے ہیں (۲) [صف] مجازاً بونا، پست قد۔

شوٗپَن بوٗئن (śópan boyn) [بُر۔اسم] گاؤں کے چرواہوں کا ایک اجتماع جس میں وہ گاؤں والوں سے اشیائے خورد و نوش جمع کر کے پکاتے اور تقریب کے طور پر خوشیاں مناتے تھے اب یہ متروک ہو چکا ہے۔

شوٗپَیوٗ (śópayo) [بُر۔اسم] دیکھیے شوٗپَن (śópan) جس کی یہ جمع ہے۔

شوٗتوٗ (śóto) [بُر۔اسم] ایک پودا جسے کیاریوں میں اگایا جاتا ہے۔

شوٗٹوٗ (śóṭo) [بُر۔اسم] پھنسی، چھوٹا پھوڑا، دانہ۔

شوٗٹوٗمُڅ (śóṭomuc) [بُر] دیکھیے شوٗٹوٗ (śóṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

شوٗر (śor) [بُر] دیکھیے شَر (śar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

شوٗرتیٔ (śórti) [بُر۔اسم] ایک روایتی کہانی کا کردار۔

شوٗرتیٔ کرے بوٗرتیٔ مَناس (śórti ke bórti manáas) [بُر۔مثل] آزاد ہونا، جو جی میں آئے کرنا، (شوٗرتیٔ (śórti) اور

بوٗرتیٔ (bórti) ایک کہانی کے دو کردار ہیں)۔

شوٗرتیٔ مَناس (śórti manáas) [بُر۔محاورہ] آزاد ہونا، من مانی کرنا۔

شوٗشوٗر مَناس (śóśor manáas) [بُر] دیکھیے شَشَر مَناس (śáśar manáas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

شوٗشوٗم ایتَس (śóśom éetas) [بُر] دیکھیے شَشَم ایتَس (śáśam éetas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

شوٗغُریٔ (śoġurí) [بُر۔اسم] ناشپاتی کا پھل (۲) ناشپاتی کی عمدہ قسم کا ایک درخت۔

شوٗغُریٔ مُڈ (śoġurímuc) [بُر۔اسم] دیکھیے شوٗغُریٔ (śoġurí) معنی نمبر ا جس کی یہ جمع ہے۔

شوٗغُریٔ مِک (śoġurímiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شوٗغُریٔ (śoġurí) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

شوٗق (śoq) [بُر۔اسم] پھوڑا (۲) مٹی کا گٹھا، آٹے کا گٹھا، ڈھیلا، گولا۔

شوٗقُڈ (śóquc) [بر۔اسم] دیکھیے شوٗقَنڈ (śoqánc)۔

شوٗقُم (śóqum) [بُر۔صف] کشادہ، کھلا ہوا، فراخ۔

شوٗقُم ایتَس (śóqum étas) [بُر۔مص مر] کشادہ کرنا، کھلا کرنا۔

شوٗقُم شِرَتیٔ (śóqum śiráti) [بُر۔صف] کشادہ، وسیع، فراخ۔

شوٗقُم کُش (śóqumkuṣ) [بُر۔اسم] وسعت، کشادگی، فراخی۔

شوٗقُم مَناس (śóqum manáas) [بُر] دیکھیے شوٗقُم ایتَس (śóqum étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شوٗقُمَر بِشاَیَس (śóqumar biśáyas) [بُر۔محاورہ] بات کو طول دینا کسی معاملے کو غیر ضروری طور پر بڑھانا چڑھانا۔

شوٗقَنڈ (śóqanc) [بُر۔اسم] دیکھیے شوٗق (śoq) جس کی یہ جمع ہے۔

شوٗل (śol) [بُر۔اسم] دیکھیے شَل (śal) معنی نمبر ۳ جس کی یہ تصغیر ہے [صف] قلیل مقدار، قلیل تعداد۔

شوٗل اُمَنَس (śol umánas) [بُر۔محاورہ] تعداد میں کم ہونا، کم رہ جانا۔

شوٗن (śon) [بُر۔صف] اندھا، نابینا۔

شوٗن اِمَنَس (śon imánas) [بُر۔محاورہ] اندھا ہونا، نظر نہ آنا۔

شوَن ایَتَس (śon étas) [بُر] دیکھیے شوَن اِمَنَس (śon imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

شوَن سیَل کُلیِ میَنرِے کا ہَرَٹ اوَمَنس (śon sel kuli méne káa harán oómanṣ) [بُر۔کہاوت] ملکیت میں کوئی بھی شریک نہ ہو، سا اچھا بھلا نہ باپ کا اور تا ؤ بھلا نہ تاپ کا (شرکت کسی کی بھی نہ ہو، گرمی بخار کی بھی برداشت نہیں ہو۔

شوَن غیُوَ (śon ġayú) [بُر۔صف] اندھا اور لنگڑا، ناکارہ، ایسا شخص جو کسی کام کا نہ رہ گیا ہو۔

شوَن کُروَن (śon kurón) [بُر۔صف] بالکل اندھا۔

شوَن کُروَن اِمَنَس (śon kurón imánas) [بُر۔محاورہ] بالکل اندھا ہونا، اندھا ہوکر عاجز اور زبون حال ہونا۔

شوَن گکُر (śon gukúr) [بُر۔اسم] قدیم ہونزا کے ایک کاہن کا نام جس کی پیش گوئیاں بہت مشہور ہیں۔

شوَن مَمیُوَ (śon mamúyo) [بُر۔اسم] ایک بہت چھوٹا چوہا، چوہے کی ایک قسم۔

شوَن مَمیُومُڈ (śon mamúyomuċ) [بُر۔اسم] دیکھیے شوَن مَمیُوَ (śon mamúyo) جس کی یہ جمع ہے۔

شوَن مُن (śon mun) [بُر۔محاورہ] سب کے سب، خرد و بزرگ، نیک و بد۔

شوَن مُن خا گٹیِ مَناس (śon mun qháa gáṭi manáas) [بُر۔محاورہ] ہر قسم کے لوگ جمع ہونا، خرد و بزرگ نیک و بد سب جمع ہونا۔

شوَن نِین بَل ڈِے غیُوَ نِین دَروَغوَڈِے (śon níin bal ċe ġayú níin darógo ċe) [بُر۔کہاوت] اندھے کا آخری سہارا دیوار ہے اور لنگڑے کا آخری سہارا لاٹھی ہے۔

شوَناَ شوَنِسکُم (śóna śóniskum) [بُر۔متعلق فعل] اندھا دُھند، بغیر دیکھے، تاریکی میں۔

شوَناَ شوَنِسکیِ (śóna śóniski) [بُر۔متعلق فعل] دیکھیے شوَناَ شوَنِسکُم (śóna śóniskum)۔

شوَنِسکُم (śóniskum) [بُر۔متعلق فعل] اندھا پنے میں، اندھے کی طرح۔

شوَنوَکوَ (śonóno) [بُر۔اسم] دیکھیے شوَن (śon) جس کی یہ جمع ہے۔

شوَنرِے بیَسَن دُمَرچیِ؟ اِلچِن

(śóne bésan dúmarći? ílćin) [بُر۔کہاوت] اندھا کیا چاہے، دو آنکھیں: ضرورت مند کو ہمیشہ اپنی ضرورت کا خیال رہتا ہے۔

شوٓنے شوٓنَر شوٓن ایِسُم جُوَن (śóne śónar śon ésum juwán) [بُر۔کہاوت] اندھے کا اندھے کو اندھا ہونے کا طعنہ دینا، یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب ایک بُرا کسی دوسرے بُرے کو برا ہونے کا طعنہ دیتا ہے۔

ش ۔و śoo

شوپَل (śóopal) [بُر۔اسم] ایک صحرائی جانور جو گوہ سے ملتا جلتا ہے۔

شوپَلِشوٓ (śóopaliśo) [بُر۔اسم] دیکھیے شوپَل (śóopal) جس کی یہ جمع ہے۔

شوق (śóoq) [ع،بُر۔اسم] دیکھیے شَوق (śawq)۔

شوقین (śooqíin) [ع۔اسم] شوق یا خواہش رکھنے والا، مشتاق (۲) عیّاش، رنگیلا۔

شوقین اِمَنَس (śooqíin imánas) [ع+بُر۔محاورہ] خواہش رکھنا، مشتاق ہونا۔

شویوٓ (śóoy̌o) [بُر۔اسم] سویا، ایک خوشبودار ساگ کا نام۔

شوییٔ (śóoyi) [بُر۔اسم] رکاوٹ، مانع، پھنساؤ، روک۔

شوییٔ ایِتَس (śóoyi étas) [بُر۔مص مر] پھنسانا، روکنا۔

شوییٔ مَناس (śóoyi manáas) [بُر۔اسم] دیکھیے شوییٔ ایِتَس (śóoyi étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ش ۔وٓ śoó

شوٓ (śoó) [بُر۔اسم] مانع، رکاوٹ (۲) گھاس پھوس جو پانی کے سامنے رکاوٹ بنے (۳) انسانوں یا حیوانوں کا پھنسا ہوا ہجوم (۴) بہتا ہوا پانی ختم ہونا، بہتے ہوئے پانی کا کم ہوتے ہوتے ختم ہونا۔

شوٓ ایِتَس (śoó étas) [بُر۔محاورہ] پانی کا گھاس پھوس وغیرہ کو جمع کر کے اپنی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنا۔

شوٓٹ (śoóṭ) [بُر] کسی مائع شے میں جھاگ پیدا ہونا۔

شوٓٹ ہِر (śoóṭ hir) [بُر۔اسم] موچی، چمار۔

شوٓ چِل (śoó chil) [بُر۔اسم] بہنے والا پانی کا اختتامی حصہ۔

شوٓ دیڈس (śoó déećas) [بُر۔محاورہ] کسی کے

کھیت یا باغ کا پانی منقطع کرنا/کاٹنا۔

شۆ ژُوَس (śoó żúwas) [بُر۔محاورہ] بہنے والے پانی کا کم ہوتے ہوتے ختم ہو جانا۔

شۆ سُوَس (śoó súwas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے شۆ ژُوَس (śoó żúwas) جسکا یہ متعدی ہے

(۲) پانی کا گھاس پھوس کو بہا کر لانا۔

ش ۔ ہ

شَہباز (śahbáaz) [ف۔اسم] باز کی ایک بڑی قسم (۲) بہادر آدمی (۳) خوبصورت جوان۔

شَہبازِشۆ (śahbáaziśo) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے شہباز (śahbáaz) جس کی یہ بروشسکی جمع ہے۔

شَہِن (śahín) [ف،بُر۔اسم] دیکھیے شاہین (śaahíin) جس کا یہ بطرزِ بروشسکی مخفف ہے۔

شَہنشاہ/شَہنشا (śahinśáa) [ف۔اسم] بادشاہوں کا بادشاہ۔

شَہِید (śahíid) [ع۔اسم] وہ شخص جو خدا کی راہ میں جہاد کرتا مارا جائے (۲) اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔

شَہِیدان (śahiidáan) [عف۔اسم] دیکھیے شَہید (śahíid) جس کی یہ بطرز فارسی جمع ہے۔

شَہِیدانِتِک (śahíidáantiṅ) [عف+بُر۔اسم] دیکھیے شَہید (śahíid) معنی نمبر ا جس کی یہ بروشسکی جمع الجمع ہے۔

شَہِید تِک (śahíidtiṅ) [ع+بُر] دیکھیے شَہید (śahíid) معنی نمبر ا جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

شَہِیدِشۆ (śahíidiśo) [ع+بُر] دیکھیے شَہید (śahíid) معنی نمبر ا جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

شَہِیۆ (śahíyo) [بُر۔اسم] دیکھیے شَہِن (śahín) جس کی یہ جمع ہے۔

ش ۔ ء

شَئیس (śays) [بُر۔اسم] کمبل، پرانے زمانے میں ہاتھوں سے بنایا جانے والا اونی کمبل۔

شَئیسِ شۆ/شَی شۆ (śáysiśo/śayśo) [بُر۔اسم] دیکھیے شَئیس (śays) جس کی یہ جمع ہے۔

ش ـ ی śay,śiy,śuy

شِیَٹُم بلوش جُوَن (śiyaṭum balóoṣ juwán) [بُر۔تشبیہ] ایسا کالا جیسا کہ چولہے پر رکھا ہوا بَلوش (balóoṣ) ہو۔

ش ـ یٔ śi

- **شیٔ** (-śi) [بُر۔متعلق فعل] اردگرد، گرداگرد (۲) گلے کے اردگرد۔

شیٔ (śi) [بُر۔اسم] آتشدان، چولہا۔

شیٔ مِک (śimiń) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٔ (śi) جس کی یہ جمع ہے۔

شیٔ دَن (śi dan) [بُر۔اسم] بُرُشو آتشدان کے اردگرد لگائے جانے والے چار پتھروں میں سے ایک پتھر اسے شُتِن (śútin) بھی کہتے ہیں۔

ش ـ ی śii

شی ڈر نِیَس (śii car níyas) [بُر۔محاورہ] آگ کے نزدیک ہونا، آگ تاپنا۔

شی ڈے (śii ce) [بُر۔متعلق فعل] آتشدان کے پاس، چولہے سے، چولہے کے پاس۔

شی ڈے پُھو ڈے (śii ce phúu ce) [بُر۔محاورہ] آگ تاپنا، گرم ہونے کے لیے آگ سے نزدیک ہونا۔

شی ڈے دُوَسَس (śii ce dúwasas) [بُر۔محاورہ] حیض کے ایام۔

- **شِیر** (-śiir) [بُر۔امر] دیکھیے - شیرَس (-śiiras) جس کا یہ امر ہے۔

شِیر بِرِنْج (śiir birinj) [ف۔اسم] دودھ اور چاول، کھیر۔

- **شیرَس** (-śiiras) [بُر۔مص] چھیننا، اچک لینا، زبردستی لینا۔

شِیرَک (śiiráń) [بُر۔اسم] دیکھیے شِیرہ (śiirá) جس کی یہ بطرز بروشسکی جمع ہے۔

شِیرہ/ شِیرا (śiirá) [ف۔اسم] چاشنی، عرق، رس۔

شِیشہ/ شِیشا (śiiśá) [ف۔اسم] ایک دھات جو ریت، چونا، گندھک وغیرہ ملا کر بناتے ہیں اور مختلف شکلوں میں ڈھالتے ہیں۔

ش ـ یٔ śií

شِیرشاَر (śiir śaár) [بُر۔صوت] خشک پتے وغیرہ

کے آپس میں ٹکرانے سے نکلنے والی آواز۔

شِیِر شاآر مناس (śiír śaár manáas) [بر۔محاورہ] خشک پتے ٹکرا کر آواز نکلنا۔

ش ۔ یٖ

شَیوٗ (śayoó) [بُر۔اسم] شلوار کے دونوں حصوں کو آپس میں ملانے کی جگہ۔

شَیوٗمُڅ (śayoómuc) [بُر۔اسم] دیکھیے شَیوٗ (śayoó) جس کی یہ جمع ہے۔

شَیوٗئنڅ (śayoóyinc) [بُر۔اسم] دیکھیے شَیوٗ (śayoó) جس کی جمع کی یہ بھی ایک صورت ہے۔

ش ۔ ے śe

شے (śe) [بُر۔اسم] اون۔

شے بِشکے (śe biśké) [بُر۔اسم] اون اور بال۔

شے مِک (śemiṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شے (śe) جس کی یہ جمع ہے۔

شیپِرش (śépirṣ) [بُر۔اسم] ضَغو (çhágo) کی لمبی لمبی شاخیں جن سے اون دھنتے ہیں۔

شیپِرنڅ (śépiranc) [بُر۔اسم] دیکھیے شیپِرش (śépirṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

شیپَل کِس (śépalkiṣ) [بُر۔صف] بھیڑ، دنبہ، اون دینے والا جانور۔

شیپَل کِینڅ (śépalkiyanc) [بُر] دیکھیے شیپَل کِس (śépalkiṣ) جس کی یہ جمع ہے۔

شیرمَن (śérman) [بُر۔اسم] ماچس۔

شیرمَن دُوس چَمقے گس ایرُم جُوَن (śérman duús camáqe gaṣ éerum juwán) [بُر۔کہاوت] لفظی معنی یہ ہے کہ ماچس ایجاد ہونے کی وجہ سے چقماق کی قدر و قیمت ختم ہونا، یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب ایک چیز/شخص کی وجہ سے دوسرے کی قدر و قیمت ختم ہوتی ہے۔

شیش (śeṣ) [بُر۔اسم] خوشحالی، فراوانی، راحت۔

شیش مَناس (śeṣ manáas) [بُر۔محاورہ] راحت ہونا، خوشحال ہونا، فراوانی ہونا۔

شیک (śek) [بر۔اسم] گھن، نفرت (۲) [ع، بُر] شک کا بگاڑ، شبہہ، ظن، یقین کی ضد۔

شیک اوسَس (śek óosas) [بُر] دیکھیے شیک ایتَس (śek étas)۔

شیک ایتَس (śek étas) [ع+بُر۔محاورہ] شک کرنا، شبہہ کرنا، یقین نہ کرنا (۲) گھن کرنا، نفرت کرنا، کراہت محسوس کرنا۔

شیٔک دُواسَس (śek duwáasas) [بُر۔محاورہ] شک رہ جانا، شبہ رہ جانا۔

شیٔک ژُوَس (śek żúwas) [بُر۔محاورہ] گھن آنا، کراہت محسوس کرنا، نفرت پیدا ہونا۔

شیٔک مِکٹ (śekmíṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٔک (śek) جس کی یہ جمع ہے۔

شیٔک مَناس (śek manáas) [بُر] دیکھیے شیٔک ایٔتَس (śek étas) جس کا یہ لازم ہے۔

شیٔکاآٹو (śekaáṭo) [بُر۔صف] شک کرنے والا۔

شیٔکاآٹو مُڈ (śekaáṭumuċ) [بُر] دیکھیے شیٔکاآٹو (śekaáṭo) جس کی یہ جمع ہے۔

شیٔکاآٹی (śekaáṭi) [بُر] دیکھیے شیٔکاآٹو (śekaáṭo) جس کی یہ تانیث ہے۔

شیٔکاآٹی مُڈ (śekaáṭi muċ) [بُر] دیکھیے شیٔکاآٹی (śekaáṭi) جس کی یہ جمع ہے۔

شیٔکِچکٹ (śékičiṅ) [بُر] دیکھیے شیٔک مِکٹ (śekmíṅ)۔

شیٔکر وَلَس (śékar wálas) [بُر۔محاورہ] شک میں پڑ جانا، دل میں شبہہ پیدا ہونا۔

شیٔل (śel) [بُر۔اسم] برف جو پہاڑ سے پھسل کر نیچے گرے، ایسی برف جو نیم پگھلی ہوئی ہو۔

شیٔل چِل (śel ċhil) [بُر۔اسم] شیٔل (śel) کا پانی، برف کا پانی۔

شیٔل دَن (śel dan) [بُر۔اسم] سنگِ بلور، ایک چمکدار کانی پتھر۔

شیٔل دَیوٗ (śel dáyo) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٔل دَن (śel dan) جس کی یہ جمع ہے۔

تَھاَ لَکَن شیٔل دَیوٗ دُنڈِرَاَ ساَ اُیونُلوٗ بِیاَ بے
عالِمکٹ سَکٹ نرِۓ ہَمیش نُورۓ اَکھیٔس سان ییٔڈم
دیوان نصیری (بُروشسکی) ص، ۱۶۵۔

ترجمہ: (اے طالبِ حقیقت!) ایک کروڑ بلوروں کو پھیلا دے آفتاب ان سب میں نظر آئے گا۔ میں نے (ظاہری اور باطنی) جہانوں کو ہمیشہ منور کرنے والے ایک عجیب وغریب نورانی آفتاب کو دیکھا۔

شیٔل ژُوَس (śel żúwas) [بُر۔محاورہ] شدید برف باری ہونا (۲) برف کا پہاڑ سے پھسل کر نیچے گرنا (۳) (مجازاً) بچوں کی ناک بہنا۔

شیٔل گَلَس (śel gálas) [بُر۔محاورہ] برف کا پھسل کر پہاڑ سے نیچے گرنا۔

شیٔل وَلَس (śel wálas) [بُر] دیکھیے شیٔل ژُوَس (śel żúwas) معنی نمبر ا۔

شیٔل یارُم دُوَس مؤس یارَر
(śel yáarum duús mos yáarar) [بُر۔مثل]

آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔

شیلَنْڈ (śelánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے شیل (śel) جس کی یہ جمع ہے۔

شیم (śem) [بُر] دیکھیے شییَس (śéyas) جس کی یہ صفتِ مفعولی ہے۔

شیم پَھتاَ ولوٗ غُرآیَس

(śem phátawlo ġuráyas) [بُر۔کہاوت] دیکھیے شیم پَھتاَ ولوٗ گنا (śem phátawlo gunáa)۔

شیم پَھتاَ ولوٗ گنا

(śem phátawlo gunáa) [بُر۔کہاوت] دیکھیے شِم پَھتاَ ولوٗ گنا (şim phátawlo gunáa)۔

شیمپوٗ (śempú) [انگ،بُر۔اسم] ایک قسم کا پتلا صابن جو بالوں کو دھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ shampoo

شیٖن (śen) [بُر۔اسم] وہ چبوترہ نما جگہ جو بُرُشوٗ (burúśo) گھر میں بیرِچوٗ مَن (bériċo man) پر لکڑی کی تختیوں سے بنائی جاتی ہے، یہ گھر کی عام سطح سے قدرے اونچی ہوتی ہے۔

شیَنَنْڈ (śenánċ) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٖن (śen) جس کی یہ جمع ہے۔

شیہریٔ (śehrí) [ف۔صف] شہر کا، شہر سے متعلق (۲) شہر کا باشندہ، شہری کا بروشسکی تلفظ۔

شیئطان (śeytáan) [ع،بر۔اسم] عربی لفظ شیطان کا بگاڑ، فرشتوں کا معلم جس نے خدا کی نافرمانی کر کے آدم کو سجدہ نہ کیا اور راندہ ہوگیا (۲) سرکش، نافرمان، باغی، ابلیس (۳) شریر۔

شیئطان بَٹَر گِیَس

(śeytáan báṭar gíyas) [بُر۔محاورہ] نیت بدل جانا، بدتوفیق ہونا (۲) نافرمان بننا، بغاوت کرنا۔

شیئطانیٔ (śeytaaní) [ع،بُر۔صف] دیکھیے شیئطان (śeytáan) جس سے یہ منسوب ہے۔

شیئطانیٔ ایَتَس (śeytaaní étas) [ع+بُر۔محاورہ] شرارت کرنا، بغاوت کرنا، نافرمانی کرنا۔

شیئطایوٗ (śeytáayo) [بُر] دیکھیے شیئطان (śeytáan) جس کی یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

شییَس (śéyas) [بُر۔مص] کھانا (یہ بعض کھانے کی اشیا کے لیے آتا ہے مثلاً گوشت، سبزی، دھی وغیرہ)۔

شیؠو (śéyo) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٖن (śen) جس کی یہ جمع ہے۔

شیٖیوٗ شکاریٔ (*śéyo śikáari*) [بُر۔محاورہ] کارنامہ،عظیم الشان کام۔

شیٖیوٗ شکاریٔ دَل دیٖیَس

(*śéyo śikáari dal déyas*)

[بُر۔محاورہ] کارنامہ انجام دینا،عظیم الشان کام کرنا۔

ش - ے śee

شیر (*śéer*) [ف۔اسم] شیر،ایک درندے کا نام (۲) بہادر،دلیر۔

شیر بَبَر (*śéer bábar*) [ف۔اسم] ایک خاص قسم کا شیر جس کا رنگ فاختائی اور گردن پر بال ہوتے ہیں۔

شیرِشوٗ (*śéeriśo*) [ف+بُر۔اسم] دیکھیے شیر (*śéer*) جس کا یہ بطرزِ بروشسکی جمع ہے۔

شیروٗ (*śéero*) [بُر۔اسم] شیرعلی،شیرخان،شیراللہ وغیرہ کا مخفف اور تصغیر۔

شیرے ایٔس مَناس (*śéere es manáas*)

[بُر۔محاورہ] بہادر ہونا،دلیر ہونا،شجاع ہونا۔

شیم (*śéem*) [بُر۔صف] اے بے شرم! گالی کے طور پر مستعمل ہے۔

ش - ۓ śeé

شیٖش (*śeéś*) [بُر۔اسم] نشوونما (۲) آباد،شاداب (۳) کامیاب۔

شیٖش اِمَنَس (*śeéś imánas*) [بُر۔محاورہ] نشوونما پانا،قد بڑھنا،آباد ہونا۔

شیٖش ایٔتَس (*śeéś étas*) [بُر۔محاورہ] پالنا،پرورش کرنا،نشوونما فراہم کرنا۔

شیٖش ایٔمَنَس (*śeéś eémanas*) [بُر۔محاورہ] نشوونما رُک جانا،قد نہ بڑھنا۔

شیٖو (*śeéw*) [انگ،بر۔اسم] حجامت،داڑھی منڈوانا۔

shave

شیٖوِنٔ کریم (*śeéwiṅ kiríim*)

[انگ،بر۔اسم] لئی کی شکل کا صابن جو داڑھی مونڈھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

shaving cream

شیٖیٖ (*śeéy̌*) [بُر۔اسم] پانی جو جم کر برف بننے کے قریب قریب ہو (۲) چربی (۳) چربی کا تیل جو جم جانے کے قریب ہو۔

شیٖیَنڈْ (*śeéy̌anc*) [بُر۔اسم] دیکھیے شیٖیٖ (*śeey̌*) جس کی یہ جمع ہے۔

ش - ۓ śeé

ٹس - ۱

- ٹس (ي -) [بُر-اسم] گردن۔

ٹسا (ṣáa) [بُر-اسم] آواز (۲) سانس۔

ٹسا ایتَس (ṣáa étas) [بُر-محاورہ] آواز نکالنا (۲) سانس لینا۔

ٹسادَریا (ṣaadaryáa) [بُر-صف] ٹسَٹسادَریا (ṣaṣáa daryáa) کا مخفف، یعنی دریا کی طرح سخی۔

ٹسار (ṣáar) [بُر-اسم] شہر کا بگاڑ۔

ٹسارَ مُور مَناس (ṣáar múur manáas) [بُر-محاورہ] کام چھوڑ کر کھسک جانا، کام چور ہونا (۲) ادھر ادھر نظر آنا۔

ٹسارُم بالت (ṣáarum báalt) [بُر-اسم] سیب کی ایک قسم (۲) وہ سیب کا درخت جو شہر سے لایا گیا ہو۔

ٹسارُمُڈ (ṣáarumuć) [بُر-اسم] دیکھیے ٹسارو (ṣáaro) جس کی یہ جمع ہے۔

ٹسارو (ṣáaro) [بُر-اسم] لکیر۔

ٹسالیِ (ṣáali) [بُر-اسم] ہونزا کے قبیلہ خروٹنگ (qhuroóṭiṅ) کے نام گزار بانی خرم کا بیٹا جو نہایت جنگ جو اور بہادر تھا، ہونزا کے میر سلیم خان کو تخت پر لانے میں ٹسالیِ (ṣáali) کا بڑا ہاتھ ہے اور قُلی (qulí) کا بیٹا لَسکِری (laskíri) کے ساتھ اس کے مقابلے کا قصہ مشہور ہے، اسے خروٹسالیِ (qhuroó ṣáali) بھی کہا جاتا ہے، یعنی خُرو (qhúro) (خرم) کا بیٹا ٹسالیِ (ṣáali)۔

ٹساں (ṣáaṅ) [بُر-اسم] سانس۔

ٹس - آ

ٹسآپ (ṣaáp) [بُر] دیکھیے ٹسَپ (ṣap) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَآپ ایتَس (ṣaāp étas) [بُر] دیکھیے سَپ ایتَس (ṣap étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَآر (ṣaár) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (ṣar) معنی نمبر۲، ۳، ۴ جس میں یہ آہستگی اور تدریج کے معنی پیدا کرتا ہے (۲) ہل چلانا (۳) کا جل لگانا۔

سَآر اوتَس (ṣaár óotas) [بُر۔محاورہ] ہل چلانا (۲) کا جل لگانا (۳) غصہ دلانا (۴) شراب پلا کر نشے میں لانا۔

سَآر ایتَس (ṣaár étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَر ایتَس (ṣar étas) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۲) شراب پینا، نشے میں آنا (۳) غصہ ہونا۔

سَآر پآر (ṣaár paár) [بُر] گھومنا گھامنا (۲) ادھر اُدھر نمودار ہونا (۳) اِدھر اُدھر پھرنا۔

سَآرگوٗ بآرگوٗ (ṣaárgo baárgo) [بُر۔محاورہ] اِدھر سے اُدھر ہونا (۲) پریشان حال پھرنا۔

سَآر مآر (ṣaár maár) [بُر] دیکھیے سَآر پآر (ṣaár paár)۔

سَآر مآر مَناس (ṣaár maár manáas) [بُر] دیکھیے سَآر پآر (ṣaár paár)۔

سَآر مَناس (ṣaár manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَآر ایتَس (ṣaár étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سَآروٗ (ṣaáro) [بُر۔اسم] وہ موٹی فطیری روٹی جو توے پر پکاتے ہیں۔

سَآق (ṣaáq) [بُر۔اسم] کسی تیز دھار والی چیز سے کٹنے کا عمل، نیز دیکھیے سَق (ṣaq) معنی نمبر۱، ۲، ۳، ۴ جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَآق ایتَس (ṣaáq étas) [بُر۔محاورہ] کسی تیز دھار والی چیز سے کاٹنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) آہستہ آہستہ رگڑ کر صاف کرنا (۴) کسی ڈالی کے تمام پتوں کو ایک ساتھ مٹھی سے کھینچتے ہوئے نکالنا (۵) دیکھیے سَق ایتَس (ṣaq étas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَآق اِیتَس (ṣaáq éetas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَآق ایتَس (ṣaáq étas) جس کا یہ متعدی المتعدی ہے۔

سَآق مَناس (ṣaáq manáas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَآق ایتَس (ṣaáq étas) جس کا یہ لازم ہے (۲) کھسک کر نکل جانا۔

سَآل (ṣaál) [بُر۔اسم] کھسکنے کا عمل، نیز دیکھیے سَل (ṣal) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَآل مَناس (ṣaál manáas) [بُر۔محاورہ]

کھسک کر باہر نکلنا، کھسک کر ایک طرف ہونا (۲) دیکھیے ݜَل مَناس (ṣal manáas) جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ݜاَم (ṣaám) [بُر۔اسم] دھونکنی یا اس نوعیت کی کسی چیز سے ہوا بھرنا، پمپ چلانا، نیز دیکھیے ݜَم (ṣam) معنی نمبرا جس میں یہ آہستگی کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ݜاَم ایتَس (ṣaám étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے ݜاَم (ṣaám)۔

ݜاَو (ṣaáw) [بُر۔اسم] پاگل پن، دیوانگی (۲) دھونا (خاص طور پر منھ ہاتھ اور برتن)۔

ݜاَو ایتَس (ṣaáw étas) [بُر۔محاورہ] دھونا، دھوکر صاف کرنا (خاص طور پر منھ ہاتھ اور برتن کو) (۲) دیکھیے ݜَو ایتَس (ṣaw étas) جس میں یہ تقلیل کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

ݜاَو ایتَس (ṣaáw éetas) [بُر۔محاورہ] پاگل ہونا، دیوانہ ہونا (۲) دھلانا۔

ݜاَو غاَو (ṣaáw ġaáw) [بُر۔اسم] شور و شر، غل، ہنگامہ۔

ݜاَو غاَو ایتَس (ṣaáw ġaáw étas) [بُر۔محاورہ] شور و شر کرنا، غل مچانا۔

ݜ ۔ ب

ݜَباَݜ (ṣábaáṣ) [بُر۔کلمۂ تحسین] آفرین، شاباش۔

ݜَبَݜ (ṣábaṣ) [بُر۔کلمۂ تحسین] شاباش کا بگاڑ اور مخفف، شاباش خود فارسی لفظ شاد باش کا مخفف ہے۔

ݜَبَݜ اَپِم رَجاَکی (ṣábaṣ apím rajaáki) [بُر۔کہاوت] ایسا کام جس کا کوئی اجر نہ ملے، اور نہ حوصلہ افزائی ہو، کار بیگار۔

ݜَبَݜ ایتَس (ṣábaṣ étas) [بُر۔محاورہ] شاباش دینا، آفرین کرنا، ہمت افزائی کرنا۔

ݜَبَݜ سُوَس (ṣábaṣ súwas) [بُر۔محاورہ] ایسا کام کرنا جس کے نتیجے میں شاباش ملے، نیکنامی کا کام کرنا۔

ݜَبَݜ گور (ṣábaṣ góor) [بُر۔کلمۂ تحسین] تم پر آفرین، شاباش ہو۔

ݜَبَݜ مَناس (ṣábaṣ manáas) [بُر] دیکھیے ݜَبَݜ ایتَس (ṣábaṣ étas) جس کا یہ لازم ہے۔

ݜ ۔ پ

ݜَپ (ṣap) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کو فوراً پی لینا (۲) [بُر۔صوت] کسی چیز کے تیزی سے گزرنے کی آواز (۳) تیزی سے ہوا لگنے کی آواز۔

سَپ ایتَس (sap étas) [بُر۔اسم] کسی مائع چیز کو فوراً پی لینا۔

سَپ دیک (sap déek) [بُر۔اسم] ایک قسم کا سالن جس میں گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے اور شلغم رات بھر پکاتے ہیں، یہ شب دیگ کا بگاڑ ہے۔

- سَپَٹ (-spat) [بُر۔اسم] گردن کے اوپر کا حصہ جو سر اور شانوں کے درمیان ہے (۲) (محاورۃً) ضد (۳) نافرمانی، انکار۔

- سَپَٹ کِش (-spat kiṣ) [بُر۔اسم] ضدی، نافرمان۔

سَپِک (sapík) [بُر۔اسم] روٹی (۲) غذا۔

سَپِک ایتَس (sapík étas) [بُر۔مص] روٹی بنانا (۲) غذا تیار کرنا۔

سَپِک ایلتَلَنَس (sapík éltalanas) [بُر۔محاورہ] توے پر روٹی کو پکانے کے لیے الٹانا پلٹانا۔

سَپِک دِغَنَس (sapík díganas) [بُر۔محاورہ] سال کا راشن ختم ہونا، آٹا ختم ہونا۔

سَپِک ڈَکْ ایتَس (sapík ḍaṅ étas) [بُر۔محاورہ] روٹی پکانا۔

سَپِک گٹُو (sapík gaṭú) [بُر۔اسم] خوراک و لباس (۲) بنیادی ضروریاتِ زندگی۔

سَپِک گٹُو ہو اِمَنَس (sapík gaṭú hóo imánas) [بُر۔بددعائیہ کلمہ] رزق روزی کے لیے ترسنا، غربت یا مفلسی میں مبتلا ہونا (۲) کسی بزرگ کی بددعا لگنا۔

سَپِکٹے مَناس (sapíkaṭe manáas) [بُر۔محاورہ] کھانا کھانے کا آغاز کرنا، خورد و نوش میں لگ جانا۔

سَپِکُڈ (sapíkuć) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپِک (sapík) معنی نمبر ا جس کی یہ جمع ہے۔

سَپِکِنڈ (sapíkinć) [بُر۔اسم] دیکھیے سَپِک (sapík) معنی نمبر ۲ جس کی یہ جمع ہے۔

سَپِکے شَق (sapíke ṡaq) [بُر۔اسم] بید کی شاخوں سے بنایا ہوا چھوٹا خوانچہ جس میں روٹیاں رکھتے ہیں۔

س۔ت

سَت (sat) [بُر۔اسم] کھسر پھسر۔

سِت (sit) [بُر۔اسم] نفرت (۲) غصہ (۳) بدک۔

سِت ایتَس (sit étas) [بُر۔محاورہ] نفرت کرنا (۲) غصہ دکھانا، آپے سے باہر ہونا (۳) بدک جانا۔

سِت پِت ایتَس (sit pit étas) [بُر] دیکھیے

سِت ایتَس (ṣit étas)۔

سِت سَوت مَناس (ṣit ṣot manáas) [بُر۔محاورہ] کانا پھوسی کرنا، کھسر پھسر کرنا۔

سَتاَ (ṣatá) [بُر۔متعلقِ فعل] اسی وقت، فوراً، اسے سَتاَ (ṣáta) بھی بولتے ہیں۔

سَتاَ (ṣáta) [بُر] دیکھیے سَتاَ (ṣatá)۔

سَتُر (ṣatúr) [بُر۔متعلقِ فعل] اردگرد، چوگرد۔

سَتُر ژُوَس (ṣatúr żúwas) [بُر] اردگرد چکر لگانا، طواف کرنا۔

سَتُرگٹ (ṣaturgáṭ) [بُر] دیکھیے سَتُر (ṣatúr)۔

سَتُرگٹ مَناس (ṣaturgáṭ manáas) [بُر] دیکھیے سَتُر مَناس (ṣatúr manáas)۔

سَتُرگٹُم (ṣaturgáṭum) [بُر۔متعلقِ فعل] اردگرد کا/سے۔

سَتُر مَناس (ṣatúr manáas) [بُر۔محاورہ] اردگرد پھرنا، چوگرد گھومنا۔

سَ ۔ خ

-سُچِک (-ṣçiṅ) [بُر۔اسم] کمر، نیز دیکھیے ایسُچِک (éṣçiṅ)۔

سَخَک (ṣaçáṅ) [بُر۔اسم] دیکھیے سَخَک (saçáṅ)۔

سَخَک دُچَنُم (ṣaçáṅ duċhánum) [بُر۔صفت] خوبصورت، متناسب جسم والی/والا۔

سَخَک دلتَس (ṣaçáṅ daltás) [بُر۔صفت] خوبصورت، اچھی شکل وصورت والی/والا۔

- سُخُم (- ṣçum) [بُر۔اسم] کمربند۔

سِخُم مِنُم (ṣíçum minúm) [بُر۔صف] کھاتا پیتا، خوش حال۔

سِخُمے مِیمے (ṣíçume miíme) [بُر] کھاتے پیتے۔

-سُچِن (-ṣçin) [بُر۔اسم] دیکھیے - سَچِک (-ṣçiṅ)۔

سَ ۔ د

سَدَر (ṣádar) [بُر۔اسم] اکابر، منصبدار (۲) ہونزا کے سماجی نظام میں ایک بالائی طبقہ۔

سَدُر (ṣadúr) [بُر۔اسم] نوشادر۔

سَدَرِشو (ṣádarišo) [بُر۔اسم] دیکھیے سَدَر (ṣádar) جس کی یہ جمع ہے۔

سَدَری (ṣadarí) [بُر۔اسم] اکابری،سَدَر (ṣádar) کا منصب۔

سَدریِی (ṣadaréy) [بُر] دیکھیے سَدَری (ṣadarí)۔

سَدریِی ایَتَس (ṣadaréy étas) [بُر۔محاورہ]، سَدَر (ṣádar) کے منصب پر کام کرنا۔

سَدَریئکی (ṣadaréyki) [بُر] دیکھیے سَدریِی (ṣadaréy)۔

سَ۔ڈ

سَڈا بَڈَق (ṣaḍá baḍáq) [بُر] دیکھیے سَڈَق بَڈَق (ṣaḍáq ṣaḍáq) جس کا یہ مخفف ہے۔

سَڈا سَڈَق (ṣaḍá ṣaḍáq) [بُر] دیکھیے سَڈَق سَڈَق (ṣaḍáq ṣaḍáq) جس کا یہ مخفف ہے۔

سَڈآق (ṣaḍaáq) [بُر] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَڈآق اِمَنَس (ṣaḍaáq imánas) [بُر] دیکھیے سَڈَق اِمَنَس (ṣaḍaq imánas) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سِڈِ سَڈَق (ṣiḍi ṣaḍáq) [بُر] بند کی مٹی کا پانی میں بھیگنے سے ادھر اُدھر سے پانی بہہ جانا۔

سِڈِق (ṣiḍíq) [بُر] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq) معنی نمبر۱،۲،۳،۵،۶ جس کی یہ تصغیر ہے۔

سَڈَق (ṣaḍáq) [بُر] پگل جانا،خوب پگل کر حل ہونا (۲) گھلنا (۳) پانی میں بھیگ کر بہہ جانا (۴) اچانک ڈر جانا،نہایت خوفزدہ ہونا (۵) سالن کا زیادہ پکنا (۶) پھل کا زیادہ پکنا۔

سَڈَق اِمَنَس (ṣaḍáq imánas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq)۔

سَڈَق ایَتَس (ṣaḍáq étas) [بُر] دیکھیے سَڈَق اِمَنَس (ṣaḍáq imánas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَڈَق بَڈَق (ṣaḍáq baḍáq) [بُر] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq) معنی نمبر۱،۲،۳،۵،۶ جس میں یہ شدت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَڈَق سَڈَق (ṣaḍáq ṣaḍáq) [بُر] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq) معنی نمبر۱،۳ جس کی یہ تکرار ہے۔

سَڈَق گمَنَس (ṣaḍáq gumánṣ) [بُر۔بددعائیہ کلمہ] تم کو نقصان پہنچے۔

سَڈَق مَناس (ṣaḍáq manáas) [بُر] دیکھیے سَڈَق ایَتَس (ṣaḍáq étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سَڈُو (ṣaḍáw) [بُر۔اسم] آمیختگی۔

سَڈُو ایَتَس (ṣaḍáw étas) [بُر] آش وغیرہ کو چمچ سے ہلا ہلا کر آمیختہ کرنا۔

سَڈُو مَناس (ṣaḍáw manáas) [بُر] دیکھیے سَڈُو ایَتَس (ṣaḍāw étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سُڈُوق (ṣuḍóq) [بُر] دیکھیے سَڈَق (ṣaḍáq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

سُڈُوق ایَتَس (ṣuḍóq étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَڈَق ایَتَس (ṣaḍáq étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

سُڈُوق بُڈُوق (ṣuḍóq buḍóq) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَڈَق بَڈَق (ṣaḍáq baḍáq) جس کی یہ تصغیر ہے۔

ش ۔ ر

سَر (ṣar) [بُر۔اسم] شاخ (۲) فوراً، جلدی (۳) دھاگہ وغیرہ کو لپیٹ کر گولا بنانے کا عمل (۴) آٹے کے پیڑے پر بیلن چلانے کا عمل (۵) غصہ (۶) نشے میں آنے کا عمل (۷) تیرنے کا ایک خاص انداز (۸) یہ ایک سابقہ بھی ہے جو بعض محاوروں پر داخل ہوتا ہے اور پورا یا تمام کے معنی دیتا ہے۔

سَر اِسَرکَس (ṣar isárkas) [بُر۔محاورہ] درخت سے خوب شاخیں نکلنا (۲) یکا یک وار کرنا۔

سَر ایَتَس (ṣar étas) [بُر۔محاورہ] دھاگہ وغیرہ کو لپیٹ کر گولا بنانا (۲) آٹے کے پیڑے پر بیلن چلانا (۳) غصے میں آنا۔

سَر ایتَس (ṣar éetas) [بُر۔محاورہ] تیرنے کا ایک خاص انداز (۲) غصہ دلانا۔

سَر تَس ایَتَس (ṣar tas étas) [بُر۔محاورہ] تمام غلہ پیس لینا (۲) درخت کی شاخ کو کاٹنا (۳) تمام جلد کو اتار لینا (۴) کھال سے تمام بالوں کو اتارنا (۵) پورے کھیت سے فصل کو کاٹنا (۶) پورے کھیت میں ہل چلانا (۷) مکمل طور پر بیزار کرنا۔

سَر ٹَک ایَتَس (ṣar ṭak étas) [بُر۔محاورہ] سب کے سب کو فوراً باندھ لینا۔

سَر ٹھَک ایَتَس (ṣar ṭhak étas) [بُر۔محاورہ] سب کو جھاڑنا (۲) سب کو نکال کر خالی کرنا (۳) سب کچھ بتا دینا۔

سَر ٹُھک ایَتَس (ṣar ṭhuk étas) [بُر۔محاورہ] سب کچھ کھا کر چٹ کر لینا (۲) پرندوں کا تمام دانہ چگ لینا (۳) مویشی کا بھوسہ وغیرہ چٹ کر جانا۔

سَر ٹھم ایَتَس (ṣar ṭham étas) [بُر۔محاورہ] پوری جگہ کو جھاڑو دے کر صاف کرنا (۲) سب کے سب ختم کر دینا۔

سَرَٹے نُوَرُٹ گمُنَٹے چھے ایَتَس (ṣáraṭe nuúruṭ gamúnaṭe če étas) [بُر۔مثل] اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنا۔

سَر جوَک ایَتَس (ṣar jok étas) [بُر۔محاورہ] سب کے سب کو چن لینا، چن کر اٹھانا۔

سَرڈَم ایَتَس (ṣar ḍam étas) [بُر۔محاورہ] سب کو کوٹنا (۲) سب کو جھاڑ کر گرا دینا۔

سَر ژیک ایَتَس (ṣar żeék étas) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَر ژیک مَناس (ṣar żeék manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَر ژیک مَناس (ṣar żeék manáas) [بُر۔محاورہ] چت پڑنا (۲) فوراً لیٹنا (۳) مکمل طور پر لیٹنا۔

سَرسَر (ṣar ṣar) [بُر۔صف] فرفر، جلدی جلدی۔

سَرسَر ایَتَس (ṣar ṣar étas) [بُر۔محاورہ] دھاگے کو جلدی جلدی لپیٹ کر گولا بنانا (۲) آٹے کے پیڑے پر بیلن کو جلدی جلدی چلانا (۳) جلدی جلدی کوئی کام کرنا۔

سَرسَر نِیَس (ṣar ṣar níyas) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی جانا، رکے بغیر جانا۔

سَر سُک ایَتَس (ṣar ṣuk étas) [بُر] کسی مائع چیز کو پوری طرح پی لینا، کسی مائع چیز کو فوراً پی لینا۔

سَر سوَلتوَ (ṣar ṣólto) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر گلتَر (ṣar galtár)۔

سَر قَر ایَتَس (ṣar qar étas) [بُر۔محاورہ] فصل یا گھاس کو پوری طرح کاٹنا (۲) بال کو پوری طرح تراشنا۔

سَر گلتَر (ṣar galtár) [بُر۔اسم] شاخ اور ٹہنی (۲) نسل۔

سَرلآش (ṣarlaáṣ) [بُر] دیکھیے سَرلَش (ṣar laṣ) جس میں یہ آہستگی اور تدریج کا مفہوم پیدا کرتا ہے (۲) تالاب کا ریت یا پتھر سے بھر جانا یا بھر دینا (۳) کھڑی فصل کا بارش یا طوفان کی وجہ سے زمین پر لیٹ جانا۔

سَر لَش (ṣar laṣ) [بُر۔محاورہ] تمام کو چاٹنا، چاٹ کر خالی کرنا۔

سَر لَش ایَتَس (ṣar laṣ étas) [بُر] دیکھیے سَرلَش (ṣar laṣ)۔

سَر لُک ایَتَس (ṣar luk étas) [بُر۔محاورہ] چٹ کر کھا جانا، سب کچھ کھا جانا۔

سَر مَناس (ṣar manáas) [بُر۔محاورہ] جلدی

سے،فوراً (کوئی کام کرنے کے لیے آنا یا جانا)، نیز دیکھیے سَر ایتَس (ṣar étas) جس کا یہ لازم ہے۔

سِر (ṣir) [بُر] دیکھیے سَر (ṣar) جس کی یہ تصغیر و تقلیل ہے (۲) سیٹی کی آواز۔

سِر ایتَس (ṣir étas) [بُر] دیکھیے سَر ایتَس (ṣir étas) جس کی یہ تصغیر ہے۔

سِر ایتَس (ṣir éetas) [بُر۔محاورہ] سیٹی بجانا۔

سِر سَر (ṣir ṣar) [بُر۔اسم] اِدھر اُدھر چلتے پھرتے نظر آنا۔

سِر سَر مَناس (ṣir ṣar manáas) [بُر۔محاورہ] اِدھر اُدھر چلتے پھرتے نظر آنا (۲) کیڑے مکوڑوں کا اِدھر اُدھر چلنا پھرنا۔

سِر سِر (ṣir ṣir) [بُر] سِر (ṣir) کی تکرار، نیز دیکھیے سَر سَر (ṣar ṣar) جس کی یہ تصغیر ہے۔

سِر مَناس (ṣir manáas) [بُر۔محاورہ] سیٹی بجنا، سیٹی بجنے کی آواز آنا۔

سُربوؕ (ṣurbó) [ف،بُر۔اسم] فارسی لفظ شوربا کا بگاڑ، آبِ گوشت۔

سَرِسکُم (ṣáriskum) [بُر۔متعلقِ فعل] شاخ کی جانب سے،شاخ کے انداز پر۔

سَرکُم (ṣárkum) [بُر] دیکھیے سَرِسکُم (ṣáriskum)۔

سَرکوؕ (ṣarkó) [بُر۔اسم] دیکھیے سَر (ṣar) معنی نمبرا جس کی یہ جمع ہے۔

سَروݨ (ṣaróṅ) [بُر۔اسم] مہندی، حنا۔

سَروݨ گِیَس (ṣaróṅ gíyas) [بُر۔محاورہ] مہندی لگانا۔

سُریؔ (ṣuríi) [بُر۔اسم] پانی کی تیز دھار (۲) بھنور (۳) پہاڑوں پر ایسی خطرناک جگہ جہاں سے صرف مارخور گزر سکے (۴) کپڑے سے نکالی گئی لمبی پٹی۔

سُریؔ ایتَس (ṣuríi étas) [بُر] دیکھیے سُریؔ مَناس (ṣurii manáas) جس کا یہ متعدی ہے۔

سُریؔ دِوسَس (ṣuríi díwsas) [بُر] کپڑے سے کوئی لمبی پٹی نکالنا۔

سُریؔ مَناس (ṣuríi manáas) [بُر۔محاورہ] پانی کا ایک جگہ تیز دھار بن کر گزرنا (۲) بھنور بننا۔

سں۔سں

سَسَا (ṣaṣáa) [بُر۔صف] سخی۔

پَسوم اَیِرِ عِشقِرِ سُرَیا رِکَ بَمیش اُنِرِ عاشِقان تِکَ دُم
سَخِی الاَسخیا سُلطان سَسَا مُذُتم سَسَا سُلطان!

دیوانِ نصیری (بُروشسکی) ص، ۱۸۱۔

ترجمہ: اے عالمِ عشق کے سخی بادشاہ! تُو اپنے عشاق سے عشق ومحبت کی مسرتوں کو دریغ نہ رکھ، تو فیاضوں کا فیاض بادشاہ ہے (اور تیری یہ سخاوت از بس عجیب ہے)۔

سَسا دَریا (*ṣaṣáa daryáa*) [بُر۔صف] دریا کی طرح سخی۔

سَساکُس (*ṣaṣáakuṣ*) [بُر۔اسم] سخاوت، سخاوتمندی۔

سَسامُڈ (*ṣaṣáamuc̣*) [بُر] دیکھیے سَسا (*ṣaṣáa*) جس کی یہ جمع ہے۔

سَسا مَناس (*ṣaṣáa manáas*) [بُر۔محاورہ] سخی بن جانا۔

سَسائیِ (*ṣaṣáayi*) [بُر۔اسم] سخاوت مندی، فیاضی۔

سَسَر (*ṣáṣar*) [بُر] دیکھیے سَرسَر (*ṣar ṣar*) جس کا یہ مخفف ہے۔

سَسَر مَناس (*ṣáṣar manáas*) [بُر۔محاورہ] جلدی جلدی چلنا (۲) کوئی کام جلدی جلدی انجام دینا (۳) کیڑا، سانپ وغیرہ کا جلدی جلدی رینگنا، (۴) سَرسَر مَناس (*ṣar ṣar manáas*) کا مخفف۔

سِسَر (*ṣíṣar*) [بُر۔اسم] دیسی پراٹھا، تیل میں پکائی ہوئی روٹی۔

سِسِر (*ṣíṣir*) [بُر] دیکھیے سِر سِر (*ṣir ṣir*) جس کا یہ مخفف ہے۔

سُسُر (*ṣúṣur*) [بُر۔صوت] طوطک کی آواز، الغوزہ کی آواز (۲) کھسر پھسر۔

سُسُر مَناس (*ṣúṣur manáas*) [بُر۔محاورہ] طوطک یا الغوزہ کی آواز آنا (۲) کھسر پھسر کرنا۔

سُسُریئی (*ṣuṣuréy*) [بُر۔اسم] غیبت، چغلی۔

سُسُریئی ایتَس (*ṣuṣuréy étas*) [بُر۔محاورہ] غیبت کرنا، چغلی کرنا۔

سَسَق (*ṣáṣaq*) [بُر] دیکھیے سَق سَق (*ṣaq ṣaq*) جس کا یہ مخفف ہے۔

سَسَق ایتَس (*ṣáṣaq étas*) [بُر۔محاورہ] دیکھیے سَسَق مناس (*ṣáṣaq manáas*) جس کا یہ متعدی ہے۔

سَسَق ایتَس (*ṣáṣaq éetas*) [بُر۔محاورہ] پانی کا بہاؤ کے ساتھ مٹی وغیرہ بہالے جانا (۲) کپڑوں وغیرہ سے میل کچیل زیادہ مقدار میں نکال دینا۔

سَسَق مَناس (*ṣáṣaq manáas*) [بُر] باربار پھسلنا۔

سِسِق (*ṣíṣiq*) [بُر۔صوت] کال کلچی کی آواز۔

سِسِق ایتَس (*ṣíṣiq étas*) [بُر۔محاورہ] کال کلچی

کا آواز نکالنا (۲) (طنزاً) زیادہ بولنے والی عورت۔

سَسَل (*şáşal*) [بُر۔اسم] دیکھیے سَل سَل (*şal şal*) جس کا یہ مخفف ہے۔

سَسَل ایتَس (*şáşal éetas*) [بُر۔محاورہ] تیزی سے دھواں نکالنا (۲) بادِ شکم خارج کرنا۔

سَسَل مَناس (*şáşal manáas*) [بُر] دیکھیے سَسَل ایتَس (*şáşal éetas*) جس کا یہ لازم ہے۔

سِسِل (*şíşil*) [بُر] دیکھیے سِل سِل (*şil şil*) جس کا یہ مخفف ہے۔

سِسِل مَناس (*şíşil manáas*) [بُر] دیکھیے سَسَل مَناس (*şáşal manáas*) جس کی یہ تصغیر ہے۔

سُسُو (*şúşu*) [بُر۔اسم] تیز چلنا (۲) تیز ہوا چلنا، ہوا کے جھونکے لگنا (۳) کسی چیز کے تیزی سے چلنے کی آواز آنا۔

سُسُو مَناس (*şúşu manáas*) [بُر] دیکھیے سُسُو (*şúşu*)۔

سَسو (*şaşoó*) [بُر۔اسم] وہ سرخ جنگلی پھل جو سو (*şoó*) پر لگتے ہیں۔

سَسومُڈ (*şaşoómuc*) [بُر۔اسم] دیکھیے سَسو (*şaşoó*) جس کی یہ جمع ہے۔

سَسَیئی (*şaşeéy*) [بُر۔اسم] سخاوت مندی۔

سَسَیئی کُس (*şaşeéy kuş*) [بُر۔محاورہ] سخاوت۔

س ۔ غ

سُغاتَر (*şuġáatar*) [بُر۔اسم] بگاڑ، برباد (۲) بہا کر لے جانا۔

سُغاتَر ایتَس (*şuġáatar étas*) [بُر۔محاورہ] بگاڑنا، برباد کرنا (۲) سب کچھ بہا کر لے جانا۔

سُغاتَر مَناس (*şuġáatar manáas*) [بُر] دیکھیے سُغاتَر ایتَس (*şuġáatar étas*) جس کا یہ لازم ہے۔

سُغاتَرے سُک (*şuġáatare şuṅ*) [بُر۔محاورہ] برباد ہونا، ویران ہونا۔

سِغِت (*şigít*) [بُر۔اسم] صاف، ہموار (۲) آراستہ (۳) حیوان کا موسمِ بہار میں جسم سے بال/اون کو گرا کر صاف کرنا (۴) خود کو آراستہ کرنا۔

سِغِت بِشایَس (*şigít bišáyas*) [بُر] دیکھیے سِغِت (*şigít*) معنی نمبر ۳،۴۔

سِغِسُم (*şigíşum*) [بُر۔صف] چکنا، پھسلن (۲) صاف (۳) رگڑا ہوا، پالش کیا ہوا (۴) حسین،

خوبصورت۔

سِغِسُم ایَتَس (*ṣigíṣum étas*) [بُر۔محاورہ] صاف کرنا (۲) رگڑنا، پالش کرنا، خوبصورت بنانا۔

سِغِسُم دَن ڎے کے ہَلڎ اُمَنَشو تَھمو (*ṣigíṣum dan će ke halč umánaśo thámo*) [بُر۔کہاوت] راجے/حکمران اس قدر حریص ہوتے ہیں کہ اگر کوئی چکنا پتھر نظر آئے تو اس پر بھی فریفتہ ہوجاتے ہیں۔

سِغِسُم کُس (*ṣigíṣumkuṣ*)[بُر۔اسم] چکناہٹ (۲) ملائم، خوبصورت۔

سِغنان (*ṣignáan*) [بُر۔اسم] شغنان کا بگاڑ جو بدخشان کا ایک علاقہ ہے۔

سِغنانی (*ṣignaaní*) [بُر] شغنان کا باشندہ، منسوب بہ شغنان۔

سَ ۔ ق

سَق (*ṣaq*) [بُر۔اسم] پھسلنا (۲) رگڑنا (۳) بالوں کو شانہ کرنا (۴) رگڑ کر صاف کرنا (۵) یہ ایک سابقہ ہے جو لفظ میں قطعیت کا مفہوم پیدا کرتا ہے۔

سَق ایَتَس (*ṣaq étas*) [بُر] دیکھیے سَق (*ṣaq*) معنی نمبر ۱، ۲، ۳، ۴ (۲) پہنے ہوئے کپڑے نکالنا۔

سَق پَھت (*ṣaq phat*) [بُر۔محاورہ] ایک دم چھوڑ دینا، اچانک چھوڑ دینا۔

سَق چَرَپ (*ṣaq ćaráp*) [بُر۔اسم] فوری انقطاع، چَرَپ (*ćaráp*) بمعنی انقطاع اور سَق (*ṣaq*) سابقہ ہے۔

سَق دُچَنُم (*ṣaq dućhánum*) [بُر۔صف] دُچَنُم (*dućhánum*) بمعنی سیدھا جبکہ سَق (*ṣaq*) سابقہ ہے، بالکل سیدھا، مکمل سیدھا (۲) (محاورۃً) انتہائی خوبصورت۔

سَق دِغَنُم (*ṣaq díganum*) [بُر۔صف] دِغَنُم (*díganum*) بمعنی پرانا یا فرسودہ جبکہ سَق (*ṣaq*) سابقہ ہے، بالکل پرانا۔

سَق دُوسُم (*ṣaq duúsum*) [بُر۔صف] واضح، نمایاں، برملا (۲) صفِ اوّل کا۔

سَق سَق (*ṣaq ṣaq*) [بُر۔اسم] باربار پھسلنا (۲) متواتر رگڑنا یا صاف کرنا (۳) بالوں کو مسلسل شانہ کرنا، نیز دیکھیے سَق (*ṣaq*) جس کی تکرار ہے۔

سَق مَناس (*ṣaq manáas*) [بُر۔محاورہ] پھسلنا (۲) بالوں کا شانہ کیا ہوا ہونا۔

سَق نِم (*ṣaq nim*) [بُر] دیکھیے سَق دِغَنُم (*ṣaq díganum*)۔

